161

لِيُبَيِّنَ لَهُمْ فَيُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ

# احسن القواعد

مصنفہ

مولوی محمد حسن مدرس اوّل عربی و فارسی یہ کالج

پبلشرز

ایم۔ فرمان علی اینڈ سنز اردو بازار۔ لاہور

قیمت ۔ تین روپے

60334

Marfat.com

شرفپوری لائبریری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# دیباچہ

بعد حمد وصلوۃ کے خاکسار ہیچمدان محمد **نجف علیخان** متوطن مرادآباد وساکن بریلی اس کتاب کے مطالعہ کرنے والون کی خدمت مین التماس کرتا ہی کہ جب اس فقیر کو جناب نوشیروان معدلت حاتم سخاوت زیبا صورت پسندیدہ سیرت دقیقہ رس صاف نفس بیدار مغز صحیح القیاس رفیق نواز قدرشناس صدر دانش انجمن **جناب ایم کیمپین صاحب بہادر ایم اے** ڈائرکٹر محکمہ تعلیم ممالک مغربی وشمالی نے بریلی کالج مین مدرس مقرر فرمایا اور مین نے طلبہ کو پڑھایا اور کلکتہ یونیورسٹی کے سوالات امتحان کو دیکھا تو طلبہ کو نہایت کم استعداد اور سوالات کو ایسا مشکل پایا کہ طلبہ کالج کا تو کیا ذکر اچھے مستعد طلبہ بھی اُن کے جواب دفعۃً بدون مدد کتاب بینی کے نہ بتا سکین اس لئے مین نے قواعد فارسی کو بطور سوال وجواب کے لکھکر طلبہ کو یاد کرایا اس ترکیب سے اُن کو قواعد کا یاد کرنا اور سوالاتِ امتحان کا سمجھکر جواب لکھنا آسان ہوگیا اور چونکہ مصنفین اور مؤلفین قواعد فارسی نے بیان قواعد

Marfat.com

مین سوائے چھوٹی چھوٹی مثالون کے بڑی عبارتون اور جملون کی ترکیب نہین لکھی اس سبب سے اکثر ذی استعدادون کو بھی ترکیب کہنی دشوار ہوتی تھی اس خیال سے مین نے کچھ قواعد ترکیب کہنے کے اور ہر طرح کے جملون اور بڑی عبارتون کی ترکیب بھی لکھ کر طلبہ کو سمجھائی جس سے اُن کو ترکیب کہنی خوب آگئی اور نیز مصنف نے اور اُن کے اسمار مشتقہ اور حروف اصلی اور زوائد کی پہچان اور اسمار کے تثنیہ و جمع وغیرہ کا بیان لکھہ کر یاد کرایا کہ فارسی مروجہ زمانہ حال کہ عربی سے مخلوط ہے بدون ان امور کے یاد کرنیکے نہین آتی پھر تو طلبہ کا حال یہ ہوا کہ بریلی کالج کے طالب علم کلکتہ یونیورسٹی کے امتحان عربی و فارسی مین سب کامیاب ہونے لگے ایک متنفس بھی بے نیل نہوا بلکہ اس کے سبب سے انگریزی کی صرف و نحو کا بھی یاد کرنا آسان ہوگیا۔ جب نومبر ۱۸۷۶ء مین مین اپنے عہدے سے مستعفی ہوا جب ہی سے تنزل کی ابتدا پڑگئی چنانچہ دونون زمانون کے طلبہ کے نمبرون کے مقابلہ سے یہ امر ظاہر ہوسکتا ہی۔

آب بعض مدرسین بریلی کالج اور اکثر احباب فارسی خوانان شہر نے مجھہ سے استدعا کی کہ رسالہ مذکور کو از سر نو لکھون خصوصاً مخدومی و شفیقی **مولوی محمد منیر صاحب** کا اصرار اس باب مین حد سے متجاوز ہوا لہذا اُن مسودات پریشان کو جمع کرکے چند محاورات و مصلحات فارسی اور اقسام نظم و نثر اور ضرب الامثال متعارفہ اور کسیقدر تشبیہات و مناسبات اور کچھہ صنائع اور عروض و قوافی کو اُن پر اضافہ کرکے یہ رسالہ ایک تمہید اور دس بابون کا مرتب کیا اور بنظر اصلاح خدمت مین اُستادی و مخدومی جناب مولانا مولوی **محمد احسن صاحب** کی گذرانا الحمد للہ کہ جناب ممدوح نے رسالہ کو تمام و کمال بنظر توجہ ملاحظہ فرماکر محو و اثبات بجا سے مُزین فرمایا اور ایک تقریظ اس پر تحریر فرمائی جو اول رسالہ مین مندرج ہی۔ اور واضح ہو کہ پہلے

Marfat.com

اس سے اس رسالہ کے ابواب صرف و نحو کو مولوی محمد منیر صاحب نے ۱۸۶۸ء مین چھپوایا بھی تھا جو اُنھین دنون مین ہاتھون ہاتھ فروخت ہو گیا تھا +

# تمہید بعض اصطلاحات کے بیانمین

س زبان فارسی کی قسم ہی اور اُن مین سے کی زبانین بہت بولی جاتی ہین ج سات قسم سغدی۔ سکزی۔ زابلی۔ ہروی۔ فارسی۔ پہلوی۔ دری۔ اور ان مین سے پہلی تین زیادہ مستعمل ہین س حروف علت کیا کیا ہین اور اُن کے نام کیا ہین ج واؤ الف یا۔ اور اُن کو اخوات اعراب اور حروف مدہ۔ اور لین بھی کہتے ہین۔ س اعراب کسے کہتے ہین اور اُس کے اقسام کے نام عربی مین کیا ہین اور جس حرف پر یہ اعراب آتے ہین اُس کا نام کیا ہوتا ہی ج اعراب حرکت کو کہتے ہین اور وہ تین قسم ہی۔ فتحہ یا نصب زبر کو۔ کسرہ یا جر زیر کو۔ ضمہ یا رفع پیش کو کہتے ہین اور جس حرف پر یہ اعراب آتے ہین اُس کو متحرک کہتے ہین۔ پس فتحہ والے کو مفتوح یا منصوب اور کسرہ والے کو مکسور یا مجرور اور ضمہ والے کو مرفوع یا مضموم کہتے ہین جیسے غلامی کاغ مضموم ہی اور لام مفتوح اور میم مکسور۔ س جزم اور سکون کسے کہتے ہین اور جس پر یہ آتے ہین اُس کا کیا نام ہوتا ہی ج حرکت کے نہونے کو جزم کہتے ہین بشرطیکہ ماقبل اس کا متحرک ہو اور جس حرف پر جزم یا سکون ہوتا ہی اُسے مجزوم یا ساکن یا زدہ کہتے ہین جیسے شد کی دال س وقف کسے کہتے ہین اور موقوف کیا ہی ج سکون کے بعد اعراب کے نہونیکو وقف بولتے ہین اور موقوف وہ حرف غیر متحرک ہی جس کے پہلے حرف ساکن ہو جیسے اسپ کی پ۔ س مشدد کس کو کہتے ہین ج جس حرف پر تشدید ہو اور وہ دو دفعہ

Marfat.com

پڑھا جاوے جیسے فرخ اور خرم کی ر س الف ممدودہ اور مقصورہ کس کو کہتے ہین
ح فارسیون کی اصطلاح مین جو الف بڑھا کر پڑھا جاوے جیسے لفظ آب مین
ممدودہ ہی اور اس کے سوا اور الف مقصورہ ہین جیسے اگر مین س تنوین کس کو
کہتے ہین ح دو زیر یا دو زبر یا دو پیش کو کہتے ہین اور جس حرف پر ایک
سی دو حرکتین ہوتی ہین۔ تلفظ مین اُس کے آخر نون پڑہا جاتا ہے اور زبر کی تنوین
مین آخر کو الف ہوتا ہے جیسے فوراً اور اتفاقاً لیکن اگر حرف آخرۃ مدوّر ہو تو الف
نہین لکھتے جیسے تذکرۃ

# باب اوّل صرف کے بیانمین

س علم صرف کی تعریف اور غرض کیا ہی۔ ج صرف سے اشتقاق اور گردان کلمہ اور
تعلیل وغیرہ معلوم ہوتی ہی۔ اور غرض اس سے یہ ہی کہ متکلم لفظ صحیح بولے۔
س کلمہ کی تعریف اور اقسام کیا ہین۔ ج کلمہ وہ لفظ بامعنی ہی جس کو آدمی بولے
اور اس کے تین اقسام ہین اسم فعل حرف اور ان کو تین فصلون مین بیان کرتے
ہین

## فصل اوّل اسم کے بیان مین

س اسم کس کو کہتے ہین اور وہ کے
قسم ہی۔ ج اسم وہ ہی جو نام ہو کسی شئے کا اور اُس کی دو قسمین ہین اسم ذات اور اسم صفت
پس اسم ذات وہ ہی جو نام ہو ذات کسی شئے کا جیسے شیراز۔ درخت۔ نیکی۔ بدی۔ اور
اسم صفت وہ ہی جس مین کوئی معنے وصفی پائے جاتے ہون جیسے نیک و بد وغیرہ۔ س
ازروئے تقسیم صرفی مطلق اسم کی کی قسمین ہین ج تین۔ جامد۔ مصدر۔ مشتق۔ س
اسم جامد کی تعریف اور اقسام کیا ہین ج جامد اسم غیر مشتق اور غیر مصدر کو کہتے ہین
اور اُس کی دو قسمین ہین۔ نکرہ اور معرفہ۔ جیسے مرد۔ شتر۔ زید۔ خوب۔ س نکرہ کس کو
کہتے ہین ج اسم غیر معین کو نکرہ کہتے ہین س معرفہ کی تعریف اور اقسام اور

Marfat.com

خاصیت کیا ہی ج معرفہ وہ ہی جو شئی معین پر دلالت کرے اور اُس کی سات قسمین ہین علم ۱ ضمیر ۲ اسم اشارہ ۳ موصول ۴ معہود ذہنی یا خارجی ۵ مضاف ۶ پانچون قسمون مذکورہ کی طرف ۷ منادی۔ اور خاصیت معرفہ کی یہ ہی کہ وہ صفت نہین ہوتا ہے۔ س علم کی تعریف اور اقسام بتاؤ ج علم وہ ہے جو کسی شئے معین کا نام ہو جیسے زید۔ اور اس کو اسم خاص یا جزئی حقیقی بھی کہتے ہین اور سوائے اس کے پانچ قسمین اور ہین ۔

اوّل ۔ کنیت جو باپ یا بیٹے وغیرہ کی اضافت سے ہو جیسے ابوالقاسم ۔ ابن عباس

دوم ۔ خطاب جو بڑون کی طرف سے کسی کو دیا جاوے ۔ جیسے شرف الدولہ۔

سوم ۔ عرف جیسے کالے خان سے کلن ۔ اور حافظ شیرازی وغیرہ ۔ چہارم تخلص جیسے سعدی اور عرفی پنجم ۔ لقب جسمین معنی وصفی ملحوظ ہون جیسے جلال الدین لقب اکبر بادشاہ کا ۔ س ضمیر کس کو کہتے ہین اور مرجع کیا ہی ج ضمیر وہ لفظ ہی کہ بجائے اسم سابق مذکور شدہ کے جس کو اُس کا مرجع کہتے ہین لایا جاوے س اضمار قبل الذکر کسکو کہتے ہین ج مرجع سے ضمیر کے مقدم لانیکو کہتے ہین جیسے ؎ دگر نماند متاعیش در دکان نرگس ۔ ہین ضمیر شین اپنے مرجع نرگس سے پہلے لائی گئی ہی س ضمیر کی قسم ہی اور ہر ایک کی تعریف کیا ہی ج اول ضمیر کی دو قسمین ہین متصل اور منفصل ۔ متصل وہ جو کلمہ سے ملی ہوئی آوے جیسے کردم مین میم اور کتابش کا شین ۔ اور منفصل وہ ہی جو علیحدہ کلمہ سے ہو جیسے من اور تو اور پھر ہر ایک کی تین تین قسمین ہین ۔ اوّل مرفوع جسکو فاعلی بھی کہتے ہین وہ ہی جو کسی فعل کا فاعل یا مبتدا ہووے جیسے آمدم یا او حاضر است ۔ دوم منصوب جسکو مفعولی بھی کہتے ہین وہ ہی جو فعل کا مفعول ہو جیسے زدندش ۔ سوم مجرور جس کو اضافی کہتے ہین جو مضاف یا حرف جر کے بعد واقع ہو جیسے غلامم اور بتو توکل ضمیرین چھ قسم ہوئین ۔ مرفوع متصل ۱ مرفوع منفصل ۲ منصوب متصل ۳ منصوب منفصل ۴ مجرور متصل ۵ ۔ مجرور منفصل ۶

Marfat.com

س ضمیر متصل کی کی قسمین ہین مع تعریف بتلاؤ ج دو قسمین ہین مستتر اور بارز مستتر وہ ہی جس کے لیئے کوئی لفظ فعل مین نہو اور معنی اُس کے لیئے جاوین جیسے گردین ضمیر غائب مستتر ہی۔ اور یہ ہمیشہ صیغہ واحد غائب مین مستتر ہوا کرتی ہی اور صرف امر و نہی کی واحد حاضر مین بھی مستتر ہوتی ہی۔ اور بارز وہ ہی جس کے لیئے کوئی لفظ فعل مین لگایا جاوے جیسے آمدی مین ی س کل ضمائر متصل کتنی ہین اور کس وقت مین کس کس معنی کا فائدہ دیتی ہین ج دس ہین۔ م یم ی ید ند مان ت تان ش شان۔ ان مین سے اول کی پانچ متصل فاعلی ہین یعنی جب اُن کے پہلے فعل آتا ہی تو وہ ضمیرین متصل فاعل مذکور کا ہوتی ہین جیسے۔ رفتم۔ رفتیم۔ اور آخر کی پانچ معم کے متصل مفعولی ہین بشرطیکہ اُن کے پہلے فعل متعدی واقع نہو جیسے کُندم اور زدندمان۔ اور بَرندت وغیرہ۔ اور یہی چھیون متصل اضافی ہون گی۔ اگر ان سے پہلے کوئی اسم آوے جیسے کتابم اور غلامت اور نامش وغیرہ۔ اور ان ضمیرون پر حرف جر نہین آتا س کل ضمائر منفصل کے ہین اور کس وقت مین کس کس معنی کا فائدہ دیتی ہین ج چھ من ما تو شما او یا وے اور شان یا ایشان۔ جب یہ فعل سے پہلے آتی ہین یا مبتدا ہوتی ہین تو فائدہ منفصل فاعلی کا دیتی ہین جیسے من نوشتم یا من حاضرم۔ اور جب را ان کے آگے آتا ہی تو منفصل مفعولی کا۔ اور اسوقت نون لفظ من کا اور واؤ لفظ تو کا گر جاتا ہے۔ مرا اور ترا بولتے ہین۔ اور جب کوئی اسم یا حرف جر آتا ہے تو فائدہ منفصل اضافی کا دیتی ہین جیسے کتاب تو از من۔ س ضمائر متصل مین کچھ اور بھی تغیر ہوتا ہے۔ ج ہان ضمائر متصل فاعلی اور اضافی اگر ایسے کلمہ سے ملحق ہون جس کے آخر ہا مخفی ساکن ہو تو اُنسے پہلے الف بڑہا دیتے ہین۔ جیسے ساختہ ات۔ اور گفتہ ام وغیرہ اور اگر ضرورت کے باعث ضمیر مقدم ہو جاتی ہی اور بعد ساکن کے آتی ہی تب بھی الف بڑہاتے ہین جیسے ؎ چو نام تو ام جان نوازی کند۔ اور اگر ایسے کلمہ مین ملین جس کے آخر مین الف ہو یا واؤ

Marfat.com

Marfat.com

توصرف اضافی مین ضمیر سے پہلے ی بڑھادی جائے گی جیسے پایم اور خدایم اور رویش اور بویت ۔س لفظ خود یا خویش یا خویشتن کس وقت بجائے ضمیر کے استعمال کیئے جاتے ہین ج جب کوئی اسم یا ضمیر کسی جملہ مین اول مبتدا یا فاعل واقع ہوکر پھر وہی اسم یا ضمیر مضاف الیہ واقع ہو تو ایسی حالت مین بجائے پچھلے اسم یا ضمیر کے یہ الفاظ مستعمل ہوتے ہین جیسے ۔ زید بخانۂ خود موجود است یا زید عمرو را بخانۂ خویشتن بُرد ۔س لفظ خود و خویشتن کسی اور معنے کا بھی فائدہ دیتے ہین ۔ج کبھی ضمیر ماقبل کی تاکید کے لیئے بھی آیا کرتے ہین جیسے ؎ او خویشتن گم ست کرا رہبری کند ۔س سوائے لفظ خویش وغیرہ کے اور الفاظ بھی بجائے ضمائر استعمال کیئے جاتے ہین ۔ج ہان چنانچہ بجائے ضمیر متکلم بندہ ۔ مخلص وغیرہ اور بجائے ضمیر مخاطب خداوند ۔ قبلہ وغیرہ اور بجائے ضمیر غائب جناب مومی الیہ وغیرہ جو انشاؤن مین بکثرت موجود ہین س اشارہ اور مشارٌ الیہ کی تعریف مع مثال بتاؤ ج اسم اشارہ وہ ہی جس سے کسی چیز محسوس کی طرف اشارہ کرین ۔ اور جس چیز کی طرف اشارہ کرتے ہین اُسے مشارٌ الیہ کہتے ہین ۔ اور اشارہ کے لیئے دو لفظ ہین ۔ آن واسطے اشارہ بعید کے اور این واسطے اشارہ قریب کے آتا ہے اور عربی کا اشارہ قریب ہذا بھی فارسی مین بہت مستعمل ہی ۔ اور اشارہ محسوس اور غیر محسوس دونون کی طرف ہو سکتا ہی س اسم موصول کسے کہتے ہین اور اُس کیواسطے کیا کیا لفظ ہین ج اسم موصول وہ اسم ہی جس کے آگے ایک جملہ بطور بیان واقع ہو اور اُس جملہ کو صلہ کہتے ہین ! ور صلہ اور موصول کے درمیان ایک کاف ضرور لایا کرتے ہین ! ور لفظ آن تنہا یا کسی اسم سے مل کر فائدہ اسم موصول کا دیتا ہی ۔ اور ایسے ہی یائے مجہول کسی اسم کے آخر مل کر موصول کا فائدہ دیتی ہی اور لفظ آنکہ اور آنانکہ ہرکہ ہرآنکہ آنچہ ہرآنچہ اسمائے موصول

Marfat.com

وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین

# حسن القواعد

مصنفہ

مولوی محمد احسن مدرس اوّل عربی و فارسی بریلی کالج

ملنے کا پتہ

میسرز خان علی اینڈ سنز اُردو بازار لاہور

قیمت ۳-۰-۰ روپے

Marfat.com

ہین جیسے س آنکس کہ مرا بگشت باز آمد پیش ٭ لفظ آنکس اسم موصول ہے اور س کسانے کہ زین راہ برگشتہ اند ٭ مین لفظ کسانے اسم موصول ہے ۔ س معہود ذہنی اور خارجی کس کو کہتے ہین ج معہود ذہنی وہ اسم نکرہ ہے جو ذہن متکلم یا مخاطب مین مشخص ہو مثلاً لفظ دشمن سے اگر مراد زید وغیرہ کوئی شخص معین ہو تو اُس وقت مین اسے معہود ذہنی کہین گے اور معہود خارجی وہ نکرہ ہے جو کسی خاص وجہ سے ذات معین پر دلالت کرے جیسے لفظ خلیل سے ذات ابراہیم علیہ السلام سمجھی جاتی ہے ۔ س ایسے اسمار نکرہ کی مثالین دو جن مین بسبب اضافت تعریف آگئی ہو ج غلام زید اور برادر او اور رہروِ آن طرف اور ہمراہی شخصے کہ دیروز آمدہ بود اور پسر خلیل س ساتوین قسم معرفہ کی معہ تعریف بتاؤ ج ساتوین قسم منادیٰ ہے اور منادی اُسے کہتے ہین جو پکارا جاوے جیسے ای زن ۔ س منادی مین اور کون اسم داخل ہے ۔ ج مندوب بھی منادی مین داخل ہے اور مندوب وہ ہے جسے بوجہ حزن یا تاسف یاد کرتے ہین جیسے وائے نصیب ۔ س مصدر کی تعریف اور اقسام بتاؤ ج مصدر وہ اسم ہے جو کسی شئی کے ہونے یا کرنے پر دلالت کرے اور اُس کے آخر دن یا تن ہو اور اس کی چار قسمین ہین متصرف اور مقتضب ۔ وضعی اور غیر وضعی یا جعلی ۔ س اقسام مصدر کی تعریف و امثلہ بتاؤ ج متصرف وہ جس سے تمام افعال مشتق ہوتے ہین جیسے کردن اور مقتضب وہ جو ایسا نہو جیسے سُختن بمعنی فہمیدن اور وضعی وہ جسے واضع فارسی نے بنایا ہو جیسے گردیدن اور آمدن وغیرہ ۔ اور غیر وضعی یا جعلی وہ جو کسی اور زبان کے لفظ مین علامت مصدر دن یا تن بڑھا دین جیسے طلب سے طلبیدن اور چال سے چلیدن وغیرہ س اسم مشتق کی تعریف مع اقسام بیان کرو ج اسم مشتق وہ ہے جو مصدر سے بنایا جاوے اور اُس کی چھ قسمین ہین

Marfat.com

# فہرست مضامین کتاب احسن القواعد


| | مضمون | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱ | دیباچہ | ۱ |
| ۲ | بعض اصطلاحات | ۲ |
| ۳ | باب صرف کے بیان میں | ۳ |
| " | فصل اول اسم کے بیان میں | " |
| ۵ | معرفہ | " |
| " | علم | " |
| " | ضمیر | ۷ |
| ۷ | اسم اشارہ | " |
| " | اسم موصول | ۸ |
| ۸ | معہود | " |
| " | معرفہ مضاف | " |
| " | منادی | " |
| " | مصدر | " |
| " | اسم مشتق | ۹ |
| ۹ | اسم فاعل | " |
| " | اسم مفعول | " |
| " | صفت مشبہ | " |
| " | صیغہ مبالغہ | " |
| " | اسم تفضیل | ۱۰ |
| ۱۰ | فصل دوم فعل کے بیان میں | ۱۱ |
| ۱۱ | اقسام ماضی | ۱۲ |
| ۱۲ | ماضی کے چھ صیغے | " |
| " | مضارع کا قاعدہ اور جو مصدر اس سے مستثنیٰ ہیں۔ | ۱۴ |
| ۱۴ | مضارع کے بنانے کا قاعدہ عام | " |
| ۱۵ | حال | " |
| " | مستقبل | " |
| " | امر و نہی | " |
| " | لازم و متعدی | ۱۶ |
| ۱۶ | فعل مجہول بنانیکا قاعدہ | " |
| " | فصل سوم حرف کے بیان میں | ۱۷ |
| ۱۷ | اقسام حروف تہجی | ۱۸ |
| ۱۸ | معانی حروف مفردہ | " |
| " | ا - ب | ۱۹ |
| " | ت | ۲۰ |
| " | ث - ج - ح | ۲۱ |
| " | خ - د - ذ | ۲۲ |
| " | ر - ز - س - ش - ص - ض | ۲۳ |
| " | ط سے ک تک | ۲۴ |
| " | گ - ل | " |
| " | م - ن | ۲۵ |
| " | واؤ ہوز | ۲۶ |
| " | یائے تحتانی | ۲۸ |
| " | حروف مرکبہ کا بیان از با تا۔ | " |
| " | راء | ۲۹ |
| " | حروف عاطفہ | " |
| " | باب ۲ نحو کا بیان | ۳۲ |
| " | فصل اول مفرد اور مرکب کے بیان میں | " |
| " | اقسام مجاز مرسل | ۳۳ |
| " | اقسام مرکب | ۳۴ |
| " | مرکب اضافی | ۳۵ |
| " | مرکب توصیفی | ۳۶ |
| " | مرکب امتزاجی | " |
| " | مرکب غیر امتزاجی | ۳۷ |
| " | فصل دوم جملہ کے بیان میں | ۳۸ |
| " | جملہ فعلیہ | ۳۹ |
| " | فاعل | " |
| " | مفعول | " |
| " | مفاعیل سہ گانہ | " |
| " | متعلقات فعل | " |
| " | جملہ اسمیہ | ۴۱ |
| " | جملہ خبریہ و انشائیہ | ۴۲ |
| " | اقسام جملہ بلحاظ ترکیب | ۴۳ |
| " | فصل سوم حل ترکیب کے بیان میں | ۴۴ |
| " | قواعد ترکیب | " |
| " | بدل اور مبدل منہ | ۴۶ |
| " | وہ اسماء کہ ترکیب میں دو سے اسماء کے برابر ہوتے ہیں | ۴۷ |
| ۷۲ | مفردات عربی مروجہ فارسی | ۱۰۶ |
| " | مقدرات کا ذکر | ۱۰۷ |
| ۷۳ | ضمیمہ فوائد عجیبہ | ۱۰۸ |
| ۷۴ | ب کا تلفظ | ۱۱۱ |
| " | اشباع و امالہ | " |
| ۷۵ | فرق ترکیب توصیفی و اضافی | ۱۱۲ |
| " | اقسام صفت | ۱۱۳ |
| " | ت کا املا | ۱۱۴ |
| ۷۶ | اقسام استفہام | ۱۱۵ |
| ۷۷ | فرق تا اور بے میں | ۱۱۶ |
| ۷۸ | باب ۳ اوزان مصادر عربی مشتقات وغیرہ | " |
| ۷۹ | اوزان ثلاثی مجرد | " |
| ۸۱ | اسماء مشتقہ | ۱۱۷ |
| " | اسم فاعل | ۱۱۸ |
| " | اسم مفعول | " |
| ۸۲ | اسم آلہ | ۱۱۹ |
| " | اسم ظرف | ۱۲۰ |
| ۸۳ | اسم تفضیل | ۱۲۱ |
| " | صفت مشبہ | " |
| ۸۴ | مصادر ثلاثی مزید | ۱۲۳ |
| ۸۸ | اوزان رباعی | ۱۲۴ |
| ۸۹ | اسماء مشتقہ ثلاثی مزید و رباعی | ۱۲۵ |
| ۹۰ | جمع الفاظ عربیہ | ۱۲۷ |
| ۹۴ | بیان تثنیہ | ۱۲۸ |
| ۹۵ | بیان تصغیر | " |
| " | باب ۴ ضرب الامثال فی بیان میں | ۱۳۲ |
| " | اشال الف | ۱۳۳ |
| " | اشال باء موحدہ | ۱۳۴ |
| ۹۹ | " " فارسی | ۱۳۵ |
| ۱۰۱ | | " |


Marfat.com

اسم[۱] فاعل۔ اسم مفعول[۲]۔ اسم حالیہ[۳]۔ اسم ظرف[۴]۔ اسم آلہ[۵] حاصل مصدر[۶]
اسم فاعل کی تعریف بیان کرو ج۔ اسم فاعل وہ اسم مشتق ہی جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس سے فعل صادر ہوا ہو یا اس کے ساتھ قائم ہو۔ جیسے زندہ یا درمیزندہ س اسم فاعل کے اقسام اور انکے بنانے کا قاعدہ کیا ہی ج۔ اسکی دو قسمین ہین اول[۱] قیاسی جو امر حاضر کے آخر ندہ لگانے سے بنتا ہی جیسے گوئی سے گوینده۔ دوم[۲] سماعی جو امر حاضر یا ماضی کے آخر الف یا گار یا آر بڑھانے سے بنتا ہی جیسے بین سے بینا اور آمرزگار۔ پروردگار۔ نمودار وغیرہ اور غربی کا اسم فاعل جو فاعل کے وزن پر ہوتا ہی وہ بھی فارسی مین بہت آتا ہی جیسے کاتب اور عالم وغیرہ س اسم مفعول کس کو کہتے ہین اور کیونکر بنتا ہے ج اسم مفعول وہ اسم مشتق ہی جو ایسی ذات پر دلالت کرے جسپر فعل واقع ہو۔ اور وہ ماضی مطلق کے آخرہ زیادہ کرنے سے بنتا ہے۔ جیسے کشت سے کشتہ اور عربی کا اسم مفعول جو مفعول کے وزن پر ہو وہ بھی فارسی مین اکثر مستعمل ہی جیسے مطلوب اور معلوم وغیرہ س۔ اسم حالیہ کیا ہی اور کیونکر بنتا ہی ج اسم حالیہ وہ اسم مشتق ہے جس سے فاعل یا مفعول کی کیفیت یعنی صدور یا وقوع فعل بطور تواتر و استمرار پایا جاوے اور وہ امر حاضر کے آخر الف نون زیادہ کرنے سے بن جاتا ہی جیسے خندان س اسم ظرف کیا ہے اور کیسے بنتے ہین ج اسم ظرف وہ ہی جس سے مکان یا زمان فعل سمجھا جاے اور طریقہ ظرف مکان کے بنانے کا یہ ہے کہ واحد امر حاضر کے شروع مین اسم کے آنیسے بنتا ہی جیسے زرخیز بمعنے جاے خاستن زر اور کبھی حاصل مصدر پر گاہ لگانے سے بنتا ہے جیسے آرام گاہ اور ظرف زمان فارسی کی بھی یہی صورت ہی جیسے [illegible] اسم آلہ وہ ہی جو فعل کا واسطہ یعنی اوزار ہو۔ اور وہ بھی امر اور اسم کے ملنے سے بنتا ہے جیسے فیلہ سنجی آلہ سوختن نیلہ اور عربی کا اسم ظرف مفعل اور مفعلہ کے وزن پر جیسے مکتب اور مدرسہ اور اسم آلہ مفعل اور مفعال کے وزن پر جیسے

Marfat.com

| | مضمون | | مضمون | | مضمون | | مضمون |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | باب محاورات و | ۱۷۲ | اقسام نظم | ۱۸۹ | ارصاد | ۱۹۹ | اشتقاق |
| | اصطلاحات اہل زبان | " | قصیدہ | " | عکس | " | رد العجز علی الصدر |
| | بترتیب حروف تہجی | ۱۷۳ | تشبیب | " | رجوع | ۲۰۰ | لزوم مالا یلزم |
| ۱۳۷ | محاورات حرف الف | ۱۷۴ | غزل | " | توریہ | " | معما |
| ۱۳۸ | " باء موحدہ | " | مثنوی | ۱۹۰ | استخدام | ۲۰۱ | قطع الحروف |
| ۱۴۳ | " باء فارسی | ۱۷۵ | رباعی | " | لف و نشر | " | منقوط |
| ۱۴۴ | " تاء فوقانی | " | مستزاد | ۱۹۱ | جمع | " | مہملہ |
| ۱۴۵ | " ثاء مثلثہ | " | فرد | " | تفریق | " | رقطاء |
| " | " جیم | ۱۷۶ | قطع | " | تقسیم | " | خیفا |
| ۱۴۶ | " جیم فارسی | " | ترجیع بند | ۱۹۲ | تجرید | " | فرق النقاط |
| ۱۴۷ | " حاء حطی | " | مستطط | " | مبالغہ | " | تحت النقاط |
| ۱۴۸ | " خاء معجمہ | ۱۷۷ | فصل دوم عیوب شعر | ۱۹۳ | مذہب کلامی | " | مقطع |
| ۱۵۰ | " دال مہملہ | | کے بیان میں | " | حسن تعلیل | ۲۰۲ | موصل |
| ۱۵۲ | " ذال معجمہ | " | مناقضہ | " | تاکید مدح بالفاظ | " | واسع الشفتین |
| " | " راء مہملہ | ۱۷۸ | تقدیم و تاخیر | | مشابہ ذم | | حاصل الشفتین |
| ۱۵۳ | " زاء معجمہ | " | تعقید | " | تاکید ذم بالفاظ | " | ذو القافیتین |
| ۱۵۵ | " سین مہملہ | ۱۷۹ | تضمین | | مشابہ مدح | " | متلون |
| ۱۵۸ | " شین معجمہ | ۱۸۰ | تخلیع | " | استتباع | ۲۰۳ | منقوص |
| ۱۵۹ | " صاد مہملہ | " | تخالف | ۱۹۴ | ادماج | " | محذوف |
| " | " طاء مہملہ | " | تنافر | " | توجیہ | " | سباق الاعداد |
| " | " عین مہملہ | " | غرابت | " | ہزل بمعنی جد | " | تنسیق الصفات |
| ۱۶۰ | " غین منقوط | " | ضعف تالیف | " | تجاہل عارف | " | توشیح |
| " | " فاء | ۱۸۱ | عدول | " | قول بالموجب | | |
| ۱۶۱ | " قاف | " | تصرفات رنگارنگ فارسیان | ۱۹۵ | اطراد | | باب ۱۰ |
| " | " کاف تازی | ۱۸۳ | فصل سوم - اغلاط | " | تعجب | ۲۰۴ | عروض و قوافی |
| ۱۶۲ | " کاف فارسی | | کے بیان میں | " | اعتراض | | اصطلاحات |
| ۱۶۳ | " لام | " | اغلاط لفظی | ۱۹۶ | تلمیح | ۲۰۵ | فصل اول - عروض کے |
| ۱۶۴ | " م | " | اغلاط معنوی | " | براعت استہلال | | بیان میں |
| ۱۶۶ | " ن | ۱۸۵ | تعارد | " | التفات | ۲۰۶ | زحافات |
| ۱۶۷ | " واو | | باب ۹ | " | فصل دوم - صناع | ۲۰۹ | فوائد تقطیع |
| ۱۶۸ | " ہاء ہوز | | | | لفظی | ۲۱۳ | نقشہ بحر مع مثال و |
| ۱۶۹ | " یاء تحتانی | ۱۸۶ | صنائع کے بیان میں | ۱۹۷ | تجنیس تام | | وزن |
| " | " فائدہ جلیلہ کارآمدہ | ۱۸۷ | فصل اول - صنائع | " | " مرکب و مشابہ | ۲۲۰ | فصل دہم - قافیہ کے |
| ۱۷۰ | باب اقسام نظم و | " | معنوی طباق | | بمفروق و مرفو | | بیان میں |
| | وجوب شعر وغیرہ | " | مراعات النظیر | | تجنیس محرف | " | حروف قافیہ |
| | میں | " | ایہام تناسب | " | " زائد | ۲۲۲ | حرکات قافیہ |
| ۱۷۱ | فصل اقل اقسام | ۱۸۸ | تشبیہ | ۱۹۸ | " مضارع | ۲۲۳ | عیوب قافیہ |
| | نظم و نثر | " | اقسام تشبیہ | " | " مکرر | " | اقسام قافیہ |
| | | " | مشاکلت | " | تصحیف | | |
| " | اقسام نثر | ۱۸۹ | مزاوجت | " | قلب | ۲۲۴ | قسمت |


Marfat.com

مجمر اور میزان بھی فارسی مین مستعمل ہین س حاصل مصدر کسکو کہتے ہین اور کیونکر بنتا ہی ج حاصل مصدر وہ اسم مشتق ہی جو کیفیت معنی مصدری پر دلالت کرے اور اسکے بننے کے کئی طور ہین کبھی صرف صیغہ امر حاضر اس کے معنی مین آتا ہی اور اکثر اس کے آخر ش کبھی اک کبھی اس کے پہلے کوئی اسم بڑھا دیتے ہین جیسے سوز اور دانش پوشاک قدمبوس - اور کبھی صرف صیغہ ماضی مطلق اسکے معنی دیتا ہی کبھی اُس کے آخر مین ار یا ش بڑھا دیتے ہین جیسے گفتار و رفتار و آمدنی - کبھی ماضی اور امر دونوں ملکر اُسی کا فائدہ دیتے ہین جیسے گفتگو و جستجو - اور کبھی اسم مفعول کے آخری معروف بڑھا دیتے ہین اور اُس وقت وہ اسم مفعول کی گ سے بدل جاتی ہی جیسے افسردگی س اسما کے جمع بنانے کا کیا قاعدہ ہی ج جمع بنانے مین اسم ذی روح کے آخر ان اور غیر ذی روح کے آخر ا بڑھاتے ہین جیسے پدران اور گلہا اور کبھی اس قاعدہ کے خلاف بھی جمع آجاتی ہی جیسے درختان اور اژدرہا - اور یاد رہے کہ جس اسم ذی روح کے آخر الف یا واو ہوتا ہی اس کے اگے ایک ی اور زیادہ کرتے ہین اور جس کے آخر ہ ہے اس کو گ سے بدل لیتے ہین جیسے دانایان - خوشخویان - بندگان - اور جمع غیر ذی روح مین ی نہین لاتے اور وہ گر جاتی ہے جیسے شناہا اور بوہا اور خامہا

## فصل دوم فعل کے بیان مین

س مصدر سے کتنے فعل مشتق ہوتے ہین ج چھ فعل نکلتے ہین - ماضی مضارع حال مستقبل امر نہی س ماضی کی کتنی قسمین ہین ج چھ قسمین ہین مطلق قریب بعید قریبہ استمراری تمنائی س ماضی مطلق کسکو کہتے ہین اور کیسے بنتی ہی ج - ماضی مطلق وہ فعل ہے جس سے زمانہ گذشتہ بدون قید قریب و بعید کے سمجھا جاوے اور وہ مصدر کے آخر سے نون اور اس کے ماقبل کی حرکت دور کرنے سے بن جاتی ہی جیسے گفتن سے گفت

Marfat.com

# تقریظ ریختہ قلم بلاغت رقم حضرت استاذی الجناب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حامداً و مصلیاً و مسلماً

اب تک فارسی قواعد کے مؤلفوں کا دستور تھا کہ پہلے مؤلفوں کی تقلید سے بہت باتیں غیر ضروری بلکہ بعض غلط بھی اپنی تالیفوں میں لکھدیتے تھے چنانچہ بیان حروف میں سب حروف کے معنے لغوی لکھتے تھے۔ مثلاً الف کے بیان میں لکھتے کہ اس کے معنے لغت میں مرد مجرد کے ہیں پھر اس کے معنی استعمالی لکھتے تھے اور یہ بھی لغوی معنی کا موضوع لہ الف یعنی نام حرف اول کا ہے اور معنی مستعملہ میں ا کا بھی یعنی (را) آتا ہے اسیطرح اور حروف کو سمجھنا چاہئے اور بعض امور ضروری کو ترک کرتے تھے مثلاً بڑے جملوں کی ترکیب اور مضارع بنانیکا قاعدہ اور عروض و قوافی کے حقیقت میں قواعد ہی کا ایک جزو ہے اور مشہور امثال و محاورات جنکے جاننے سے فارسی لکھنے اور سمجھنے دونوں میں مدد ملتی ہے ان چیزوں کا ذکر نہ کرتے تھے اسی وجہ سے ضرورت تھا کہ کوئی کتاب قواعد فارسی میں ایسی ہو جسکے پڑھنے سے طلبہ کو اچھی فارسی لکھنے کی استعداد ہو سکے اور جسقدر سوالات یونیورسٹی میں متعلق بقواعد کالج کے بڑے درجوں کے جاتے ہیں ان سبکا جواب دے سکیں یہ کتاب مسمی بہ احسن القواعد جو مولوی محمد حسن خان تالیف کرکے میرے سامنے اصلاح و ترمیم کیلئے پیش کی اسکو میں نے خاطر خواہ پایا اور مؤلف کی اسمیں محو و اثبات جسقدر مناسب جانا کرکے یا میری رائے میں طلبہ کے حق میں کوئی کتاب قواعد کی اس سے زیادہ مفید و اب تک تیار نہیں ہوئی چنانچہ فہرست مضامین سے معلوم ہو سکتا ہے کہ اس کتاب میں کیسے کیسے مضامین کارآمد درج کئے گئے ہیں امید ہے کہ تمام اساتذہ فارسی خواہ سرکاری مدارس کے ہوں یا دیسی مکاتب کے اس کتاب کو لاجواب کو نعمت غیر مترقبہ سمجھیں گے اور سہو و خطا کو جو خاصۂ انسان ہے معاف فرمائیں گے

محمد حسن مدرس اول عربی و فارسی آریہ کالج

ایم فرمان علی پرنٹر پبلشر نے استقلال پریس لاہور سے چھپوا کر اردو بازار لاہور سے شائع کیا

Marfat.com

ماضی قریب

**س** ماضی قریب کی تعریف کیا ہی اور کیونکر بنتی ہی **ج**۔ ماضی قریب وہ ہی جس مین زمانہ گذرا ہوا پایا جاوے۔ اور اسے گزرے ہوئے تھوڑا عرصہ ہوا ہو اور وہ ماضی مطلق کے آخرہ زیادہ کرکے لفظ است بڑھانے سے بن جاتی ہی۔ جیسے گفتہ است اور کبھی بدون است کے بھی بولتے ہین **س** ماضی بعید مع تعریف وقاعدہ بیان کرو **ج** ماضی بعید وہ ہی کہ جسکے زمانہ کو گذرے ہوئے زیادہ عرصہ ہوا ہو اور وہ ماضی مطلق کے آخرہ زیادہ کرکے لفظ بود بڑھانے سے بنتی ہی جیسے گفتہ بود **س** ماضی شکیہ کے بنانے کا قاعدہ اور تعریف بتاؤ **ج**۔ ماضی شکیہ وہ ہی جس مین زمانہ گذشتہ اور ایک قسم کا شک پایا جاوے۔ اور وہ ماضی مطلق کے آخرہ زیادہ کرکے لفظ باشد بڑھا دینے سے بنتی ہی جیسے گفتہ باشد اور اس کو ماضی احتمالی بھی کہتے ہین **س** ماضی استمراری کی تعریف اور اسکے بنانے کا قاعدہ کیا ہی **ج**۔ ماضی استمراری وہ فعل ہے جس مین ہمیشگی پائی جاوے اور فعل کا ہوچکنا نہ سمجھا جاوے۔ اسی جہت سے اس ماضی کو دوامی اور ناتمام بھی بولتے ہین اور وہ ماضی مطلق کے اول لفظ مے یا ہمی بڑھانے سے بن جاتی ہی جیسے میگفت یا ہمیگفت **س** ماضی تمنائی کسے کہتے ہین اور کیونکر بنتی ہے **ج** ماضی تمنائی وہ ہی جس مین فعل کی آرزو پائی جاوے اور اس کو ماضی شرطیہ کہتے ہین۔ اسوجہ سے کہ معنی آرزو بعد حرف شرط کے پیدا ہوتے ہین اور وہ ماضی مطلق کے آخر یا مجہول بڑھانے سے بنجاتی ہی جیسے گفتے اور یاد رہے کہ اس ماضی کے صرف تین صیغے مستعمل ہین دو غائب کے ایک واحد متکلم کا **س** کیا صیغہ تمنائی اور استمراری کسی اور معنی کا بھی فائدہ دیتا ہی **ج** ہان ماضی استمراری تمنائی کے معنے مین اور تمنائی استمراری کے معنی مین آتی ہی **س** پھر تمنائی اور استمراری مین کیا فرق رہا **ج** فرق یہی ہی کہ یہ دونون اگر بعد حرف شرط کے واقع ہونگے تو تمنا کے معنی ہون گے ورنہ استمراری کے ہونگے **س** بہانتک سب ماضیون

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# دیباچہ

بعد حمد و صلوٰۃ کے خاکسار سیدان محمد نجیف علیخان متوطن مراد آباد ساکن بریلی اس کتاب کے مطالعہ کرنے والوں کی خدمت میں التماس کرتا ہے کہ جب اس فقیر کو جناب نوشیرواں معدلت حاتم سخاوت زیبا صورت پسندیدہ سیرت دقیقہ رس صحیح نفس بیدار مغز صحیح القیاس رفیق نواز قدر شناس صدر دانش انجمن جناب ایم کیمپن صاحب بہادر ایم اے ڈائرکٹر شعبۂ تعلیم ممالک مغربی و شمالی نے بریلی کالج میں مدرس مقرر فرمایا اور میں نے طلبا کو پڑھایا اور کلکتہ یونیورسٹی کے سوالات امتحان کو دیکھا تو طلبا کو نہایت کم استعداد اور سوالات کو ایسا مشکل پایا کہ طلبار کالج کا دیکھا کرا چھے مستعد طلبا بھی اُن کے جواب دفعتاً بدون مدد کتاب دینے کے نہ بتا سکیں اسلئے میں نے قواعد فارسی کو بطور سوال و جواب کے لکھکر طلبا کو یاد کرایا اس ترکیب سے ان کو قواعد کا یاد کرنا اور سوالات امتحان کا سمجھ کر جواب لکھنا آسان ہو گیا اور چونکہ مصنفین اور مولفین قواعد فارسی نے بیان قواعد

Marfat.com

ے واحد غائب کے بنانے کا قاعدہ مذکور ہوا باقی اور صیغے کسطرح بنتے ہین **ج** ہر فعل سے چھ چھ صیغے آتے ہین - واحد غائب جمع غائب - واحد حاضر - جمع حاضر واحد متکلم جمع متکلم - اور انمین ایک صیغہ مذکور ہوا باقی اسکے آخر چار ماضیون مین ضمائر متصل فاعلی بڑھانے سے بنجاتے ہیں جیسے گفت - گفتند - گفتی - گفتید - گفتم - گفتیم ماضی مطلق مین اور گفتہ است - گفتہ اند - گفتہ اید - گفتہ ام - گفتہ ایم ماضی قریب مین اور گفتہ بود گفتہ بودند الخ ماضی بعید مین اور میگفت میگفتند الخ ماضی استمراری مین اور ماضی شکیہ مین ضمائر بعد شین کے آتی ہین جیسے گفتہ باشد - گفتہ باشند گفتہ باشی الخ - اور ماضی تمنائی مین ضمائری مجہول سے لاحق ہوتی ہین - جیسے گفتے - گفتندے - گفتمے - **س** - ماقبل آخر علامت ماضی اکثر کیا کیا حرف آتے ہین **ج** ماقبل آخر علامت ماضی کا ہمیشہ ان گیارہ حرفون مین سے جنکا مجموعہ یہ ہی (شرف آموزی سخن) ایک حرف ہوتا ہی **س** مضارع کسے کہتے ہین اور کیسے بنتا ہی **ج** مضارع وہ فعل ہی جس مین دو زمانے حال و استقبال پائے جاوین اور اسکے بنانے کا مصدر سے عام قاعدہ یہ ہے کہ علامت مصدر دن یا تن گرا کر دال ساکن آخر مین ملا دین اور اس سے پہلے حرف کو فتحہ دین جیسے پروردن سے پرورد - مگر بموجب مرقومہ بالا پہلا حرف کوئی نہ کوئی ان گیارہ حرفون مین سے ہوتا ہی اور ان حرفون مین سوائے ن کے کچھ تغیر مضارع بنانے مین واقع ہوتا ہی لہذا ہر ایک حرف کا بیان جداگانہ بہ ترتیب لکھا جاتا ہے

اگر علامت گرانے کے بعد الف رہے تو وہ بھی مضارع مین محذوف ہو جائے گا جیسے نہادن سے نہد - اور ایستادن سے ایستد - مگر صرف ایک مصدر مین الف مذکور برقرار ہوتے بدل جاتا ہی جیسے دادن سے دہد اور دو مصدرون مین حذف نہین ہوتا بلکہ اسکے بعد ی مضارع مین زیادہ ہو جاتی ہی جیسے کشادن سے کشاید اور زادن سے زاید

Marfat.com

میں سوائے چھوٹی چھوٹی مثالوں کے بڑی عبارتوں اور جملوں کی ترکیب نہیں لکھی اس سبب سے اکثر ذی استعدادوں کو بھی ترکیب کہنی دشوار ہوتی تھی اس خیال سے میں نے کچھ قواعد ترکیب کہنے کے اور ہر طرح کے جملوں اور بڑی عبارتوں کی ترکیب بھی لکھ کر طلبہ کو سمجھائی جس سے ان کو ترکیب کہنی خوب آگئی اور نیز مصادر عربی اور ان کے اسماء مشتقہ اور حروف اصلی اور زوائد کی پہچان اور اسماء کے تثنیہ وجمع وغیرہ کا بیان لکھ کر یاد کرایا کہ فارسی مروجہ زمانہ حال کہ عربی سے مخلوط ہے۔ بدون ان امور کے یاد کرنے کے نہیں آتی پھر طلبہ کا یہ حال ہوا کہ بریلی کالج کے طالب علم کا کلکتہ یونیورسٹی کے امتحان عربی و فارسی میں سب کامیاب ہونے لگے ایک متنفس بھی بے نیل نہ ہوا بلکہ اسکے سبب سے انگریزی کے صرف و نحو کا یاد کرنا آسان ہوگیا جب نومبر ۱۸۷۰ء میں میں اپنے عہدے سے مستعفی ہوا جب ہی سے تنزل کی ابتدا پڑ گئی۔ چنانچہ دونوں زبانوں کے طلبہ کے نمبروں کے مقابلہ سے یہ امر ظاہر ہو سکتا ہے۔

اب بعض مدرسین بریلی کالج اور اکثر اصحاب فارسی خوانان شہر نے مجھ سے استدعا کی کہ رسالہ مذکور کو از سر نو لکھوں خصوصاً مخدومی و شفیقی مولوی محمد منیر صاحب کا اصرار اس باب میں حد سے متجاوز ہوا لہٰذا ان مسودات پریشان کو جمع کر کے چند محاورات و مصطلحات فارسی اور اقسام نظم و نثر اور ضرب الامثال متعارفہ اور کسیقدر تشبیہات و مناسبات اور کچھ صنائع اور عروض قوافی کو ان پر اضافہ کر کے یہ رسالہ ایک تمہید اور دس بابوں کا مرتب کیا اور بنظر اصلاح خدمت میں استاذی و مخدومی جناب مولانا مولوی محمد احسن صاحب کی گذرانا الحمدللہ کہ جناب ممدوح نے رسالہ کو تمام و کمال بنظر توجہ ملاحظہ فرما کر محو و اثبات بجا سے مزین فرمایا اور ایک تقریظ اس پر تحریر فرمائی جو اول رسالہ میں مندرج ہے۔ اور واضح ہو کہ پہلے

Marfat.com

اور اگر خ رہے تو وہ اکثر مصدرون مین ز سے بدل جائیگی جیسے بیختن سے بیز اور آموختن سے آموز مگر مصدر فروختن مین ش سے بدلتی ہی اور شناختن مین س سے اور گسیختن مین ی اور خ دونون کی جگہ ل مضارع مین آتا ہی۔ اور پختن مین ہر چند ز سے بدلتی ہی مگر مضارع مین پز بفتح اول کہتے ہین۔

اور صرف مصدر کردن مین ر ن سے بدلتی ہی اور کند بضم اول کہتے ہین اور مصدر مردن مین ر سے پہلے ی زاید کرتے ہین اور میرد بکسر میم ہوجاتا ہی اور بردن کے مضارع مین ب کو فتحہ ہوجاتا ہے

اور علامت مصدر دور کرنے کے بعد رصرف ایک مصدر زدن مین رہتی ہے مضارع مین اُسکے بعد ن بڑھا کر زند بولتے ہین

اور اگر س رہے تو جسقدر تغیر اس مین ہوتا ہی اور کسی حرف مین نہین ہوتا یعنی اکثر تو حذف ہوجاتا ہی جیسے بایستن اور شایستن مین باید اور شاید اور ایک مصدر مین مع ماقبل کی ی کے حذف ہوتا ہے جیسے نگریستن سے نگرد اور کہین ہ سے بدلتا ہی جیسے کاستن سے کاہد اور خواستن سے خواہد اور کہین ی سے جیسے پیراستن سے پیراید اور کہین وی سے جیسے جستن بالضم سے جوید اور کہین ن د سے جیسے بستن سے بندد اور ایک مصدر مین ن سے جیسے شکستن سے شکند بالکسر اور ایک مصدر مین ی۔ ن سے جیسے نشستن سے نشیند اور ایک مین ز سے جیسے خاستن سے خیزد بامالہ الف۔ اور ایک مین ل سے جیسے گسستن سے گسلد اور ایک مین اُسکے ماقبل ی زاید ہوتی ہی جیسے رستن سے ریسد اور ایک مین بعد کوت زائد ہی جیسے خستن سے خستد

اور اگر ش رہے تو وہ رے بدل جاتا ہے جیسے کاشتن سے کارد مگر ایک مصدر مین تبدیل نہین ہوتا جیسے سرشتن سے سرشد اور ایک مین شین کے بعد د زائد ہوتی ہی جیسے شدن سے شود بضم اول اور ایک مصدر مین ز سے بدلا ہی افراشتن سے افراز داور ایک مین ی سے

Marfat.com

اس سے اس رسالہ کے ابواب صرف و نحو کو مولوی محمد میر صاحب نے ۱۸۶۲ء میں چھپوایا بھی تھا جو انہیں دنوں میں ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو گیا تھا۔

# تمہید بعض اصطلاحات کے بیان میں

س زبان فارسی کے قسم ہے اور اُن میں سے کے زبانیں بہت بولی جاتی ہیں ج سات قسم سعدی۔ سکزی۔ زابلی۔ ہروی۔ فارسی۔ پہلوی۔ دری اور ان میں سے پچھلی تین زیادہ مستعمل ہیں۔ س حروف علت[۱] کیا کیا ہیں اور اُن کے نام کیا ہیں ج واؤ۔ الف[۲] یا۔ اور اُن کو اخوات اعراب اور حروف مدّ[۳] اور لین بھی کہتے ہیں س اعراب کسے کہتے ہیں اور اس کے اقسام کے نام عربی میں کیا ہیں اور جس حرف پر یہ اعراب آتے ہیں اُس کا نام کیا ہوتا ہے ج اعراب حرکت کو کہتے ہیں۔ اور وہ تین قسم ہے۔ فتحہ یا نصب زبر کو۔ کسرہ یا جر زیر کو۔ ضمہ یا رفع پیش کو کہتے ہیں۔ اور جس حرف پر یہ اعراب آتے ہیں۔ اُس کو متحرک کہتے ہیں۔ پس فتحہ والے کو مفتوح یا منصوب اور کسرہ والے کو مکسور یا مجرور اور ضمہ والے کو مرفوع یا مضموم کہتے ہیں جیسے غلامی کا غ مضموم ہے اور لام مفتوح اور میم مکسور س جزم اور سکون کسے کہتے ہیں اور جس پر یہ آتے ہیں اس کا کیا نام ہوتا ہے ج حرکت کے نہ ہونے کو جزم کہتے ہیں۔ بشرطیکہ ماقبل اس کا متحرک ہو اور جس حرف پر جزم یا سکون ہوتا ہے اُسے مجزوم یا ساکن یا زدہ کہتے ہیں جیسے شد کی دال س وقف کسے کہتے ہیں اور موقوف کیا ہے ج سکون کے بعد اعراب نہ ہونے کو وقف بولتے ہیں۔ اور موقوف وہ حرف غیر متحرک ہے جس کے پہلے حرف ساکن ہو جیسے اسپ کی پ س مشدد کس کو کہتے ہیں ج جس حرف

Marfat.com

برشتن سے بریدا ور ایک مین ل سے ہشتن سے ہلدا ور ایک مین ی س سے نوشتن سے
نویسدا ور ایک مین ر د سے جیسے نوشتن بمعنے طے کردن سے نورود
ف اور اگر ف رہے تو ب سے بدل جائیگی جیسے یافتن سے یابدا ور تین مصدرونمین
د سے بدلتی ہے یعنی رفتن اور کافتن اور شنفتن کا مضارع رودا ور کاردا ور شنودآتا ہی
اور تین مصدرون مین تبدیل نہین ہوتی یعنی بافتن اور شگافتن اور شگفتن مین ا در
ایک یعنی پذیرفتن مین حذف ہوجاتی ہی مضارع پذیرد ہی اور گرفتن مین حذف کے
ساتھ گ کے بعد ی زائد ہوتی ہی گیرد بولتے ہین۔ اور ایک مین د ی سے بدلتی ہے
جیسے گفتن سے گوید۔ اور ایک مین ن کے بعد ت زائد ہوتی ہی جیسے سفتن سے سفتد
اور ایک مین س۔ پ سے بدلتی ہی جیسے خفتن سے خسپد۔
م اور م صرف ایک مصدر آمدن مین رہتا ہی اور مضارع مین ی سے بدلجاتا ہی اور
و آید بولتے ہین اور اگر د۔ رہے تو اسکو ی سے بدلتے ہین جیسے آسودن سے آساید اور پیمودن
سے پیماید اور تین مصدرونمین تبدیل نہیں ہوتی۔ یعنی بودن اور شنودن اور
غنودن کا مضارع بود اور شنود اور غنود قاعدے کے بموجب آتا ہی
ی اور اگر علامت مصدر سے پہلے ی ہو تو وہ بھی مضارع مین گرجائیگی جیسے ارزیدن سے
ارزد اور بریدن سے برد اور دو مصدرون آفریدن اور گزیدن مین حذف نہین ہوتی
بلکہ اسکے بعد ن زیادہ کرتے ہین اور آفریند اور گزیند کہتے ہین اور ایک مصدر مین مضارع
خلاف قیاس دوسرے حرف سے آتا ہے یعنی دیدن سے بیند غرضکہ مضارع بنانے کا
اب اکثر یہ قاعدہ جو بمنزلہ کلیہ کے ہی یہ ہوا کہ مصدر سے دن یا تن گرادو اور دن سے
پہلے اگر الف یا ی ہو اسکو بھی گرادو اور اگر د ہو تو اسکو الف ی سے بدل دو اور
تن کے پہلے ح ہو تو ز سے بدلو اور س ہو تو حذف کردو اور ش ہو تو ر سے اور
ف ہو تو ب سے بدلو پھر دال ساکن آخر مین ملاؤ اور اسکے ماقبل کو فتحہ دو

مضارع بنانے کا قاعدہ

Marfat.com

پرتشدید ہو اور وہ دو دفعہ پڑھا جاوے جیسے فرخ اور خرم کی ر۔ س الف ممدودہ اور مقصورہ کس کو کہتے ہیں۔ ج فارسیوں کی اصطلاح میں جو الف بڑھا کر پڑھا جاوے جیسے لفظ آب میں وہ ممدودہ ہے اور اس کے سوا اور الف مقصورہ ہیں جیسے اگر میں س تنوین کس کو کہتے ہیں۔ ج دو زیر یا دو زبر یا دو پیش کو کہتے ہیں اور جس حرف پہ ایک سی دو حرکتیں ہوتی ہیں۔ تلفظ میں اُس کے آخر نون پڑھا جاتا ہے اور زبر کی تنوین میں آخر کو الف ہوتا ہے جیسے فوراً اور اتفاقاً لیکن اگر حرف آخر ۃ مدور ہو۔ تو الف نہیں لکھتے جیسے تذکرۃً

# باب اوّل صرف کے بیان میں

س علم صرف کی تعریف اور غرض کیا ہے۔ ج صرف سے اشتقاق اور گردان کلمہ اور تعلیل وغیرہ معلوم ہوتی ہے اور غرض اس سے یہ ہے کہ متکلم لفظ صحیح بولے س کلمہ کی تعریف اور اقسام کیا ہیں ج کلمہ وہ لفظ بامعنی ہے جس کو آدمی بولے اور اسکے تین اقسام ہیں اسم۔ فعل۔ حرف اور ان کو تین فصلوں میں بیان کرتے ہیں **فصل اوّل اسم کے بیان میں۔** س اسم کس کو کہتے ہیں اور وہ کے قسم ہے ج اسم وہ ہے جو نام ہو کسی شے کا اور اس کی دو قسمیں ہیں اسم ذات اور اسم صفت پس اسم ذات وہ ہے جو نام ہو ذات کسی شے کا۔ جیسے شیراز۔ درخت۔ نیکی۔ بدی۔ اسم صفت وہ ہے جسمیں کوئی معنی وصفی پائے جاتے ہوں جیسے نیک و بد وغیرہ س از روئے تقسیم صرفی مطلق اسم کی کے قسمیں ہیں ج تین جامد۔ مصدر۔ مشتق۔ س اسم جامد کی تعریف اور اقسام کیا ہیں ج جامد اسم غیر مشتق اور مصدر کو کہتے ہیں اور اسکی دو قسمیں ہیں۔ نکرہ اور معرفہ جیسے مرد۔ شتر۔ زید۔ خوب س نکرہ کس کو کہتے ہیں ج اسم غیر معین کو نکرہ کہتے ہیں س معرفہ کی تعریف اور اقسام اور

Marfat.com

صیغہ واحد غائب بن جائیگا اور ضمیرین فاعلی لگاؤ تو دال کو حذف کرکے لگاؤ جیسے
پرورد۔ پرورند۔ پروری۔ پروریم۔ پرورید۔ پرورم۔ پروریم س مضارع دوامی کیونکر
بنتا ہی ج ماضی شکیہ کے پہلے لفظ مے بڑھانے سے بن جاتا ہی جیسے مے گفتہ باشد
وغیرہ۔ س فعل حال کی تعریف اور اُسکے بنانے کا قاعدہ کیا ہے ج حال وہ
فعل ہی جو زمانہ موجودہ سے تعلق رکھے اور وہ مضارع کے پہلے می یا ہمی بڑھانے
سے بن جاتا ہی۔ جیسے میگوید۔ میگویند۔ میگوئی الخر یا ہمیگوید ہمیگویند الخر
س فعل مستقبل کس کو کہتے ہین اور کیسے بنتا ہی ج فعل مستقبل وہ ہی
جسن مین زمانہ آیندہ پایا جاوے اور اسکو ماضی مطلق کے پہلے لفظ خواہد بعض اوقات
تواند بڑھاکر بناتے ہین جیسے خواہد گفت یا تواند گفت مگر یاد رہے کہ مستقبل مین صیغہ
واحد غائب ماضی بدستور رہتا ہے اور ضمائر فاعلی لفظ خواہد یا تواند مین بڑھائی جاتی
ہین جیسے خواہد گفت۔ خواہند گفت۔ خواہی گفت۔ خواہید گفت۔ خواہم گفت۔ خواہیم گفت
اسیطرح تواند گفت۔ تواند گفت الخر س امر و نہی کیسے بنتے ہین ج امر غائب
اور متکلم تو مضارع کے پہلے لفظ باید کہ اور لازم کہ بڑھانے سے بنتا ہی جیسے باید کہ
گوید اور لازم کہ خوانم اور واحد حاضر آخر مضارع حاضر سے ی دور کرنے کے بعد
رہ جاتا ہی جیسے خوانی سے خوان اور جمع حاضر امر کا صیغہ بعینہ مضارع کا سا ہوتا ہے
جیسے خوانید مگر امر کے شروع مین اکثر ب زاید ہوتی ہی اور نہی غائب متکلم بنانے
مین امر غائب و متکلم پر ن زائد کرتے ہین جیسے باید کہ نخند اور لازم کہ نگویم اور نہی حاضر
کے لیے امر حاضر پر مے بڑھا دیتے ہین جیسے مکن س لازم اور متعدی اور مشترک کسے
کہتے ہین ج لازم وہ فعل ہی جو صرف فاعل پر تمام ہو جائے جیسے زید نشست اور
متعدی وہ جو فاعل سے گزر کر مفعول پر پہنچے جیسے زید عمرو را زد اور مشترک وہ جسکا
استعمال کبھی بطور لازم اور کبھی بطور متعدی ہووے جیسے پایم سوخت اور آتشے جہان را سوخت مصدر

Marfat.com

کہلاتے ہیں ج معرفہ وہ ہے جو شے معین پر دلالت کرے اور اس کی سات قسمیں ہیں۔ علم۔ ضمیر۔ اسم اشارہ۔ موصول۔ معہود ذہنی یا خارجی۔ مضاف۔ پانچوں قسموں مذکورہ کی طرف منادیٰ۔ اور خاصیت معرفہ کی یہ ہے کہ وہ صفت نہیں ہوتا ہے س علم کی تعریف اور اقسام بتاؤ ج علم وہ ہے جو کسی شے معین کا نام ہو جیسے زید۔ اور اس کو اسم خاص یا جزئی حقیقی بھی کہتے ہیں اور سولئے اس کے پانچ قسمیں اور ہیں:

علم

**اوّل**۔ کنیت جو باپ یا بیٹے وغیرہ کی اضافت سے ہو۔ جیسے ابوالقاسم۔ ابن عباس

**دوم**۔ خطاب جو بڑوں کی طرف سے کسی کو دیا جاوے جیسے شرف الدولہ **سوم** عرف جیسے کالے خاں سے کلن۔ اور حافظ شیرازی وغیرہ **چہارم** تخلص جیسے سعدی اور عرفی **پنجم**۔ لقب جس میں معنی وصفی ملحوظ ہوں جیسے جلال الدین لقب اکبر بادشاہ کا۔ س ضمیر کس کو کہتے ہیں اور مرجع کیا ہے ج ضمیر وہ لفظ ہے کہ بجائے اسم سابق مذکور شدہ کے جس کو اس کا مرجع کہتے ہیں لایا جاوے س اضمار قبل الذکر کس کو کہتے ہیں۔ ج مرجع سے ضمیر کے مقدم لانے کو کہتے ہیں جیسے سہ دگر نماند متاعش دد دکان نرگس: میں ضمیر شین اپنے مرجع نرگس سے پہلے لائی گئی ہے س ضمیر کے قسم ہے اور ہر ایک کی تعریف کیا ہے ج اول ضمیر کی دو قسمیں ہیں۔ متصل اور منفصل متصل وہ جو کلمہ سے ملی ہوئی آوے جیسے قلمم میں میم اور کتابش کا شین۔ اور منفصل وہ ہے جو علیحدہ کلمہ سے ہو جیسے من اور تو اور پھر ہر ایک کی تین تین قسمیں ہیں۔ اول مرفوع جس کو فاعلی بھی کہتے ہیں وہ کسی فعل کا فاعل یا مبتدا ہووے جیسے آمدم یا او حاضر است دوم منصوب جس کو مفعولی بھی کہتے ہیں وہ ہے جو فعل کا مفعول ہو جیسے زدندش۔ سوم مجرور جس کو اضافی کہتے ہیں وہ مضاف یا حرف جر کے بعد واقع ہو جیسے غلامم اور بتو تو کل ضمیریں چھ قسم ہوئیں۔ مرفوع متصل۔ مرفوع منفصل۔ منصوب متصل۔ منصوب منفصل۔ مجرور متصل۔ مجرور منفصل۔

Marfat.com

لازم سے متعدی کیسے بناتے ہین **ج** صیغہ امر حاضر مصدر لازم کے بعد الف ونون یا الف ونون دیاے معروف بڑھاکر علامت مصدر دن لگانے سے بنتا ہی جیسے ترسیدن سے ترساندن در ترسانیدن۔ اور یاد رہے کہ اگر یہ قاعدہ فعل متعدی مین جاری ہوگا تو متعدی بدو مفعول ہوجائیگا جیسے گفتن سے گویانیدن **س** فعل معروف کے کہتے ہین اور مجہول کسے اور مجہول بنانے کا کیا قاعدہ ہی **ج** فعل معروف وہ ہی جسکا فاعل معلوم ہو۔ اور مجہول وہ ہی جس کا فاعل معلوم نہو اور بنانیکا یہ قاعدہ ہی کہ جس فعل اور جس صیغہ کا مجہول بنانا چاہو وہی فعل اور وہی صیغہ مصدر شدن سے بناکر ماضی مطلق کے آخر ہائے مختفی بڑھاکر اس کے بعد رکھدینا چاہیے۔ مثلاً اگر ماضی مطلق کا مجہول بنائیں گے تو شدن کے ماضی مطلق کے صیغہ مجہول مین مستعمل ہونگے جیسے گفتہ شد واحد غائب کیلئے اور گفتہ شدند جمع غائب کیلئے اسیطرح سب ماضیون کو قیاس کرو۔ اور مضارع مجہول مین شدن کے مضارع کے صیغے آتے ہین جیسے گفتہ شود۔ گفتہ شوند وغیرہ اور حال مین حال کے صیغے اور مستقبل مین مستقبل کے اور امر مین امر کے اور نہی مین نہی کے جیسے گفتہ میشود اور گفتہ خواہد شد اور گفتہ شو اور گفتہ مشو **س** فعل مثبت اور منفی کسے کہتے ہین **ج** مثبت وہ جس مین کرنا یا ہونا کسی فعل کا پایا جاوے جیسے کردن اور بودن وغیرہ اور منفی وہ جس مین نہ کرنا یا نہ ہونا پایا جاوے جیسے نکردن اور نبودن وغیرہ اور منفی بنانیکے لئے مثبت کے پہلے نون زیادہ کردیتے ہین مگر فعل مجہول مین حرف نفی شدن کے مشتقات پر لگانا بہتر ہی جیسے گفتہ نشود

## فصل سوم حروف کے بیان مین

**س** حرف کسکو کہتے ہین **ج** حرف وہ کلمہ ہی جسکے معنی مستقل نہون یعنی بدون دوسرے کلمہ کے ملنے کے اسکے معنے سمجھ مین نہ آوین جیسے از اور بر وغیرہ **س** حروف تہجی کے

Marfat.com

س ضمیر متصل کی کے قسمیں ہیں مع تعریف بتلاؤ۔ ج دو قسمیں ہیں مستتر اور بارز مستتر وہ ہے جس کے لئے کوئی لفظ فعل میں نہ ہو اور معنی اُس کے لئے جاویں جیسے کرد میں ضمیر غائب مستتر ہے۔ اور یہ ہمیشہ صیغہ واحد غائب میں مستتر ہوا کرتی ہے اور صرف امر و نہی کے واحد حاضر میں بھی مستتر ہوتی ہے۔ اور بارز وہ ہے جس کیلئے کوئی لفظ فعل میں لگایا جاوے جیسے آمدی میں ی س کل ضمائر متصل کتنی ہیں اور کس وقت میں کس کس معنی کا فائدہ دیتی ہیں ج دس ہیں مْ۔ یَمْ۔ یْ۔ یَدْ۔ نْدْ۔ مَانْ۔ تْ۔ تَانْ۔ شْ۔ شَانْ۔ اِن میں سے اوّل کی پانچ متصل فاعلی ہیں۔ یعنی جب اُن کے پہلے فعل آتا ہے تو وہ ضمیریں متصل فاعل مذکور کا ہوتی ہیں جیسے رفتم رفتیم اور آخر کی پانچ مع م کے متصل مفعولی ہیں۔ بشرطیکہ اُن کے پہلے فعل متعدی واقع نہو جیسے کُشتَم اور نہ دندمان۔ اور برندت وغیرہ۔ اور یہی چھوں متصل اضافی ہونگی۔ اگر ان سے پہلے کوئی اسم آوے جیسے کتابم اور غلامت اور نامش وغیرہ اور ان ضمیروں پر حرف جر نہیں آتا س کل ضمائر منفصل کے ہیں اور کس وقت میں کس کس معنی کا فائدہ دیتی ہیں۔ ج چھ۔ من ماتو شما او یا وے اور شاں یا ایشاں جب یہ فعل سے پہلے آتی ہیں یا مبتدا ہوتی ہیں تو فائدہ منفصل فاعلی کا دیتی ہیں جیسے من نوشتم یا من حاضرم۔ اور جب را ان کے آگے آتا ہے تو منفصل مفعولی کا۔ اور اس وقت نون لفظ من کا اور واؤ لفظ تو کا گر جاتا ہے۔ مرا اور ترا بولتے ہیں۔ اور جب کوئی اسم یا حرف جر آتا ہے تو فائدہ منفصل اضافی کا دیتی ہیں جیسے کتاب تو یا از من س ضمائر متصل میں کچھ اور بھی تغیر ہوتا ہے ج ہاں ضمائر متصل فاعلی اور اضافی اگر ایسے کلمہ سے ملحق ہوں جس کے آخر ہائے مختفی ساکن ہو تو اُن سے پہلے الف بڑھا دیتے ہیں جیسے ساختہ ات اور گفتہ ام وغیرہ۔ اور اگر ضرورت کے باعث ضمیر مقدم ہو جاتی ہے اور بعد ساکن کے آتی ہے تب بھی الف بڑھاتے ہیں جیسے ؎ چو نام تو ام جاں نوازی کند ؛ اور اگر ایسے کلمہ میں ملیں جسکے آخر

Marfat.com

کیا معنی ہیں اور وہ فارسی میں کتنے ہیں اور حروف مخصوص زبان عربی یا فارسی کون سے ہیں **ج** حروف تہجی کے یہ معنی ہیں کہ اُن سے کسی زبان کے کلمات مرکب ہوتے ہیں اور جن حُروف سے فارسی کے الفاظ بنتے ہیں وہ ۲۴ ہیں جن میں سے چار یعنے پ چ ژ گ فارسی کے لیے خاص ہیں اور اُن کو اُن کے ہم شکلوں سے متمیز کرنے کے لیے بائے فارسی اور جیم فارسی وغیرہ کہتے ہیں جیسے ب اور ج اور ز اور ک کو تازی بولتے ہیں باقی بیس حرف عربی و فارسی میں مشترک ہیں۔ اور آٹھ حرف مخصوص عربی کے ہیں۔ ث ح ص ض ط ظ ع ق اور چونکہ کلام فارسی میں عربی کے الفاظ بھی بہت آتے ہیں۔ تو معلوم ہوا کہ فارسی مروجہ حال کے الفاظ بتیس حروف سے ترکیب پاتے ہیں **س** اسما حروف تہجی کے اقسام مع تعریف و مثال بتاؤ **ج** جن حُروف کے نام دو حرفی ہیں اُن کو مسروری کہتے ہیں اور وُہ بارہ ہیں با تا ثا حا خا را زا طا ظا فا ہا یا اور جن حروف کا سہ حرفی نام ہے اس طرح کہ اول و آخر کا حرف ایک نہ ہو اُن کو ملفوظی کہتے ہیں وُہ تیرہ ہیں الف جیم دال ذال سین شین صاد ضاد عین غین قاف کاف لام۔ اور جن کا اوّل و آخر ایک ہی حرف ہو اُن کو مکتوبی کہتے ہیں وہ تین حرف ہیں میم نون واو **س** حروف ابتث اور ابجد کیا ہیں **ج** حروف تہجی کی دو ترتیبیں ہیں ایک وہ کہ مبتدی کو سکھائی جاتی ہے یعنی اب ت ث وغیرہ اس ترتیب کو ابتث کہتے ہیں اور دوسری ترتیب وُہ ہے کہ حروف کے اعداد کے لحاظ سے ہوتی ہے یعنے ابجد ہوز حطی کلمن سعفص قرشت ثخذ ضظغ اس ترتیب کو ابجد کہتے ہیں اس ترتیب میں حطی کی ط تک اکائیاں ہیں۔ الف کا ایک ب کے دو یہاں تک کہ ط کے نو ہیں اور ی سے دہائیاں ہیں س تک۔ اور قاف سے سیکڑے ہیں غ تک۔ موت تولد و جنگ وغیرہ

Marfat.com

میں الف ہو یا واؤ تو صرف اضافی میں ضمیر سے پہلے ہی بڑھا دی جائیگی جیسے پایم اَدخدایم اَدرویش اَدبویت **س** لفظ خود یا خویش یا خویشتن کس وقت بجائے ضمیر کے استعمال کئے جاتے ہیں **ج** جب کوئی اسم یا ضمیر کسی جملہ میں اوّل مبتدا یا فاعل واقع ہو کر پھر وہی اسم یا ضمیر مضاف الیہ واقع ہو تو ایسی حالت میں بجائے پچھلے اسم یا ضمیر کے یہ الفاظ مستعمل ہوتے ہیں جیسے زید بخانہ خود موجود ست یا زید عمرو را بخانۂ خویشتن برد **س** لفظ خود اَد خویشتن کسی اَور معنی کا بھی فائدہ دیتے ہیں **ج** کبھی ضمیر ماقبل کی تاکید کے لئے آیا کرتی ہے۔ جیسے ؎ او خویشتن گم ست کرا راہبری کند ؛ **س** سوائے لفظ خویش وغیرہ کے اور الفاظ بھی بجائے ضمائر استعمال کئے جاتے ہیں **ج** ہاں چنانچہ بجائے ضمیر متکلم بندہ مخلص وغیرہ اَور بجائے ضمیر مخاطب خداوند۔ قبلہ وغیرہ اَد بجائے ضمیر غائب جناب مومی الیہ وغیرہ جو انشاؤں میں بکثرت موجود ہیں **س** اسم اشارہ اَور مشارٌ الیہ کی تعریف مع مثال بتاؤ **ج** اسم اشارہ وہ ہے جس سے کسی چیز محسوس کی طرف اشارہ کریں اَد جس چیز کی طرف اشارہ کرتے ہیں اُسے مشارٌ الیہ کہتے ہیں اَور اشارہ کے لئے دو لفظ ہیں۔ آں واسطے اشارہ بعید کے اَور ایں واسطے اشارہ قریب کے آتا ہے اَور عربی کا اشارہ قریب ہذا بھی فارسی میں بہت مستعمل ہے اَور اشارہ محسوس اَور غیر محسوس دونوں کی طرف ہو سکتا ہے **س** اسم موصول کسے کہتے ہیں اَور اس کے واسطے کیا لفظ ہیں **ج** اسم موصول وہ اسم ہے جس کے آگے ایک جملہ بطور بیان واقع ہو اَد اس جملہ کو صلہ کہتے ہیں اَور صلہ اور موصول کے درمیان ایک کاف ضرور لایا کرتے ہیں اَد لفظ آن تنہا یا کسی لفظ سے مل کر فائدہ اسم موصول کا دیتا ہے اَور ایسے ہی یائے مجہول کسی اسم کے آخر ملکر موصول کا فائدہ دیتی ہے اَد لفظ آنکہ اَد آنانکہ۔ ہر کہ۔ ہر آنکہ۔ آنچہ۔ ہر آنچہ اسمائے موصول ہیں۔ جیسے ؎ آنکس کہ مرا بگشت باز آمد پیش ؛ لفظ آنکس

Marfat.com

امورِ عظام کے سَن یاد رکھنے کو کوئی جُملہ یا مرکب ایسا بنا لیتے ہیں جس کے حرُوف کے اعداد مل کر سَن معلوم کی برابر ہو جائیں جیسے مظہر علی ایک شخص کا نام جس کی پیدائش ۱۲۵۵ سنہ ہجری میں ہوئی اور غم اکبر سالِ وفات اکبر خاں پسر دوست محمد خاں والیٔ کابل **س** حرُوف تہجی سوائے غرض ترکیب الفاظ کے اور بھی کسی معنی یا غرض کے لیے آتے ہیں **ج** ہر ایک حرف سے معنی اور غرض جُداگانہ ہے جس کی کیفیت سوالات ذیل سے جس میں سب کا ترتیب وار بیان ہی معلوم ہوگی **س** (الف) کتنے معنوں میں مستعمل ہے مع امثلہ بتاؤ **ج** جب اسم کے آخر میں آتا ہے تو گیارہ معنے میں مستعمل ہوتا ہے۔ اور اوّل اور وسط میں سات معنی کیلیے پس کل اٹھارہ معنی ہوئے بدیں تفصیل۔ ۱۔ کثرت۔ ۲ مصدر ۳ قسم ۴ متکلم۔ ۵ تحسین ۶ ندا۔ ۷ ندبہ۔ ۸ فاعلی ۹ مفعولیت ۱۰ لیاقت ۱۱ تعظیم ۱۲ زائد ۱۳ اتصال ۱۴ عطفت ۱۵ بدل ۱۶ آوری رفع اجتماع ساکنین ۱۷ محذوف ۱۸ بدل دال **س** حرف ب کس کس حرف سے بدل جاتا ہے۔ اور کہاں کہاں محذوف اور کس کس جگہ زائد آتا ہے اور ایسے وقت میں اُس کا اِعراب کیا ہوتا ہے مفصل مع امثلہ بتاؤ **ج** واو میم ف سے تبدیل ہو جاتا ہے جیسے سیب و سیو اور غرب غرم اور تپ تف اور فصحاء فارس اکثر گفتگو میں بائے ظرفیت و قسم و استعانت کو حذف کر دیتے ہیں جیسے خانہ میروم جانِ تو، ہمچنین خواہم کرد و این کتاب دستِ خود نوشتہ ام یعنے بخانہ اور بجان تو اور بدست خود۔ اور کبھی ضرورت شعری کے سبب کلمہ کے آخر سے حذف کر دیتے ہیں۔ جیسے **ع** ساقی بگو کہ میکدہ را رفت و رو کنند۔ یعنی رفت و رو اور زائد۔ ماضی۔ مضارع۔ امر۔ اسم پر آتی ہے جیسے بگفتا۔ بزند۔ ببیں۔ بغیر اور ایسی ب جب فعل مضموم الاول پر آتی ہے تب مضموم ہوتی ہی جیسے بگو اور بشست ورنہ مکسور

Marfat.com

اسم موصول ہے۔ اور سہ کسانے کہ زیں راہ برگشتہ اند ؛ میں لفظ کسانے اسم موصول ہے س معہود ذہنی اور خارجی کس کو کہتے ہیں ج معہود ذہنی وہ اسم نکرہ ہے جو ذہن متکلم یا مخاطب میں مشخص ہو۔ مثلاً لفظ دشمن سے اگر مراد زید وغیرہ کوئی شخص معین ہو تو اُس وقت میں اُسے معہود ذہنی کہیں گے۔ اور معہود خارجی وہ نکرہ ہے جو کسی خاص وجہ سے ذات معین پر دلالت کرے جیسے لفظ خلیل سے ذات ابراہیم علیہ السلام سمجھی جاتی ہے س ایسے اسماء نکرہ کی مثالیں دو جن میں بسبب اضافت تعریف آگئی ہو ج غلام زید اور برادر او اور ہر دو آں طرف اور ہمراہی شخصے کہ دیروز آمدہ بود اور پسر خلیل س ساتویں قسم معرفہ کی معہ تعریف بتاؤ ج ساتویں قسم منادی ہے اور منادی اسے کہتے ہیں جو پکارا جاوے جیسے اے زن س منادی میں اور کون اسم داخل ہے ج مندوب بھی منادی میں داخل ہے اور مندوب وہ ہے جسے بوجہ حزن یا تاسف یاد کرتے ہیں جیسے وائے نصیب س مصدر کی تعریف اور اقسام بتاؤ ج مصدر وہ اسم ہے جو کسی شے کے ہونے یا کرنے پر دلالت کرے اور اُس کے آخر دن یا تن ہو اور اُس کی چار قسمیں ہیں متصرف اور مقتضب۔ وضعی اور غیر وضعی یا جعلی س اقسام مصدر کی تعریف و امثلہ بتاؤ ج متصرف وہ ہے جس سے تمام افعال مشتق ہوتے ہیں جیسے کردن اور مقتضب وہ جو ایسا نہو جیسے سختن بمعنی فہمیدن اور وضعی وہ ہے جسے واضع فارسی نے بنایا ہو جیسے گردیدن اور آمدن وغیرہ اور غیر وضعی یا جعلی وہ جو کسی اور زبان کے لفظ میں علامت مصدر دن یا تن بڑھا دیں جیسے طلب سے طلبیدن اور چال سے چلیدن وغیرہ س اسم مشتق کی تعریف مع اقسام بیان کرو ج اسم مشتق وہ ہے جو مصدر سے بنایا

Marfat.com

جیسے بگریست اور بزند اور اسم پر ہمیشہ مفتوح آتی ہی جیسے بدست اور بخداس ب کتنے معنے میں مستعمل ہی مع امثلہ بیان کرو ج بائیس معنے میں - ۱ - الصاق ۲ - علت (بمعنی بدم) (بطق آدمی بہتر است)

۳ - ظرف مکانی ۴ - ظرف زمانی ۵ - قریب ۶ قسم

بشہرے درآمد بعہدِ تو مے بینم آرامِ خلق چون بدرخت گل برسم بیزدان

۷ - صحبت ۸ - برائے ۹ - استعانت

کتاب باوراق بوسید حوالہ او کردم - رفت و منزل بدیگری پرداخت - بلشکر تواں کرد این کار زار

۱۰ - عوض ۱۱ - مقدار ۱۲ - توسل

بفرمود بفروختندش بسیم - بنیم بیضہ کہ سلطان ستم روا دارد خدایا بحق بنی فاطمہ

۱۳ - ابتدا ۱۴ مثل ۱۵ بمعنے بر

بنامِ جہاندارِ جان آفرین بہ بالائے او در جہان مرد نیست زہے چشم و دولت بروئے تو باز

۱۶ - مقابلہ ۱۷ - ظرف ۱۸ - مطابق

بدستِ کرم آب دریا ببرد وزانجا بصحرائے محشر برد بخلقِ جہاں آفریں کار کن

۱۹ - معنے مفعول ۲۰ - بزیر ۲۱ - اضافی

بخواہندگان بخشم از مال و گنج بہ تیغ آمد از رو میاں در نبرد ور زر داری بزور محتاج نہ

۲۲ - لیاقت

صائب کنوں کہ درد بدرماں نمانده است

س ب کا کوئی خاصہ بیان کرو - ج اُس کے خواص میں سے ہے کہ اسم اشارہ اور ضمیر کے الف کو اُس کے بعد دال سے بدلنا جائز ہی جیسے بایں اور بدیں س ت کس کس حرف سے تبدیل ہو جاتی ہے اور اُس کو کسی کلمہ کے شروع میں کونسی حرکت دیجاتی ہی اور آخر میں کونسی ج دال و جیم سے بدل جاتی ہی. جیسے توت تود اور تارات و تاراج - اور جب کسی کلمہ کے شروع میں آتی ہے - تو مضموم ہوتی ہے جیسے تست و ترا اور آخر میں ساکن جیسے ہدایت و کتابت س کیات

ب
ت

Marfat.com

جاوے اور اُس کی چھ قسمیں ہیں اسم فاعل۔ اسم مفعول۔ اسم حالیہ۔ اسم ظرف۔ اسم آلہ حاصل مصدر۔ س اسم فاعل کی تعریف بیان کرو۔ ج اسم فاعل وہ اسم مشتق ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس سے فعل صادر ہوا ہو یا اس کے ساتھ قائم ہو جیسے زندہ اور میرندہ س اسم فاعل کے اقسام اور اُن کے بنانے کا قاعدہ کیا ہے ج اس کی دو قسمیں ہیں۔ اوّل قیاسی جو امر حاضر کے آخر ندہ لگانے سے بنتا ہے جیسے گوئندہ سے گوینده۔ دوم سماعی جو امر حاضر یا ماضی کے آخر الف یا گار یا آر بڑھانے سے بنتا ہے جیسے بین سے بینا اور آمرزگار۔ پروردگار۔ نمودار وغیرہ۔ اور عربی کا اسم فاعل کے وزن پر ہوتا ہے وہ بھی فارسی میں بہت آتا ہے جیسے کاتب اور عالم وغیرہ س اسم مفعول کس کو کہتے ہیں اور کیونکر بنتا ہے ج اسم مفعول وہ اسم مشتق ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس پر فعل واقع ہو۔ اور وہ ماضی مطلق کے آخر ہ زیادہ کرنے سے بنتا ہے جیسے کشتہ سے کشتہ اور عربی کا اسم مفعول مفعول کے وزن پر ہو۔ وہ بھی فارسی میں اکثر مستعمل ہے جیسے مطلوب اور معلوم وغیرہ س اسم حالیہ کی تعریف کیا ہے اور کیونکر بنتا ہے ج اسم حالیہ وہ اسم مشتق ہے جس سے فاعل یا مفعول کی یعنی صدور یا وقوع فعل بطور تواتر یا استمرار پایا جاوے اور وہ امر حاضر کے آخر الف نون زیادہ کرنے سے بن جاتا ہے جیسے خندان س اسم ظرف و اسم آلہ کیا ہیں۔ اور کیسے بنتے ہیں ج اسم ظرف وہ ہے جس سے مکان یا زمان فعل سمجھا جائے اور طریقہ ظرف مکان کے بنانے کا یہ ہے کہ واحد امر حاضر کے شروع میں اسم کے آنے سے بنتا ہے جیسے ستیز بمعنی جائے خاستن زر اور کبھی حاصل مصدر پر گاہ لگانے سے بنتا ہے جیسے آرام گاہ اور ظرف زمان فارسی کی بھی یہی صورت ہے جیسے سحرگاہ اور اسم آلہ وہ ہے جو فعل کا واسطہ یعنی اوزار ہو۔ اور وہ بھی امر اور اسم کے ملنے سے بنتا ہے جیسے فتیلہ سوز یعنی آلہ سوختن فتیلہ اور عربی کا اسم ظرف مفعل اور مفعلہ کے وزن پر جیسے مکتب اور مدرسہ اور اسم آلہ

Marfat.com

شروع میں بدوں ملائے کسی کلمہ کے استعمال کیجاتی ہی **ج** نہیں اور ایسی حالتمیں واؤ مجہول تمام لفظ کے واسطے اُس کے آخر زیادہ کیا جاتا ہی اور یہ واؤ کبھی تلفظ میں آتا ہی اور کبھی نہیں جیسے **ع** تو کہ با دشمناں نظرداری **ع** تو اصل وجود آمدی از نخست

**س** ت کتنے معنی میں مستعمل ہے **ج** چار معنی ہیں بمعنی ضمیر مفعولی آخر فعل کے گفتمت۔ اور بمعنی ضمیر اضافی آخر اسم کے دلت بمعنی خود **ع** گیرم کہ غمت نیست غمِ ما ہم نیست + زائد۔ فرامش۔ فرامشت **س** ث کس زبان سے مخصوص ہے۔ اور اعزیزیث اور گیومرث کس زبان کے لفظ ہیں **ج** یہ حرف عربی سے مخصوص ہے فارسی میں نہیں آتا اور لفظ اعزیزیث فارسی نہیں ترکی ہی اور گیومرث میں کاف فارسی اور تاء مثناۃ فوقانی ہے نہ ثائے مثلثہ **س** جیم کس حرف سے تبدیل ہو جاتا ہے مع امثلہ بیان کرو **ج** تبدیل ہو جاتا ہی زاء معجمہ سے جیسے باج سے باز اور شین منقوطہ سے جیسے کاج سے کاش اور کاف فارسی سے جیسے جیلان سے گیلان اور تاء مثناۃ فوقانیہ سی جیسے تاراج سے تارات **س** جیم فارسی کس کس حرف سے بدل جاتا ہی **ج** کاف آزی سے جیسے زاج۔ زاک اور زاء معجمہ سے جیسے بچشک پزشک اور شین منقوطہ سے جیسے کاچی کاشی **س** جیم فارسی کس کس معنے میں مستعمل ہے **ج** آخر میں تصغیر کے لیئے آتا ہے جیسے باغچہ۔ اور کبھی یاے تحتانی اُسکے ماقبل بھی زیادہ کر دیتے ہیں جیسے دریچہ اور دوشیزہ کہ اصل میں دوشیچہ تھا۔ اور یہ حرف تصغیر کبھی مفتوح ہوتا ہے اور سات معنی ذیل کے لیے بھی مستعمل ہے۔ اُن سب میں مکسور ہوتا ہے اور ہا مختفی اُس کے آخر میں بہرحال لازم ہے۔

۱۔ تعظیم
یتیمے نگرتا چہ شاہی گرفت

۲۔ حقارت
ہے ہے چہ نشستی چہ برخاستی

۳۔ بمعنے بسیار
چہ خورم کسے کو بہنگام دے

۴۔ بمعنے علت
مجواز شعلہ رخساراں دفائے + پہ آتش را نباشد بہرہ از آب +

۵۔ بمعنے استفہام
از عدم می جوشم انجام چہ آغاز کو

Marfat.com

حاصل مصدر

مفعَل اور مفعَال کے وزن پر جیسے مجمر اور میزان بھی فارسی میں مستعمل ہیں **س** حاصل مصدر کس کو کہتے ہیں اور کیونکر بنتا ہے **ج** حاصل مصدر وہ اسم مشتق ہے جو کیفیت معنی مصدری پر دلالت کرے اور اُسکے بننے کے کئی طور ہیں کبھی صرف صیغہ امر حاضر اُسکے معنی میں آتا ہے اور اکثر اس کے آخر ش کبھی اک کبھی اُسکے پہلے کوئی اسم بڑھا دیتے ہیں جیسے سوز اور دانش۔ پوشاک۔ قدمبوس۔ اور کبھی صرف صیغہ ماضی مطلق اسکے معنی دیتا ہے کبھی اس کے آخر ار یا نی بڑھا دیتے ہیں۔ جیسے گفت و رفتار و آمدنی۔ کبھی ماضی اور امر دونوں ملکر اسی کا فائدہ دیتے ہیں جیسے گفتگو اور جستجو۔ اور کبھی اسم مفعول کے آخری معروف بڑھا دیتے ہیں۔ اور اس وقت ۃ اسم مفعول کی گ سے بدل جاتی ہے جیسے افسردگی **س** اسماء کے جمع بنانے کا کیا قاعدہ ہے **ج** جمع بنانے میں اسم ذی روح کے آخر ان۔ اور غیر ذی روح کے آخر ہا بڑھاتے ہیں۔ جیسے پدران اور گلہا اور کبھی اس قاعدہ کے خلاف بھی جمع آجاتی ہے جیسے درختاں اور ستارہا۔ اور یاد رہے کہ جس اسم ذی روح کے آخر الف یا واو ہوتا ہے اُس کے آگے ایک ی اور زیادہ کرتے ہیں اور جس کے آخر ہ ہے اُس کو گ سے بدل دیتے ہیں جیسے دانایاں۔ خوشخویاں۔ بندگان اور جمع غیر ذی روح میں ی نہیں لاتے اور ہ گر جاتی ہے جیسے شناہا اور بوہا اور خامہا ؛

## فصل دوم فعل کے بیان میں

**س** مصدر سے کتنے فعل مشتق ہوتے ہیں **ج** چھ فعل نکلتے ہیں۔ ماضی۔ مضارع حال مستقبل۔ امر۔ نہی **س** ماضی کی کتنی قسمیں ہیں **ج** چھ قسمیں ہیں۔ مطلق۔ قریب بعید۔ شکیہ۔ استمراری۔ تمنائی **س** ماضی مطلق کس کو کہتے ہیں اور کیسے بنتی ہے **ج** ماضی مطلق وہ فعل ہے جس سے زمانہ گذشتہ بدون قید قریب و بعید کے سمجھا جاوے اور وہ مصدر کے آخر سے نون اور اُس کے ماقبل کی حرکت دور کرنے سے بن جاتی ہے جیسے گفتن سے گفت

ماضی مطلق

Marfat.com

۶۔ بمعنے حسرت

گر فلک یار من بودی چہ خوش بودی
چہ بر تخت مُردن چہ بر روئے خاک

۷۔ بمعنے تسویہ یعنے برابری

اور چیز کا مختصر چہ بھی آتا ہے۔ ؎ ہر چہ از دوست میرسد نیکوست۔ **س** جیم فارسی حرف شرط کے بعد آتا ہے تو کیا بات لازم آتی ہے **ج** ایسے وقت میں استثنا، لفظی یا تقدیری لازم ہوتا ہی استثنا، لفظی جیسے ؎ گرچہ جہان جملہ بدیدی جو روز
لیک جہان دیدہ نہ گشتی ہنوز ٭ استثنا، تقدیری جیسے ؎ اگرچہ پیش خردمند
خامشی ادب ست ٭ بوقت مصلحت آن بہ کہ در سخن کوشی ٭ یعنی الا بوقتِ مصلحت
**س**۔ حرف حَ فارسی میں آتا ہے یا نہیں **ج** یہ حرف فارسی میں نہیں آتا ہے اور خیز و حال جو لفظ فارسی کے مشہور ہیں یہ اصل میں ہار ہوز سے تھے **س** حرف خ کس کس حرف سے بدل جاتا ہی **ج** غین معجمہ سے جیسے تاخ و تاغ۔ اور قاف سے جیسے چخماق و چقماق اور ہاے ہوز سے جیسے خجیر و ہجیر اور زاے معجمہ سے مضارع میں اکثر تبدیل ہو جاتا ہے جیسے سوخت سوزد **س** حرف دال کس کس حرف سے تبدیل اور کہان کہان محذوف ہوتی ہے **ج** تا، فوقانی سے جیسے دراج تراج اور ذال معجمہ سے جیسے آور آذر تبدیل ہوتی ہے اور جب دو دالیں یا دال اور ت متصل واقع ہون تو حذف کر دیتے ہیں جیسے سپیدیو اور زوتر کہ اصل میں سپیددیو اور زودتر تھے اور کبھی تخفیفاً اوسط کلمہ اور آخر کلمہ سے ساقط کر دیتے ہیں جیسے شاباش اور ہرمز کہ اصل میں شاد باش اور ہرمزد تھے **س** ذال فارسی میں کہان واقع ہوا کرتی ہے اور کس حرف سے تبدیل ہو جاتی ہے اور کس قاعدہ سے **ج** کلمات فارسی کے اول میں نہیں آتی آخر میں واقع ہوتی ہے اور دال مہملہ سے تبدیل ہو جاتی ہے جیسے اُستاذ۔ اُستاد۔ کاغذ۔ کاغد۔ اور اس کا قاعدہ اس

Marfat.com

س ماضی قریب کی تعریف کیا ہے اور کیونکر بنتی ہے ج ماضی قریب وہ ہے جس میں زمانہ گذشتہ ہوا پایا جاوے۔ اور اُسے گزرے ہوئے تھوڑا عرصہ ہوا ہو اور وہ ماضی مطلق کے آخر ہ زیادہ کرکے لفظ است بڑھانے سے بن جاتی ہے جیسے گفتہ است اور کبھی بدون است کے بھی بولتے ہیں س ماضی بعید مع تعریف وقاعدہ بیان کرو ج ماضی بعید وہ ہے کہ جس کے زمانہ کو گزرے ہوئے زیادہ عرصہ ہوا ہو اور وہ ماضی مطلق کے آخر ہ زیادہ کرکے لفظ بود بڑھانے سے بنتی ہے جیسے گفتہ بود س ماضی شکیہ کے بنانے کا قاعدہ اور تعریف بتاؤ۔ ج ماضی شکیہ وہ ہے جس میں زمانہ گذشتہ اور ایک قسم کا شک پایا جاوے۔ اور وہ ماضی مطلق کے آخر ہ زیادہ کرکے لفظ باشد بڑھا دینے سے بنتی ہے جیسے گفتہ باشد اور اُس کو ماضی احتمالی بھی کہتے ہیں س ماضی استمراری کی تعریف اور اُس کے بنانے کا قاعدہ کیا ہے۔ ج۔ ماضی استمراری وہ فعل ہے جس میں ہمیشگی پائی جاوے اور فعل کا ہو چکنا نہ سمجھا جاوے۔ اسی جہت سے اس ماضی کو دوامی اور ناتمام بھی بولتے ہیں۔ اور وہ ماضی مطلق کے اوّل لفظے یا ہمی بڑھانے سے بن جاتی ہے جیسے میگفت یا ہمی گفت س ماضی تمنائی کسے کہتے ہیں اور کیونکر بنتی ہے ج ماضی تمنائی وہ ہے جس میں فعل کی آرزو پائی جاوے اور اس کو ماضی شرطیہ بھی کہتے ہیں۔ اس وجہ سے کہ معنی آرزو بعد حرف شرط کے پیدا ہوتے ہیں۔ اور وہ ماضی مطلق کے آخر یا رمجہول بڑھانے سے بن جاتی ہے جیسے گفتے اور یاد رہے کہ اس ماضی کے صرف تین صیغے مستعمل ہیں۔ دو غائب کے ایک واحد متکلم کا س کیا صیغہ تمنائی اور استمراری کسی اور معنی کا بھی فائدہ دیتا ہے ج ہاں ماضی استمراری تمنائی کے معنے ہیں اور تمنائی استمراری کے معنی میں آتی ہے س پھر تمنائی اور استمراری میں کیا فرق رہا ج فرق یہی ہے کہ یہ دونوں اگر بعد حرف شرط کے واقع ہونگے تو تمنا کے معنے ہونگے ورنہ استمراری ہونگے س یہاں تک سب ماضیوں سے

Marfat.com

رباعی سے ظاہر ہے **رباعی** آنانکہ بفارسی سخن میرانند + درمعرض دال ذال رابنشانند + ماقبل وے ارساکن جزواے بود + دال است وگرنہ

**ر** ذال معجم خوانند + **س** رکہان محذوف اور کس حرف سے تبدیل ہوتی ہے۔ **ج** کبھی آخر سے کسی اسم کے حذف کردیتے ہیں جیسے دختر سے دخت

**ز** اور ل سے بدل جاتی ہے جیسے نیلوفر سے نیلوفل **س** ز کی تبدیلی اور کیفیت بتاؤ

**ج** جیم تازی سے جیسے باز باج اور جیم فارسی سے جیسے پزشک پچشک اور **س** مہملہ سے جیسے ایاز ایاس اور غین معجمہ سے جیسے گریز گریغ تبدیل ہوتی ہے اور کہیں حذف ہوتی ہے جیسے آواز کو آوا کہتے ہیں اور اس کے معنے حروف

**س** مرکبہ میں معلوم ہونگے **س** س کس کس حرف سے تبدیل اور کہان سے محذوف ہوتا ہے **ج** اسماء میں زاء معجمہ سے جیسے ایاس ایاز اور شین معجمہ سے جیسے فرستہ سے فرشتہ اور ص سے جیسے قفس۔ قفص اور ہاء ہوز سے جیسے آماس آماہ اور جیم فارسی سے جیسے خروس۔ خروچ۔ بدل ہوتا ہے۔ اور مضارع میں اسکی تبدیلی کا حال بحث فعل میں مشرح گذرا۔ **س** ش کس کس حرف سی تبدیل

**ش** ہوتا ہے **ج** اسماء فارسی میں جیم تازی اور سین مہملہ سے بدلا جاتا ہے۔ جیسے کاش کاج۔ مشک مسک **س** ش کتنے معنے میں مستعمل ہے **ج** بمعنے ضمیر مفعول جیسے **ع** بفرمود بفروختندش بسیم + ضمیر مضاف الیہ سرش بمعنے خود **ع** نہد خود ہرطرف دامے زنارش + افادہ حاصل مصدر

**ص** در آخر امر آمیزش زائد **ع** کلاہِ سعادت یکے برسرش **س** حرف صاد کی نسبت کچھ بیان کرو **ج** یہ حرف عربی زبان سے مخصوص ہے اور صاد کرنا صحیح کرنے سے کنایہ ہے۔ اور صاد سے آنکھ کو نسبت دیتے ہیں۔ **س** کوئی لفظ فارسی

**ض** ایسا بتاؤ جس میں ضاد ہو **ج** یہ حرف فارسی میں نہیں آتا عربی سے

60334

Marfat.com

واحد غائب کے بنانیکا قاعدہ مذکور ہوا۔ باقی اور صیغے کس طرح بنتے ہیں **ن** ہر فعل سے چھ چھ صیغے آتے ہیں۔ واحد غائب۔ جمع غائب۔ واحد حاضر۔ جمع حاضر۔ واحد متکلم جمع متکلم۔ اور ان میں ایک صیغہ مذکور ہوا باقی اس کے آخر چار ماضیوں میں ضمائر متصل فاعلی بڑھانے سے بن جاتے ہیں جیسے گفت۔ گفتند۔ گفتی۔ گفتید۔ گفتم۔ گفتیم ماضی مطلق میں اور گفتہ ست۔ گفتہ اند۔ گفتہ اید۔ گفتہ ام۔ گفتہ ایم۔ ماضی قریب میں اور گفتہ بود۔ گفتہ بودند الخ ماضی بعید میں اور میگفت۔ میگفتند الخ ماضی استمراری میں اور ماضی شکیہ میں ضمائر بعد شیں کے آتی ہیں جیسے گفتہ باشد۔ گفتہ باشند۔ گفتہ باشی الخ۔ اور ماضی تمنائی میں ضمائر ی مجہول سے پہلے لاحق ہوتی ہیں۔ جیسے گفتے۔ گفتندے۔ گفتے۔

**س** ماقبل آخر علامت ماضی اکثر کیا کیا حرف آتے ہیں۔ **ج** ماقبل آخر علامت ماضی کا ہمیشہ ان گیارہ حرفوں میں سے جن کا مجموعہ یہ ہے (شرف آموزی سخن) ایک حرف ہوتا ہے۔

مضارع

**س** مضارع کسے کہتے ہیں۔ اور کیسے بنتا ہے **ج** مضارع وہ فعل ہے جس میں دو زمانے حال و استقبال پائے جاویں۔ اور اس کے بنانے کا مصدر سے عام قاعدہ یہ ہے۔ کہ علامت مصدر دن یا تن گرا کر الف ساکن آخر میں ملاویں اور اس سے پہلے حرف کو فتحہ دیں جیسے پروردن سے پرورد۔ مگر بموجب مرقومہ بالا پہلا حرف کوئی نہ کوئی ان گیارہ حرفوں میں سے ہوتا ہے اور ان حرفوں میں سوائے ن کے کچھ تغیر مضارع بنانے میں واقع ہوتا ہے۔ لہذا ہر ایک کا بیان جداگانہ بہ ترتیب لکھا جاتا ہے ؛

ا

اگر علامت گرانے کے بعد الف رہے تو وہ بھی مضارع میں محذوف ہو جائیگا۔ جیسے نہادن سے نہد۔ اور ایستادن سے ایستد۔ مگر ایک مصدر میں الف مذکور ہمزہ ہونے سے بدل جاتا ہے۔ جیسے دادن سے دہد اور دو مصدروں میں حذف نہیں ہوتا بلکہ اسکے بعد ی مضارع میں زیادہ ہو جاتی ہے جیسے کشادن سے کشاید اور ستادن سے

Marfat.com

خصوصیت رکھتا ہے س ط ظ ع غ ف ق مین سے کون کون کس کس حرف سے تبدیل ہوجاتا ہے اور اِن میں سے کون کون زبان عربی سے خصوصیت رکھتے ہیں۔ ج ط دال مہملہ سے جیسے خطشہ خدشہ اور غ کاف فارسی اور زاء معجمہ سے تبدیل ہوتا ہی جیسے لغام لگام گریغ گریز اور ف باء موحدہ و باء فارسی سے جیسے زبان زفان و گشتاسف و گشتاسپ اور قاف کاف اور غ سے جیسے تریاق تریاک قالیچہ غالیچہ اور ط ظ ع ق زبان عربی سے مخصوص ہیں س ک کس کس حرف سے تبدیل ہوتا ہے اور کیا خاصیت رکھتا ہے۔ ج ہاء مہملہ اور خاء معجمہ سے تبدیل ہوتا ہے جیسے خواجگک و شاماکچھ شاماخچہ اور اس کا خلاصہ یہ ہی کہ جب حرف ندا اور اسم اشارہ پر آتا ہے تو اُن کا الف تلفظ سے ساقط ہوجاتا ہے۔ جیسے کاین اور کان اور کاے یا ضمیر کے اوپر آنے سے کبھی تلفظ اور کتابت دونوں میں الف گر جاتا ہے جیسے ع کورا خبرے نیست کہ از بام و در افتد + اور حرکت الف کی ان سب صورتوں میں ک پر آجاتی ہی س ک کتنے معنے میں مستعمل ہے۔ ج اُنیس معنوں میں شرطیہ جیسے ؎ چہ کم گردد اے صدر فرخندہ پے + ز قدرِ رفیعت بدرگاہ حے + کہ باشد کہ مشتی گدایان خیل + بمہمان دارالسلامت طفیل + بیانیہ ع صد شکر کہ برونامہ رنگ قبول بمعنے ہر کس ؎ گزند کسانش نیایند پسند + کہ ترسد کہ در ملکش آید گزند + علت ؎ ز لشکر کہ بود زور شاہنشہاں + کہ یک تن بہ تنہا بگیرد جہاں + بمعنے مثل نیست در دہر جفا کار کہ او + بمعنے از بہ نزدیک من صلح بہتر کہ جنگ بمعنے بلکہ ؎ مکافاتِ دشمن بمالش مکن + کہ بخشش برآورد ہ باید زبن جواب قسم حقا کہ باعقوبتِ دوزخ برابر است + کدامیہ یا استفہامیہ اے دل بہ پیش رفتہ آخر بکہ رامی + عطف اے بسا اسپِ تیز رو کہ بماند

Marfat.com

خ | نزاید - اور اگر خ رہے تو اکثر مصدروں میں ز سے بدل جائے گی جیسے بیختن سے بیزد اور آموختن سے آموزد مگر مصدر فروختن میں ش سے بدلتی ہے اور شناختن میں س سے اور گسیختن میں ی اور خ دونوں کی جگہ گ فروشد ۱۲ مضارع میں آتا ہے اور پختن شناسد ۱۲ میں ہر چند ت سے بدلتی ہے مگر مضارع میں پزد بفتح اول گسلد ۱۲ کہتے ہیں ؛

ر | اور صرف مصدر کردن میں ر۔ ن سے بدلتی ہے اور کند بضم اول کہتے ہیں اور مصدر مردن میں ر سے پہلے ی زائد کرتے ہیں میرد بکسر میم ہو جاتا ہے اور بردن کے مضارع میں ب کو فتحہ ہو جاتا ہے ؛

ز | اور علامت مصدر کی دور کرنے کے بعد جو صرف ایک مصدر زدن میں رہتی ہے مضارع میں اُسکے بعد ن بڑھا کر زند ہو لیتے ہیں ؛

س | اور اگر س رہے تو جسقدر تغیر اس میں ہوتا ہے اور کسی حرف میں نہیں ہوتا یعنی اکثر تو حذف ہو جاتا ہے جیسے بایستن اور شایستن میں باید اور شاید ایک مصدر میں مع ماقبل کی ی کے حذف ہوتا ہے جیسے نگریستن سے نگرد اور کہیں ہ سے بدلتا ہے جیسے کاستن سے کاہد اور خاستن سے خواہد اور کہیں ی سے جیسے پیراستن سے پیرایدا اور کہیں و۔ ی سے جیسے جستن بالضم سے جوید اور کہیں ن۔ و سے جیسے بستن سے بندد اور ایک مصدر میں ن سے جیسے شکستن سے شکند بالکسر اور ایک مصدر میں ی ن سے جیسے نشستن سے نشیند اور ایک میں ت سے جیسے خاستن سے خیزد با مالۂ الف۔ اور ایک میں ل سے جیسے گسستن سے گسلد اور ایک میں اس کے ماقبل ی زائد ہوتی ہے جیسے رستن سے ریسد اور ایک میں بعد کوت زائد ہے جیسے خستن سے خستند۔

ش | اور اگر ش رہے تو وہ ت سے بدل جاتا ہے۔ جیسے کاشتن سے کارد مگر ایک مصدر میں تبدیل نہیں ہوتا جیسے سرشتن سے سرشد اور ایک میں ق کے بعد و زائد ہوتی ہے جیسے شدن سے شود بفتح اول اور ایک مصدر میں ز سے بدلا ہے افراشتن سے افرازد اور ایک میں ی سے

Marfat.com

کہ خرِ لنگ جان بمنزل برد ÷ **دعائیہ**۱۱ بہ فضلت کہ باران رحمت بیار **صلہ**۱۲
ع ہر سوختہ جانے کہ بہ کشمیر در آید **مفاجات**۱۳ گر مرغ کباب ست کہ بابال
و پر آید ÷ **تردید**۱۴ یارب اینجا باشم کہ روم **زائد**۱۵ اور اگفتم کہ بیا
**تصغیر**۱۶ دخترک **فاعلیت**۱۷ گوزک **مفعولیت**۱۸ پیچک **مصدری**۱۹ خوراک

گ — س گ یعنی ک فارسی کس کس حرف سے تبدیل ہوتا ہے۔ خ غ سے جیسے گلولہ غلولہ دال مہملہ سے جیسے آونگ آوند۔ جیم تازی سے جیسے گلنار جلنار اور اہالی ماوراء النہر۔ کبھی کاف تازی سے بدل لیتے ہیں جیسے جنگ جنک

ل — س لام سے کس کو تشبیہ دیتے ہیں اور کس حرف سے تبدیل کرتے ہیں ج لام سے زلف کو تشبیہ دیتے ہیں اور ر سے تبدیل کرتے ہیں جیسے چنال چنار س م سے اعضائے انسان میں کس کو تشبیہ دیتے ہیں ج م کے ساتھ دہن کو تشبیہ دیتے ہیں س م کتنے معنوں میں آتا ہے مع امثلہ بتاؤ ج نو معنوں میں ضمیر واحد متکلم فاعلی جیسے ع یکی دیدم از عرصۂ رود بار ÷ ضمیر واحد متکلم مفعولی جیسے ع ازان دارو ئے تلخ بہش کنم ÷ ضمیر اضافی

م — ع گر ترا واداز زبانم لیس فی دلقی سوا بمعنے ہستم ع دورم از حسن عمل چون روسپیدی از گناہ بمعنے خود ع نگویم بجز غیبت مادرم بمعنے نون نفی نکن برساد۔ تعین محل یکم۔ دوم۔ زائد ع نے برسر راہشم مغیلان

ن — علامت تانیث خانم۔ س میم کس جگہ حذف کیا جاتا ہے۔ اور کس کس حرف سے تبدیل ہوتا ہے ج دو کلموں کے دو میم پاس پاس آویں تو ایک حذف کر دیتے ہیں جیسے نیمن کہ اصل میں نیم من تھا اور نون اور خاء معجمہ اور غین معجمہ اور فا سے تبدیل ہوتا ہی جیسے کجیم کجین برم برخ پیمانہ پیغانہ مخبر فخبر۔ س ن سے کس کس چیز کو تشبیہ دیتے ہیں۔

Marfat.com

ج چاہ زنخدان اور آبرو کو اُس سے تشبیہ دیتے ہیں س نون کس کس معنی کا فائدہ دیتا ہے ج علامت نفی جیسے گفت نگفت اور ہا مختفی اور یا مجہول سے مل کر کلمہ نفی جیسے نہ اور نے۔ او کلام مکرر آنے سے مفید معنی اثبات ہوتا ہے۔
ے تا کون ترا اصلِ مہمات نخواندند ٭ نشنید قضا ترجمۂ لفظ اہم را یعنے ہرگاہ ترا اصل مہمات خواندند قضا معنی اہم شنید س نون آخر کلمہ میں بعد حروف علت یعنی مدہ کے کس طرح تلفظ کیا جاتا ہے اور کس کس حرف سے تبدیل ہوتا ہے ج غنہ پڑھا جاتا ہے جیسے زبان زبون زمین اور میم سے تبدیل ہوتا ہے جیسے پان پام اور زائد بھی آتا ہے جیسے پاداش و پاداشن س واؤ کے قسم کا ہوتا ہے ج تین قسم کا ہوتا ہے معروف و مجہول و معدولہ۔ معروف جیسے نور مین۔ مجہول جیسے شور مین اور معدولہ جو پڑھنے میں نہیں آتا جیسے خود اور خواجہ میں۔ اسکے بعد ان حروف میں سے ایک ہوتا ہے او ر س ش ن ہ ی جیسے خواب خود خور خوست۔ خوش خوند۔ خویلیہ۔ خویش اور واؤ سے پہلے اکثر خا معجمہ آتی ہے جیسے مثالوں سے ظاہر ہے س واؤ کتنے معنوں میں مستعمل ہے ج آٹھ معنوں میں۔ بیان ضمہ تو۔ واؤ عطف جیسے گفتہ و ناگفتہ حالیہ ے تو مخلوق و آدم ہنوز آب و گل ٭ تصغیر جیسے پسر و ملازمت ع پری و صد عیب چنیں گفتہ اند تفسیر ضعف و ناتوانی رہا ندی ٭ بمعنی بعید جیسے ع من انکار شراب این چہ حکایت باشد ٭ یعنی از من بعید ست زائد جیسے دہلوی و غزنوی و تنومند و لیکن اور با موحدہ اور با فارسی اور فا اور ہمزہ سے تبدیل ہوتا ہے جیسے نوشت نبشت وام پام یا وہ یافہ طاؤس۔ محذوف جیسے ہوش۔ ہش س ہ کے قسم ہے ہر ایک مع تعریف بتاؤ ج دو قسم ہے، ایک اصلی جس کو ملفوظی کہتے ہیں۔ دوم وصلی جسکو مخفی کہتے ہیں س ہا، اصلی اور وصلی میں کیا فرق ہے ج ہا، اصلی حالت جمع میں بحال رہتی ہے جیسے گرہ گرہ ہا۔ اور حالتِ تصغیر میں مفتوح اور اضافت کیوقت مکسور ہو جاتی

Marfat.com

ہی جیسے زرہک زرہ من اور ہا، وصلی جہت اظہار فتحہ ماقبل آخر کلمہ میں آتی ہی اور صرف چار جگہ اظہار کسرہ ماقبل کرتی ہی یعنی کہ چہ نہ سہ مین س ہا، وصلی کتنے معنے میں آتی ہے ج بارہ معنوں میں آتی ہی زائد گفتہ رفع اشتباہ جامہ تصغیر غزالہ مجہولی گفتہ شد۔ مفعولی بستہ ورنجہ۔ تعین۔ مدت یک روزہ۔ لیاقت بعد الف ونون شاہانہ تشبیہ دندانہ تخصیص۔ پشمینہ۔ فاعلی۔ زندہ اور یہ ہا بحالت جمع گاف سے تبدیل ہوتی ہے۔ جیسے زندگان۔ ہا، صفت پیادہ سوارہ۔ عطفی واتصالی۔ آمدہ رفت۔ س ہا، کس کس حرف سے تبدیل ہوجاتی ہی ج کاف فارسی۔ یاء تحتانی۔ کاف تازی سے بدل جاتی ہے جیسی شرمندہ سے شرمندگی۔ اور شاہگان سے شاہگان۔ خاکگ۔ تصغیر خانہ ی اور وقت اضافت ہمزہ سے گنجینۂ زرس ی کے اقسام مع تعریف وامثلہ بتاؤ ج اس کی دو قسمین ہیں۔ معروف جسکے ماقبل کسرۂ خالص ہو۔ جیسے کردی مین۔ اور مجہول جس کے ماقبل کسرہ خالص نہ ہو جیسے آمدے صیغہ تمنائی میں س یاء معروف کتنے معنے میں آتی ہے ج پانچ معنوں میں۔ اول مصدری جیسے پارسائی دوم خطابی جیسے ع میاموز جز علم گر عاقلی ✦ سوم۔ نسبت جیسے ہندی چہارم متکلم جیسے ملاذی۔ پنجم لیاقت جیسے رفتنی س نسبت کی ی کس طرح لگائی جاتی ہے ج اس کا قاعدہ اکثر تو یہی ہے کہ اسم ذات پر لگائی جاتی ہی۔ جیسے ہندی اور عربی وغیرہ مگر جس اسم کے آخر میں الف مقصورہ ہوتا ہے اُسکو واؤ سے بدل لیتے ہیں جیسے مرتضے سے مرتضوی یا ی سے پہلے ہمزہ زائد کرتے ہیں جیسے عیسائی۔ اور اگر آخر اسم میں ی یا ہ مختفی ہوتی ہے۔ تو وہ واؤ سے بدل جاتی ہے جیسے دہلی سے دہلوی اور گنجہ سے گنجوی اور کبھی ہ کو حذف کردیتے ہیں جیسے مکہ سی مکی اور کبھی

Marfat.com

برشتن سے برید اور ایک میں ل سے ہشتن سے ہلد اور ایک میں ی۔ س سے نوشتن سے
نویسد اور ایک میں ر۔ د سے جیسے نوشتن بمعنے طے کردن سے نورود
ف اور اگر ف رہے تو ب سے بدل جائیگی جیسے یافتن سے یابد اور تین مصدروں میں و سے
بدلتی ہے یعنی رفتن اور کافتن اور شنفتن کا مضارع رود اور کاود اور شنود آتا ہے اور
تین مصدروں میں تبدیل نہیں ہوتی یعنی بافتن اور شگافتن اور شگفتن میں اور ایک
یعنی پذیرفتن میں ض ہو جاتی ہے مضارع پذیرد ہے اور گرفتن میں حذف کے ساتھ
گ کے بعد ی زائد ہوتی ہے گیرو بولتے ہیں۔ اور ایک میں د۔ ی سے بدلتی ہے
جیسے گفتن سے گوید۔ اور ایک میں ف کے بعد ت زائد ہوتی ہے جیسے سفتن سے
سفتد اور ایک میں س پ سے بدلتی ہے جیسے خفتن سے خسپد ؛
ا اور م صرف ایک مصدر آمدن میں رہتا ہے اور مضارع میں ی سے بدل جاتا ہے اور
آید بولتے ہیں۔ اور اگر و۔ ر رہے تو اس کو الف۔ ی سے بدلتے ہیں۔ جیسے آسودن سے
آساید اور بیمودن سے پیماید۔ اور تین مصدروں میں تبدیل نہیں ہوتی یعنی بودن اور
ی شنودن اور غنودن کا مضارع بود اور شنود اور غنود قاعدے کے بموجب آتا ہے
اور اگر علامت مصدر سے پہلے ی ہو تو وہ بھی مضارع میں گر جائیگی جیسے ارزیدن سے ارزد
اور بریدن سے برد اور دو مصدروں آفریدن اور گزیدن میں حذف نہیں ہوتی بلکہ
اس کے بعد ن زیادہ کرتے ہیں اور آفریند اور گزیند کہتے ہیں۔ اور ایک مصدر میں
مضارع خلاف قیاس دوسرے حرف سے آتا ہے یعنی دیدن سے بیند۔
قواعد بنانیکا قاعدہ غرضکہ مضارع بنانیکا اب اکثریہ قاعدہ جو بمنزلہ کلیہ کے ہے یہ ہوا کہ مصدر سے دن یا تن گرا دو
اور دن سے پہلے اگر الف یا ی ہو اس کو بھی گرا دو اور اگر و ہو تو اس کو الف ی سے بدل
دو اور تن کے پہلے خ ہو تو ز سے بدلو اور س ہو تو حذف کر دو اور ش ہو تو ر سے اور
ف ہو تو ب سے بدل لو۔ پھر دال ساکن آخر میں ملاؤ۔ اور اسکے ماقبل کو فتحہ دو

Marfat.com

ہ پر ہمزہ لکھ دیتے ہین اور ی تلفظ میں رہتی ہے جیسے فاختہ سے فاختۂ اور نقرہ سے نقرۂ - اور کبھی ہ کو گاف سے بدلتے ہیں جیسے پردگی اور کبھی ی نسبت کے پیشتر الف نون زائد کرتے ہیں - جیسے حق سے حقانی اور بعض نسبتین ان سب کے خلاف ہین جیسے ری سے رازی اور مرو سے مروزی اور مدینہ سے مدنی اور مرکب اسمار میں ایک جز کی طرف نسبت کرتے ہیں جیسے بیت المقدس سے مقدسی **س** نسبت کے لئے ین بھی آتا ہے جیسے آہنین پس اُس میں اور صرف ی میں کیا فرق ہے **ج** ین مین اکثر تشبیہ ملحوظ رہتی ہے جیسے ساق سیمین اور پنجۂ آہنین - اور ی صرف نسبت کے لیئے مستعمل ہے - اور ایک فرق یہ ہی کہ ی کی نسبت اُس موصوف کے لئے بولتے ہیں جو منسوب سے بنا ہو جیسے تخت طلائی اور تاجِ نقرۂ اور سنج آہنی **س** عیسوی اور عیسائی میں کیا فرق ہی **ج** اصل میں کچھ فرق نہیں مگر اصطلاح مین پیروانِ عیسےٰ کو عیسائی کہتے ہیں - اور دوسری چیزین جو آپ کی طرف منسوب ہین اُن کو عیسوی کہتے ہیں جیسے مذہب عیسوی اور سن عیسوی **س** یا مجہول کس کس معنی کا فائدہ دیتی ہی **ج** آٹھ معنوں کا اوّل وحدت جیسے ؎ خردمند مردے دراقصائے شام ٭ دوم ایمائی یا توصیفی جیسے ؎ عزیزے کہ از درگہش سر بتافت ٭ سوم تنکیر جیسے ؎ برون زانکہ یاری گری خواستی ٭ چہارم استمراری جیسے گفتندے ٭ پنجم تعظیم جیسے زید مردیست ٭ ششم زاید جیسے یکے بسے وغیرہ ہفتم یاء امالہ جیسے رکاب کا امالہ رکیب ٭ ہشتم مفید معنے امر جیسے ع فرد اصمدا بندہ نواز ارحمے - اے رحم کن کس **س** یا مجہول کس کس حرف سے تبدیل ہوتی ہے **ج** الف اور ھاء مہملہ سے آرام بیارام شاہگان شایگان

Marfat.com

صیغہ واحد غائب بن جائیگا اور ضمیریں فاعلی لگاؤ تو دال کو حذف کرکے لگاؤ جیسے پرورد
پروردند۔ پروردی۔ پروردید۔ پروردم۔ پروردیم۔ س مضارع دوامی کیونکر بنتا ہے ج
ماضی شکیہ کے پہلے لفظ مے بڑھانے سے بن جاتا ہے جیسے می گفتہ باشد وغیرہ۔
س فعل حال کی تعریف اور اُس کے بنانے کا قاعدہ کیا ہے ج حال وہ فعل ہے جو
زمانہ موجود سے تعلق رکھے اور وہ مضارع کے پہلے می یا ہمی بڑھانے سے بن
جاتا ہے جیسے میگوید۔ میگویند۔ میگوئی۔ الخ یا ہمیگوید۔ ہمیگویند الخ س فعل
مستقبل کس کو کہتے ہیں اور کیسے بنتا ہے ج فعل مستقبل وہ ہے جس میں
زمانہ آیندہ پایا جاوے اور اس کو ماضی مطلق کے پہلے لفظ خواہد اور بعض اوقات
تواند بڑھا کر بناتے ہیں جیسے خواہد گفت یا تواند کرد مگر یاد رہے کہ مستقبل میں
صیغہ واحد غائب ماضی بدستور رہتا ہے اور ضمائر فاعلی لفظ خواہد یا تواند میں بڑھائی
جاتی ہیں جیسے خواہد گفت۔ خواہند گفت۔ خواہی گفت خواہید گفت۔ خواہم گفت
خواہیم گفت اسی طرح تواند گفت۔ تواند گفت الخ س امر و نہی کیسے بنتے ہیں
ج امر غائب اور متکلم تو مضارع کے پہلے لفظ باید کہ اور لازم کہ بڑھانے سے
بنتا ہے جیسے باید کہ گوید اور لازم کہ خوانم۔ اور واحد حاضر آخر مضارع حاضر سے ی
دور کرنیکے بعد رہ جاتا ہے جیسے خوانی سے خوان اور جمع حاضر امر کا صیغہ بعینہ مضارع کا سا
ہوتا ہے جیسے خوانید مگر امر کے شروع میں اکثر بہ زائد ہوتی ہے اور نہی غائب متکلم بنانے میں
امر غائب و متکلم پر مبن زائد کرتے ہیں جیسے باید کہ مکند اور لازم کہ نکنیم اور نہی حاضر کے لیے
امر حاضر پر مبیم بڑھا دیتے ہیں جیسے مکن س لازم اور متعدی اور مشترک کسے کہتے ہیں
ج لازم وہ فعل ہے جو صرف فاعل پر تمام ہو جائے جیسے زید نشست اور متعدی
وہ جو فاعل سے گذر کر مفعول پر پہونچے جیسے زید عمرو را زد اور مشترک وہ جس کا استعمال
کبھی بطور لازم اور کبھی بطور متعدی ہووے جیسے پایم سوخت اور آتشے جہاں را سوخت

Marfat.com

یہانتک بیان حروف مفردہ کا ہوا۔ اب بعض حروف مرکبہ کا بیان کیا جاتا ہے۔

## حروف مرکبہ کا بیان

**از** س۔ حروف جار کیا ہیں اور اُن سے کیا غرض ہے ج وہ حروف یہ ہیں۔ از با ب تا برائے بہر پئے۔ اور کبھی ان تین پچھلوں پر از زیادہ کرکے از برائے وغیرہ کہتے ہیں در اندر بر اور جوان کے معنی میں ہو اور اُن سے غرض یہ ہوتی ہے۔ کہ فعل اور مشابہ فعل[1] کے معنے اسم پر پہنچاتے ہیں یا دو کلمون کے ربط کے لیے آتے ہیں۔ اور کاف تشبیہ اور من اور حلے اور فی اور لام مکسور عربی کے حروف جارہ ہیں جو فارسی میں مستعمل ہیں س از کتنے معنون میں آتا ہے ج آٹھ معنون میں اکثر مستعمل ہوتا ہے۔ اوّل[1] تبعیض جیسے مردے از رومیان دوم[2] علت جیسے از خوفِ دشمنان۔ سوم[3] بیانیہ جیسے تخت از طلا۔ چہارم[4] ابتدا جیسے از ہند تا سندھ۔ پنجم[5] بمعنی بر جیسے فلان از نفس خود بخیلے میکند۔ ششم[6] استعانت جیسے کار عظیم از تو نظام یافت۔ ہفتم بمعنے در جیسے ع کادیم از چہل روزگرد و تمام + ہشتم[8] بمعنے را جیسے از دولت بہ نیکی یاد میکند۔ اور واضح ہو کہ از کا الف بھی گرانا جائز ہے اور یہ حذف نظم میں بہت مستعمل ہے اور اگر یہ حرف ضمیر و اشارہ پر آتا ہے تو اُن کا الف گرا کر اُسکی حرکت زَ کو دینی جائز ہے جیسے ازو اور ازان کو زو اور زان کہتے ہیں

**با** س بآ کتنے معنون میں مستعمل ہے ج جو معانی با موحدہ کے حروف مفردہ مین لکھے گئے ہیں اُسی قدر با کے معنے سمجھو

**تا** س تا کتنے معنوں میں آتا ہے ج نو معنوں میں۔ اوّل[1] ابتدا جیسے ع تا تو رفتی ز برم اے گلِ بستانِ پدر + دوم[2] انتہا جیسے ع کہ تا بر فلک ماہ و خورشید ہست + سوم[3] شرط جیسے ع تا مجمع امکان و وجوبت نہ نوشتند۔ چہارم[4] علت جیسے ع بیاد کس نیایم تا نباسم

Marfat.com

س مصدر لازم سے متعدی کیسے بناتے ہیں ج صیغہ امر حاضر مصدر لازم کے بعد الف و نون یا الف و نون و یائے معروف بڑھا کر علامت مصدر ون لگانے سے بنتا ہے جیسے ترسیدن سے ترساندن اور ترسانیدن اور یاد رہے کہ اگر یہ قاعدہ فعل متعدی میں جاری ہوگا۔ تو متعدی بدو مفعول ہو جائیگا جیسے گفتن سے گویانیدن س فعل معروف کسے کہتے ہیں۔ اور مجہول کسے اور مجہول کے بنانیکا قاعدہ کیا ہے۔ ج فعل معروف وہ ہے جس کا فاعل معلوم ہو۔ اور مجہول وہ ہے جس کا فاعل معلوم نہ ہو اور بنانے کا یہ قاعدہ ہے کہ جس فعل اور جس صیغہ کا مجہول بنانا چاہو وہی فعل اور وہی صیغہ مصدر شدن سے بنا کر ماضی مطلق کے آخر ہائے مختفی بڑھا کر اس کے بعد رکھ دینا چاہیئے۔ مثلاً اگر ماضی مطلق کا مجہول بنائیں گے تو شدن کے ماضی مطلق کے صیغے مجہول میں مستعمل ہونگے جیسے گفتہ شد واحد غائب کیلئے اور گفتہ شدند جمع غائب کیلئے اسی طرح سب ماضیوں کو قیاس کرو۔ اور مضارع مجہول میں شدن کے مضارع کے صیغے آتے ہیں جیسے گفتہ شود گفتہ شوند وغیرہ اور حال میں حال کے صیغے اور مستقبل میں مستقبل کے اور امر میں امر کے اور نہی میں نہی کے جیسے گفتہ میشود اور گفتہ خواہد شد اور گفتہ شو اور گفتہ مشو س فعل مثبت اور منفی کسے کہتے ہیں ج مثبت وہ جس میں کرنا یا ہونا کسی فعل کا پایا جاوے جیسے کرد اور میکند وغیرہ اور منفی وہ جس میں نہ کرنا نہ ہونا پایا جاوے جیسے نکرد اور نمی کند اور منفی بنانے کے لئے مثبت کے پہلے نون زیادہ کر دیتے ہیں مگر فعل مجہول میں حرف نفی شدن کے مشتقات پر لگانا بہتر ہے جیسے گفتہ نہ شود۔

## فصل سوم حرف کے بیان میں

س حرف کس کو کہتے ہیں ج حرف وہ کلمہ ہے جس کے معنے مستقل نہ ہوں یعنی بدون دوسرے کلمہ کے ملنے کے اس کے معنے سمجھ میں نہ آویں جیسے از اور برد وغیرہ س حروف تہجی

Marfat.com

بارخاطرہا۔ پنجم بمعنے ہرگز جیسے ع زصاحب غرض تاسخن نشنوی پشتم بمعنے عدد جیسے ع مثنوی ہفتاد تا کاغذ شود۔ ہفتم۔ بیانیہ جیسے ع عمر گرانمایہ درین صرف شد ٭ تاچہ خورم صیف وچہ پوشم شتا۔ ہشتم تنبیہ جیسے ع تاچہ خواہی خریدن اے مغرور نہم جلدی سے ایک امر کا دوسرے کے بعد ہونا یعنے بمعنے ہماندم جیسے ع تاترا از دور دیدم رفت عقل و ہوش من ٭ س را بھی حرف جار ہوتا ہے یا نہیں اور کتنے معنوں میں آتا ہے ج یہ حرف جار اسی صورت میں ہوتا ہی کہ برائے کے معنوں میں ہو جیسے ع خدارا بکن یک نظر سوئے ما ٭ اور علامت مفعول کیلئے اکثر آتا ہے جیسے ع دوستانرا کجا کنی محروم ٭ اور اس صورت میں کبھی محذوف کر دیتے ہیں جیسے ع گواجابت لب بآمین باز کن ٭ اور کبھی علامت اضافت کیلئے آتا ہی جیسے ع ای داغ بر دل از غم خالِ تو لالہ را ٭ یعنی بر دل لالہ۔ اور بعد از اور برائے اور از پے کے زائد آتا ہی جیسے ع کس نمی بینم زخاص وعام را س حروف عاطفہ مع تعریف بتاؤ۔ ج حروف عاطفہ وہ ہیں کہ دو کلموں یا جملوں کے درمیان آکر ان کو ایک حکم میں شامل کر دین اور وہ واو پس پس دگر دیگر ہم نیز ہیں۔ جیسے زید و عمرو آمد اور شبا روز بمعنے شب و روز اور آمدہ گفت بمعنے آمد و گفت اور کلمات اگرچہ گرچہ ارچہ ہرچند باوجود بھی عطف اور اتصال کے لیے مستعمل ہیں س تردید کس کو کہتے ہیں اور اُس کے لیے کون سا حرف مستعمل ہے۔ ج حرف ترددیہ وہ ہی جسکے آنے سے معطوف اور معطوف علیہ میں سے ایک غیر معین مراد ہو اور تردید کے لیے لفظ یا اور خواہ مستعمل ہے اور کبھی کہ بھی جیسے زید رفت یا عمرو اور سبق بگویم کہ کتاب نویسم۔ اور کبھی اگر بھی تردید کے لیے آتا ہے س اضراب کسکے معنے اور اُسکے حروف کیا ہیں۔ ج اضراب کے معنے

Marfat.com

اردو اور وہ فارسی میں لکھتے ہیں اور حروف مخصوص زبان عربی یا فارسی کون سے ہیں **س** حروف تہجی کے یہ معنی ہیں کہ اُن سے کسی زبان کے کلمات مرکب ہوتے ہیں۔ اور جن حروف سے فارسی کے الفاظ بنتے ہیں وہ ۳۲ ہیں جن میں سے چار یعنی پ چ ژ گ فارسی کے لئے خاص ہیں اور اُن کو اُن کے ہم شکلوں سے متمیز کرنے کے لئے بلے فارسی اور جیم فارسی وغیرہ کہتے ہیں۔ جیسے ب اور ج اور ز اور ک کو تازی بولتے ہیں باقی بیس حرف عربی و فارسی میں مشترک ہیں اور آٹھ حرف مخصوص عربی کے ہیں۔ ث ح۔ ص۔ ض۔ ط۔ ظ۔ ع۔ غ اور چونکہ کلام فارسی میں عربی کے الفاظ بھی بہت آتے ہیں تو معلوم ہوا کہ فارسی مروجہ حال کے الفاظ بتیس حروف سے ترکیب پاتے ہیں

**س** ۔ اسماء حروف تہجی کے اقسام مع تعریف و امثال بتاؤ۔ **ج** جن حروف کے نام دو حرفی ہیں اُن کو مسروری کہتے ہیں۔ اور وہ بارہ ہیں با۔ تا۔ ثا۔ حا۔ خا۔ را۔ زا۔ طا۔ ظا۔ فا۔ ہا۔ یا۔ اور جن حروف کا سہ حرفی نام ہے۔ اس طرح کہ اوّل و آخر کا حرف ایک نہ ہو۔ ان کو ملفوظی کہتے ہیں۔ وہ تیرہ ہیں الف۔ جیم۔ دال۔ ذال۔ سین۔ شین۔ صاد۔ ضاد۔ عین۔ غین۔ قاف۔ کاف۔ لام۔ اور جن کا اوّل و آخر ایک ہی حرف ہو۔ ان کو مکتوبی کہتے ہیں۔ وہ تین حرف ہیں۔ میم۔ نون۔ واو **س** حروف ابجد اور ابجد کیا ہیں۔ **ج** حروف تہجی کی دو ترتیبیں ہیں۔ ایک وہ کہ مبتدی کو سکھائی جاتی ہے۔ یعنی ابت ث وغیرہ اس ترتیب کو ابت ث کہتے ہیں۔ اور دوسری ترتیب وہ ہے کہ حروف کے اعداد کے لحاظ سے ہوتی ہے یعنی ابجد۔ ہوز۔ حطی۔ کلمن۔ سعفص۔ قرشت۔ ثخذ۔ ضظغ اس ترتیب کو ابجد کہتے ہیں۔ اس ترتیب میں حطی کی ط تک اکائیاں ہیں۔ الف کا ایک سے دو۔ یہاں تک کہ طا کے ۹ ہیں اور ی سے دہائیاں ہیں۔ ص تک۔ اور قاف سے سیکڑے ہیں۔ ر خ تک۔ موت تولد و جنگ وغیرہ امور عظام کے سن یاد رکھنے

---

کہ بلا شبہ ہے حروف مصوص فارسی شد چار و پ و ج ژ و گ از بر دار ۱۲ کسے درس نطق گفتہ است
بہ است طبع است آنکہ اندر فارسی نا یدہی ۔ تا نیاموزی نباشی اندریں معنے معاف ۔ بشنو از من تا کدام است
ہوز دگیر و تا گر حا و صاد و ضاد و طا و ظا و عین و قاف ۱۲

Marfat.com

اصطلاح میں ایک حکم سے اعراض کرکے دوسرے کی طرف انتقال کرنا ہی اور اُسکے لیے بل اور بلکہ مستعمل ہین **س** حروف شرط کیا ہیں **ج** گر اگر ار ہرگاہ ہرگہ چون چو اور بعض اوقات اسماء موصولہ مثل ہرکہ اور ہرچہ وغیرہ کے فائدہ شرط کا دیتے ہیں **س** حروف علت کیا ہیں **ج** چہ کہ زیراکہ زیرا چہ چرا کہ ازیں ہمہ ازین سبب بنابر لہذا **س** زیرا اور چرا کی ترکیب کس طرح ہے **ج** اصل میں زین راہ اور چہ راہ تھا اب زیرا اور چرا بولتے ہیں **س** حروف استثناء کیا ہین مع تعریف واقسام استثناء بتاؤ **ج** الا مگر غیر سوائے جز بجز دون بدون ورائے ماورائے ماسوائے بغیر اور استثناء جماعت میں سے ایک جز کے نکالنے کو کہتے ہیں۔ پس جس مجموع میں سے کوئی چیز نکالتے ہین اُسکو مستثنیٰ منہ۔ اور چیز کو مستثنےٰ کہتے ہیں اور استثناء کی دو قسمین ہیں ایک متصل جس میں مستثنےٰ منہ اور مستثنےٰ ایک جنس سے ہوں جیسے قوم آمد مگر زید دوسری منقطع یا منفصل جس میں دونوں ایک جنس نہوں جیسے بادشاہ خلعت بخشید مگر جاگیر۔ **س** حروف استدراک مع تعریف وامثلہ بتاؤ **ج** حروف استدراک وہ ہیں جن سے کلام سابق کا شبہ رفع کیا جاوے اور وہ لاکن لیکن لیک ولیکن ولے ہیں **س** حروف ندا کیا ہیں **ج** اے یا آیا شروع میں اور الف آخر اسماء میں۔ اور جس اسم پر یہ حروف آتے ہیں اُسے منادی کہتے ہیں **س** حروف استفہام بیان کرو **ج** چیز کے لیے چہ اور چیست اور شخص کے لیے کہ اور کیست اور کدام۔ اور مقام کے لیے کجا اور کو۔ اور وقت کیلیے کے اور کیفیت کے لیے چون اور چگونہ اور سبب کیلیے چرا بولتے ہیں **س** حروف تشبیہ اور اُسکے معنی کیا ہین **ج** چو ہمچنان ہمچنین چنانچہ۔ مثل ہمچو مانند پنداری۔ گویا۔ گوئی۔ وار۔ آسا۔ مان کردار۔ آنہ۔ سان۔ وان۔ ولیں۔ دیش۔ فش۔ وند۔ آوند اور تشبیہ کے معنے ہین

Marfat.com

کو کوئی جملہ یا مرکب ایسا بنا لیتے ہیں جس کے حروف کے اعداد مل کر سنہ معلوم کی برابر ہو جائیں جیسے مظہر علی ایک شخص کا نام جس کی پیدائش ۱۲۵۵ھ ہجری میں ہوئی اور عم اکبر سال وفات اکبر خان پسر دوست محمد خاں والی کابل۔ **س** حروف تہجی سوائے غرض ترکیب الفاظ کے اور بھی کسی معنی یا غرض کے لئے آتے ہیں۔ **ج** ہر ایک حرف کے معنی اور غرض جدا گانہ ہے جس کی کیفیت سوالات ذیل سے جسمیں سب کا ترتیب وار بیان ہے معلوم ہو گی۔ **س** (الف) کتنے معنوں میں مستعمل ہے مع امثلہ بتاؤ **ج** جب اسم کے آخر میں آتا ہے تو گیارہ معنی میں مستعمل ہوتا ہے۔ اور اول اور وسط میں سات معنی کے لئے پس کل اٹھارہ معنی ہوئے بدیں تفصیل۔ ۱۔ کثرت۔ ۲۔ مصدر۔ ۳ قسم۔ ۴۔ متکلم۔ ۵۔ تحسین۔ ۶۔ ندبہ۔ ۷۔ ندا۔ ۸۔ فاعلی۔ ۹۔ مفعولیت۔ ۱۰۔ لیاقت۔ ۱۱۔ تعظیم ۱۲۔ زائد۔ ۱۳۔ اتصال۔ ۱۴۔ عطف۔ ۱۵ مثل ۵ آور شمی۔ ۱۶۔ رفع اجتماع ساکنین ۱۷ محذوف۔ ۱۸۔ بدل دال۔ **س**۔ حرف ب کس کس حرف سے تبدیل ہو جاتا ہے۔ اور کہاں کہاں محذوف اور کس کس جگہ زائد آتا ہے اور ایسے وقت میں اس کا عرب کیا ہوتا ہے مفصل مع امثلہ بتاؤ **ج** واو میم ف سے تبدیل ہو جاتا ہے جیسے سیب و سیلوا اور غرب غرم اور تپ و تف۔ اور فصحا اکثر گفتگو میں بائے ظرفیت و قسم و استعانت کو حذف کر دیتے ہیں۔ جیسے خانہ میرم

---

جان تو ہمچنیں خواہم کرد۔ و ایں کتاب دست خود نوشتہ ام۔ یعنے بخانہ اور بجان تو اور بدست خود۔ اور کبھی ضرورت شعری کے سبب کلمہ کے آخر سے حذف کر دیتے ہیں جیسے **ع** ساقی بگو کہ میکدہ را رفت وردکند۔ یعنی رفت و رد ب اور زائد۔ ماضی۔ مضارع۔ امر۔ اسم پر آتی ہے۔ جیسے بگفتا۔ بزند ببیں۔ بغیر اور ایسی ب جب فعل مضموم الاول پر آتی ہے تب مضموم ہوتی ہے جیسے بگو اور بشست، ورنہ مکسور جیسے بگریست اور بزند اور اسم پر ہمیشہ

Marfat.com

ایک چیز کو دوسری چیز کے ساتھ مانند کرنا۔ پس جس کو مانند کرتے ہیں اُسے مشبہ اور جس کے ساتھ مانند کرتے ہیں اُسے مشبہ بہ کہتے ہیں جیسے رویش ہمچو ماہ است۔ مین رویش مشبہ ہے اور ماہ مشبہ بہ س شک کے لیے کون کون کلمات مستعمل ہیں ج آیا شاید باشد بود س حروف نسبت کیا ہیں۔ ج ین ہ ی معروف گان آنہ جیسے زرین یکسالہ ترکی دوگان سالانہ اور کبھی ان اور ن اور اک اور دیہ نسبت کے لیے آتے ہیں جیسے ایران اور جوشن اور مغاک اور سیبویہ۔ س حروف تنبیہ بیان کرو ج الاہان ہین۔ جملہ کے پیشتر آتے ہیں س حروف تحسین بتاؤ ج زہے نہے مرحبا جبذا شاباش واہ وا آفرین س حروف ندبہ بیان کرو ج ندبہ کے لیے واشروع کلمہ مین اور الف آخر مین آتا ہے جیسے وازیدا س حروف نفی کیا ہین ج تے نہ نابے س حروف تمنا بیان کرو ج کاش۔ کاشکے س حروف تعجب کیا ہیں ج چہ چہا اللہ اللہ سبحان اللہ س صاحبی کے معنی میں کون سے حروف آتے ہیں ج گار در مند آخر اسماء میں جیسے ستمگار بہرہ ور خردمند س حروف فاعلیت کے معنے کے مفید کون سے ہیں ج گران آر آخر اسماء میں س ظرفیت کے لیے کون سے حروف ہیں ج بار زار سار ستان دان کدہ وند آخر اسماء مین س کثرت کے لیے کون سے حروف ہین ج لاخ زار سار آخر اسماء میں س محافظت کے لیے کون سے حروف ہیں ج وار وان گیر آخر اسماء مین س لیاقت کے کون سے حروف ہیں ج ی وار آنہ گان آخر اسماء میں س حروف پیوستگی کے معنے کے مفید کون سے ہیں ج ناگ گیں آگین سار آخر اسماء میں س کون سے حروف تصغیر کا فائدہ دیتے ہیں ج ک چہ ویزہ آخر اسماء میں س رنگ کے لیے کون سے حروف مستعمل ہیں ج دام فام پام گون گونہ آخر

Marfat.com

مفتوح آتی ہے جیسے بدست اور بخدا **س** ب کتنے معنے میں مستعمل ہے مع امثلہ بیان کرو **ج** بائیس معنے میں۔

۱ ظرف مکانی
بشہرے در آمد

۲ ظرف زمانی
بعہد تو کے بینم آرام خلق

۳ قریب
چوں بدرخت گل برسم

۴ قسم
بیزداں

۵۔ صحبت
کتاب بادراق پرسید حوالہ او کردم

۶۔ برائے
رفت و منزل بدیگرے پرداخت

۷۔ استعانت
بہ لشکر تواں کرد ایں کار زار

۸۔ عوض
بفرمود بفرزند خشنود شد بسیم

۹۔ مقدار
بہ نیم بیضہ کہ سلطاں ستم روا دارد

۱۰۔ توسل
خدایا بحق بنی فاطمہؓ

۱۱۔ ابتداء
بنام جہاندار جاں آفریں

۱۲۔ مثل
بہ بالائے او در جہاں مرد نیست

۱۳۔ بمعنے بر
نہ بے چشم و دولت بروئے تو باز

۱۴۔ مقابلہ
بدست کرم آب دریا ببرد

۱۵۔ ظرف
ونا نجا بصحرائے محشر برد

۱۶۔ مطابق
بخلق جہاں آفریں کار کن

۱۷۔ بمعنے مفعول
بخواہندگاں بخشم از مال و گنج

۱۸۔ بمزید
بہ تیغ آمد از رومیاں دو نبرد

۱۹۔ اضافی
وز زر نداری بنور محتاج نہ

۲۰۔ الصاق
دمبدم

۲۱۔ لیاقت
صاحب کنوں کہ در مبدماں نماندہ است

۲۲۔ علت
بنطق آدمی بہتر ست از دواب

**س**۔ ب کا کوئی خاصہ بیان کرو۔ **ج** اس کے خواص میں سے ہے کہ اسم اشارہ اذ ضمیر کے الف کو اس کے بعد دال سے بدلنا جائز ہے جیسے بایں اذ بدیں **س**۔ ت کس کس حرف سے تبدیل ہو جاتی ہے۔ اور اس کو کس کلمہ کے شروع میں کون سی حرکت دی جاتی ہے۔ اذ آخر میں کونسی۔ **ج** دال و جیم سے بدل جاتی ہے جیسے توت۔ تود۔ اور تا رات و تا را آج اذ جب کسی کلمہ کے شروع میں آتی ہے تو مضموم ہوتی ہے۔ جیسے تست و ترا اذ آخر میں ساکن جیسے خدایت

Marfat.com

اسمار میں اور جردہ اور چرتہ صرف لفظ سیاہ کے بعد س شرکت کا مفید کونسا حرف ہے ج ہم اسمار کے شروع میں فائدہ شرکت کا دیتا ہے جیسے ہمراز ہم مکتب وغیرہ

## باب دوم نحو کا بیان

س نحو کسے کہتے ہیں ج جن قواعد سے ترکیب مفردات کی حقیقت معلوم ہو انہیں نحو کہتے ہیں س غرض نحو سے کیا ہے اور اُسکا موضوع کیا ہی ج غرض اُس سے یہ ہی کہ ترکیب کلمات میں خطا واقع نہو اور مطلب عبارت بسہولت سمجھ لیا جاوے اور اُسکا موضوع کلام ہے

## فصل اول مفرد اور مرکب کے ذکر مین

س لفظ موضوع اور مہمل کی تعریف بیان کرو ج لفظ اُس آواز کو کہتے ہین جو آدمی کے مُنھ سے نکلے پس اگر وہ معنی دار ہی تو موضوع جیسے کتاب اور بے معنی ہے تو مہمل کہلائیگا جیسے دیز س علم اور اسم جنس کس کو کہتے ہیں ج اگر لفظ مفرد کے ایک معنی ہون اور وہ بھی معین ہون تو اُسکو عَلَم کہتے ہیں اور اگر غیر معین ہون تو اسم جنس کہتے ہیں س لفظ مشترک کسکو کہتے ہیں ج جس لفظ مفرد کے کئی معنی ہوں اور ہر ایک معنی کے لیے وضع کیا گیا ہو اُسکو مشترک کہتے ہیں جیسے بار کہ بفتح اول بوجہ دخل کے معنی میں آتا ہی س منقول عرفی اور شرعی اور اصطلاحی کسے کہتے ہیں ج منقول عرفی وہ مفرد ہی جسے سب لوگ معنی غیر وضعی میں استعمال کرتے ہون اور وضعی معنی متروک ہو گئے ہون جیسے لفظ دابہ کہ اصل وضع میں ہر چلنے والیکو کہتے تھے اب صرف چارپایہ سواری کو کہتے ہیں۔ اور منقول اصطلاحی وہ ہے جسے کسی جماعت مخصوصہ نے استعمال کیا ہو مثلاً اہل صرف و نحو وغیرہ نے جیسے لفظ فعل کو کہ اصل میں کرنیکے معنی ہیں اور باصطلاح اہل صرف و کلمہ بامعنے جس مین کوئی زمانہ ہو س معنی حقیقی اور مجازی کسے کہتے ہین ج جو مفرد لفظ واضع نے

Marfat.com

دکتابت **س** کیا ت شروع میں بدون ملائے کسی کلمہ کے استعمال کیجاتی ہے
**ج** نہیں اور ایسی حالت میں واو مجہول اتمام لفظ کے واسطے اس کے آخر زیادہ کیا
جاتا ہے اور یہ واو کبھی تلفظ میں آتا ہے۔ اور کبھی نہیں جیسے **ع** تو کہ با دشمناں نظر داری
**ع** تو اصل وجود آمدی از نخست **س** ت کتنے معنی میں مستعمل ہے **ج** چار معنی میں ضمیر
مفعولی آخر فعل کے گفتت۔ اور بمعنی ضمیر اضافی آخر اسم کے دلت اور بمعنی خود **ع** گیرم کہ غمت نیست
غم ہا ہم نیست ہ نائد۔ فرامش۔ فرامشت **س** ۔ ث کس زبان سے مخصوص ہے۔ اور اغریث
اور گیومرث کس زبان کے لفظ ہیں **ج** یہ حرف عربی سے مخصوص ہے اور فارسی میں نہیں
آتا اور لفظ اغریث فارسی نہیں ترکی ہے۔ اور گیومرث میں کاف فارسی اور تا مثناۃ
فوقانی ہے نہ ثلثہ مثلثہ **س** جیم کس حرف سے تبدیل ہو جاتا ہے مع امثلہ بیان
کرو۔ **ج** تبدیل ہو جاتا ہے زا معجمہ سے جیسے باج سے باز اور شین منقوطہ
سے جیسے کاچ سے کاژ اور کاف فارسی سے جیسے جیلان سے گیلان اور تا مثناۃ فوقانی
سے جیسے تاراج سے تاراج **س** جیم فارسی کس کس حرف سے بدل جاتا ہے
**ج** کاف تازی سے جیسے زاج۔ زاک اور نار معجمہ سے جیسے پچشک۔ پزشک اور
شین منقوطہ سے جیسے کاچی کاشی **س** جیم فارسی کس کس معنی میں مستعمل ہے **ج**
آخر میں تصغیر کے لئے آتا ہے جیسے باغچہ اور کبھی یائے تحتانی اسکے ماقبل بھی زیادہ
کر دیتے ہیں۔ جیسے دریچہ اور دوشیزہ کہ اصل میں وہ شیچہ تھا۔ اور یہ حرف تصغیر
میں مفتوح ہوتا ہے اور سات معنی ذیل کیلئے بھی مستعمل ہے ان سب میں مکسور ہوتا
ہے اور ہا مختفی اس کے آخر میں بہر حال لازم ہے۔

۱۔ تعظیم
بتیہے نگر تا چہ شاہی گرفت

۲۔ حقارت
ہے ہے چہ نشستی چہ برخاستی

۳۔ بمعنے بسیار
چہ خورم کہ کسے کو بہنگام دہے

۴۔ معنے علت
مجاز شعلہ رخساراں وفائے ؟ چہ آتش را نباشد بہرہ از آب

۵۔ بمعنے استفہام
از عدم سے بوجود انجام چہ ؟ فائدہ کو

Marfat.com

کسی معنی کے لیے موضوع کیا ہی اگر استعمال اُسکا اُنہیں معنوں میں ہو تو حقیقی کہینگے
جیسے حاتم بولین اور جسکا نام تھا وہی مراد لیں اور اگر کسی دوسرے معنے پر بوجہ کسی مشابہت
یا مناسبت کے بولا جائیگا تو اس دوسری معنی کو مجازی کہینگے جیسے حاتم بولین اور مرد سخی
مراد لین۔ س مجاز کی کتنی قسمین ہیں ج اگر حقیقی اور مجازی معنی میں علاقہ تشبیہ کا ہوتا
ہے تو ایسے مجاز کو استعارہ کہتے ہین جیسے اسد بولین اور شجاع مراد لین اور اگر سوائے تشبیہ کے
کوئی اور علاقہ ہو تو اُسکو مجاز مرسل کہتے ہیں جیسے نہر روان شد کہ اس میں نہر سے پانی مراد
ہی باعتبار ظرفیت کے۔ اور اس طرح کے علاقے بہت ہیں۔ بعضون نے پچیس شمار
کیے ہیں۔ ہم بعض کو یہان نقل کیے دیتے ہیں۔

اوّل ظرف بولنا مظروف مراد لینا جسکی مثال اُوپر گذری۔ دوم اسکا عکس جیسے مغز او خوانہم یعنی سرش۔ سوم سبب بولنا مسبب مراد لینا جیسے ابر خوب بارید یعنی باراں چہارم اسکا
عکس جیسے نشہ خوردہ یعنی شراب پنجم جزو بولنا کل مراد لینا جیسے لفظ عین برائے جاسوس ششم اسکا
عکس جیسے اصابع برای انامل ہشتم لازم بولنا ملزوم مراد لینا جیسے کسی سخی کی وفات پر کہیں مرورخا
بمرد ہشتم اسکا عکس جیسے ظالم کو کہیں قصاب یعنی ستمگر۔ نہم۔ مطلق بولنا مقید مراد لینا جیسے
فردا کہیں اور فردائے قیامت مراد لین۔ دہم اسکا عکس جیسے غصہ میں کہیں روئے زشت خود را
دور دار یعنی چہرہ روبرو مکن۔ یازدہم۔ خاص سے عام مراد لینا جیسے ہر فرعونے را موسی۔ دوازدہم
اسکا عکس جیسے مخاطب کو کہیں عاقلا را اشارہ بس است۔ سیزدہم مضاف الیہ پر سے مضاف
کا حذف کرنا جیسے تمام شہر ازو در خروش ست یعنی اہل شہر۔ چہاردہم۔ باعتبار آیندہ کے بول
دینا جیسے طالب علم کو مولوی یا منشی کہین۔ پانزدہم۔ بلحاظ گزشتہ کے بولنا جیسے بزرگ
اپنی چھوٹو نکو لڑکا کہدیتی ہین۔ شانزدہم بلحاظ ضد کے ایکدوسرے کی جگہ بولنا جیسے اندھی کو بصیر کہتے
ہیں ہفتدہم مصدر کو بمعنے فاعل یا مفعول بولنا جیسے عدل کہین عادل مراد لین یا علم کہین معلوم
مراد لین۔ اور اگر حقیقی اور مجازی معنوں میں کچھ علاقہ نہو تو اس کو مجاز مرتجل کہتے ہین

Marfat.com

ز ۔ بمعنے تسویہ یعنے برابری

چہ بر تخت مردن چہ بر روئے خاک ۔۔۔ چہ غم باد گر تند و گر خوش بود

اور چیز کا مختصر چہ بھی آتا ہے سہ ہر چہ از دوست میرسد نیکوست **س** جیم فارسی حرف غرض کے بعد آتا ہے تو کیا بات لازم آتی ہے۔ **خ** ایسے وقت میں استثناء لفظی یا تقدیری لازم ہوتا ہے استثناء لفظی جیسے سہ گرچہ جہاں جملہ بدیدی چو روزہ ۔ لیک جہاں دیدہ نہ گشتی ہنوزہ استثناء تقدیری جیسے سہ اگرچہ پیش خردمند خامشی ادب ست ۔ بوقت مصلحت آن بہ کہ در سخن کوشی ۔ یعنی الا بوقت مصلحت

**س** ۔ حرف ح فارسی میں آتا ہے یا نہیں **خ** یہ حرف فارسی میں نہیں آتا ہے اور چیز و حال جو لفظ فارسی کے مشہور ہیں۔ یہ اصل میں ہا۔ ہوز سے تھے۔ **س** حرف خ کس کس حرف سے بدل جاتا ہے **خ** غین معجمہ سے جیسے تاخ و تاغ اور تاف سے جیسے چخاق و چقماق اور ہائے ہوز سے جیسے خجیر و ہجیر۔ اور زائے معجمہ سے مضارع میں اکثر تبدیل ہو جاتا ہے جیسے سوختن سوزد **س** حرف دال کس کس حرف سے تبدیل اور کہاں کہاں محذوف ہوتی ہے **ج** تا فوقانی سے جیسے دواج تراج اور ذال معجمہ سے جیسے آور آذر تبدیل ہوتی ہے اور جب دو دالیں یا دال اور ت متصل واقع ہوں تو حذف کر دیتے ہیں۔ جیسے سپیدیو اور زوتر کہ اصل میں سپیدیو اور زودتر تھے۔ اور کبھی تخفیفاً اوسط کلمہ اور آخر کلمہ سے ساقط کر دیتے ہیں۔ جیسے شاباش اور ہرمز کہ اصل میں شادا باش اور ہرمزد تھے۔ **س** ذال فارسی میں کہاں واقع ہوا کرتی ہے اور کس حرف سے تبدیل ہو جاتی ہے اور کس قاعدہ سے **خ** کلمات فارسی کے اوّل میں نہیں آتی آخر میں واقع ہوتی ہے اور دال مہملہ سے تبدیل ہو جاتی ہے جیسے استاذ۔ استاد۔ کاغذ۔ کاغد۔ اور اس کا قاعدہ اس

Marfat.com

جیسے خر کہیں احمق مرادلین مں مرادف کیسے لفظ ہوتے ہین ج جو ہم معنی ہوں جیسے
خاطر اور ضمیر مں اقسام مرکب مع تعریف بتاؤ ج مرکب کی دو قسمین ہین اوّل مفید
اور اُسے جملہ اور کلام بھی کہتے ہیں۔ دوّم غیر مفید جسے مرکب ناقص بھی کہتے ہیں پس اگر سننے والے
کو مرکب سے پورا مطلب حاصل ہو تو مفید ہی جیسے سبق بخوان اور نہیں تو ناقص جیسے کتاب من
مں مرکب ناقص کی کتنی قسمیں ہیں ج چار قسمیں۔ اوّل اضافی۔ دوّم توصیفی۔ سوّم امتزاجی
چہارم غیر امتزاجی مں مرکب اضافی کسے کہتے ہین اور اُسکی کے قسمین ہین ج مرکب اضافی
وہ ہی جو مضاف اور مضاف الیہ سی بنا ہو۔ اب معنی اضافت اور مضاف اور مضاف الیہ کے
جاننا ضرور ہیں پس اضافت ایک کلمہ کو دوسرے کیطرف نسبت کرنیکو کہتے ہیں اور مضاف وہ جو
نسبت کیا جاوی اور مضاف الیہ وہ جسکی طرف نسبت کرین۔ اور اضافت کی نو قسمین ہیں
تملیکی۔ تخصیصی۔ توضیحی۔ بیانی یا تبیینی۔ تشبیہی۔ مجازی ظرفی۔ اقترانی۔ نہم۔ اضافت بادنی
ملابست مں ہر ایک قسم اضافت مع تعریف و مثال بتاؤ ج تملیکی اضافت ملک کی ہے
مالک کیطرف جیسے اسپ زید۔ تخصیصی مخصّص کی اضافت ہی جانب مخصص کے جیسے پوست
انار۔ توضیحی اضافت موضح جانب موضح ہی جیسے شہر بصرہ۔ بیانی جس میں مضاف الیہ حقیقت
اور مادّہ مضاف کا ہووے جیسے دیوارِ گِل۔ تشبیہی یہ اضافت مشبہ بہ کی ہے جانب شبہ کے
جیسے نرگس چشم۔ مجازی۔ اس اضافت میں اثبات مضاف کا بہ نسبت مضاف الیہ کے بطور
فرضی ہوا کرتا ہی جیسے سر ہوش۔ ظرفی۔ اس اضافت میں مظروف مضاف ہوتا ہی۔ اور
ظرف مضاف الیہ جیسے آب دریا۔ اقترانی۔ اس اضافت میں مضاف الیہ کے معنی کیساتھ اقتران
معنوی رکھتا ہی جیسے نامۂ عنایت۔ اضافت بادنے ملابست یعنی ایک اسم کو دوسرے کے
ساتھ تھوڑی مناسبت سی منسوب کرنا جیسے ایران ما تنبیہ۔ یہ بیان بموجب قواعد فارسی
مروجہ حال کے لکھا گیا۔ بلکہ بعض کتابوں میں ایک قسم اضافت کی زیادہ لکھی ہے
یعنے اضافت ابنی جس مین مضاف اور مضاف الیہ کے درمیان لفظ

Marfat.com

ر رباعی سے ظاہر ہے **رباعی** آنانکہ بفارسی سخن میرانند ٭ در معرض دال ذال را بنشانند ٭ ماقبل دے ار ساکن جزوائے بود ٭ دال است وگرنہ ذال معجم خوانند ٭ **س** آر کہان محذوف اور کس حرف سے تبدیل ہوتی ہے **ج** کبھی آخر سے کسی اسم کے حذف کر دیتے ہیں جیسے دختر سے دخت اور ل سے بدل جاتی ہے جیسے نیلوفر سے نیلوفل **س** ز کی تبدیلی اور کیفیت بتاؤ **ج** جیم تازی سے جیسے باز باج اور جیم فارسی سے جیسے پزشک پچشک اور س مہملہ سے جیسے ایاز ایاس اور ذین معجمہ سے جیسے گریز گریغ تبدیل ہوتی ہے۔ اور کہیں حذف ہوتی ہے۔ جیسے آواز کو آوا کہتے ہیں ۔ اور اس کے معنے حروف مرکبہ میں معلوم ہونگے۔ **س** س کس کس حرف سے تبدیل اور کہاں سے محذوف ہوتا ہے ۔ **ج** اسماء میں زا معجمہ سے جیسے ایاس ایاز اور شین معجمہ سے جیسے فرستہ سے فرشتہ۔ اور ص سے جیسے قفص قفس اور ہاء ہوز سے جیسے آماس آماہ اور جیم فارسی سے جیسے خروس۔ خروج بدل ہوتا ہے اور مضارع میں اس کی تبدیل کا حال بحث فعل میں مشرح گذرا **س** ش کس حرف سے تبدیل ہوتا ہے۔ **ج** اسماء فارسی میں جیم تازی اور سین مہملہ سے بدلا جاتا ہے۔ جیسے کاشن ۔ کاج مشک مساک **س** ش کتنے معنے میں مستعمل ہے ۔ **ج** بمعنے ضمیر مفعول جیسے **ع** بفرمود بفرد خنداش بسیم ٭ ضمیر مضاف الیہ سرش بمعنی خود **ع** نہد خود ہر طرف دامے نہ تارش ٭ افادہ حاصل مصدر در آخر امر آمیزش زائد **ع** کلاہ سعادت بکے برسرش ٭ **س** حرف صاد کی نسبت کچھ بیان کرو۔ **ج** یہ حرف عربی زبان سے مخصوص ہے اور صاد کرنا صحیح کرنے سے کنایہ ہے اور صاد سے آنکھ کو نسبت دیتے ہیں **س** کوئی لفظ فارسی ایسا بتاؤ جس میں ضاد ہو **ج** یہ حرف فارسی میں نہیں آتا عربی سے

60345

Marfat.com

ابن مقدر رہتا ہی جیسے بوعلی سینا یعنے بوعلی بن سینا۔ اس صورت میں قسمیں دس ہوئین مگر ارباب تحقیق کے نزدیک اضافت کی قسمین چار ہین ایک تملیکی۔ دوم تخصیصی سوم بیانی۔ چہارم ظرفی۔ ان اہل تحقیق کے نزدیک چوتھی اور پانچوین اور چھٹی اور آٹھوین اور نوین اور دسوین قسمین اضافت تخصیصی مین داخل ہین اور بیانی وہ ہی کہ اس مین مضاف سے کچھ غرض نہو مضاف الیہ مقصود ہو جیسے وقت شب عروس فلک از زیور ستارگان محلی شد یہان عروس فلک اور زیور ستارگان مین اضافت بیانی ہی یعنے مقصود یہ ہی کہ فلک ستارون سے مزین ہوا یہ اضافت پہلی تقسیم کے بموجب توضیحی ہے یا مجازی اور واقع میں بیانی ہی س فک اضافت کسکو کہتے ہیں اور وہ کن الفاظ میں جائز ہے ج فک اضافت کسرہ مضاف کے دور کرنیکو کہتے ہین اور وہ الفاظ جن مین فک اضافت واقع ہوا ہی یہ ہین۔ سر صاحب۔ قابل۔ دشمن۔ عاشق پسر مالک بن مگر پہلے دونون لفظون میں فصیح ترک کسرہ ہی۔ اور باقیون میں سوائے الفاظ سمو کے کسرہ کا لانا فصیح ہی اور جب مضاف الیہ کو مضاف پر مقدم لے آتے ہین یا ضمیر متصل مضاف الیہ واقع ہو یا اعلامت اضافت مذکور ہو تو بھی مضاف کے آخر کسرہ نہین لاتے ہین س کیسے اسما کے آخر وقت اضافت ی زیادہ کر دیتے ہین ج جس اسم کے آخر الف یا واؤ آتا ہی اُس مین وقت اضافت کے ایک ی بڑھا دیتے ہین جیسے دانائے روزگار۔ اور خوئے دوست س جس اسم کے آخر ہا ہوز ہو اُس کا وقت اضافت کیا حال ہے ج ایسی ہ کو ہمزہ سے بدل دیتے ہیں جیسے خوشۂ انگور س اضافت سے کیا فائدہ ہی ج اگر مضاف الیہ معرفہ ہوتا ہے تو اضافت سے مضاف بھی معرفہ ہو جاتا ہی جیسے غلام زید غلام اس صورت میں معرفہ ہی اور اگر مضاف الیہ نکرہ ہوتا ہی تو اضافت سے مضاف میں تخصیص آجاتی ہی جیسے غلام مرد یعنے مرد کا غلام ہے عورت کا نہیں پس عام نہ رہا خاص ہو گیا س مرکب توصیفی کسے کہتے ہین ج مرکب توصیفی وہ ہے جو صفت اور

Marfat.com

خصوصیت رکھتا ہے **س** - ط - ظ - ع - غ - ف - ق میں سے کون کون کس کس حرف سے تبدیل ہوجاتا ہے اور ان میں سے کون کون زبان عربی سے خصوصیت رکھتے ہیں **ج** ط دال مہملہ سے جیسے خطشہ خذشتہ اور غ کاف فارسی اور زا معجمہ سے تبدیل ہوتا ہے۔ جیسے لغام لگام - گریغ - گریز اور ف با موحدہ اور با فارسی سے جیسے زبان - زفان و کشتاسف و گشتاسپ اور قاف کاف اور غ سے جیسے تریاق - تریاک - قالیچہ - غالیچہ اور ط ظ ع - ق زبان عربی سے مخصوص ہیں **س** ک کس کس حرف سے تبدیل ہوتا ہے اور کیا خاصیت رکھتا ہے۔ **ج** ہار مہملہ اور خاء معجمہ سے تبدیل ہوتا ہے۔ جیسے خواجک و شاہ کچہ شاہانچہ اور اس کا خاصہ یہ ہے کہ جب حرف ندا اور اسم اشارہ پر آتا ہے تو اُن کا الف تلفظ سے ساقط ہوجاتا ہے جیسے کاین اور کان اور کائے میں اور ضمیر کے اوپر آنے سے کبھی تلفظ اور کتابت دونوں میں الف گر جاتا ہے جیسے **ع** کو اخبر نیست کہ از بام دو افتد ؛ اور حرکت الف کی ان سب صورتوں میں کسرہ پر آجاتی ہے **س** ک کتنے معنے میں مستعمل ہے **ج** انیس معنوں میں شرطیہ جیسے سہ چکم گردد اے صدر فرخندہ پے ؛ ز قدر رفعت بدرگاہ ے ؛ کہ باشد گشتے گدایان خیل ؛ بہمان دارد سمت طفیل ؛ **بیانیہ ع** صد شکر کہ بردہ نامہ ام رنگ قبول ؛ **بمعنے ہر کس** سہ گزند کسانش نیاید پسند ؛ کہ ترسد کز دلکش آید گزند ؛ **علت** سہ ز لشکر کہ بود زور شاہنشہاں ؛ کہ یک تن بہ تنہا بگیرد جہاں ؛ **بمعنی مثل** نیست در ہر جفا کہ کہ او ؛ **بمعنے از** بہ نزدیک من صلح بہتر کہ جنگ **بمعنے بلکہ** سہ مکافات دشمن بمالش بکن ؛ کہ بخشش برآمد دہ باید نہ بن **جواب قسم** حقا کہ با عقوبت دوزخ برابر است ؛ **کرامیہ یا استفہامیہ** اے دل بپیش رفتہ آخر بگو کہ رامی **عطف** اے بسا اسپ تیز رو کہ بماند کہ خر لنگ

Marfat.com

موصوف سے ملکر بنے اور صفت وہ ہی جس سے کسی اسم کی برائی یا بھلائی معلوم ہو اور موصوف وہ جس کی برائی یا بھلائی بیان کی جاوے اور موصوف جب صفت سے مقدم آتا ہی تو اُس کے آخر کسرہ لاتے ہیں اور وقت تقدیم صفت کسرہ نہیں لاتے جیسے مرد نیک اور نیک مرد س صفت کے کے درجی ہین ج ایک ادنی جیسے شیرین دوم اوسط جیسے شیرین تر۔ سوم اعلے جیسے شیرین ترین س کیسے اسماء صفت کا فائدہ دیتی ہیں

ج وہ مرکب غیر مفید جو دو اسم یا ایک اسم اور ایک صفت یا اسم اور فعل یا اسم اور حرف یا فعل اور حرف سے ترکیب پاتے ہین وہ اکثر فائدہ صفت کا دیتے ہین جیسے ماہر و خوشخوی گلفشان۔ کم عقل۔ دانا س مرکب امتزاجی کی تعریف کیا ہے اور اُس کی کتنی قسمین ہین ج مرکب امتزاجی اُس کو کہتے ہیں جس مین دو کلمے مِل کر ایک ہوجائیں جُدا جُدا معلوم نہون جیسے یازدہ یا اُس کا دوسرا جزو علیحدہ معنی مستقل نرکھتا ہو۔ اور اُس کی دو قسمین ہین اول وہ مرکبات جو فعل اور حروف سے مرکب ہوتے ہین جیسے دانا اور دانش۔ دوم وہ جو حرف اور اسم سے بنتے ہین اور یہ کئی معنون کا فائدہ دیتی ہین اول فاعلیت جیسے آہنگر۔ دوم نسبت جیسے زرین سوم لیاقت جیسے دادنی چہارم تشبیہ جیسے آسمان۔ پنجم محافظت جیسے ساربان ششم بمعنے صاحب جیسے خردمند ہفتم مشارکت جیسے ہمراہ ہشتم۔ تصغیر جیسے طفلک۔ نہم۔ اتصال جیسے خوابناک۔ دہم ظرفیت جیسے نمکسار س مرکب غیر امتزاجی کی تعریف اور قسمین بیان کرو ج مرکب غیر امتزاجی وہ ہے کہ اُسکے کلمات جُدا جُدا معلوم اور بامعنے ہون۔ اور اُسکی کئی قسمین ہین ایک وہ ترکیب جو الفاظ مفید معنے رنگ کے ساتھ مرکب ہون جیسے سبز رنگ گلگون لالہ فام سیہ جروہ۔ دوم مرکب تمیزی۔ جس میں ایک اسم جامد دوسرے اسم جامد کے ابہام کو رفع کرے جیسے یک من شہد دو چمچہ دوغ وغیرہ۔ سوم۔ وہ مرکب جو اشارہ اور مشار الیہ سے ترکیب پاوے جیسے

مرکب امتزاجی

Marfat.com

جان بمنزل برد ؛ **وقایہ** بہ فضلت کہ باران رحمت بسیار **صلہ** ع ہر سو خستہ جانے کہ بہ کشمیر در آید **مفاجات** گر مرغ کباب ست کہ بال و پر آید ؛ **ترديد** یارب اینجا باشم کہ روم **زائد** او ا گفتم کہ بیا۔ **تصغیر** دخترک **فاعلیت** گوزک **مفعولیت** پیچک **مصدر** و **ی** خوراک **س** ۔ گ یعنی ک فارسی کس کس حرف سے تبدیل ہوتا ہے **ج** غ سے جیسے گلولہ ۔ غلولہ دال مہملہ سے جیسے آونگ آوند جیم تازی سے جیسے گلنار جلنار و ا الی ماوراء النہر ۔ کبھی کاف تازی سے بدل لیتے ہیں جیسے جنگ جنک س لام سے کس کو تشبیہ دیتے ہیں ۔ اور کس حرف سے تبدیل کرتے ہیں **ن** لام سے زلف کو تشبیہ دیتے ہیں ۔ اور ر سے تبدیل کرتے ہیں جیسے چناگل چنار **س** م سے اعضائے انسان میں کس کو تشبیہ دیتے ہیں **ج** م کے ساتھ ذہن کو تشبیہ دیتے ہیں **س** م کتنے معنوں میں آتا ہے مع امثلہ بتائد **ج** نو معنوں میں ۔ ضمیر واحد متکلم فاعلی جیسے ع یکے دیدم از عرصۂ رو زبانہ ۲ ضمیر واحد متکلم مفعولی جیسے ع ازاں داروئے تلخ بیش کنم ۳ ضمیر اضافی ع اگر تراود از زبانم لیس فی و بقی سواہ بمعنے ۴ ستم ع دوم از حسن عمل چوں رو سپیدی از گناہ بمعنے ۵ خود ع نگویم بجز غیبت مادرم بمعنے ۶ نون نفی کن ۔ مرساد تعیین ۷ محل ۔ یکم ۔ دوم زائد ع نے بر سر راہشم مغیلان علامت تانیث ۔ خانم **س** میم کس جگہ حذف کیا جاتا ہے ۔ اور کس کس حرف سے تبدیل ہوتا ہے ۔ **ج** دو کلموں کے دو میم پاس پاس آویں تو ایک حذف کر دیتے ہیں جیسے نیمن کہ اصل میں نیم من تھا اور نون اور خار معجمہ اور عین معجمہ اور غار سے تبدیل ہوتا ہے جیسے کجین ۸ برم ۔ بتج ۔ پیمانہ پیغامد ۔ مخبر ۹ مخبر **س** ن سے کس کس چیز کو تشبیہ دیتے ہیں **ج** ۱۰ ہار و حصہ ۱۱

Marfat.com

این جہان وغیرہ۔ چہارم۔ جو دو اسم جامد کے مکرر لانیسے حاصل ہو۔ اور فائدہ کثرت کا دے جیسے صحرا صحرا چمن چمن۔ یا کوئی اسم جامد کسی عدد یا کسی اور لفظ سے ترکیب پاکر فائدہ معنے کثرت کا دے جیسے یکسر تمام لشکر۔ پنجم۔ ترکیب عطفی جو معطوف اور معطوف علیہ سے مرکب ہو جیسے زید و عمرو اور بکر یا زید اور اس میں مرکب تعدادی بھی داخل ہی جیسے بست و یک وغیرہ ششم ترکیب اتصالی جس میں دو اسم متجانس بواسطہ حرف اتصال کے ملکر ایک کلمہ ہو جائین جیسے لبالب تازہ بتازہ۔ ہفتم۔ ترکیب تشبیہی جیسے سرو قامت ہشتم ترکیب علمی جیسے شمس الدین۔ نہم۔ اسم جامد اور امر کی ترکیب جیسے کاروان سس اسم جامد اور امر ترکیب پاکر کس کس معنے کا فائدہ دیتے ہیں ج اول فاعلیت جیسے روح افزا۔ دوم مفعولیت جیسے دلپذیر۔ سوم مصدر جیسے قدمبوس چہارم اسم آلہ جیسے قطرزن۔ پنجم ظرف جیسے زمین زرخیز س کوئی مثال مرکب غیر مفید کی بتاؤ ج پسر زید۔ سلیم الطبع۔ مرادخان۔ اور قاتل خونریز۔ خنجر بکف۔

## فصل دوم جملہ یعنی مرکب تام کے بیان مین

س کلمہ کے اقسام مین سے کون کون کلمے ملکر جملہ اور مرکب مفید ہونیکی صلاحیت رکھتے ہیں اور اُسکی کے قسمین ہین ج جملہ ہمیشہ دو اسم یا ایک اسم اور ایک فعل کے ملنے سے بنتا ہی خواہ لفظاً ہو یا تقدیراً۔ اور اُس کی دو قسمین ہین اسمیہ اور فعلیہ س جملہ کے اجزا کا نام کیا ہی اور اُن کے درمیان کے علاقہ کو کیا کہتے ہین ج جملہ میں ہمیشہ دو جز ضرور ہین۔ ایک مسند دوسرا مسندالیہ یعنے اسکے اجزا، میں سے جو کسی چیز کیطرف نسبت کیا جاوی اُسے مسند یا محکوم بہ کہتے ہین اور جس کیطرف نسبت کرین اُسے مسندالیہ یا محکوم علیہ کہتے ہین اور اُن کے

Marfat.com

اردو کو اس سے تشبیہ دیتے ہیں س نون کس کس معنی کا فائدہ
ن ج علامت نفی جیسے گفت نگفت اور ہا مختفی اور یا مجہول سے
مکرر نفی سے اور نے۔ اور کلام مکرر آنے سے مفید بمعنے اثبات ہوتا ہے
اصل ہا اصل ہوات نخواندند و نشنید قضا ترجمہ لفظ اہم را۔ یعنی ہر گاہ ترا
اصل ہا خواندند قضا معنی اہم نشنید س نون آخر کلمہ میں بعد حروف
علت یعنی مدہ کے کس طرح تلفظ کیا جاتا ہے اور کس کس حرف سے تبدیل
ہوتا ہے ن غنہ پڑھا جاتا ہے جیسے زبان۔ زبوں۔ زمیں۔ اور میم سے تبدیل
ہوتا ہے جیسے پان پام اور زائد بھی آتا ہے جیسے پاداش و پاداشن س واو کے
ہم کا ہوتا ہے ج تین قسم کا ہوتا ہے معروف و مجہول و معدولہ۔ معروف جیسے
تین مجہول جیسے شور میں اور معدولہ جو پڑھنے میں نہیں آتا جیسے خود اور خواجہ میں
اس کے بعد ان حروف میں سے ایک ہوتا ہے ا۔ د۔ س۔ ش۔ ن۔ ہ۔ ی جیسے
خواب۔ خود۔ خہ۔ خویشت خوش۔ اخوند۔ خویلہ۔ خویش اور واؤ سے پہلے اکثر خا رمعجمہ آتی ہے جیسے
خاوند سے ظاہر ہے س واو کتنے معنوں میں مستعمل ہے ج آٹھ معنوں میں۔ بیان
مضمون یا عطف جیسے گفتہ۔ و ناگفتہ حالیہ سہ تو خلوق و آدم ہنوز آب و گل ؛
مضمون جیسے سرد لازمت ع پیری و صد عیب چنیں گفتہ اند تفسیر ز ضعف و
ناتوانی رانہی بمعنے لیکن جیسے ع من و انکار شراب ایں چہ حکایت باشد ؛ یعنی ان
مجھ دست زائد جیسے دہلوی و غزنوی و تنومند و لیکن اور بار موحدہ اور با رفارسی اور
ف سے تبدیل ہوتا ہے جیسے نوشت۔ نیشت وام پام یاوہ یافہ طاؤس
ش ہش س کے قسم ہے ہر ایک مع تعریف بتاؤ ج دو قسم ہے ایک
ہا ہے مدہ وصلی جس کو مخفی کہتے ہیں س ہا اصلی اور وصلی میں کیا فرق
ج ہا اصلی حالت جمع میں بحال رہتی ہے جیسے گرہ گرہ ہا اور حالت تصغیر میں مفتوح

Marfat.com

درمیان کے علاقہ کا نام نسبت حکمیہ اور اسناد ہی س اسناد کس کو کہتے ہیں اور کلمات میں سے کون مسند ہوا کرتا ہی اور کون مسندالیہ ج اسناد ایک کلمہ کا دوسرے کی طرف ایسی طرح نسبت کرنا ہی کہ مخاطب کو فائدہ تام حاصل ہو۔ اور اسم مسند اور مسندالیہ دونوں ہو سکتا ہی جیسے زید دانا ست۔ اور فعل ہمیشہ مسند ہوتا ہی مسندالیہ خواہ اسم ہو جیسے زید زد۔ خواہ ضمیر ہو جیسے زدم اور حرف نہ مسند ہوتا ہے نہ مسندالیہ س بیا اورا ے زید مفرد ہیں یا جملہ ج بیا اگرچہ ظاہر میں ایک لفظ ہی مگر تقدیرًا دو ہیں۔ کیونکہ ضمیر واحد مخاطب اُس میں مستتر ہے اور ایسے ہی اے زید کے معنی ہین میخوانم زید را۔ پس۔ بیا جملہ فعلیہ ہے اور اے زید بھی قائم مقام جملہ فعلیہ کے ہی س جملہ فعلیہ کی تعریف اور اقسام مع تعریف بتاؤ ج جملہ فعلیہ وُہ ہے جو فعل اور فاعل سے مرکب ہو۔ فعل مسند ہوتا ہے۔ اور فاعل مسندالیہ۔ پس اگر فعل لازم ہو سوائے افعال ناقصہ کے تو جملہ صرف فاعل پر تمام ہو جائے گا جیسے زید نشست۔ اور اگر متعدی ہوگا۔ تو مفعول کو بھی چاہیگا جیسے زید عمرو را زد س فعل ناقص کسکو کہتے ہیں اور جملہ فعلیہ مین اُسکے فاعل کا کیا نام ہے ج جو فعل لازم کہ سوائے فاعل کے کسی اور چیز کا بھی محتاج ہو اُس کو ناقص کہتے ہیں اور اسکے فاعل کو فعل ناقص کا اسم اور دوسری چیز کو خبر کہتے ہیں جیسے زید عالم شد مین زید اسم ہے شد کا اور عالم خبر س سوائے افعال ناقصہ کے اوروں کو کیا کہتے ہیں ج وُہ افعال تام کہلاتے ہین بلکہ اگر افعال ناقصہ کے معانی مین احتیاج خبر کی نہ رہے تو اس صورت میں وُہ بھی تام کہلائین گے جیسے ابر شد مین شد فعل تام ہے س جملہ فعلیہ میں اگر فعل مجہول ہو۔ تو اُس کا فاعل نہیں ہوگا۔ پھر جملہ کیسے بنے گا ج فعل اگر مجہول ہوگا تو متعدی ضرور ہوگا پس اُسکے مفعول بہ کو فاعل کا قایم مقام کر دیتے ہین اور اُس کو مفعول

Marfat.com

اور اضافت کیوقت مکسور ہو جاتی ہے جیسے زرہ من اور ہاء وصلی جہت اظہار فتحہ ماقبل آخر کلمہ میں آتی ہے اور صرف چار جگہ اظہار کسرہ ماقبل کرتی ہے۔ یعنی کہ۔ چہ۔ نہ۔ سہ میں س ہاء وصلی کتنے معنے میں آتی ہے ج بارہ معنوں میں آتی ہے زائد گفتہ۔ رفع اشتباہ جامہ تصغیر عزالہ مجہولی گفتہ نشد۔ مفعولی بستہ ورنجہ۔ تعین مدت یک روزہ۔ لیاقت بعد الف و نون شایانہ تشبیہ دندانہ تخصیص پشمینہ۔ فاعلی۔ زندہ اور یہ ہاء بحالت جمع گاف سے تبدیل ہوتی ہے جیسے زندگان۔ ہاء صفت پیادہ۔ سوارہ۔ عطفی۔ واتصالی۔ آمدہ رفت۔ س ہاء کس کس حرف سے تبدیل ہو جاتی ہے ج کاف فارسی یا تحتانی یا ف تازی سے بدل جاتی ہے جیسے شرمندہ سے شرمندگی۔ اور شاہگان سے شاہگان۔ خاکی۔ تصغیر خامہ اور وقت اضافت ہمزہ سے گنجینۂ زر س ی کے اقسام مع تعریف و امثلہ بتاؤ ج اس کی دو قسمیں ہیں۔ معروف جس کے ماقبل کسرۂ خالص ہو جیسے کردی میں۔ اور مجہول جس کے ماقبل کسرہ خالص نہ ہو۔ جیسے آمدے صیغہ تمنائی میں۔ س یاء معروف کتنے معنے میں آتی ہے ج پانچ معنوں میں اول مصدری جیسے پارسائی۔ دوم خطابی جیسے ع میاموز جز علم گر عاقلی ؛ سوم نسبت جیسے ہندی۔ چہارم متکلم جیسے ملاذی۔ پنجم۔ لیاقت جیسے رفتنی۔ س نسبت کی ی کس طرح لگائی جاتی ہے ج اس کا قاعدہ اکثر تو یہی ہے کہ اسم ذات پر لگائی جاتی ہے جیسے ہندی اور عربی وغیرہ۔ مگر جس اسم کے آخر میں الف مقصورہ ہوتا ہے۔ اس کو واؤ سے بدل دیتے ہیں جیسے مرتضے سے مرتضوی یا ی سے پہلے ہمزہ زائد کرتے ہیں۔ جیسے عیسائی اور اگر آخر اسم میں ی یا ہ مختفی ہوتی ہے تو وہ واو سے بدل جاتی ہے جیسے دہلی سے دہلوی اور گنجہ سے گنجوی۔ اور کبھی ہ کو حذف کر دیتے ہیں۔ جیسے مکہ سے مکی اور کبھی

Marfat.com

**فاعل**

مالم یسم فاعلہ اُس فعل کا کہتے ہین اور فعل مجہول کا مسند الیہ اُسی کو کر کے جملہ بناتے ہین جیسے کتاب دیدہ شد میں دیدہ شد فعل مجہول اور کتاب اُسکا مفعول مالم یسم فاعلہ دونوں ملکر جملہ فعلیہ ہوا اس فاعل کی تعریف کیا ہے۔ اور اُس میں اور اسم فاعل مین کیا فرق ہے ج فاعل وہ ذات ہی جس سے کوئی فعل صادر ہو یا اُسکے ساتھ قائم یعنے جو کسی فعل کا مسند الیہ ہو اور اسم فاعل وہ الفاظ ہیں۔ جو مصدر سی مشتق ہوں اور ذات مذکور پر دلالت کرین بس فاعل بجاے مسمے کے ہی اور اسم فاعل بمنزلہ اسم کے س فعل اور فاعل میں کس کس چیز میں اتحاد شرط ہے۔ ج وحدت و جمعیت اور غیبت اور حضور اور تکلم میں فعل و فاعل ایک سے ہونے چاہئین جیسے او می آید۔ ما مے آئیم۔ مگر جب فاعل غیر ذی روح ہوتا ہی تو جمع مین بھی فعل واحد لا سکتے ہین جیسے سخنہا در میان آمد بجاے آمدند س مفعول بہ کسکو کہتے ہین اور اُس مین کیا کیا چیز داخل ہے ج مفعول بہ وہ اسم ذات ہے جس پر فاعل کا فعل واقع ہو جیسے کتاب را بہ بین کتاب مفعول بہ ہے اور منادی اور مندوب اور محذر منہ۔ مفعول بہ میں داخل ہیں یعنی یہ بھی فعل محذوف کے مفعول بہ ہوا کرتے ہین جیسے ای زید اصل مین ہی مے خوانم زیدرا لیکن فعل اور فاعل کو حذف کر کے حرف ندا کو اُسکے قایم مقام کر دیا۔ اسی طرح آہ زید اور وزد وزد مین سی فعل حذف ہو گیا اوزا اول میں حرف ندبہ اور دوسرے میں مکرر لانا مفعول بہ کا قائم مقام فعل کے ہے س مفعول بہ کے سوا کوئی اور بھی مفعول ہوتا ہی ج ہان فارسی مین تین اور مفعول ہوتے ہین اول مفعول مطلق یعنے فعل کے ساتھ اُس کا مصدر یا حاصل مصدر یا مصدر کا مرادف واقع ہو۔ جیسے زید یک نشست خواہد نشست یا ضربے میزند۔ اور اس طرح لانے سے فائدہ تاکید یا تعداد کا ہوتا ہے۔ اور اگر حاصل مصدر کو مضاف لائین تو مفعول

**مفعول**

Marfat.com

ہ پر ہمزہ لکھ دیتے ہیں اور ی تلفظ میں رہتی ہے جیسے فاختہ سے فاختہ اور نقرہ سے نقرۂ۔ اور کبھی ہ کو گاف سے بدلتے ہیں جیسے پروگی اور کبھی ی نسبت کے پیشتر الف نون زائد کرتے ہیں۔ جیسے حق سے حقانی اور بعض نسبتیں ان سب کے خلاف ہیں جیسے ری سے رازی اور مرو سے مروزی اور مدینہ سے مدنی اور مرکب اسمار میں ایک جز کی طرف نسبت کرتے ہیں جیسے بیت المقدس سے مقدسی س نسبت کیلئے ین بھی آتا ہے جیسے آہنین پس اس میں اور صرف ی میں کیا فرق ہے ج ین میں اکثر تشبیہ ملحوظ رہتی ہے جیسے ساق سیمین اور پنجہ آہنین اور ی صرف نسبت کے لئے مستعمل ہے۔ اور ایک فرق یہ ہے کہ ی کی نسبت اُس موصوف کے لئے بولتے ہیں جو منسوب سے بنا ہو جیسے تخت طلائی اور تاج نقرہ اور سیخ آہنی۔ س عیسوی اور عیسائی میں کیا فرق ہے ج اصل میں کچھ فرق نہیں مگر اصطلاح میں پیروان عیسٰی کو عیسائی کہتے ہیں۔ اور دوسری چیزیں جو آپ کی طرف منسوب ہیں ان کو عیسوی کہتے ہیں جیسے مذہب عیسوی اور سنہ عیسوی س یا مجہول کس کس معنی کا فائدہ دیتی ہے ج آٹھ معنوں کا۔ اول وحدت جیسے سہ خرومند مردے در اقصائے شام۔ دوم۔ ایمائی یا توصیفی جیسے سہ عزیزے کہ از درگہش سر نتافت۔ سوم تنکیر جیسے سہ بردں زانکہ یاری گری خواستی۔ چہارم استمراری جیسے گفتندے۔ پنجم۔ تعظیم جیسے زید مردیست۔ ششم زائد جیسے یکے بسہ وغیرہ۔ ہفتم۔ یا رابطہ جیسے رکاب کا ابالہ رکیب۔ ہشتم مفید معنے امر جیسے ع فرد امید ابندہ نوازا رحمے۔ اے رحم کن س یا مجہول کس کس حرف سے تبدیل ہوتی ہے۔ ج الف اور ہاء مہملہ سے آرام سیارام۔ شاہگاں۔ شایگاں۔ یہاں تک بیان حروف مفردہ کا

Marfat.com

مطلق سے فائدہ وضع کا ہوتا ہے جیسے نشست امیر می نشینم یعنی امیروں کی سی مٹیک
دوم۲ مفعول فیہ یعنے فعل کے ہونیکی جگہ یا وقت اول کو ظرف مکان - اور دوم۲ کو ظرف
زمان کہتے ہین جیسے شب کجا بودی مین شب ظرف زمان ہی - اور کجا ظرف مکان
سوم۳ مفعول لہ جسکے سبب سے فعل کیا جائے اُس کی بھی دو قسمین ہیں ایک یہ کہ اُسکے
باعث سے فعل واقع ہو اور سبب مذکور پہلے سی موجود ہو جیسے دیانۃً راست گفتم -
یعنے بباعث دیانت - یعنے دوسرے یہ کہ فعل سے وہ سبب مقصود ہو پہلے سی موجود نہو جیسے
زید را تادیباً زدم یعنے برائی حصولِ ادب س ان مفعولون کا دوسرا کیا نام ہے
ج اُن کو فضلہ اور زوائد اور متعلق فعل کہتے ہیں س سوائے ان مفعولونکے اور کون
سے فضلے اور متعلق ہین مع تعریف و مثال بتاؤ ج وہ دو ہین اول جار و مجرور یعنی
حروف جارہ مع اُن اسمار کے جن پر وہ داخل ہوں ہمیشہ فعل یا شبہ فعل یعنی مصدر
و اسم مشتق کے متعلق ہوا کرتے ہیں اور فاعل و مفعول و مبتدا و خبر ہونیکی صلاحیت نہیں
رکھتے جیسے از ہند تا چین رفتم - اسمین از ہند اور تا چین دونوں جار اور مجرور ہین اور
متعلق رفتم کے اور جہان فعل یا شبہ فعل مذکور نہیں ہوتا وہان محذوف مانتے ہین
جیسے ع بنامِ ایزدِ دانائے اکبر ٭ کہ جار اور مجرور ابتدائے کنم محذوف کے متعلق
ہے - دوم۲ حال یعنی وہ اسم یا جملہ کہ ہیئت فاعل یا مفعول کی بیان کرے اور جس
فاعل یا مفعول کی کیفیت بیان ہوگی - اُسکو ذوالحال کہینگے اور ذوالحال
اور حال ملکر فعل کا فاعل یا مفعول ہوگا - مثلاً زید خندان می آمد مین زید ذوالحال
ہی اور خندان اُس کا حال اور دونون ملکر مے آمد کے فاعل ہین یا آفتاب را تابان دیدم
مین آفتاب ذوالحال ہی اور تابان اُس کا حال اور دونوں ل کر مفعول ہین دیدم
کے - اور عربی میں تمیز اور مستثنےٰ بھی فضلے ہوا کرتے ہیں - مگر فارسی مین وہ ہمیشہ
فضلہ نہین پڑتے - چنانچہ آگے معلوم ہوگا - س جملہ فعلیہ میں کس کس

Marfat.com

ہوا۔ اب بعض حروف مرکبہ کا بیان کیا جاتا ہے:

# حروف مرکبہ کا بیان

**س** حروف جار کیا ہیں اور اُن سے کیا غرض ہے **ج** وہ حروف ہیں آ تا۔ برائے۔ بہر۔ پے اور کبھی ان تین پچھلوں پر اذ زیادہ کر کے ازبرائے وغیرہ کہتے ہیں تہ۔ اندر۔ بر اور جو اُن کے معنی میں ہو اور اُن سے غرض یہ ہوتی ہے کہ فعل اور مشابہ فعل کے معنے اسم پر پہنچاتے ہیں یا دو کلموں کے ربط کے لئے آتے ہیں اور کاف تشبیہ اور مِن اور عَلیٰ اور فی اور لام مکسور عربی کے حروف جارہ ہیں جو فارسی میں مستعمل ہیں۔ **س** از کتنے معنوں میں آتا ہے **ج** آٹھ معنوں میں اکثر مستعمل ہوتا ہے اوّل تبعیض جیسے مردے از مردماں دوم علت جیسے از خوف دشمناں۔ سوم بیانیہ جیسے تخت از طلا۔ چہارم ابتدا جیسے از ہند تا سندھ۔ پنجم بمعنی بر جیسے فلاں از نفس خود بخیلی میکند ششم استعانت جیسے کار عظیم از تو نظام یافت۔ ہفتم بمعنے در جیسے **ع** کار ما ہم از چہل روز گردد تمام ہشتم بمعنے را جیسے از دولت بہ نیکی یاد میکند۔ اور واضح ہو کہ از کا الف بھی گرانا جائز ہے۔ اور یہ حذف نظم میں بہت مستعمل ہے اور اگر یہ حرف ضمیر و اشارہ پر آتا ہے تو اُن کا الف گرا کر اس کی حرکت زکو دینی جائز ہے جیسے ازو اور ازاں کو زو اور زاں کہتے ہیں **س** بآ کتنے معنوں میں مستعمل ہے **ج** جو معانی با موحدہ کے حروف مفردہ میں لکھے گئے ہیں۔ اسیقدر باتا کے معنے سمجھو **س** تا کتنے معنوں میں آتا ہے **ج** نو معنوں میں۔ اوّل ابتدا جیسے **ع** تا تو رفتی ز بزم ما ہے گل بستان پمردہ دوم انتہا جیسے **ع** کہ تا بر فلک ماہ و خورشید ہست سوم۔ شرط جیسے **ع** تا بجمع امکان دو جزو شد

Marfat.com

مقام پر فعل محذوف ہوتا ہی ج ایک جواب استفہام مین سی فعل کو حذف کر دیتی ہین جیسے کوئی کہے کہ آمد اُسکے جواب مین کہا جاوی زید تو یہان آمد محذوف ہی اور کبھی فعل وفاعل دونوں محذوف ہوتے ہین۔ جیسے کوئی کہے کہ زید کرا زد۔ اور اُس کے جواب مین کہا جاوی بکررا تو یہان سے زد زید بقرینہ سوال محذوف کر دیا ہے۔ دوّم ب بمعنی ابتدا کے اور ب بمعنی قسم کے پہلے بھی جملہ محذوف ہوتا ہے جیسے ع بنام جہاندار جان آفرین۔ کے پہلے ابتدا میکنم محذوف ہے۔ اور بخدا کے پہلے قسم میخورم۔ سوّم ندا اور منادی میں بھی محذوف ہوتا ہے۔ اور اُس کی مثال مذکور ہو چکی س جملہ اسمیہ اور اُس کے اجزا کے نام مع تعریف بتلاؤ ج جملہ اسمیہ وُہ ہے جو دو اسمون سے بنے ان مین سے مسند الیہ کو مبتدا اور مسند کو خبر کہتے ہین اور مبتدا کی پہچان یہ ہی کہ ہمیشہ اسم ذات ہوا کرتا ہی جیسے زید دانا است مین زید اسم ذات مبتدا ہے س رابطہ کسے کہتے ہین اور اُس کا کیا حال ہے ج وُہ لفظ جس سی مبتدا اور خبر کے درمیان ربط ہو جاتا ہے۔ اُسے رابطہ کہتے ہین اور وہ فارسی مین چھ ہین۔ ست ۔ ندی ۔ یدم ۔ یم ۔ اور اگشر خبر کے بعد آتے ہین اور وحدت اور جمعیت مین مطابق مبتدا کے ہوتے ہین جیسے زید جاہل است و مردمان عاقل اند اور اگر خبر کے آخر مین الف یا ہ ہوتی ہے تو روابط سے پہلے الف زائد لاتے ہین جیسے کتاب بیش بہا است و نقوش دیرینہ اند۔ س کیا مبتدا کبھی محذوف بھی ہو جاتا ہے ج ہان بقرینہ سوال وغیرہ کبھی مبتدا کو حذف کر دیتے ہین جیسے کوئی پوچھے کہ رستم پسر کیست اور اُسکے جواب مین کہا جاوی کہ پسر زال است تو یہان سے لفظ رستم کہ مبتدا ہی محذوف ہو گیا ہے س جملہ اسمیہ اور فعلیہ کی کتنی قسمین ہین مع تعریف بیان کرو ج ہر ایک کی دو قسمیں ہین خبریہ اور انشائیہ جملہ خبریہ اُسکو کہتے ہین جسکے کہنے والیکو سچا اور جھوٹا کہہ سکین یعنی جو جملہ اُس نے زبان سے

Marfat.com

ع بیاد کس نیایم تا نباشم بار خاطر ہا۔ پنجم س
ع ششم بمعنے عدد جیسے ع
ع تا چہ خوری فریب ہشتم ہیچ جیسے ع عمر گرانمایہ ہدیں صرف شد ؛ تا چہ خوری فریب
ع تا چہ خواہی خریدن اے مغرور۔ نہم ہم۔ جلدی سے
ع تا ترا از دور دیدم جیسے ع ہمانندم
ع من ؛ س ہم بھی حرف جار ہوتا ہے یا نہیں اور کتنے معنوں
ع یہ حرف جار اسی صورت میں ہوتا ہے کہ برائے کے معنوں
ع خانہ را بکن یک نظر سوئے ما ؛ اور علامت مفعول کے لئے اکثر
ع دوستاں را کجا کنی محروم ؛ اور اس صورت میں کبھی محذوف
ع اے داغ بر دل از غم خال تو لالہ را ؛ یعنی بر دل
اور کبھی زائد اور بڑھانے اور اٹھانے کے زائد آتا ہے جیسے ع کس نمے بینم
س حروف عاطفہ مع تعریف بتاؤ۔ ج حروف عاطفہ
کہ دو کلموں یا جملوں کے درمیان آکر اُن کو ایک حکم میں شامل کر دیں۔
پس۔ دگر۔ دیگر۔ ہم۔ نیز ہیں۔ جیسے زید و عمرو آمد۔ اور شبا
آمد و گفت بمعنے آمد و گفت اور کلمات۔ اگرچہ۔ گرچہ
اور بھی عطف اور اتصال کے لئے مستعمل ہیں۔ س ترديد
اس کے لئے کون سا حرف مستعمل ہے۔ ج حرف ترديد
معطوف اور معطوف علیہ میں سے ایک غیر معین
یا اور خواہ مستعمل ہے اور کبھی کہ بھی جیسے زید رفت
اور کبھی اگر بھی ترديد کے لئے آتا ہے س
عاطف کیا ہیں ج اضراب کے معنے

Marfat.com

نکالا ہی اُسکو مطابق حقیقت حال کے یا غیر مطابق تا سکین پس جملہ خبریہ کیلیے ایک ماجرا کا ہونا ضرور ہی جس کے ساتھ اس جُملہ کی مطابقت دیکھی جاوے اور جملہ انشائیہ وُہ ہی کہ اُس کے کہنے والیکو سچا اور جھُوٹا نہیں کہہ سکتے یعنے اُس مین کوئی اصلی ماجرا نہیں ہوتا جسکی مطابقت سے اُسکو سچا اور غیر مطابقت سے جھُوٹا کہا جائے بلکہ وہی جملہ کے الفاظ متکلم کی غرض ظاہر کرتے ہین کسی دوسرے واقعہ کی کیفیت بیان نہین کرتے۔ اور جملہ انشائیہ کی نو قسمین ہین اوّل امر جیسے بزن دوّم نہی مزن سوّم تمنی کاش عالم شدے چہارم ندا اے کریم کرم کن پنجم قسم بخدا کہ رویت نہ بینم ششم تعجب۔ چہ گویاست۔ ہفتم استفہام۔ چہ میکنی ہشتم عرض یعنی کسی کام کا شوق دلانا جیسے۔ مطالعہ پیشتر چرا نہ بینی کہ سبق آسان نماید۔ نہم عقود یعنی معاملات دادستد مین جو جملے مستعمل ہین جیسے بائع کہے کہ بہ شش میفروشم اور مشتری کہے بہ پنج خریدم س کون کون جملہ بغیر دوسرے جملہ کے تمام نہیں ہوتا۔ ج اول ندا اور منادی بدون ایک جملہ کے (جسے جواب ندا کہتے ہیں) تمام نہین ہوتا جیسے ای رحیم رحم کن۔ اسمین دوسرا جملہ یعنی رحم کن جواب ندا ہے۔ دوّم قسم۔ کہ بے جواب کے پورا نہیں ہوتا جیسے بخدا چنین خواہم کرد۔ سوّم شرط کہ بدون جواب کے (جسکو جزا کہتے ہین) پورا نہیں ہوتا جیسے اگر رفتے جان بسلامت بردے اور یاد رہے کہ کبھی جزا کو محذوف بھی کر دیتے ہین جیسے ع ترا گر با قضا یارائے جنگ است۔ یہ جنگ محذوف ہی س ترکیب کے اعتبار سے جملہ کی کے قسمین ہین مع تعریف و مثال بتاؤ س ج اوّل مستانفہ جو ابتدا کلام مین واقع ہو جیسے علم خزینہ ایست مقفل۔ دوّم معترضہ جو مبتدا و خبر یا فعل و فاعل کے بیچ مین آجاوے اور اُن سے کچھ علاقہ نہ رکھتا ہو جیسے دوست من خدایش بیامرزد خوب بود اسمین خدایش بیامرزد جملہ معترضہ ہے سوّم مبینہ جو بطور تفسیر کلام سابق کے

اقسام جملہ باعتبار ترکیب

Marfat.com

اصطلاح میں ایک حکم سے اعراض کرکے دوسرے کیطرف انتقال کرنا ہے۔ اور اس کے لئے بل اور بلکہ مستعمل ہیں س حروف شرط کیا ہیں ج گر۔ اگر۔ اور ہرگاہ ہرگہ۔ چوں۔ چو۔ اور بعض اوقات اسماء موصولہ مثل ہرکہ اور ہرچہ وغیرہ کے فائدہ شرط کا دیتے ہیں س حرف علت کیا ہیں ج چہ۔ کہ۔ زیراکہ۔ زیراچہ چراکہ۔ ازیں مر۔ ازیں سبب۔ بنابرہذا۔ س زیرا اور چرا کی ترکیب کس طرح ہے ج اصل میں زیں راہ اور چہ راہ تھا اب زیرا اور چرا بولتے ہیں س حروف استثناء کیا ہیں مع تعریف واقسام استثناء بتاؤ ج الا۔ مگر۔ غیر۔ سوائے جز۔ بجز۔ دون۔ بدون۔ درائے۔ ماورائے۔ ماسوائے۔ بغیر اور استثناء جملہ جملہ میں سے ایک جز کے نکالنے کو کہتے ہیں۔ پس جس مجموع میں سے کوئی چیز نکالتے ہیں اسکو مستثنےٰ منہ اور چیز کو مستثنےٰ کہتے ہیں۔ اور استثناء کی دو قسمیں ہیں ایک متصل جس میں مستثنےٰ منہ اور مستثنےٰ ایک جنس سے ہوں جیسے قوم آمد مگر زید دوسری منقطع یا منفصل جس میں دونوں ایک جنس نہوں جیسے بادشاہ خلعت بخشید مگر جامگیہ س حروف استدراک مع تعریف و امثلہ بتاؤ ج حروف استدراک وہ ہیں جن سے کلام سابق کا شبہ رفع کیا جاوے اور وہ لاکن۔ لیکن۔ لیک۔ ولیکن دلے ہیں س حروف ندا کیا ہیں ج اے یا آیا شروع میں اور الف آخر اسماء میں اور جس اسم پر یہ حروف آتے ہیں اُسے منادیٰ کہتے ہیں۔ س حروف استفہام بیان کرو۔ ج چیز کے لئے چہ اور چیست اور شخص کے لئے کہ اور کیست اور کدام۔ اور مقام کے لئے کجا اور کو اور وقت کیلئے کے اور کیفیت کے لئے چوں اور چگونہ اور سبب کے لئے چرا بولتے ہیں۔ س حروف تشبیہ اور اسکے معنی کیا ہیں ج چو۔ ہمچناں۔ ہمچنیں۔ چنانچہ۔ مثل۔ ہمچو۔ مانند۔ پندارتی۔ گویاگویی۔ وار۔ آ۔ ما۔ ماں۔ کردار۔ آنہ۔ سان۔ وان۔ دیس۔ وش۔ فش۔ وند۔

Marfat.com

واقع ہو اور اس جملہ کے پہلے کاف بھی آیا کرتا ہے جس کو بیانیہ کہتے ہین پس یہ جملہ مبین کی ذات کا بیان ہو تو مبتدا اس مین سے حذف کر دیتے ہین جیسے زید کہ فاضل است کجاست اصل اسکی ہے۔ زید کہ او فاضل ست کجا است اور اگر تعلق مبین کا بیان ہو تو مبتدا حذف نہین کرتے ہین جیسے۔ دوست من این طالب علم ست کہ کتابش خوب ست۔ کتابش مبتدا مذکور ہی اور طالب علم مبین کا متعلق اور یاد رہے کہ جملہ مبینہ فعلیہ بھی ہوا کرتا ہی جیسے ع شنیدم کہ خسرو بشیرویہ گفت۔ چہارم قسمیہ جو قسم اور جواب قسم سے ملکر ہوتا ہی جیسے ع بخدا کہ واجب آمدز تو احتراز کردن۔ پنجم شرطیہ یہ دو جملوں سی بنتا ہی اول کو شرط کہتے ہین جس پر حرف شرط ہوتا ہے۔ اور دوسرے کو جزا جیسے۔ فردا اگر می آئی اکرام خواہم کرد۔ ششم معللہ جو سبب کلام سابق ہو جیسے از انجا واپس آمدم کہ خوف دزدان بود۔ ہفتم منتجہ کہ کلام سابق کا نتیجہ ہو جیسے عالم متغیر ست و ہر متغیر حادث است یہ دونو جملہ شکل اول منطق کی ہی اور بطور قواعد منطقیہ لفظ کبر متغیر کو اگر حذف کر کے جملہ بنائین تو عالم حادث است رہتا ہی پس عالم حادث است جملہ نتیجہ ہی ہشتم معطوفہ جیسے زید آمد و خالد رفت اسمین خالد رفت جملہ معطوفہ ہی نہم ندائیہ جو ندا اور جواب ندا سے مرکب ہو جیسے ای کریم کرم کن دہم تعقیبیہ جس سے مضمون سابق کے عقب کا مضمون معلوم ہو جیسے بدہلی رفتم در انجا سودا گرے دیدم۔ یازدہم دعائیہ جیسے عمرت دراز باد

## فصل سوم حل التراکیب کے بیان مین

جو کہ قواعد فارسی کے سب مؤلفون نے سوائے اسکے کہ چند مثالون کی ترکیب ہر مضمون کے ذیل مین لکھدی ہی زیادہ نہین لکھی اس لیے اکثر طلبہ ترکیب کہتے وقت بہت الجھتے اور غلطی کرتے ہین۔ اس نظر سے بہت سی نظم و نثر کی ترکیب ذیل میں لکھی جاتی ہی تاکہ طلبہ کو سب طرح کے جملوں کی ترکیب کہنا آسان ہو جاوے اور قبل بیان ترکیب کے چند ایسی باتین جو ترکیب کہنی مین مدد کرین مذکور کیجاتی ہین پس ترکیب کہنے کے وقت اول یہ معلوم کرنا چاہیئے کہ جملہ

Marfat.com

آوند۔ اور تشبیہ کے معنے ہیں ایک چیز کو دوسری چیز کے ساتھ مانند کرنا پس جس کو مانند کرتے ہیں اُسے مشبہ اور جس کے ساتھ مانند کرتے ہیں اُسے مشبہ بہ کہتے ہیں۔ جیسے رویش ہمچو ماہ است۔ میں رویش مشبہ ہے اور ماہ مشبہ بہ **س** شک کے لئے کون کون کلمات مستعمل ہیں **ن** آیا۔ شاید۔ باشد۔ بود **س** حروف نسبت کیا ہیں۔ **ن** ین۔ یہ۔ ی معروف ۔ گاں۔ آنہ جیسے زرین۔ یکسالہ۔ ترکی دوگاں۔ سالانہ اور کبھی ان اور ن اور اک اور وی نسبت کے لئے آتے ہیں۔ جیسے ایران اور جوشن اور مغاک اور سیبویہ **س** حروف تنبیہ بیان کرو۔ **ن** الا ہاں ہیں۔ جملہ کے پیشتر آتے ہیں **س** حروف تحسین بتاؤ **ن** زہے خہے۔ مرحبا۔ حبذا۔ شاباش۔ واہ واہ۔ آفرین۔ **س** حروف ندبہ بیان کرو **ن** ندبہ کے لئے واؤ شروع کلمہ میں اور الف آخر میں آتا ہے جیسے وازیدا **س** حروف نفی کیا کیا ہیں **ن** نے۔ نہ۔ نا۔ بے **س** حروف تمنا بیان کرو۔ **ن** کاشکے کاشکی **س** حروف تعجب کیا ہیں **ن** چہ۔ چہا اللہ اللہ سبحان اللہ **س**۔ صاحبی کے معنی میں کون سے حروف آتے ہیں **ن** گار۔ ور۔ مند آخر اسماء میں جیسے ستمگار۔ بہرہ ور۔ خردمند۔ **س** حروف فاعلیت کے لئے مفید کون سے ہیں **ن** گراں آلہ آخر اسماء میں **س** ظرفیت کے لئے کون سے حروف ہیں۔ **ن** بکنار و سارستان دان۔ کدہ۔ وند آخر اسماء میں۔ **س** کثرت کیلئے کون سے حروف ہیں۔ **ن** ہزاردان گیر آخر اسماء میں۔ **س** لیاقت کے کون سے حروف ہیں **ن** ی دار۔ آنہ گاں آخر اسماء میں **س** حروف پیوستگی کے معنے کے مفید کون سے ہیں **ن** ناک۔ گین۔ اگین۔ سار آخر اسماء میں۔ **س**۔ کون سے حروف تصغیر کا فائدہ دیتے ہیں۔ **ن** ک۔ چہ۔ ینہ آخر اسماء میں۔ **س** رنگ کے لئے کون سے حروف مستعمل ہیں **ن** دام۔ فام۔ پام۔ گون

Marfat.com

فعلیہ ہی یا اسمیہ یعنی جملہ مین اگر فعل لفظًا ہو یا مقدر تو اُسکو جملہ فعلیہ جانو ورنہ اسمیہ پس اگر یہ معلوم ہو کہ جملہ فعلیہ ہی تو دیکھنا چاہیئے کہ فعل لازم ہی یا متعدی اگر لازم ہو تو اُسکا فاعل تلاش کرین اور متعدی میں فاعل اور مفعول بہ دونوں کو تلاش کرین اور اُسکے اجزاء کو جُداجُدا کہین کہ یہ فعل ہی اور اُسکا فاعل یہ ہے، اور اگر کوئی اور مفعول یا متعلقات میں سے بھی جملہ مین مذکور ہو تو اُس کو بھی بیان کرو اور پھر سب کو ملا کر جملہ فعلیہ کہو۔ اور اگر یہ معلوم ہو کہ یہ جملہ اسمیہ ہی تو اُسکے اجزا کو علیحدہ کہو کہ مبتدا کون ہی اور خبر کون اور متعلقات میں سے جو ہو اُس کا بھی نام لو اور سب کو ملا کر جملہ اسمیہ کہو پھر جُملہ کو دیکھیں کہ محتمل جھوٹ یا سچ کا ہے یا نہین اگر سچا اور جھوٹا ہو سکتا ہو تو اُس کو جملہ خبریہ کہو ورنہ انشائیہ۔ اور جس جملہ کے شروع پر کاف بیانیہ ہو اُس کو معلوم کرو کہ صلہ ہی یا وصف ہی یا محض بیان ہی اور پھر موصول یا موصوف یا مبین کو تلاش کرنا چاہیئے۔ اِسی طرح جب سب اجزا معلوم ہو جائین تو سب کو ملا کر ترکیب کہنا چاہیے۔ اور نیز ترکیب کہنے میں قاعدہ ہا، مفصلہ ذیل کو خوب یاد رکھنا چاہیئے (۱) جب فعل معروف کے معنے کے ساتھ لفظ کون یا کس نے ملادیں تو اُسکے جواب میں جو لفظ واقع ہو اُسے فاعل کہو۔ جیسے رفت زید اور گفت عمرو میں رفت کے معنے گیا کے ساتھ جب لفظ کون ملادین تو زید جواب میں واقع ہوگا۔ اور یہی فاعل ہے اور ایسے ہی گفت کے معنے کہا کے ساتھ کس نے لگادیں۔ تو اُس کے جواب میں عمرو کہا جاوے گا۔ پس عمرو فاعل ہے اور علے ہذا القیاس ہر فعل معروف میں یہی قاعدہ جانو۔

(۲) جب فعل مجہول کے معنے کے ساتھ کون یا کیا ملادیں تو اس کے جواب میں مفعول مالم یسم فاعلہ واقع ہوگا جیسے زید کشتہ شد اور سخن شنیدہ شد میں معنی افعال کیساتھ الفاظ مذکور ملا کر سمجھ لینا چاہیے اور فعل مجہول متعدی بدو مفعول میں

Marfat.com

گو کہ آخر اسمار میں او پچردہ اور پچردہ لفظ سیاہ کے بعد س شرکت کا مفید کونسا حرف ہے
ج ہم اسمار کے شروع میں فائدہ شرکت کا دیتا ہے جیسے ہمراز ہم مکتب وغیرہ

# باب دوم نحو کا بیان

س نحو کسے کہتے ہیں ج جن قواعد سے ترکیب مفردات کی حقیقت معلوم ہو انہیں نحو کہتے ہیں
س غرض نحو سے کیا ہے اور اُسکا موضوع کیا ہے ج غرض اُس سے یہ ہے کہ ترکیب کلمات میں خطا واقع نہ ہو اور مطلب عبارت بسہولت سمجھ لیا جاوے اور اسکا موضوع کلام ہے

## فصل اوّل مفرد اور مرکب کے ذکر میں

س لفظ موضوع اور مہمل کی تعریف بیان کرو ج لفظ اُس آواز کو کہتے ہیں۔ جو آدمی کے منہ سے نکلے پس اگر وہ معنی دار ہے تو موضوع جیسے کتاب اور بے معنی ہے تو مہمل کہلاویگا جیسے دیز
س علم اور اسم جنس کس کو کہتے ہیں ج اگر لفظ مفرد کے ایک معنی ہوں اور وہ بھی معین ہوں تو اُس کو علم کہتے ہیں اور اگر غیر معین ہوں تو اسم جنس کہتے ہیں س لفظ مشترک کس کو کہتے ہیں ج جس لفظ مفرد کے کئی معنی ہوں اور ہر ایک معنی کیلئے وضع کیا گیا ہو اسکو مشترک کہتے ہیں جیسے بارکہ۔ پھل۔ بوجھ۔ دخل کے معنی میں آتا ہے س منقول عرفی اور شرعی اور اصطلاحی کسے کہتے ہیں ج منقول عرفی وہ مفرد ہے جسے سب لوگ معنی غیر وضعی میں استعمال کرتے ہوں اور وضعی معنے متروک ہو گئے ہوں جیسے لفظ دابہ کہ اصل وضع میں ہر چلنے والے کو کہتے تھے اب صرف چار پایہ سواری کو کہتے ہیں اور منقول اصطلاحی وہ ہے جسے کسی جماعت مخصوص نے استعمال کیا ہو مثلاً اہل صرف و نحو وغیرہ نے جیسے لفظ فعل کو کہ اصل میں کرنے کے معنی ہیں اور باصطلاح اہل صرف وہ کلمہ بامعنی جسمیں کوئی زمانہ ہو۔ س معنی حقیقی اور مجازی کسے کہتے ہیں ج جو مفردہ لفظ واضع نے

Marfat.com

جو لفظ جواب میں کون کے واقع ہو اُسے مالم یسم فاعلہ جانو۔ اور جو کیا کے جواب میں آوے اُسے مفعول بہ سمجھو جیسے زید دانا دانستہ شد میں زید مفعول مالم یسم فاعلہ اور دانا مفعول بہ ہے۔

(۳) جب فعل معروف کیساتھ کس کو یا کیا ملاویں تو جواب میں مفعول بہ واقع ہوگا جیسے زید عمرو را زد اور زید طعام را خورد میں عمرو اور طعام مفعول بہ ہیں اور جب فعل متعدی بدو مفعول ہوتا ہے تو اول مفعول کس کو کے جواب مین اور ثانی کیا کے جواب میں واقع ہوا کرتا ہی جیسے زید را دانا دانستم۔ اس میں زید مفعول بہ اول اور دانا مفعول ثانی ہی۔

(۴) جب فعل کے معنے کیساتھ کب یا کہاں ملاویں تو اُسکے جواب میں مفعول فیہ واقع ہوگا۔ اور یاد رہی کہ جو لفظ جواب میں کب کے واقع ہوتا ہی اُسے ظرف زمان کہتے ہیں اور کہاں کے جواب کو ظرف مکان جیسے سحرگاہ زید را بالائے بام کشتم۔ اس مثال میں سحر اور بام مفعول فیہ ہیں۔

(۵) جب فعل کے معنے کے ساتھ کس واسطے یا کس سبب سے یا کیوں ملاویں تو اُس کے جواب میں مفعول لہ واقع ہوگا۔ جیسے زید را تادیبًا زدم۔ اس مثال میں تادیبًا مفعول لہ ہے۔

(۶) جب فعل کے معنے کے ساتھ لفظ کیسا کس قدر یا کس طرح یا کے بار ملاویں تو اُسکے جواب میں مفعول مطلق واقع ہوگا جیسے زدم زید را زدنی۔ اور نشست امیر نشستم اور یک ضرب زدم۔ ان مثالوں میں زدنی اور نشست امیر اور یک ضرب مفعول مطلق ہی اور ان میں سے اول تاکید دوسرا وضع۔ تیسرا عدد کے معنے کا فائدہ دیتا ہے۔

(۷) جب فعل کے معنے کیساتھ کس صورت سی یا کس حالت میں یا کیون کر

Marfat.com

کسی معنی کے لئے موضوع کیا ہے اگر استعمال اسکا انہیں معنوں میں ہو تو حقیقی کہیں گے جیسے حاتم بولیں اور جس کا نام تھا وہی مراد لیں اور اگر کسی دوسرے کے معنے پر بوجہ کسی مشابہت یا مناسبت کے بولا جائیگا تو اس دوسرے معنی کو مجازی کہیں گے۔ جیسے حاتم بولیں اور مرد سخی مراد لیں **س** مجازی کی کتنی قسمیں ہیں **ج** اگر حقیقی اور مجازی معنی میں علاقہ تشبیہ کا ہوتا ہے تو ایسے مجاز کو استعارہ کہتے ہیں۔ جیسے اسد بولیں اور شجاع مراد لیں اور اگر سوائے تشبیہ کے کوئی اور علاقہ ہو تو اسکو مجاز مرسل کہتے ہیں۔ جیسے نہر رواں شد کہ اسمیں نہر پانی مراد ہے باعتبار ظرفیت کے۔ اور اسطرح کے علاقے بہت ہیں۔ بعضوں نے پچیس شمار کئے ہیں۔ ہم بعض کو یہاں نقل کئے دیتے ہیں۔ اوّل ظرف بولنا مظروف مراد لینا جسکی مثال اوپر گذری۔ دوم اسکا عکس جیسے مغز او خواہم شکست یعنی سرش۔ سوم سبب بولنا مسبب مراد لینا جیسے ابر خوب بارید یعنی باران چہارم اسکا عکس جیسے نشہ خوردہ یعنی شراب۔ پنجم جز بولنا کل مراد لینا جیسے لفظ عین برائے جاسوس ششم اسکا عکس جیسے انامل برائے اصابع۔ ہفتم لازم بولنا ملزوم مراد لینا جیسے کسی سخی کی وفات پر کہیں۔ امروز سخاوت بمرد ہشتم اسکا عکس جیسے ظالم کو کہیں قصاب یعنی ستمگر۔ نہم مطلق بولنا مقید مراد لینا جیسے فردا کہیں اور فردائے قیامت مراد لیں۔ دہم اسکا عکس جیسے غصہ میں کہیں روئے زشت خود را در دار یعنی چہرہ روبرو کن۔ یازدہم خاص سے عام مراد لینا جیسے ہر فرعونے را موسیٰ۔ دوازدہم اسکا عکس جیسے مخاطب کو کہیں عاقل را اشارہ بس است۔ سیزدہم مضاف الیہ پر سے مضاف کا حذف کرنا۔ جیسے تمام شہر از دور خروش رفت یعنی اہل شہر۔ چہاردہم باعتبار آئندہ کے بول دینا جیسے طالب علم کو مولوی یا منشی کہیں پانزدہم بلحاظ گذشتہ کے بولنا جیسے بنک اپنے چھوٹے لڑکے کو کہہ دیتے ہیں۔ شانزدہم بلحاظ ضد کے ایک دوسرے کی جگہ بولنا جیسے آنکھ کو بصیر کہتے ہیں۔ ہفتدہم مصدر کو بمعنی فاعل یا مفعول بولنا جیسے عدل کہیں عادل مراد لیں یا علم کہیں معلوم مراد لیں۔ اگر حقیقی اور مجازی معنوں

Marfat.com

ملادین تو اُس کے جواب میں حال واقع ہوگا جیسے زید را تشنہ کشتم۔ اس میں تشنہ حال ہے اور زید ذوالحال

(۸) جب دو اسموں میں سے ایک اسم کے ساتھ لفظ کس کا یا کسکے یا کسکی ملاکر سوال کرین تو اسکے جواب میں مضاف الیہ واقع ہوگا اور پہلے اسم کو مضاف کہین گے جیسے غلامِ زید نزد عمرو کتاب بکر ان مثالوں میں سمجھ لینا چاہیئے۔

(۹) جب دو اسموں میں سے ایک اسم کیساتھ لفظ کیسا کیسے کیسی ملادیں تو اسکے جواب میں صفت واقع ہوگی۔ اور پہلے اسم کو موصوف کہین گے جیسے مرد نیک جوان عاقل زن خوش خو۔

(۱۰) جب کسی اسم کے ساتھ کیا ہی ملاکر سوال کریں تو اُس کے جواب میں خبر واقع ہوگی اور پہلے اسم کو اس صورت میں مبتدا کہیں گے جیسے زید دانا است میں جب کہیں کہ زید کیا ہی تو دانا اُس کے جواب میں واقع ہوگا پس زید مبتدا اور دانا خبر ہے

(۱۱) جب دو اسموں میں سے اول کے معنے کے ساتھ کیا چیز یا کس چیز کے یا کس چیز سے کو ملاکر سوال کریں تو اُسکے جواب میں تمیز واقع ہوگی اور اُس وقت میں پہلے اسم کو ممیز کہیں گے جیسے یک مشت خاک پس یک مشت بترکیب تعدادی ممیز ہے اور خاک تمیز اور علی ہذا القیاس دو پیمانہ شراب اور ایک رطل جو وغیرہ۔

(۱۲) جب دو یا کئی اسموں کے بعد کون ہے ملاکر سوال کرین تو اسکے جواب میں بدل واقع ہوگا اور اُسکے اول اسم کو مبدل منہ کہتے ہیں جیسے خانصاحب مشفق مہربان نورخان میں نورخان بدل اور اول کے اسمار بترتیب توصیفی مبدل منہ ہیں۔

**نوٹ** بدل اور مبدل منہ کسے کہتے ہیں اور بدل کی کتنی قسمیں ہیں ج دو اسموں سے ایک ہی ذات مقصود ہو تو اول کو مبدل منہ اور دوسری کو بدل کہتے ہین

Marfat.com

معنوں میں کچھ علاقہ نہ ہو تو اسکو مجاز مرتجل کہتے ہیں جیسے خرگہیں اور احمق مراد لیں **س** مرادف کیسے لفظ ہوتے ہیں **ج** جو ہم معنی ہوں جیسے خاطر اور ضمیر **س** اقسام مرکب مع تعریف بتاؤ۔ **ج** مرکب کی دو قسمیں ہیں۔ اوّل مفید اور اسے جملہ اور کلام بھی کہتے ہیں۔ دوئم غیر مفید جسے مرکب ناقص بھی کہتے ہیں۔ پس اگر سننے والے کو مرکب سے پورا مطلب حاصل ہو تو مفید ہے جیسے سبق بخواں اور نہیں تو ناقص جیسے کتاب من **س** مرکب ناقص کی کتنی قسمیں ہیں **ج** چار قسمیں۔ اوّل اضافی دوئم توضیحی سوئم امتزاجی چہارم غیر امتزاجی **س** مرکب اضافی کسے کہتے ہیں اور اسکی کے قسمیں ہیں۔ **ج** مرکب اضافی وہ ہے جو مضاف اور مضاف الیہ سے بنا ہو۔ اب معنی اضافت اور مضاف اور مضاف الیہ کے جاننا ضروری ہے پس اضافت ایک کلمہ کو دوسرے کی طرف نسبت کرنیکو کہتے ہیں اور مضاف وہ جو نسبت کیا جائے اور مضاف الیہ وہ جسکی طرف نسبت کریں۔ اور اضافت کی نو قسمیں ہیں۔ تملیکی۔ تخصیصی۔ توضیحی۔ بیانی یا تبیینی تشبیہی۔ مجازی۔ ظرفی۔ اقترانی۔ نہم اضافت بادنی ملابست **س** ہر ایک قسم اضافت مع تعریف و مثال بتاؤ **ج** تملیکی اضافت ملک کی ہے مالک کی طرف جیسے اسپ زید۔ تخصیصی مخصص کی اضافت ہے جانب مخصص کے جیسے پوست انار۔ توضیحی اضافت موضح جانب موضح ہے جیسے شہر بصرہ۔ بیانی جسمیں مضاف الیہ جنس اور مادہ مضاف کا ہووے جیسے دیوار گل تشبیہی یہ اضافت مشبہ بہ کی جانب مشبہ کے جیسے نرگس چشم۔ مجازی اس اضافت میں اثبات مضاف کا بہ نسبت مضاف الیہ کے بطور فرضی ہوا کرتا ہے جیسے سر ہوش۔ ظرفی۔ اس اضافت میں مظروف مضاف ہوتا ہے اور ظرف مضاف الیہ جیسے آب دریا۔ اقترانی۔ اس اضافت میں مضاف مضاف الیہ کے معنی کیساتھ اقتران معنوی رکھتا ہے۔ جیسے نامۂ عنایت۔ اضافت بادنی ملابست یعنی ایک اسم کو دوسرے کیساتھ مختصر سی مناسبت سے منسوب کرنا جیسے ایران ما تشبیہہ یہ بیان بموجب قواعد فارسی مروجہ حال کے لکھا گیا۔ بلکہ بعض کتابوں میں ایک قسم اضافت کی زیادہ لکھی ہے یعنی اضافت ابنی جسمیں مضاف اور مضاف الیہ کے درمیان لفظ ابن مقدر

Marfat.com

اور بدل کی چار قسمین ہیں۔ اوّل بدل کل جس میں معنی بدل کے اور مبدل منہ کے ایک ہوں جیسے اورنگ زیب عالمگیر۔ دوم بدل بعض کہ بدل کے معنے مبدل منہ کے جز ہون جیسے زید پائیں بشکست میں پائیں بدل بعض ہے۔ سوم بدل اشتمال کہ بدل مبدل منہ کا نہ کل ہو نہ جز بلکہ مبدل منہ اسکو مشتمل ہو جیسے زید پارچہ اش پاریدہ است کہ پارچہ اش بدل اشتمال ہی چہارم بدل غلط کہ غلط کے بعد بولا جاوے جیسے بمشہد میرودم بشیراز۔ اور یاد رہی کہ بدل بعض اور اشتمال نثر میں نہیں آتے نظم میں مستعمل ہیں۔ اور بدل غلط نثر اور نظم دونوں میں مستعمل نہیں ہوتا۔ جب تک کہ اُس کے پہلے حرف نفی مکرر نہ لاوین جیسے

ع بمشہد مے رودم نے بشیراز

اب جاننا چاہیئے کہ ترکیب کرنے میں بعضے اسماء اس طرح کے ہیں کہ وہ بدون دوسری چیزوں کے ملے جز و جملے کا نہیں ہوتے۔ یعنے نہ مبتدا ہوتے ہیں نہ خبر۔ فاعل نہ مفعول تو اب اس کا احوال مفصل سُننا چاہیئے **اوّل** مضاف ہی کہ بدون مضاف الیہ کے ملے ہوئے جز و جملہ کا نہیں ہوتا۔ بلکہ دونوں ملکر ہوتے ہیں۔ مثلاً اُنکے مبتدا ہونے کی مثال ؎ ترک احسان خواجہ اولی تر + کا حتمال جفائے تو اباں ترکیب اسکی یہ ہی ترک مضاف احسان مضاف خواجہ مضاف الیہ۔ یہ دونوں مضاف اور مضاف الیہ مل کر پھر مضاف الیہ ہوئی۔ ترک مضاف کے یہ مضاف اور مضاف الیہ مل کر مبتدا اور اولیٰ تر خبر کہ بمعنے از جار اور احتمال جفائے تو اباں مرکب تر کیب اضافی مجرور جار اور مجرور مل کر متعلق ہوئے اولیٰ تر خبر کے است علامت جملہ اسمیہ کی یہاں سے محذوف ہے، پس مبتدا اور خبر مل کر جملہ اسمیہ ہوا۔

خبر ہونے کی مثال ع راستی موجب رضائے خدا است + ترکیب راستی مبتدا

Marfat.com

ابن سینا یعنی بوعلی بن سینا۔ اس صورت میں مقسم دس ہوئیں مگر ارباب تحقیق کے نزدیک اضافت کی قسمیں چار ہیں ایک تملیکی دوم تخصیصی۔ سوم بیانی۔ چہارم ظرفی۔ ان اہل تحقیق کے نزدیک چوتھی اور پانچویں اور چھٹی اور آٹھویں اور نویں اور دسویں قسمیں اضافت تخصیصی میں داخل ہیں۔ اور بیانی وہ ہے کہ اس میں مضاف سے کچھ غرض نہ ہو مضاف الیہ مقصود ہو جیسے وقت شب عروس فلک از زیور ستارگان محلی شد۔ یہاں عروس فلک اور زیور ستارگان میں اضافت بیانی ہے۔ یعنے مقصود یہ ہے کہ فلک ستاروں سے مزین ہوا یہ اضافت پہلی تقسیم کے بموجب توضیحی ہے یا مجازی اور واقع میں بیانی ہے **س** فک اضافت کس کو کہتے ہیں اور وہ کن الفاظ میں جائز ہے۔ **ج** فک اضافت کسرہ مضاف کے دور کرنے کو کہتے ہیں اور وہ الفاظ جن میں فک اضافت واقع ہوا ہے یہ ہیں۔ پسر۔ صاحب۔ قابل۔ دشمن۔ عاشق۔ پسر۔ مالک۔ ہمگر۔ پہلے دونوں لفظوں میں فصیح ترک کسرہ ہے (سررشتہ طبع اصابدل ۱۲) اور باقیوں میں سولے الفاظ مسموعہ کے کسرہ کا لانا فصیح ہے اور جب مضاف الیہ کو مضاف پر مقدم لے آتے ہیں یا ضمیر متصل مضاف الیہ واقع ہو یا آ علامت اضافت مذکور ہو تو بھی مضاف کے آخر کسرہ نہیں لاتے (جہاں شاہ ۱۲ فلاسفی ۱۲) **س** کیسے اسماء کے آخر وقت اضافت ی زیادہ کر دیتے ہیں (زینہ الطلاب ۱۲) **ج** جس اسم کے آخر الف یا واؤ آتا ہے اس میں وقت اضافت کے ایک ی بڑھا دیتے ہیں جیسے دانائے روزگار اور خوئے دوست **س** جس اسم کے آخر ہا ہوز ہو اس کا وقت اضافت کیا حال ہے **ج** ایسی ہ کو ع سے بدل دیتے ہیں جیسے خوشۂ انگور۔ **س** اضافت سے کیا فائدہ ہے **ج** اگر مضاف الیہ معرفہ ہوتا ہے تو اضافت سے مضاف بھی معرفہ ہو جاتا ہے جیسے غلام زید غلام اس صورت میں معرفہ ہے اور اگر مضاف الیہ نکرہ ہوتا ہے تو اضافت سے مضاف میں تخصیص آجاتی ہے۔ جیسے غلام مرد یعنے مرد کا غلام ہے عورت کا نہیں پس عام تھا۔ خاص ہو گیا **س** مرکب توصیفی کسے کہتے ہیں **ج** مرکب توصیفی وہ ہے جو صفت

Marfat.com

موجب مضاف رضائے خدا بترکیب اضافی مضاف الیہ مضاف اور مضاف الیہ ملکر خبر است علامت جملہ اسمیہ کی مبتدا اور خبر ملکر جملہ اسمیہ ہوا۔

**فاعل** ہونیکی مثال ع سوزِ جگر گدازِ دلِ من زحد گذشت + ترکیب گزشت فعل سوز جگر گداز بترکیب توصیفی مضاف دلِ من بترکیب اضافی مضاف الیہ مضاف اور مضاف الیہ مل کر فاعل ہوئے زجار حد مجرور جار مجرور ملکر متعلق ہوئے فعل گذشت کے پس فعل ساتھ فاعل اور متعلق کے ملکر جملہ فعلیہ ہوا۔

**مفعول** ہونیکی مثال ع بعہدِ تو می بینم آرامِ خلق + ترکیب مے بینم فعل با فاعل آرام مضاف۔ خلق مضاف الیہ۔ مضاف اور مضاف الیہ مل کر مفعول بہ ہوئے۔ (ب) جار عہد تو بترکیب اضافی مجرور جار مجرور مل کر متعلق ہوئے فعل کے پس فعل ساتھ فاعل اور مفعول بہ اور متعلق کے ملکر جملہ فعلیہ ہوا۔

دوم **دوم**۔ موصوف کہ ہمیشہ صفت کے ساتھ ہوگا۔

**مبتدا** ہونے کی مثال ۵ دربیابان فقیر سوختہ را + شلغم پختہ بہ کہ نقرۂ خام ترکیب۔ شلغم موصوف۔ پختہ صفت۔ یہ مل کر مبتدا بہ خبر کہ جار نقرہ موصوف خام صفت۔ موصوف وصفت مل کر مجرور ہوئے جار مجرور مل کر متعلق ہوئے خبر کے اور است علامت جملہ اسمیہ کی یہاں سے محذوف ہے اور ایسے ہی پہلے مصرعہ میں بھی دربیابان جار مجرور اور فقیر سوختہ بترکیب توصیفی مجرور را جار جار مجرور مل کر متعلق ہوئے۔

**خبر** ہونے کی مثال۔ ع بگفت احوالِ ما برقِ جہان ست۔ ترکیب۔ بگفت فعل اور ضمیر اس میں جو پیر کیطرف پھرتی ہے وہ اس کا فاعل۔ احوال ما بترکیب اضافی مبتدا برق موصوف۔ جہان بکسر جیم صفت۔ موصوف وصفت ملکر خبر ہوئی مبتدا اور خبر ملکر جملہ اسمیہ ہوکر مقولہ ہوا بگفت کا۔ فعل اپنے فاعل اور مقولہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہوا

Marfat.com

موصوف سے ملکر بنتے اور صفت وہ ہے جس سے کسی اسم کی برائی یا بھلائی معلوم ہو اور موصوف وہ جس کی برائی یا بھلائی بیان کی جاوے اور موصوف جب صفت سے مقدم آتا ہے تو اسکے آخر کسرہ لاتے ہیں اور وقت تقدیم کسرہ نہیں لاتے۔ جیسے مرد نیک اور نیک مرد **س** صفت کے کے درجے ہیں **ج** ایک ادنیٰ جیسے شیریں دوم اوسط جیسے شیریں تر۔ سوم اعلیٰ جیسے شیرین ترین **س** کیسے اسمار صفت کا فائدہ دیتے ہیں **ج** وہ مرکب غیر مفید جو دو اسم یا ایک اسم اور ایک صفت یا اسم اور فعل یا اسم اور حرف یا فعل اور حرف ترکیب پاتے ہیں وہ اکثر فائدہ صفت کا دیتے ہیں جیسے ماہرو جنگجوئی۔ گلفشان۔ کم عقل۔ دانا **س** مرکب امتزاجی کی تعریف کیا ہے اور اسکی کتنی قسمیں ہیں۔ **ج** مرکب امتزاجی اسکو کہتے ہیں جس میں دو کلمے ملکر ایک ہو جائیں جدا جدا معلوم نہ ہوں جیسے یانہ وہ یا اسکا دوسرا جزو علیحدہ معنی مستقل نہ رکھتا ہو اور اسکی دو قسمیں ہیں۔ اول[۱] وہ مرکبات جو فعل اور حروف سے مرکب ہوتے ہیں جیسے دانا اور دانش دوم[۲] وہ جو حرف اور اسم سے بنتے ہیں اور یہ کئی معنوں کا فائدہ دیتے ہیں اول فاعلیت جیسے آہنگر۔ دوم[۳] نسبت جیسے زریں سوم[۴] لیاقت جیسے داوری۔ چہارم[۵] تشبیہ جیسے آسمان۔ پنجم[۶] محافظت جیسے ساربان ششم[۷] بمعنے صاحبی جیسے خردمند۔ ہفتم[۸] مشارکت جیسے ہمراہ۔ ہشتم[۹] تصغیر جیسے طفلک۔ نہم[۱۰] اتصال جیسے خوابناک۔ دہم[۱۱] ظرفیت جیسے نمکسار **س** مرکب غیر امتزاجی کی تعریف اور قسمیں بیان کرو **ج** مرکب غیر امتزاجی وہ ہے کہ اسکے کلمات جدا جدا معلوم اور با معنے ہوں اور اسکی کئی قسمیں ہیں ایک وہ ترکیب جو الفاظ مفید معنے رنگ کے ساتھ مرکب ہوں جیسے سبز رنگ گلگوں لالہ فام سیہ جردہ[۱۲]۔ دوم[۱۳] مرکب تمیزی۔ جس میں ایک اسم جامد دوسرے اسم جامد کے ابہام کو رفع کرے۔ جیسے یک من شہد۔ دہ بچہ دوغ وغیرہ۔ سوم[۱۴] وہ مرکب جو اشارہ اور مشار الیہ سے ترکیب پاوے جیسے۔ مالکم یسم فاعلہ

[۱] جو فعل اور حروف سے مرکب ہوتے ہیں

[۲] جو حرف اور اسم سے بنتے ہیں

[۳] نسبت

[۴] لیاقت

[۵] تشبیہ

[۶] محافظت

[۷] بمعنے صاحبی

[۸] مشارکت

[۹] تصغیر

[۱۰] اتصال

[۱۱] ظرفیت

[۱۲] سیہ جردہ

[۱۳] دوم

[۱۴] سوم

Marfat.com

**فاعل** ہونیکی مثال ع بگردن. تدسرکشِ تُندخو ہ ترکیب. قد فعل مضارع سرکش موصوف. تندخو ترکیب توصیفی صفت. موصوف وصفت ملکر فاعل ہوئے ب جار گردن مجرور. جار مجرور مل کر متعلق ہوئے پس فعل اور فاعل اور متعلق مل کر جملہ فعلیہ ہوا۔

**مفعول** ہونیکی مثال ؎ بادر سایہ درختانش ۔ گسترانید فرش بوقلمون ترکیب۔ گسترانید فعل۔ باد اُس کا فاعل فرش موصوف۔ بوقلمون صفت۔ موصوف وصفت ملکر مفعول بہ ہوئے درجار سایہ مضاف۔ درختانش مرکب اضافی مضاف الیہ مضاف اور مضاف الیہ مل کر مجرور ہوئے جار کے جار مجرور مل کر متعلق ہوئے فعل گسترانید کے پس فعل ساتھ فاعل اور مفعول اور متعلق کے ملکر جملہ فعلیہ ہُوا۔

**سوم** سوم۔ موصول کہ صلہ کے ساتھ ہوگا۔

**مبتدا** ہونیکی مثال ع ہرچہ از دوست میرسد نیکوست۔ ترکیب۔ ہرچہ اسم موصول میرسد فعل ضمیر اس میں پھرتی ہے موصول کی طرف وہ اس کا فاعل از دوست جار مجرور متعلق میرسد کے پس فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر صلہ ہوا موصول کا۔ موصول ساتھ صلہ اپنے کے ملکر مبتدا نیکو خبر است علامت جملہ اسمیہ کی مبتدا اور خبر ملکر جملہ اسمیہ ہوا۔

**خبر** ہونے کی مثال۔ ایں مرد کسے کہ دیشب دیدہ بودی۔ ترکیب۔ ایں مرد مبتدا کسے اسم موصول کاف صلہ کا دیدہ بودی فعل با فاعل اور اُورا مفعول بہ محذوف اور دیشب مفعول فیہ۔ فعل اور فاعل اور مفعول بہ اور مفعول فیہ ملکر صلہ ہوا موصول کا۔ موصول اور صلہ مل کر خبر ہوئی مبتدا کی است علامت جملہ اسمیہ کی مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ ہوا۔

**فاعل** ہونے کی مثال ؎ کسے کہ تشنہ لبِ ناز تست میداند ۔ کہ موجِ آبِ حیات است

Marfat.com

ایں جہاں وغیرہ - چہارم - جمود و اسم جامد کے مکرر لانے سے حاصل ہو اور فائدہ کثرت کا دے جیسے صحرا صحرا - چمن چمن - یا کوئی اسم جامد کسی عدد یا کسی اور لفظ سے ترکیب پاکر فائدہ معنے کثرت کا دے - جیسے یکہ تمام لشکر - پنجم - ترکیب عطفی جو معطوف اور معطوف الیہ سے مرکب ہو - جیسے زید و عمرو اور بکر یا زید اور اس میں مرکب تعدادی بھی داخل ہے جیسے بست و یک وغیرہ ششم ترکیب اتصالی - جس میں دو اسم متجانس بواسطہ حرف اتصال کے بلکر ایک کلمہ ہو جائیں جیسے لبالب تازہ بتازہ - ہفتم ترکیب تشبیہی جیسے سرو قامت ہشتم - ترکیب علمی جیسے شمس الدین - نہم اسم جامد اور امر کی ترکیب جیسے کارساں

**س** اسم جامد اور امر ترکیب پاکر کس کس معنے کا فائدہ دیتے ہیں **ج** اول فاعلیت جیسے روح افزا - دوم مفعولیت جیسے دلپذیر - سوم مصدر جیسے قدمبوس - چہارم اسم آلہ جیسے قطع دن - پنجم ظرف جیسے دین ز خیز

**س** کوئی مثال مرکب غیر مفید کی بتاؤ - **ج** پسر زید سلیم الطبع - مراد خاں - اور قاتل خونریز - خنجر بکف

## فصل دوم جملہ یعنی مرکب کے بیان میں

**س** کلمہ کے اقسام میں سے کون کون کلمے ملکر جملہ اور مرکب مفید ہونے کی صلاحیت رکھتے ہیں اور اس کی کے قسمیں ہیں **ج** جملہ ہمیشہ دو اسم یا ایک اسم اور ایک فعل کے ملنے سے بنتا ہے - خواہ لفظاً ہو یا تقدیراً - اور اس کی دو قسمیں ہیں - اسمیہ اور فعلیہ

**س** جملہ کے اجزا کا نام کیا ہے - اور ان کے درمیان کے علاقہ کو کیا کہتے ہیں

**ج** جملہ میں ہمیشہ دو جزو ضرور ہیں - ایک مسند دوسرا مسند الیہ - یعنی اس کے اجزا میں سے جو کسی چیز کی طرف نسبت کیا جاوے اسے مسند یا محکوم بہ کہتے ہیں اور جس کی طرف نسبت کریں اسے مسند الیہ یا محکوم علیہ کہتے ہیں اور ان کے

Marfat.com

چینِ پیشانی + ترکیب مے داند فعل کسے اسم موصول کاف صلہ کا۔ اور او مبتدا محذوف تشنہ لب مرکب توصیفی مضاف ناز مضاف تو مضاف الیہ یہ مضاف اور مضاف الیہ مل کر پھر مضاف الیہ ہوئے تشنہ لب مضاف کے اور یہ مرکب اضافی خبر ہوا است علامت جملہ اسمیہ کی۔ پس مبتدا اور خبر ملکر جملہ اسمیہ ہو کر صلہ ہوا موصول کا موصول ساتھ صلہ اپنے کے ملکر فاعل ہوا میداند کا این محذوف مبین کاف بیانیہ موج آب حیات مرکب اضافی خبر مقدم چین پیشانی مرکب اضافی مبتدا مؤخر است علامت جملہ اسمیہ کی مبتدا اور خبر ملکر بیان ہوا مبین این محذوف کا مبین اور بیان ملکر مفعول بہ ہوا میداند کا۔ میداند فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہوا

مفعول ہونے کی مثال ع ہرانچہ کہ مے باید ت پیش گیر + ترکیب ہرانچہ اسم موصول کاف صلہ کا مے باید فعل ضمیر اس میں مستتر (راجع بموصول) وہ اسکا فاعل ت مجرور حرف جار محذوف برائے کا جار اور مجرور مل کر متعلق ہوئے فعل کے فعل اپنے فاعل اور مفعول سے ملکر صلہ ہوا موصول کا موصول اور صلہ مل کر مفعول بہ ہوا فعل مرکب پیش گیر کا۔ پیش گیر فعل با فاعل فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

چہارم

چہارم۔ معطوف علیہ کہ معطوف کی ضرورت رکھتا ہے۔

مبتدا ہونے کی مثال ع طبیب و حکیم ست بیدائے برادر۔ ترکیب۔ طبیب معطوف علیہ واو حرف عطف حکیم معطوف۔ معطوف علیہ اور معطوف ملکر مبتدا بید خبر است علامت جملہ اسمیہ کی مبتدا اور خبر ملکر جملہ اسمیہ ہوا۔

خبر ہونیکی مثال ع بگفتا کہ این ست تاج و کلاہ۔ ترکیب این مبتدا تاج معطوف علیہ و حرف عطف کلاہ معطوف دونوں ملکر خبر است۔ رابطہ مبتدا

Marfat.com

درمیان کے علاقہ کا نام نسبت حکمیہ اور اسناد ہے **س** اسناد کس کو کہتے ہیں اور کلمات میں سے کون کون مسند ہوا کرتا ہے اور کون مسندالیہ **ج** اسناد ایک کلمہ کا دوسرے کی طرف ایسی طرح نسبت کرنا ہے کہ مخاطب کو فائدہ تام حاصل ہو اور اسم مسند اور مسندالیہ دونوں ہو سکتا ہے جیسے زید دانا ست۔ اور فعل ہمیشہ مسند ہوتا ہے مسندالیہ خواہ اسم ہو جیسے زید زد۔ خواہ ضمیر ہو جیسے زدم۔ اور حرف نہ مسند ہوتا ہے نہ مسندالیہ **س** بیا اور اے زید مفرد ہیں یا جملہ **ج** بیا اگرچہ ظاہر میں ایک لفظ ہے لیکن تقدیر میں دو ہیں۔ کیونکہ ضمیر واحد مخاطب اس میں مستتر ہے اور ایسے ہی اے زید بھی مفرد ہیں۔ میخواہم زید را۔ پس۔ بیا جملہ فعلیہ ہے اور اے زید بھی قائم مقام جملہ فعلیہ کے ہے **س** جملہ فعلیہ کی تعریف و اقسام مع تعریف بتاؤ **ج** جملہ فعلیہ وہ ہے جو فعل اور فاعل سے مرکب ہو۔ فعل مسند ہوتا ہے اور فاعل مسندالیہ اگر فعل لازم ہو سوائے افعال ناقصہ کے تو جملہ صرف فاعل پر تمام ہو جائے گا اور اگر متعدی ہوگا تو مفعول کو بھی چاہے گا۔ جیسے زید عمرو را زد **س** فعل ناقص کس کو کہتے ہیں اور جملہ فعلیہ میں اس کے فاعل کا کیا نام ہے **ج** جو فعل لازم کو سوائے فاعل کے کسی اور چیز کا بھی محتاج ہو اس کو ناقص کہتے ہیں۔ اور اس کے فاعل کو فعل ناقص کا اسم اور دوسری چیز کو خبر کہتے ہیں جیسے زید عالم شد میں زید اسم ہے شد کا اور عالم خبر۔

**س** سوائے افعال ناقصہ کے اوروں کو کیا کہتے ہیں **ج** وہ افعال تام کہلاتے ہیں بلکہ اگر افعال ناقصہ کے معانی میں احتیاج خبر کی نہ رہے تو اس صورت وہ بھی تام کہلاویں گے۔ جیسے ابر شد میں فعل تام ہے **س** جملہ فعلیہ میں اگر فعل مجہول ہو تو اس کا فاعل نہیں ہوگا۔ پھر جملہ کیسے بنے گا **ج** فعل اگر مجہول ہوگا تو متعدی ضرور ہوگا۔ پس اس کے مفعول بہ کو فاعل کا قائم مقام کر دیتے ہیں اور اسکو مفعول

Marfat.com

اور خبر ملکر جملہ اسمیہ ہوکر مقولہ ہوا فعل بگفتا کا اور فاعل اُس کا ضمیر مستتر ہے۔

**فاعل** ہونے کی مثال ع خرابی و بدنامی آید زجور ۔ ترکیب آید فعل خرابی معطوف علیہ واو حرف عطف بدنامی معطوف دونوں مل کر فاعل ہوئے فعل کے زجار جور مجرور ملکر متعلق ہوئے۔

**مفعول** ہونے کی مثال ع نہد لعل و فیروزہ در صلب سنگ۔ ترکیب نہد فعل ضمیر غائب اس کا فاعل لعل معطوف علیہ واو حرف عطف فیروزہ معطوف ملکر مفعول بہ در جار صلب سنگ مرکب اضافی مجرور۔

**پانچوان** عدد کہ اپنے معدود کیساتھ ہوتا ہے۔

**مبتدا** ہونے کی مثال۔ دو کس موجود اند۔ ترکیب دو عدد کس معدود معدود و عدد مل کر مبتدا موجود خبر اند رابطہ مبتدا اور خبر مل کر جملہ اسمیہ ہوا۔

**خبر** ہونے کی مثال۔ مادہ جوانیم۔ ترکیب۔ ما مبتدا۔ عدد معدود مل کر خبر ایم علامت جملہ اسمیہ کی۔

**فاعل** ہونے کی مثال۔ صد درہم نزدم فراہم آمد۔ ترکیب۔ فراہم آمد فعل صد عدد درہم معدود مل کر فاعل نزد مضاف م مضاف الیہ۔ مضاف و مضاف الیہ ملکر مفعول فیہ ہوا۔

**مفعول** ہونے کی مثال ہزار دینار فراہم آوردم۔ ترکیب۔ فراہم آوردم فعل مرکب با فاعل ہزار دینار۔ عدد معدود مل کر مفعول بہ ہوا پس فعل و فاعل و مفعول بہ مل کر جملہ فعلیہ ہوا۔

**چھٹا** ممیز کہ تمیز کے ساتھ ہوتا ہے۔

**مبتدا** ہونے کی مثال۔ دو پیمانہ شراب موجود است۔ ترکیب۔ دو پیمانہ عدد معدود مل کر ممیز شراب تمیز۔ ممیز و تمیز مل کر مبتدا موجود خبر است علامت جملہ اسمیہ کی

پنجم

ششم

Marfat.com

عالم ہے فاعلہ اُس فعل کا کہتے ہیں۔ اور فعل مجہول کا مسند الیہ اُسی کو کر کے جملہ بناتے ہیں جیسے کتاب دیدہ شد میں دیدہ شد فعل مجہول اور کتاب اُسکا مفعول۔

**فاعل** عالم اسم فاعلہ دونوں ملکر جملہ فعلیہ ہوا **اس** فاعل کی تعریف کیا ہے اور اُس میں اور اسم فاعل میں کیا فرق ہے **ج** فاعل وہ ذات ہے جس سے کوئی فعل صادر ہو یا اُس کے ساتھ قائم یعنی جو کسی فعل کا مسند الیہ ہو۔ اور اسم فاعل وہ الفاظ ہیں جو مصدر سے مشتق ہوں اور ذات مذکور پر دلالت کریں پس فاعل بجائے مسمّٰے کے ہے۔ اور اسم فاعل بمنزلہ اسم کے **س** فعل اور فاعل میں کس کس چیز میں اتحاد شرط ہے۔ **ج** وحدت و جمعیت اور غیبت اور حضور اور تکلم میں فعل و فاعل ایک سے ہونے چاہئیں جیسے او مے آید۔ ما مے آئیم۔ مگر جب فاعل غیر ذی روح ہوتا ہے تو جمع میں بھی فعل واحد لا سکتے ہیں جیسے سخنہا در میان آمد۔ بجائے آمدند **س** مفعول بہ کس کو کہتے ہیں اور اسمیں کیا کیا چیز داخل ہے **ج** مفعول بہ وہ اسم ذات ہے جس پر فاعل کا فعل واقع ہو جیسے کتاب را بہ میں کتاب مفعول بہ ہے۔ اور منادی۔ مندوب اور محذر منہ مفعول بہ میں داخل ہیں یعنی یہ بھی فعل محذوف کے مفعول بہ ہوا کرتے ہیں جیسے اے زید اصل میں ہے مے خوانم زید را لیکن فعل اور فاعل کو حذف کر کے حرف ندا کو اُس کے قائم مقام کر دیا۔ اسی طرح آہ زیدا[1] اور وزد وزد میں سے فعل حذف ہو گیا۔ اور اول میں حرف ندبہ اور دوسرے میں مکرر لانا مفعول کا قائم مقام فعل کے ہے **س** مفعول بہ کے سوا کوئی اور بھی مفعول ہوتا ہے **ج** ہاں فارسی میں تین اور مفعول ہوتے ہیں۔ اول مفعول مطلق یعنی فعل اُس کا مصدر یا حاصل مصدر یا مصدر کا مرادف واقع ہو۔ جیسے زید یک نشست خواہد نشست یا ضربے میزند۔ اور اسطرح لانے سے فائدہ تاکید یا تعداد کا ہوتا ہے اور اگر حاصل مصدر کو مضاف لائیں تو مفعول

[1] اس کی اصل ہے ہمی میگم زیدا ۱۲ منہ اس کی اصل ہے یہ ہیں صندز و تجرکن از ۱۲

Marfat.com

خبر ہونے کی مثال۔ این است دہ من شکر۔ ترکیب۔ این مبتدا دہ من ترکیب تعدادی ممیز شکر تمیز ممیز ساتھ تمیز اپنے کے مل کر خبر ہوئی مبتدا کی۔

فاعل ہونے کی مثال۔ نزدم وہ گز پارچہ فراہم آمد۔ ترکیب۔ نزدم ترکیب اضافی مفعول فیہ دہ گز بترکیب تعدادی ممیز پارچہ تمیز ممیز تمیز مل کر فاعل فراہم آمد فعل کے۔

مفعول ہونے کی مثال۔ پنج مثقال عنبر بیار۔ ترکیب بیار فعل با فاعل پنج مثقال بترکیب تعدادی ممیز عنبر تمیز۔ ممیز اور تمیز مل کر مفعول بہ ہوئے۔

فائدہ۔ کبھی تمیز نسبت سے ہوا کرتی ہے جیسے کہیں کہ زید را عمداً کشتم۔ یہاں عمداً تمیز ہے مارنے کی نسبت سے جو زید کیطرف ہے۔

## ہفتم

ساتواں مستثنے منہ ہے کہ مستثنے کے ساتھ ہوتا ہے۔

مبتدا ہونے کی مثال جیسے کہیں۔ ہمہ مردمانِ قریہ جز زید مجتمع اند۔ ترکیب مردمانِ قریہ مرکب اضافی مؤکد ہمہ تاکید مؤکد اور تاکید مل کر مستثنے منہ جز کلمہ استثناء زید مستثنے مستثنے منہ اور مستثنے مل کر مبتدا مجتمع خبر اند ربط۔

فاعل ہونے کی مثال۔ ہیچکس در آن شہر ویران بنظر نیامدہ مگر درندگان ترکیب۔ نیامدہ فعل ہیچکس مستثنے منہ مگر حرف استثنا درندگان مستثنے مستثنے منہ اور مستثنے مل کر فاعل ہوئے در جار آں اسم اشارہ شہر موصوف ویران صفت موصوف اور صفت مل کر مشار الیہ ہوئے اشارہ اور مشار الیہ مل کر مجرور ہوئے جار کے۔ جار مجرور مل کر متعلق ہوئے نیامدہ کے اور ایسے ہی بنظر جار مجرور مل کر متعلق ہوئے۔

مفعول ہونے کی مثال ع بضاعت نیاوردم الا امید۔ ترکیب۔ نیاوردم فعل با فاعل بضاعت مستثنے منہ الا حرف استثنا امید مستثنے۔ مستثنے منہ

Marfat.com

مطلق سے فائدہ وضع کا ہوتا ہے جیسے نشست امیر مے نشیم یعنی امیروں کی سی بیٹھک
دوم مفعول فیہ یعنی فعل کے ہونے کی جگہ یا وقت اول کو ظرف مکان۔ اور دوم کو
ظرف زمان کہتے ہیں۔ جیسے شب کجا بودی میں۔ شب ظرف زماں ہے۔ اور کجا ظرف
مکان ہے۔ سوم مفعول لہٗ جس کے سبب سے فعل کیا جاوے اسکی بھی دو قسمیں ہیں۔ ایک یہ
کہ سبب فعل واقع ہو اور سبب مذکور پہلے سے موجود ہو جیسے دیانت راست
داشتن دیانت۔ دوسرے یہ کہ فعل سے وہ سبب مقصود ہو پہلے سے موجود نہ ہو
جیسے زر بہر آزدم۔ یعنی برائے حصول ادب **س** ان مفعولوں کا دوسرا کیا نام ہے
ان کو فضلہ اور زوائد اور متعلق فعل کہتے ہیں **س** سو لیے ان مفعولوں کے اور کون
سے متعلق ہیں مع تعریف و مثال بتاؤ **ج** وہ دو ہیں اول جار و مجرور یعنی
وہ جار مع ان اسماء کے جن پر وہ داخل ہوں ہمیشہ فعل یا شبہ فعل یعنی مصدر
مشتق کے متعلق ہوا کرتے ہیں اور فاعل و مفعول و مبتدا و خبر ہونیکی صلاحیت
نہیں رکھتے جیسے از ہند تا چین رفتم۔ اسمیں از ہند اور تا چین دونوں جار اور مجرور ہیں
اور متعلق رفتم کے اور جہاں فعل یا شبہ فعل مذکور نہیں ہوتا وہاں محذوف مانتے ہیں
جیسے **ع** بنام ایزد دانائے اکبر ۔ کہ جار اور مجرور ابتدائے کنم محذوف کے متعلق
ہے۔ دوم حال یعنی وہ اسم یا جملہ کہ ہیئت فاعل یا مفعول کی بیان کرے۔ اور جس
فاعل یا مفعول کی کیفیت بیان ہوگی اسکو ذوالحال کہیں گے۔ اور ذوالحال اور
حال بلکہ فعل کا فاعل یا مفعول ہوگا۔ مثلاً زید خنداں می آمد میں زید ذوالحال ہے
اور خنداں اس کا حال اور دونوں ملکر مے آمد کے فاعل ہیں یا آفتاب رخشاں دیدم میں
آفتاب ذوالحال ہے اور رخشاں اس کا حال اور دونوں ملکر مفعول ہیں دیدم کے اور
عربی میں تمیز اور مستثنیٰ بھی فضلے ہوا کرتے ہیں مگر فارسی میں وہ ہمیشہ فضلہ نہیں
پڑتے۔ چنانچہ آگے معلوم ہوگا **س** جملہ فعلیہ میں کس کس

Marfat.com

اور مستثنٰی مل کر مفعول بہ ہوئے۔

**فائدہ** کبھی مستثنٰی منہ محذوف ہوتا ہے جیسے اس مثال میں گفتا بعزتِ عظیم و صحبتِ قدیم کہ دم برنیارم وقدم برندارم مگر آنگہ کہ سخن گفتہ شود۔ یہاں سے لفظ ہیچگاہ جو مستثنٰی منہ ہے محذوف ہے اور اصل میں عبارت یوں ہے کہ قدم برندارم ہیچگاہ مگر آنگہ کہ سخن گفتہ شود۔ ترکیب۔ گفتا فعل ضمیر اس میں مستتر ہے اُسکا فاعل اور مرجع اُس کا یکے از دوستان اوپر مذکور ہوچکا بائے قسم عزت عظیم مرکب توصیفی معطوف علیہ واو حرف عطف صحبت قدیم مرکب توصیفی معطوف معطوف علیہ اور معطوف مل کر مقسم بہ کاف بیانیہ برنیارم فعل با فاعل دم مفعول بہ جملہ ہوکر معطوف علیہ واو حرف عطف قدم برندارم کی ترکیب مثل پہلے جملہ کے ہیچگاہ مستثنٰی منہ مگر حرف استثنا انگہ کہ سخن گفتہ شود انگہ موصول کہ بیان صلہ گفتہ شود فعل مجہول سخن اس کا مفعول مالم یسم فاعلہ یہ جملہ صلہ موصول وصلہ مل کر مستثنٰی ہوا مستثنٰی منہ اور مستثنٰی مل کر مفعول فیہ ہوا فعل برندارم کا فعل ساتھ فاعل اور مفعول بہ اور مفعول فیہ کے مل کر جملہ ہوکر معطوف ہوا معطوف علیہ اور معطوف مل کر جواب قسم ہوا قسم اپنے جواب سے مل کر مقولہ ہوا گفت کا گفت ساتھ فاعل اور مقولہ کے مل کر جملہ فعلیہ ہوا۔

## ہشتم

**آٹھواں** مبین کہ بیان کے ساتھ ہوتا ہے۔

**مبتدا ہونے کی مثال** سہ رسم است کہ مالکانِ تحریر ۔ آزاد کنند بندۂ پیر ۔

اصل اس عبارت کی یہ ہے کہ این رسم مقرر است کہ مالکانِ تحریر بندہ پیر را آزاد میکنند

**ترکیب** این اسم اشارہ اور رسم مشار الیہ مل کر مبین کاف بیانیہ آزاد کنند فعل مرکب مالکان تحریر مرکب اضافی فاعل اور بندۂ پیر مرکب توصیفی مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر بیان ہوا مبین کا مبین اور بیان ملکر مبتدا مقرر اسکی خبر است علامت

Marfat.com

مقام پر فعل محذوف ہوتا ہے **ج** ایک جواب استفہام میں سے فعل کو حذف کر دیتے ہیں جیسے کوئی کہے کہ آمد اُسکے جواب میں کہا جاوے زید تو یہاں آمد محذوف ہے اور کبھی فعل و فاعل دونوں محذوف ہوتے ہیں جیسے کوئی کہے کہ زید کرا زد اور اُسکے جواب میں کہا جاوے بکرا تو یہاں سے زد زید بقرینہ سوال محذوف کر دیا ہے دوم ب بمعنی ابتدا کے اور ب بمعنی قسم کے پہلے بھی جملہ محذوف ہوتا ہے جیسے **ع** بنام جہاندار جاں آفریں ۔ کے پہلے ابتدائے قسم محذوف ہے اور بخدا کے پہلے قسم مے خورم ۔ سوم ندا اور منادی میں بھی محذوف ہوتا ہے اور اس کی مثال مذکور ہو چکی **س** جملہ اسمیہ اور اُسکے اجزا کے نام مع تعریف بتاؤ **ج** جملہ اسمیہ وہ ہے جو دو اسموں سے بنے ان میں سے مسند الیہ کو مبتدا اور مسند کو خبر کہتے ہیں اور مبتدا کی پہچان یہ ہے کہ ہمیشہ اسم ذات ہوا کرتا ہے جیسے زید دانا است میں زید اسم ذات مبتدا ہے **س** رابطہ کسے کہتے ہیں اور اس کا کیا حال ہے **ج** وہ لفظ جس سے مبتدا اور خبر کے درمیان ربط ہو جاتا ہے اور اُسے رابطہ کہتے ہیں اور وہ فارسی میں چھ ہیں ۔ ست ۔ ند ۔ ی ۔ ید ۔ م ۔ یم اور اکثر خبر کے بعد آتے ہیں اور وحدت اور جمعیت میں مطابق مبتدا کے ہوتے ہیں جیسے زید جاہل است و مردماں عاقل اند ۔ اور اگر خبر کے آخر میں الف یا ہ ہوتی ہے تو رابطہ سے پہلے الف زائد لاتے ہیں جیسے کتاب بیش بہا است و نقوش دیرینہ اند **س** کیا مبتدا کبھی محذوف بھی ہو جاتا ہے ۔ **ج** ہاں بقرینہ سوال وغیرہ ۔ کبھی مبتدا کو حذف کر دیتے ہیں جیسے کوئی پوچھے کہ رستم پسر کیست اور اس کے جواب میں کہا جاوے کہ پسر زال ست تو یہاں سے لفظ رستم کہ مبتدا ہے محذوف ہو گیا ہے **س** جملہ اسمیہ اور فعلیہ کی کتنی قسمیں ہیں مع تعریف بیان کرو **ج** ہر ایک کی دو قسمیں ہیں خبریہ اور انشائیہ ۔ جملہ خبریہ کہتے ہیں جس کے کہنے والے کو سچا اور جھوٹا کہہ سکیں ۔ یعنی جو جملہ اس نے زبان سے

Marfat.com

جملہ اسمیہ کی مبتدا اور خبر مل کر جملہ اسمیہ ہوا۔

**خبر** ہونے کی مثال ع این است جوابش کہ جوابش ندہی۔ ترکیب اسکی یہ ہے جوابش مرکب اضافی مبتدا این مبین کاف بیانیہ جوابش ندہی جملہ فعلیہ ہوکر بیان ہوا مبین کا۔ مبین اور بیان مل کر خبر ہوئی مبتدا کی۔ مبتدا ساتھ خبر کے مل کر جملہ اسمیہ ہوا۔

**فاعل** ہونے کی مثال ع تن کہ بیدل بود ہم بیجان شدست۔ ترکیب۔ تن مبین کاف بیانیہ بود فعل ناقص او محذوف اُس کا اسم بیدل خبر یہ جملہ بیان ہوا۔ مبین و بیان مل کر شدست کا اسم یعنی فاعل ہوا بیجان اُس کی خبر ہم حرف عطف۔


**فائدہ**- اور یہ قاعدہ عام ہے کہ تخفیف کے لئے کلمہ کے شروع کا حرف لکھدیتے ہین. مثلاً ت ترجمہ کے لئے س سوال کے لیئے ج جواب کے لئے ش شرح کے لئے ف فائدہ کے لئے ن نسخہ کے واسطے وغیرہ

س فارسی میں کون سے الفاظ مخفف شمار کئے جاتے ہین اور کون سے اصلی۔ اور کون سے اصلی اور مخفف باہم درجہ مساوات کا رکھتے ہیں ج مخفف جیسے چناں چنین چون ناگہان دامن اصلی جیسے کوہ شکوہ ستوہ انبوہ گروہ ہنوز ہرگز اور اکنون کنون۔ خاموش خموش۔ فراموش۔ فرامش یہ الفاظ درجہ مساوات کا رکھتے ہیں۔ س کون کون الفاظ کس کس مقام پر مقدر ہوتے ہیں ج قبل لفظ یک کے مقدار مقدر آتا ہے۔ ؎ غافل ز احتیاط نفس یک نفس مباش * اور بعد باکے وجود ؎ گہے باچنین گوہرِ خانہ خیز * یعنے باوجود اور کبھی وقت قرینہ جملہ مقدر ہوتا ہے۔ ؎ شب چو عقدِ نماز بربندم * چہ خورد بامداد فرزندم * یعنی ازین خیال خاطرم پریشان میشود کہ چہ خورد الخ۔ اور کبھی بعد شرط کے جزا مقدر ہوتی ہے جیسے ؎ گر آید

Marfat.com

معہ معطوف خبر نہ بمعنے نیست علامت جملہ اسمیہ۔ مبتدا اور خبر ملکر جملہ اسمیہ ہوکر معطوف علیہ کاف بمعنی بلکہ حرف اضراب گر حرف شرط فزو غلطد فعل جس میں لفظ غلط زائد ہے آسیا سنگ مرکب اضافی یا اضافت مقلوب اور ی اس میں تنکیری یہ مرکب فاعل تہ بار کردہ مجرور متعلق۔ فعل فاعل متعلق ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط کہ بمعنی ہرکہ موصول از بار راہ مضاف سنگ مضاف الیہ ملکر مجرور مل کر متعلق یہ خیزد فعل ضمیر مستتر راجع بموصول اس کا فاعل جملہ فعلیہ صلہ ہوا۔ موصول وصلہ ملکر مبتدا مؤخر عارف خبر اور نہ اور است جو عدا جدا ہیں اصل میں نیست علامت جملہ اسمیہ کی ہے یہ سب مل کر جملہ اسمیہ ہوکر جزا شرط وجزا ملکر جملہ شرطیہ ہوکر اضراب ہوا۔ پہلے جملہ سے طریق درویشان ترکیب اضافی مبتدا ذکر معطوف علیہ و حرف عاطف شکر اور ایسے ہی ایثار وخدمت وقناعت وتوحید وتوکل وتسلیم وتحمل معطوف ہیں معطوف علیہ معہ ان سب معطوفوں کے ملکر خبر است علامت جملہ اسمیہ ملکر جملہ اسمیہ ہوا ہرکہ موصول بہ جار ایں اشارہ صفتہا مشار الیہ مل کر مجرور مل کر متعلق موصوف کے جو خبر ہے مبتدا محذوف لفظ او کی است علامت جملہ اسمیہ ملکر جملہ صلہ ہوا۔ موصول وصلہ ملکر مبتدا درویش بمعنے عارف خبر است علامت اسمیہ بحقیقت متعلق خبر اگرچہ حرف اتصال بمعنے باوجود آنکہ جس میں با حرف جار وجود مضاف آن مبین کہ بیانیہ او مبتدا محذوف در جار قبا مجرور مل کر متعلق موجود محذوف کے جو خبر ہے است علامت جملہ اسمیہ یہ جملہ اسمیہ بیان ہوا مبین کا مبین مع بیان مضاف الیہ اور مضاف مع مضاف الیہ مجرور اور جار مع مجرور متعلق درویش اور وہ دونوں متعلق سے مل کر خبر اور سب ملکر جملہ اسمیہ ہوا اما کلمہ عربی اصل میں قائم مقام شرط کے ہوتا ہے

Marfat.com

بیاری گری شہریار ٭ یہان لفظ فہو المراد جو اس شرط کی جزا ہے مقدر ہے
کبھی ایک مصرعہ مین ایک لفظ لاتے ہین اور دوسرے مین اس کو مقدر مانتے
ہین ؎ ہر کہ جنگ آرد بخونِ خویش بازی میکند ٭ روز میداں انکہ بگریزد
بخونِ لشکرے ۔ یہاں مصرعۂ ثانی کے آخر مین بازی میکند مقدر ہے اور
جب باء موحدہ آغازِ کتاب مین آوے تو ابتدا میکنم یا آغاز میکنم مقدر مانا جاویگا
جیسے ؎ بنامِ بزرگ ایزدِ داد بخش ٭ اور کبھی بمقام دعا لفظ باد مقدر
ہوتا ہے جیسے ؎ یاس و امید محبانِ تو مقصود انگیز ضمیمۂ فوائد عجیبہ
فائدہ الفاظ ذیل اکثر صرف زینت کلام کے لئے آتے ہین انکے معنے کچھ نہین
لئے جاتے ۔ سر ۔ مر ۔ بر ۔ در ۔ گر ۔ گاہ ۔ ہم ۔ ہمی ۔ یکے ۔ یک ۔ از ۔ را ۔ فرا ۔ فرو ۔ است
درون ۔ اندرون ۔ اندر ۔ دگر ۔ ہمیدون ۔ ان ۔ ین ۔ باز ۔ خود ۔ بس ۔ بروں
س ہست ۔ نیست ۔ باد ۔ نگہت ۔ شگوفہ ۔ رستم ۔ نوشیروان ۔ بغداد ۔ کنجشک
دیباچہ ۔ غنچہ ۔ داور ۔ نظارہ ۔ تنور ۔ غم ۔ ہم ۔ زقوم ۔ حنا یہ لفظ اصل مین کیا تھے
ج ۔ ہست اصل مین ایست ۔ اور نیست ۔ نہ ایست ۔ باد ۔ بود ۔ نگہت ۔ نکہت
بکاف تازی شگوفہ شکوفہ بکاف تازی ۔ رستم ۔ رستم ۔ بفتح را ۔ نوشیروان
نوشین روان ۔ بغداد ۔ باغداد ۔ کنجشک ۔ گنجشک بکاف فارسی ۔ دیباچہ
دیباجہ ۔ غنچہ ۔ غنچہ بجیم تازی ۔ داور ۔ داور ۔ نظارہ ۔ نظارہ بتشدید ظا
تنور ۔ تنور ۔ بتشدیدنون ۔ غم دہم ۔ غمّ وہمّ بتشدید میم ۔ زقوم ۔ زقوم بتشدید قاف
حنا حنّا اصل مین ہی س ۔ گرسنہ سخن کہن ۔ پہن ۔ مشک ۔ گستن ۔
برہنہ ۔ مدہوش ۔ خضر ۔ ان الفاظ کا صحیح تلفظ کیا ہے ج ۔ گرسنہ بسکون
را و فتح سین اور بہ فتح را و سکون سین دونوں طرح صحیح ہے اور ایسے ہی لفظ
سخن بفتح خار و ضم خار اور علی ہذا القیاس لفظ کہن اور پہن بسکون ہار ہوز اور بفتحہ دونون

Marfat.com

لیکن فارسی میں اکثر بجائے لیکن کے آتا ہے لہذا حرف استدراک ہرزہ گرد موصوف
مع موصولہ یا توصیفی بے نماز صفت ہوا پرست صفت دوم ہوس باز
صفت سوم ۔ موصوف مع سب صفات ملکر موصوف ہوا یا موصول کہ بیانیہ
آرد فعل متعدی ضمیر مستتر راجع بموصوف فاعل روزہا مفعول بہ سب جاء
شب مجرور مل کر متعلق گرفتار محذوف کے اور وہ مع متعلق حال ہے ضمیر فاعل
آرد سے پس آرد فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ
ہو کر معطوف علیہ و حرف عطف کند فعل ضمیر مستتر اس کا فاعل شبہا
مفعول اول روز مفعول ثانی در کنار خواب مضاف غفلت مضاف الیہ ملکر مجرور
جملہ فعلیہ معطوف ہوا بخورد فعل ضمیر مستتر فاعل ہرچہ موصول آید فعل ضمیر
مستتر جو موصول کی طرف راجع ہے فاعل در کنار میان مجرور ملکر متعلق
فعل و فاعل اور متعلق مل کر صلہ ہوا موصول وصلہ ملکر مفعول بہ فعل بخورد
کا ۔ یہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف ہوا ۔
بحذف حرف عطف و حرف عطف بگوید فعل ضمیر مستتر فاعل ہرچہ موصول
در کنار دبان مجرور مل کر متعلق فعل زاید کی ضمیر جو موصول کی طرف
پھرتی ہے اس کا فاعل ملکر جملہ فعلیہ ہو کر صلہ ہوا ۔ موصول مع صلہ
مفعول بہ ہوا بگوید فعل کا پس فعل و فاعل اور مفعول ملکر جملہ فعلیہ ہو کر
معطوف سوم یہ معطوف علیہ سب معطوفوں سے ملکر صفت ہوتی ہرزہ گرد
موصوف کی یہ موصوف مع صفت مبتدا زندیق خبر است علامت جملہ اسمیہ

اگرچہ درصفت متعلق زندیق کے اور اس کی ترکیب بعینہ مثل اگرچہ در قباست
مکے ہے اسے بجز اس کہ موصول محذوف درون مضاف ت مضاف الیہ ملکر

Marfat.com

درست ہین مشک بضم میم وکسر میم دونون طرح صحیح ہی گستن بضم کاف وفتح سین برہنہ بفتح را وسکون را دونون طرح مدہوش بوا و معروف خضر بفتح اول وکسر ثانی صحیح ہے اگرچہ یہ لفظ بکسرۂ اول وسکون ثانی بھی مستعمل ہے س - بوالہوس اور استغنا - ضعفا - صحرا وغیرہ الفاظ عربی کی رسم خط کیا ہی ج - اول بدون واو اور الف کے یعنے بلہوس اور استغنا اور اسکے امثال بدون ہمزہ لکھے جاتے ہین لیکن حالت اضافت اور وصفیت مین یہ ہمزہ لکھا جاتا ہے جیسے فقرار شہرا اور صحرار فراخ - اور کبھی اس ہمزہ کو ی سے تبدیل کر لیتے ہین جیسے ضیار مغربی - صفائی قہرس کیا تابع مہمل فارسی مین مستعمل ہے - ج ہان جیسے شب تب مال تال - قاعدہ جس فعل کے اول مین الف ہو اگر اسپر ب یا ن یا م نہی لاوین تو الف خواہ مخواہ ی سے بدل جاوے گا جیسے بیفگن یا حذف ہو جاوے گا جیسے بفگن س کلمات فارسی پر جو ب آتی ہی اسکے پڑھنے کا کیا قاعدہ ہے ج اگر ب افعال پر آویگی تو اس کی دو حرکتین ہون گی - کسرہ یا ضمہ - اس طرح کہ اگر فعل مذکور کے شروع حرف پر کسرہ یا فتحہ ہوگا تو ب کو کسرہ ہوگا ورنہ ضمہ اور اگر ب اسماء پر داخل ہوگی تو ترکیب فارسی مین ہمیشہ مفتوح ہوگی جیسے بخدا اور ترکیب عربی مین مکسور جیسے بجنبہ اور حروف پر ب نہیں آتی ہے س اشباع اور امالہ کی تعریف اور مثال کیا ہے ج اشباع کسی حرکت کو اتنا بڑھانا کہ اس کے موافق حرف علت اس مین پیدا ہو جاوے یعنے فتحہ سے الف اور کسرہ سے ی اور ضمہ سے واو - اور امالہ اُس کو کہتے ہین کہ الف کے ماقبل کا فتحہ اتنا جھکا دیں کہ الف ی مجہول کی صورت پیدا کرے جیسے رکاب کو رکیب کہیں -

Marfat.com

مبتدا برہنہ خبر از جار تقوے مجرور ملکر متعلق خبر است علامت جملہ اسمیہ محذوف
مبتدا اور خبر ملکر جملہ اسمیہ ہوکر معلول ک علت کا از جار برون
مجرور مل کر متعلق ہوئے داری فعل با فاعل کے جامہ مضاف ریا
مضاف الیہ ملکر مفعول بہ یہ سب ملکر جملہ فعلیہ ہوکر علت ہوئی پہلے جملہ
معلول کی اور دونوں ملکر صلہ۔ اور موصول مع صلہ منادی ہوا۔ پہندہ موصوف
ہفت رنگ بترکیب تعدادی صفت ملکر مفعول بہ را علامت مفعول بہ بگذار
فعل با فاعل یہ سب ملکر جملہ فعلیہ ہوکر معلول تو ضمیر منفصل تاکید ضمیر فاعلی
فعل داری کی ک علت در جار خانہ مجرور ملکر متعلق داری فعل با فاعل کے
بور یا مفعول بہ یہ جملہ فعلیہ علت معلول اپنی علت سے ملکر جواب ندا۔ حرف
ندا اور منادی اپنے جواب سے ملکر جملیہ ندائیہ ہوا۔ دیدم فعل با فاعل گل
موصوف تازہ صفت ملکر مضاف الیہ مقدم چند دستہ مرکب توصیفی مضاف ملکر
ذوالحال بر جار گنبد سے مجرور ملکر متعلق ہوئے بستہ کے ایسے ہی از جار گیاہ مجرور
ملکر متعلق ہوئے اسی بستہ کے بستہ صیغہ اسم مفعول اپنے متعلقوں سے ملکر
حال ذوالحال مع حال مفعول بہ اور سب ملکر جملہ فعلیہ ہوا۔ گفتم فعل با
فاعل بود فعل ناقص چاہتا ہے اسم وخبر کو گیاہ موصوف ناچیز صفت مل کر
اسم ہوا جیہ مبین تا بمعنے کاف بیان شیند فعل او ضمیر اوس کا فاعل
در جار صف مضاف گل مضاف الیہ ملکر مجرور ملکر متعلق نیز حرف عطف
یہ سب ملکر جملہ فعلیہ ہوگو بیان مبین مع بیان خبر فعل ناقص کی اور وہ
اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر مقولہ ہوا۔ پس گفتم فعل با فاعل
اپنے مقولہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہوا بگریست فعل گیاہ فاعل ملکر جملہ فعلیہ ہوکر
معطوف علیہ وحرف عطف گفت فعل۔ ضمیر مستتر جسکا مرجع گیاہ ہے فاعل

Marfat.com

قاعدہ - اگر دو کلمون مین اول کا آخر حرف اور دوسرے کا شروع حرف ایک ہی ہو یا قریب المخرج تو اُن کو مرکب کرنے مین ایک کا حذف کرنا درست ہی جیسے سپید یو اور زد تر اور کبھی ادغام کرتے ہین جیسے شپر۔

س - ترکیب توصیفی اور اضافی مین کیا فرق ہے ج لفظون مین کچھ فرق نہین ایک ہی طرح کے ہوتے ہین مگر متقدمین فرق کیواسطے موصوف کے آخر مین می مجہول زیادہ کر دیتے تھے لیکن اب متروک ہی اور بعض الفاظ مین اب بھی مستعمل ہے جیسے تنے چند اور فرق معنوی ظاہر ہے س ان مرکبات کو اگر قلب کرین تو کیا اثر ہوتا ہے ج صفت اور مضاف الیہ اگر مقدم ہو جاوین گے تو ان کے آخر مین کسرہ نہ رہے گا۔ جیسے مضاف اور موصوف کے آخر مین ہوتا اگر وہ مقدم ہوتے اس پچھلی ترکیب کو مستوی کہتے ہین اور پہلی کو متصوس

نیک مرد ۱۲

صفت کتنی طرح کی ہے ج دو طرح کی ایک صفت بحال موصوف اور دوسری صفت بحال متعلق موصوف صفت بحال موصوف وہ ہی جس سے خود موصوف کی بھلائی یا برائی معلوم ہو۔ جیسے مرد نیک۔ اور بحال متعلق موصوف وہ ہے جو موصوف کے کسی متعلق چیز کا حال بیان کرے جیسے مرد خوش لباس س ت جو عربی کے مصدروں کے آخر مین ہوتی ہے فارسی کس طرح لکھی جاتی ہی ج فارسی مین لمبی ت لکھی جاتی ہے اور عربی مین ہا مختفی کی صورت پر لکھی جاتی ہے لیکن اگر کوئی اسم ایسا ہو کہ اُسمین لمبی ت لکھنے سے جمع کی صورت بن جاتی ہو تو اس مین فارسی والے بھی گول ۃ لکھتے ہین جیسے صلوٰۃ کہ اس کی جمع صلوات ہی پس مفرد مین اگر ت لمبی ہو تو جمع کی صورت ہو جاوے گی اس واسطے اس کو گول لکھتے ہین اور مصدر مفاعلت کی ت بھی گول ہوگی اگر اردو مین وہ مصدر مذکور ہوگا۔ جیسے معاملہ۔ لیکن تلفظ مین یہ ۃ ہا مختفی پڑھی جاوے گی

Marfat.com

او مفعول بہ مع را علامت محذوف خاموش فعل با فاعل اور جملہ فعلیہ ہو کر
معطوف زیرا کہ حرف علت محذوف تھا فعل کرم مضاف الیہ جس کا مضاف
محذوف ہے یعنے اہل کرم اور دونوں ملکر فاعل اور صحبت مفعول اول فراموش
مفعول ثانی اور یہ جملہ فعلیہ علت گر حرف شرط نیست علامت جملہ
اسمیہ جمال معطوف علیہ و حرف عطف رنگ معطوف و حرف عطف
بو معطوف۔ معطوف علیہ مع معطوفوں کے مبتدا حاصل خبر محذوف م مجرور
را جار محذوف۔ ملکر متعلق خبر مبتدا و خبر ملکر جملہ اسمیہ ہو کر شرط ہوئی
آخر مضاف جس کا مضاف الیہ کار محذوف ہے ملکر ظرف متعلق خبر جملہ
آئندہ نہ بمعنے نیست علامت جملہ اسمیہ من مبتدا محذوف گیاہ مضاف باغ مضاف
او مضاف الیہ، ملکر خبر ایم ربط کا مبتدا و خبر مع متعلق
ملکر جملہ اسمیہ ہو کر جزا۔ شرط و جزا ملکر جملہ شرطیہ ہو کر مقول ہوا
گفت کا گفت اپنے فاعل و مقولہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف ہوا پہلے
جملہ پر گر حرف شرط من مبتدا محذوف بے ہنر معطوف علیہ و حرف عطف
گر حرف عطف بمعنے تردید ہنرمند معطوف دونوں ملکر خبر م ربط
جملہ اسمیہ ہو کر شرط لطف مضاف از اضافت کا خداوند مضاف الیہ ملکر
خبر مقدم امید م ترکیب اضافی مبتدا موخر است علامت ملکر جملہ اسمیہ
ہو کر جزا ملکر جملہ شرطیہ ہوا۔ من مبتدا بندۂ مضاف حضرت مضاف
کریم مضاف الیہ ملکر خبر اول م ربط کا پروردہ مضاف نعمت موصوف قدیم
صفت ملکر مضاف الیہ م ربط کا با حرف جار آن مبین ک بیانیہ ندارم فعل
با فاعل بضمائر مفعول ملکر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف علیہ و حرف عطف محذوف
ندارم فعل با فاعل سرمایہ مضاف طاعتے مضاف الیہ ملکر مفعول بہ ملکر جملہ

Marfat.com

اور نقطے اُس پر نہ دئے جائین گے اور مصدر اگر بمعنے صفت ہو جائیگا تب بھی گول اور بے نقطہ ہوگی جیسے زیادہ

**قاعدہ** - جب دو کلموں مرکب کو فارسی مین لکھتے ہین تو اگر اُن مین پہلا کلمہ حرف ہوگا تو اسکو متصل لکھیں گے جیسے علحدہ اور انشاءاللہ - ورنہ جدا لکھے جاوین گے جیسے حق سبحانہٗ -

علیحدہ ۱۲ ان شاء ۱۲

**قاعدہ** جن کلمات عربی کے آخر مین الف مقصورہ ہو یا جن مصدروں کے آخر مین ی ہو اُن کو فارسی والے الف سے لکھنا جائز سمجھتے ہین - جیسے ماجری اور تمنی کو ماجرا اور تمنا لکھتے ہین -

**قاعدہ** جن کلمات کے آخر مین الف ہوتا ہے جب ان کو مضاف یا موصوف کرین تو اُن کے آخر مین ی یا ہمزہ زائد ہوتا ہے - جیسے پائے من اور نقرار دہر

**قاعدہ** - ذوی العقول کو کدام اور کس اور کہ سے بولتے ہین اور جسمین عقل نہو اسکو چیز اور چہ سے بیان کرتے ہین جیسے کہ مے آید - چہ مے خوری

**س** جامد اور متصرف مین تمیز کیا ہے **ج** یہ فرق ہے کہ جامد کی گردان بدون استعانت کردن یا شدن یا ایسے ہی مصدروں کے نہین آسکتی اور متصرف کی گردان ہوسکتی ہے **س** استفہام کی کتنی قسمین ہین **ج** تین قسمین اوّل استخباری جس سے صرف پوچھنا مقصود ہو جیسے چہ میکنی - دوم اقراری جس سے مضمون کا ثبوت پایا جاوے جیسے **ع** چرانستانی از ہریک جوے سیم - یعنی بستان - سوئم - انکاری - جس سے مضمون کی نفی معلوم ہو - جیسے **ع** چرا کارے کند عاقل کہ باز آید پشیمانی یعنے عاقل کارے نکند کہ آخر کار نادم شود ؛

Marfat.com

فعلیہ ہوکر معطوف معطوف علیہ مع معطوف بیان ہوا مبین مع بیان مجرور
اور جار مجرور متعلق پہ وردہ کے وہ مع متعلق خبر ثانی مبتدا کی مبتدا دونوں
خبروں سے ملکر جملہ اسمیہ ہوا ۔ داند فعل او فاعل چارہ مضاف کار مضاف
بندہ مضاف الیہ ملکر مضاف الیہ ۔ ملکر مفعول بہ ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزا مقدم
پیوند حرف شرط نماند فعل ہیچ ممیز وسیلتے تمیز ملکر فاعل ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط
مؤخر جزا مقدم سے ملکر جملہ شرطیہ ہوا ۔ رسم مبتدا این مبین محذوف کہ بیان کا
مارکان مضاف تحریر مضاف الیہ ملکر فاعل کنند فعل کا بندہ موصوف پیر صفت
ملکر مفعول بہ اول آزاد مفعول ثانی یہ سب ملکر جملہ فعلیہ ہوکر بیان مبین سے
ملکر خبر است علامت جملہ اسمیہ مبتدا خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا اے
حرف ندا یار خدائے موصوف عالم آرا صفت ملکر منادی بخشائے فعل با
فاعل بر جار بندہ موصوف پیر صفت ملکر مضاف خود مضاف الیہ ملکر مجرور
ملکر متعلق ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر جواب ندا سب ملکر جملہ ندائیہ ہوا اے
حرف ندا محذوف سعدی منادی گیر فعل با فاعل رہ مضاف کعبہ مضاف
رضا مضاف الیہ ملکر مضاف الیہ ۔ ملکر مفعول بہ فعل و فاعل سے مل کر جملہ
انشائیہ ہوکر جواب ندا اور حرف ندا منادی و جواب ندا ملکر جملہ ندائیہ ہوا اے
حرف ندا مرو مضاف خدا مضاف الیہ ملکر منادی گیر فعل با فاعل رہ مضاف
خدا مضاف الیہ ملکر مفعول بہ فعل و فاعل سے ملکر جملہ انشائیہ ہوکر جواب ندا اور
سب ملکر جملہ ندائیہ ہوا ۔ بدبخت خبر مقدم کسے موصول کہ صلہ کا بتابد فعل ضمیر
مستتر جس کا مرجع موصول ہے فاعل سر مفعول بہ زجار ایں اشارہ و مشار الیہ
ملکر مجرور ملکر متعلق یہ سب فعل و فاعل و مفعول بہ اور متعلق مل کر جملہ
فعلیہ ہوکر صلہ ہوا موصول صلہ سے ملکر مبتدا مؤخر است علامت جملہ اسمیہ محذوف

Marfat.com

**قاعدہ** کبھی ماضی وغیرہ فعل کو مجازاً مصدر یا دوسرے افعال کی جگہ بول دیتے ہین۔ جیسے بادشاہے بسرے داشت یعنی مے داشت

**قاعدہ**۔ نون اور بائے موحدہ کسی کلمہ مین متصل آوین تو اُن دونون کو میم مشدد یا مخفف سے بدلنا جائز ہے جیسے سنبل اور دنبل کو سمبل اور دمبل کہنا جائز ہی

**قاعدہ**۔ فارسی مین کبھی ایک لفظ کے دو معنے ایسے ہوتے ہین جو ایک دوسرے کی ضد ہون جیسے فراز بمعنے کشادہ و بند اسی طرح ایک لفظ مفرد اور جمع دونون طور سے آتا ہے جیسے مردم دشمن۔ اسی طرح افعال مین لازم اور متعدی دونون ہوتے ہین جیسے سوختن بمعنے جلنا اور جلانا

**س**۔ کس صورت مین صیغہ مفرد بجاے جمع بولنا درست ہی **ج** غیر ذی روح مین جمع کیلئے مفرد بھی استعمال کرنا درست ہی جیسے صد سال از من بحشر رفت واز جایم نبرد **س** لفظ نا اور بے جو واسطے نفی کے ہین انمین کیا فرق ہی **ج** فرق یہ ہی کہ لفظ بے اسم پر آتا ہی اور نا صفت پر جیسے بیوقوف اور نامرد یا اس طرح کہو کہ ناجس اسم پر آتا ہی وہ اسم کسی ذات پر خود بولا جا سکتا ہی۔ اور بے کے بعد کا اسم بدون کسی اور لفظ کے ملاے کسی ذات پر نہین بولا جا سکتا مگر نامراد اور نا امید اور ناکام اور ناچار اور ناگزیر شاذ ہین۔

**قاعدہ**۔ فارسی مین اُن لفظون کو جو آخر مین تشدید رکھتے ہون مخفف بولنا جائز ہی اور کہین ضرورت کے وقت تشدید ظاہر کر دیتے ہین جیسے خاص و عام و غم و ہم

**قاعدہ** فارسی مین حرف مشدد نہین آتا ہے مگر فرّخ اور خرّم مین شاذ ہی ہان ضرورت کے واسطے حرف مخفف کو مشدد کر لیتے ہین جیسے **ع** نبرّد قزم را تیغ تیز بہ اور زر کی نسبت مین زرین کہتے ہین۔

**قاعدہ**۔ توانستن کا مضارع تواند ہے مگر اُسکی جگہ تواں بدون دال کے

Marfat.com

مبتدا خبر سے ملکر جملہ اسمیہ ہوکر معلول کہ علت کا در موصوف دلر صفت ملکر مفعول بہ
نیاید فعل ضمیر مستتر جس کا مرجع موصول ہے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ تعلیلیہ ہوا۔

# اشعار بوستان

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | خبرداری از استخوان قفس | که جان تو مرغست نامش نفس | ۱ |
| ۲ | چو مرغ از قفس رفت بگست قید | دگر راه نگرود به سعی تو صید | ۲ |
| ۳ | نگهدار فرصت که عالم دمی ست | دمی پیش دانا به از عالمی ست | ۳ |
| ۴ | سکندر که بر عالمی حکم داشت | در آندم که بگذشت و عالم گذاشت | ۴ |
| ۵ | میسر نبودش کزو عالمی | ستاند و مهلت دهندش دمی | ۵ |
| ۶ | برفتند و هر کس درود آنچه کشت | نماند بجز نام نیکو و زشت | ۶ |
| ۷ | چرا دل برین کارروانگه نهیم | که یاران برفتند و ما بر رهیم | ۷ |
| ۸ | پس از ما همیں گل دهد بوستان | نشینند بایک دگر دوستان | ۸ |
| ۹ | دل اندر دلارام دنیا مبند | که نشست باکس که دل بر نکند | ۹ |
| ۱۰ | چو در خاکدان لحد خفت مرد | قیامت بیفشاند از روی گرد | ۱۰ |
| ۱۱ | سر از جیب غفلت برآور کنون | که فردا نماند به حسرت نگون | ۱۱ |
| ۱۲ | چو خواهی آمد بشیراز در | سر و تن بشوئی ز گرد سفر | ۱۲ |
| ۱۳ | پس اے خاکسار گنه منقریب | سفر کرد خواهی بسی بهر غریب | ۱۳ |
| ۱۴ | بران از دو سرچشمهٔ دیده جوئے | در آلا بشوئی ز خود بشوئے | ۱۴ |

## ترکیب شعر اول

خبرداری فعل مرکب با فاعل از عبارت استخوان قفس بترکیب اضافی مجموعہ در ملکر معطوف علیہ و حرف عطف محذوف از عبارت محذوف ہا ایں ہمین محذوف

Marfat.com

بھی بولتے ہین جیسے ع دشمن نتوان حقیر وبیچارہ شمرد۔ اور متقدمین نے تان بجذف واو بھی استعمال کیا ہے۔

**قاعدہ**۔ تواند اور باید اور شاید اور خواہد کے بعد ماضی اور مصدر دونون کا استعمال جائز ہے جیسے ع چو آنجا رسی سجدہ خواہی شدن ۔ اور ع توان بخلق فرد بردن استخوان درشت

## باب چہارم اوزان مصادر عربی و مشتقات انہا اقسام جمع دین ساتثنیہ و تصغیر

مضمون اس باب کا مین قواعد اردو حصہ چہارم مولفہ استاذی جناب مولوی محمد احسن صاحب سے نقل کرتا ہون

اب چونکہ مصدر اور اسمائے مشتقہ عربی کے بھی فارسی زبان مین مستعمل ہوتے ہین لہذا اس جگہ اسقدر بیان مصدرون اور اسمار مشتقہ کا کیا جاتا ہی جو فارسی دانون کو مفید ہو اور اس کا بیان بھی بطور عربی کے نہین کیا گیا بلکہ جو طور کہ جاید سمجھہ مین آنے کے لائق جانا اُس طرح پر لکھا۔ پس جاننا چاہئیے کہ عربی کے فعل دو قسم ہین۔ اوّل ثلاثی یعنے سہ حرفی اور دوسرے رباعی یعنی چار حرفی۔ اور ثلاثی کی دو قسمین ہین ایک مجرد یعنی خالص جس کی ماضی مین تین حرف اصلی ہون جیسے عدل کہ اس کے ماضی مین عَ دَ لَ حرف اصلی ہین۔ واضح ہو کہ اہل عرب نے تین حرف فَ عَ لَ۔ اول اور دوم اور سوم کی جگہ مقرر کئے ہین اور سب الفاظ کے اصلی حروف کی پہچان یہی رکھی ہی کہ جب اُن کے حرکات اور سکون کو ان تینون حروف کے حرکات اور سکون سے مقابل کرین تو جو حرف فَ یا عَ یا لَ کے مقابل پڑے گا اسکو اصلی کہین گے ورنہ زائد۔ اور دوسرے مزید یعنی زیادہ کی ہوئی جس کے ماضی مین تین حرف

Marfat.com

کہ بیانیہ جان تو بترکیب اضافی مبتدا مرغ خبر است علامت جملہ اسمیہ یہ جملہ اسمیہ ہوکر معطوف علیہ و حرف عطف نامش بترکیب اضافی مبتدا نفس خبر علامت جملہ اسمیہ لفظ است محذوف یہ سب ملکر جملہ اسمیہ ہوکر معطوف یہ دونوں جملے معطوف علیہ اور معطوف بیان ہوا این مبین محذوف کا بیان و مبین ملکر مجرور جار و مجرور ملکر معطوف اور معطوف علیہ مع معطوف متعلق خبرداری کے پس فعل و فاعل اور متعلق مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا ۔ بشرطیکہ خبردار ی بطور استفہام ہو ورنہ خبریہ ہوگا ۔

## ترکیب شعر دوم ؎

چو حرف شرط رفت فعل مرغ اسکا فاعل از جار نفس مجرور متعلق ہوتے رفت کے فعل فاعل اور متعلق ملکر جملہ فعلیہ ہوکر معطوف علیہ و حرف عطف بگشت فعل لازم قید فاعل یہ سب جملہ فعلیہ ہوکر معطوف معطوف علیہ و معطوف ملکر شرط نگردد فعل ناقص ضمیر مستتر جو مرغ کی طرف پھرتی ہے اس کا اسم صفت خبر دگر صفت رہ موصوف ملکر مفعول فیہ ب جار سعی مضاف تو مضاف الیہ ملکر مجرور ہوکر متعلق ہوئے فعل ناقص کے یہ سب ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزا ہوئی شرط کی شرط اور جزا ملکر جملہ شرطیہ ہوا ۔

## ترکیب شعر سوم ؎

نگہدار فعل مرکب با فاعل فرصت مفعول بہ ملکر جملہ فعلیہ ہوکر معلول آہ علت کا عالم مبتدا دمے خبر است ربط کا ملکر جملہ اسمیہ ہوکر معطوف علیہ و حرف عطف محذوف دمے مبتدا پیش دانا بترکیب اضافی ظرف متعلق بہ خبر کے از جار عالمے مجرور ملکر خبر مذکور است علامت جملہ اسمیہ ملکر جملہ اسمیہ ہوکر معطوف ہوا معطوف علیہ اور معطوف مل کر علت ہوئی کلام سابق کی ۔

Marfat.com

سے زائد ہون جیسے معادلہ کہ اسکے ماضی مین عَ دَل کے سوا ایک الف بھی آتا ہے۔ اسی طرح رباعی کی دو قسم ہے مجرد اور مزید مجرد کے ماضی مین چار حرف اصلی ہوتے ہین۔ جیسے ترجمہ کہ اس کے ماضی مین ت ر ج م حروف اصلی آتے ہین اور مزید کے ماضی مین چار سے زیادہ جیسے زلزل کہ اُس کے ماضی مین بھی یہی حروف پانچون آتے ہین پس ثلاثی مجرد کے مصدر عربی مین بہت طور سے آتے ہین اور بعضون نے پینتیس ۳۵ وزن حصر بھی کئے ہین مگر یہ حصر کلی نہین۔ اور مین اس جگہ وہ مصدر بیان کرتا ہون جو کثرت سے مستعمل ہین اور باقی کو ترک کرتا ہون۔

جاننا چاہیئے کہ سب مصدر ثلاثی کے ماضی کی جہت سے مجرد اور مزید کہلاتے ہین چنانچہ مصدرون ثلاثی مجرد مین باوجودیکہ ایک حرف یا دو تین کی زیادتی بھی ہوجاتی ہے مگر چونکہ ان کی ماضی ہمیشہ سہ حرفی رہتی ہے اس لئے وہ مصدر ثلاثی مجرد کے کہلاتے ہین اور انمین تین حرف اصلی ہوتے ہین باقی زائد حروف اصلی کو مادّہ و مجرد کہتے ہین اور پہلے گذر چکا ہے کہ حروف اصلی وزن کرنے مین مقابل ف اور ع اور ل کے واقع ہوتے ہین پس جو مصدر کہ اُن مین زیادتی نہین ان کے چھ وزن ہین تین تو فعل بسکون عین اور ف کی تینون حرکتون سے جیسے قتل اور فسق اور شغل اور تین بفتحہ عین اور ف کی تینون حرکتون سے جیسے طلب اور ہدی اور صغر اور جن مین زیادتی ہوتی ہے پس یا تو ایک حرف زیادہ ہوتا ہے مثلاً پہلے تینون وزنون مین اگر آخر کو ت بڑھادین تو فعلت بسکون عین اور حرکات ف کے ہوجاوے گا جیسے رحمت اور رحلت اور قدرت اور ایک مصدر بفتحہ فا و عین بھی آتا ہے۔ جیسے حرکت۔ اور ایک بفتحہ فا و کسر عین جیسے سرقہ یہ ت جو مصدر کے

Marfat.com

## ترکیب شعر چہارم و پنجم قطعہ بند

سکندر موصوف کہ بیان صفت داشت فعل ضمیر مستتر جو سکندر کی طرف راجع ہے اس کا فاعل حکم مفعول بہ جار عالمے مجرور ملکر متعلق ہوئے فعل داشت کے اور وہ اپنے فاعل اور مفعول بہ اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر صفت اور موصوف مع اپنی صفت کے مبتدا و جار آنذم اشارہ و مشار الیہ ملکر اسم موصول کہ صلہ کا بگذشت فعل ضمیر مستتر فاعل عالم مفعول بہ ملکر جملہ فعلیہ ہوکر معطوف ملکر صلہ ہوا۔ موصول و صلہ ملکر مجرور ملکر متعلق ہوئے فعل بود فعل ناقص کے جو اگلے شعر میں ہے۔

بود فعل ناقص ایں مبین محذوف کہ بیانیہ از جار او مجرور ملکر متعلق فعل ستانند کے ضمیر جسکا مرجع ملائکہ ہیں۔ اس کا فاعل عالمے مفعول بہ ملکر جملہ فعلیہ ہوکر معطوف علیہ و حرف عطف و ہندہ فعل اور فاعل اس کا ضمیر مستتر جس کا مرجع وہی ملائکہ ہیں۔ ش ضمیر مفعول بہ مہلت مفعول ثانی و مے ظرف زماں مفعول فیہ فعل فاعل اور دونوں مفعولوں سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر معطوف معطوف علیہ مع معطوف بیان۔ مبین مع بیان اسم ہوا فعل ناقص بود کا میسر خبر اور ش ضمیر مجسمہ مع اپنے جار محذوف کے متعلق فعل ناقص کے وہ اپنے اسم و خبر و متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر خبر ہوئی سکندر مبتدا کی مبتدا اور خبر ملکر جملہ اسمیہ ہوا۔

## ترکیب شعر ششم

بود فعل ضمیر مجسمہ جو راجع ہے مردم کی طرف وہ اس کا فاعل مل کر جملہ فعلیہ

Marfat.com

آخر مین زائد ہوتی ہی عربی مین یہ شکل (ہ) کے لکھی جاتی ہی یا انھین وزنون مین آخر کو الف مقصورہ زیادہ کرین تو فعلی بسکون عین و حرکات ف کے ہوگا جیسے دعوے اور ذکری اور بشرے یا الف عین کلمہ کے بعد داخل کرین تو فعال ہوگا۔ اس صورت مین عین مفتوح رہیگا اور ف پر سب حرکات آوین گے جیسے سلام اور قیام اور دعا اس پچھلے مصدر دعا مین بعد الف کے واؤ ہے جو الف کی جہت سے ہمزہ ہوگیا اور یہ ایک قاعدہ کلیہ ہے کہ الف کے بعد واو اور ی ہمزہ سے بدل جاتی ہین اور فارسی والے مصدرون مین بدون اضافت کے ہمزہ نہین لکھتے۔ مثلاً بولتے ہین کہ ع زین دعاہا بر اجابت منتِ بسیار باد۔ بدون ہمزہ کے۔ اور یا عین کے بعد واؤ معروف زیادہ کرتے ہیں اسصورت مین ف کو ضمہ ہوگا جیسے حصول اور دخول۔ اور ایک دو مصدرون مین فتحہ بھی آیا ہی جیسے قبول۔ اور کبھی ف ساکن کرکے میم مفتوح اول مین لاتے ہین اور عین کو فتحہ یا کسرہ پڑھتے ہین یعنی مفعل جیسے مدخل اور مرجع اور کبھی دو حروف زیادہ ہوتے ہین یا تو الف و نون آخر مین جیسے فعلان بسکون عین و ضمہ و کسرہ فا جیسے غفران اور حرمان یا بفتحہ فا و عین جیسے خفقان اور یا الف بعد بعد عین کے اور ت آخر مین ہو تو فعالت ہوگا بحرکات ف جیسے سعادت اور حکایت اور نجابت اور یا واو معروف بعد عین کے اور ت آخر مین ہو تو اس صورت مین ف کو ضمہ ہی ہوگا۔ جیسے صعوبت اور یا میم مفتوح اول مین اور ت آخر مین ہو مفعلت بسکون فا و فتحہ عین ہوتا ہے۔ جیسے مرحمت اور کبھی عین کو ضمہ بھی آتا ہی جیسے ملکت اور اکثر ثلاثی کے مصدرون کو اس وزن مین لا سکتے ہین جیسے

Marfat.com

معطوف علیہ وحرف عطف درود فعل ہرکس اس کا فاعل آنچہ اسم موصول کشت فعل ضمیر مستتر جس کا مرجع ہرکس ہے فاعل ضمیر مفعول جس کا مرجع آنچہ ہے۔ اورا علامت مفعول پہ محذوف فعل فاعل ومفعول ملکر جملہ فعلیہ ہوکر صلہ موصول مع صلہ مفعول پہ فعل درود کا فعل فاعل ومفعول پہ ملکر جملہ فعلیہ ہوکر معطوف وحرف عطف محذوف نماند فعل ایچ چیز مستثنا منہ محذوف بجز حرف استثنا نام موصوف نیکو معطوف علیہ وحرف عطف زشت معطوف ملکر صفت دونوں مل کر مستثنا اور مستثنا منہ مع مستثنا فاعل نماند کا مل کر جملہ فعلیہ ہوکر دوسرا معطوف ہوا۔

## ترکیب شعر ہفتم

چرا حرف استفہام دل مفعول مقدم بر حرف جار این اسم اشارہ کار وانگہ مشار الیہ ملکر مجرور جار مجرور ملکر متعلق تہیم فعل با فاعل فعل فاعل مفعول بہ اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ ہوا کہ علت کا پر تنند فعل یاران فاعل ملکر جملہ فعلیہ ہوکر معطوف علیہ وحرف عطف ما مبتدا بر جار رہ مجرور ملکر متعلق ہوسے لفظ موجود محذوف کے جو خبر ہے۔ ایکم علامت جملہ اسمیہ ملکر جملہ اسمیہ ہوکر معطوف معطوف علیہ مع معطوف علت ہوئی پہلے مصرعہ استفہام انکاری کی

## ترکیب شعر ششم

دہد فعل بوستان فاعل ہمیں کل مفعول بہ پس مضاف الیہ علامت اضافت ما مضاف الیہ ملکر مفعول فیہ ملکر جملہ فعلیہ معطوف علیہ واو عاطفہ محذوف نشیند فعل دوستان فاعل با جار یک دگر مجرور ملکر متعلق ملکر جملہ فعلیہ معطوف ہوا۔

## ترکیب شعر ہشتم

بلند فعل با فاعل دل مفعول بہ اندر جار دلارام مضاف دنیا مضاف الیہ ملکر مجرور

Marfat.com

حمد کو محمدت اور کرم کو مکرمت وغیرہ - اور کبھی تین حرف زیادہ ہوتے ہیں۔ الف بعد عین اور یاے مفتوح اور تآخر میں۔ اس صورت میں لام کلمہ مکسور پڑھا جاوے گا۔ جیسے رفاہیت اور کراہیت بفتح فا اور کبھی الف کی جگہ واو ہوتی ہے جیسے طفولیت

پس ثلاثی مجرد کے مشہور مصدر انہیں وزنوں پر آتے ہیں اب ثلاثی مجرد کے اسماء مشتقہ کو سُننا چاہیئے کہ حاصل مصدر اور مصدر تو ایک ہی ہین اور **اسم فاعل** وزن پر لفظ فاعل کے بکسر عین آتا ہی یعنی اگر ثلاثی مجرد کا اسم فاعل معلوم کرنا چاہو تو اس کے حروف اصلی کو لے کر ف کے آگے الف علامت فاعل زیادہ کرو۔ اور عین اور لام کو زیر سے ملاؤ تو اسم فاعل بنجاویگا مثلاً قدرت سے اسم فاعل بناوین تو اول اُس کے اصلی حرف ق د ر ہوئے ان پر ترکیب مذکورہ جاری کی تو قادر ہوا۔ یہی صیغہ اسم فاعل کا ہے۔ اسی طرح اورون کو قیاس کرنا چاہیئے۔ اور یہاں تین باتوں کا یاد رکھنا نہایت ضروری ہی۔

**اوّل**۔ یہ کہ اگر عین کلمہ واو اور یا ہوگا تو وہ بصورت ی لکھا جاویگا اور ہمزہ بولا جائیگا۔ جیسے قول سے قائل اور قیام سے قائم **دوم** یہ کہ عین اور لام کلمہ اگر ایک ہی حرف ہونگے تو اسم فاعل میں ایک بولا جائے گا۔ جیسے خصوص سے خاص **تیسرے** یہ کہ مصدر کا لام کلمہ اگر واو یا ہمزہ ہوگا۔ تو وہ فارسی کے اسم فاعل میں ی پڑھا جاوے گا جیسے خلوت سے خالی اور قرارت سے قاری اور اگر صیغۂ واحد مؤنث بناویں تو آخر میں گول ۃ زیادہ کرین اور گول ۃ فارسی مین ہاے مختفی کے طور پر تکمی پڑھی جاتی ہے جیسے قادر واحد مذکر ہے تو قادرہ واحدہ مؤنث ہوگا اور **اسم مفعول** ان مصدروں کا اس طرح بنتا ہے کہ حرف اصلی لے کر میم مفتوح اول میں اور واو حروف

Marfat.com

ملکر متعلق ملکر جملہ فعلیہ معطوف کہ علت کا نشست فعل ضمیر مستتر راجع بدنیا فاعل باجار کس موصول بحذف یا کہ صلہ کا بر نکند فعل ضمیر مستتر اسکا فاعل دل مفعول بہ از جار او مجرور یہ دونوں جو محذوف ہیں ملکر متعلق ہوئے فعل بر نکند کے یہ سب ملکر جملہ فعلیہ ہوکر صلہ موصول مع صلہ مجرور او وجار مجرور متعلق ہوئے فعل نشست کے یہ فعل فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر علت ہوئے معلول کے

## ترکیب شعر دہم

چو حرف شرط در جار غاکدان مضاف لحد مضاف الیہ ملکر مجرور متعلق نعفت فعل مرد فاعل ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط بیفشاند فعل ضمیر مستتر جسکا مرجع مرد ہے فاعل قیامت مفعول فیہ گرد مفعول بہ از جار روئے مجرور ملکر متعلق یہ سب ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزا۔ شرط وجزا ملکر جملہ شرطیہ ہوا۔

## ترکیب شعر یازدہم

بر آورد فعل با فاعل سر مفعول بہ از جار حبیب مضاف غفلت مضاف الیہ ملکر مجرور ملکر متعلق کنون مفعول فیہ ملکر جملہ فعلیہ ہوکر معلول کہ علت کا نماند فعل ناقص ضمیر مستتر جس کا مرجع سر ہے اسکا اسم نگوں خبر مفعول فیہ ب جار حسرت مجرور ملکر متعلق یہ سب ملکر جملہ فعلیہ ہوکر تعلیلیہ ہوا۔

## ترکیب شعر دوازدہم

چوں حرف شرط خواہی آمد فعل با فاعل تو ضمیر منفصل تاکید ضمیر فاعلی ب جار شیراز مجرور مد زاید ملکر شرط بشوی فعل با فاعل سر معطوف علیہ و حرف عطف تن معطوف ملکر مفعول ز جار گرد مضاف سفر مضاف الیہ ملکر مجرور ملکر متعلق یہ سب جملہ فعلیہ ہوکر جزا شرط وجزا ملکر جملہ شرطیہ ہوا۔

## ترکیب شعر سیزدہم

Marfat.com

بعد عین کے زیادہ کریں تو وزن اور صیغہ اسم مفعول کا ہوجاوے گا۔ جیسے رحمت سے اسم مفعول بناوین تو اُس کا مادہ جو رحم ہے اُسپر ترکیب مذکورہ بالا جاری کرنے سے مرحوم صیغہ اسم مفعول کا ہوگا۔ یہاں دو قاعدوں کا یاد رکھنا چاہیئے اوّل یہ کہ مصدر کا عین کلمہ اگر واو ہوگا تو اس کا اسم مفعول بحذف عین بروزن مفعول آویگا جیسے قول سے مقول اور اسی طرح اگر عین کلمہ ی ہوگا تو بروزن مفیل بکسر فا آوے گا جیسے بیع سے مبیع دوسرے یہ کہ اگر مصدر کا لام کلمہ واو ہوگا تو اسم مفعول بحذف ایک واؤ بروزن مفعو آوے گا جیسے دعوت سے مدعو اور اسی طرح اگر لام کلمہ میں ی ہوگی تو اسم مفعول بروزن مفعی بکسر عین آوے گا۔ جیسے رعایت سے مرعی۔ اور اگر اُس کے آخر میں ہ ملائی جاوے تو واو اور ی مشدد پڑھی جاوین گی۔ جیسے مدعوہ اور مرعیہ اور صیغۂ مؤنث اسم مفعول مثل اسم فاعل کے سمجھنا چاہیئے۔

اسم آلہ اس طرح بنتا ہی کہ حروف اصلی پر میم مکسور اول میں لگاکر عین کو فتحہ دیتے ہیں۔ تو مفعل ہوتا ہی جیسے منبر اور کبھی ہ آخر میں زیادہ کر دیتے ہیں۔ تو مفعلہ ہوتا ہے۔ جیسے منطقہ نطاق سے اور کبھی بعد میں عین کے الف زیادہ کرتے ہین تو مفعال ہوتا ہے۔ جیسے قرض سے مقراض۔ اور فتح سے مفتاح

اسم ظرف۔ حروف اصلی پر اول میں میم مفتوح لگانے اور عین کو فتحہ یا کسرہ دینے سے بنتا ہے اور عین کے کسرہ یا فتح دینے کا کوئی قاعدہ کلیہ نہیں اہل زبان سے سننے پر منحصر ہے جیسے مکتب اور مجلس اور کبھی ہ بھی آخر کو زائد کرتے ہیں۔ مثلاً مدرسہ اور اگر لام کلمہ میں حرف علت ہوگا تو اسم ظرف میں

Marfat.com

پس حرف عطف اسے حرف ندا خاکسار مضاف گنہ مضاف الیہ ملکر منادی عن حرف جار عربی فریب مجرور مل کر متعلق ہوئے فعل خواہی کرد کے جو بافاعل ہے سفر مفعول بہ ب سہار شہر موصوف غریب صفت ملکر مجرور ملکر متعلق سب ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جواب ندا ہوا حرف ندا اور منادی اپنے جواب سے ملکر جملہ ندائیہ ہوا۔

## ترکیب شعر چہاردہم

بران فعل با فاعل از جار دو عدد سر مضاف چشمہ مضاف الیہ ملکر معدود ملکر مضاف دیدہ مضاف الیہ ملکر مجرور ملکر متعلق ہوئے مفعول بہ یہ سب ملکر جملہ فعلیہ ہوکر معطوف علیہ و حرف عطف ار حرف شرط داری فعل با فاعل آلا کیشے مفعول بہ ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرطیہ بشوئی فعل با فاعل از جار خود مجرور ملکر متعلق یہ سب مل کر جملہ فعلیہ ہوکر جزا شرط و جزا ملکر جملہ شرطیہ ہوا۔

**تنبیہ** ۔ اتنی ترکیب انشاء اللہ طلباء کو ترکیب کہنے میں کافی ہوگی مگر اساتذہ کو مناسب ہے کہ اثنائے تعلیم میں جس فقرہ یا شعر کی ترکیب مشکل نظر آوے اس کو طلباء کو سمجھا دیا کریں تاکہ مطلب بھی اچھی طرح اُن کے ذہن نشین ہو جائے اور ترکیب کہنے کی استعداد بھی زیادہ ہو

# باب سوم مخففات و مفردات تصحیح الفاظ و ضمیمہ فوائد عجیبہ کے بیان میں

س ۔ کون کون الفاظ مخفف استعمال کئے جاتے ہیں ۔

ج ۔ الفاظ مخفف کا نقشہ بہ ترتیب حروف تہجی یہ ہے

| لفظ اصلی | لفظ مخفف | لفظ اصلی | لفظ مخفف |
|---|---|---|---|
| ارغنون ساز یعنی ہا بہ کا نام ہے | ارغن | افلاطون نام حکیم | فلاطون ۔ فلاطن |

Marfat.com

الف پڑھا جاوے گا جیسے سعی سے مسعی اور رعایت سے مرعی۔

**اسم حالیہ** کا کوئی وزن خاص عربی میں نہیں اسم فاعل اور مفعول اور صفت کے وزن پر آتا ہے۔

**اسم تفضیل** عربی کا اس طرح بناتے ہیں کہ مادہ کے اول میں الف مفتوح لگاتے ہیں اور عین اور لام کو فتحہ سے ملاتے ہین جیسے رحمت سے ارحم اور حسن سے احسن اور اگر مؤنث بنانا چاہین تو فعلیٰ اور عین کو ضمہ سے ملاویں اور لام کے بعد الف مقصورہ زیادہ کریں جیسے حسن سے حسنیٰ اور اگر مصدر میں لام کلمہ واو یا ی ہوگا تو وہ اسم تفضیل میں الف مقصورہ لکھا پڑھا جاویگا جیسے علو سے اعلیٰ اور شکایت سے اشکیٰ اور یاد رہے کہ اسم تفضیل رنگ اور عیب کے معنی والے الفاظ سے نہیں بنتا ہے یعنے ان سے اگر وزن مذکور بنتا ہے۔ تو صرف صفت پر دلالت کرتا ہے۔ نہ تفضیل پر جیسے احمر بمعنے سُرخ اور اعرج بمعنی لنگ ہے زیادہ سُرخ اور زیادہ لنگ مراد نہین۔

**صفت مشبہ**۔ اگرچہ مصدر سے مشتق ہوتی ہے مگر اُس کے بنانے کا کوئی طریقہ کلیہ نہیں سوائے وزن فاعل کے اور جتنے وزن ایسے ہون کہ اُن میں معنی وصفی پائے جاتے ہون وہ صفت مشبہ کہلاتے ہین۔ مگر یہان چند اوزان اُس کے لکھ دیئے جاتے ہین جو فارسی میں اکثر آتے ہیں وزن اُن کے یہ ہین **فَعل** بسکون عین وحرکات ف جیسے صعب اور صفر اور صلب اور **فِعل** بفتحہ فا وفتحہ وکسرہ عین جیسے حَسَن اور خِشن اور **افعل** مثل اسم تفضیل جیسے احمر اور اسود یہ وزن رنگ اور عیب میں بہت مستعمل ہے جیسے اَبیَض اور اَعرَج وغیرہ۔ اور **فیعل** بفتحہ فا وکسر عین جیسے میّت

Marfat.com

| لفظ اصلی | لفظ مخفف | | لفظ اصلی | لفظ مخفف |
|---|---|---|---|---|
| افغان | فغان | | اکنوں ہم | کنوں - نوں |
| انبجه | انبه | | زین راه که | زیراکه |
| انده غم ۱۲ | انده | | ستوه | سته عاجز ۱۲ |
| انگه | آنگاه ہم | | شادباش | شاباش خوش رہو ۱۲ |
| استاد - ستاد | استاده ہم ۱۲ | | شاه | شه بادشاه ۱۲ |
| تک | اینک ہم ۱۲ | | شاهان شاه | شاهنشاه - شهنشاه |
| بدوبو | بوده | | شکوه | شکه دبدبه ۱۲ |
| بروں | برون | | فراموش ہم لنا ۱۲ | فرامش - فرمش فرموش |
| نهاں | پنهاں پوشیده | | کوه | کهه کهٔ |
| چه کنوں ۱۲ | چاه | | گاه کبھی ۱۲ | گهه |
| چنو | چوں او مانند ہے | | کروه جماعت ۱۲ | گره |
| چناں | چوں آں | | کوهر موتی ۱۲ | گهر |
| چنیں | چوں ایں | | ماه حیض ۱۲ | مه |
| چل سال | چهل سال | | نا امید | نوا مید |
| خموش خمش - خامش | خاموش چپ ہو ۱۲ | | ناگاه | ناگهه یکایک ۱۲ |
| خورآفتاب ۱۲ | خورشید | | ناگاهاں یکایک ۱۲ | ناگهاں |
| دامن | دامان دامن ہے ۱۲ | | نهاں پوشیده | نهن |
| دهن | دهان | | هرگز | هگز |
| ده ربسته ہے | چاه | | هشتاد ہشتی ۱۲ | هشتا |
| دمی | دین | | هفتاد - هنود | هفتا - هنز - نود |

Marfat.com

اور سیتد۔ اس میں عین کلمہ اکثر و ہوتا ہے اور **فُعَال** بفتحہ وضمہ فا جیسے جبان اور شجاع اور **فعیل** جیسے شریف یہ وزن بہت آتا ہے ایسے مصدرون مین جو اختیاری نہون جیسے کریم کرم سے اور حسین حسن سے اور **فعول** بفتحہ فا جیسے صبور اور **فعلان** بفتحہ فا وضمہ فا وسکون عین جیسے عطشان اور عریان اور **فعّال** بفتحہ فا وتشدید عین یہہ وزن مبالغہ کے لیئے آتا ہے جیسے کذاب یعنی بہت دروغگو حد سے زیادہ۔ اور کبھی اس میں ہ بھی زیادہ کرتے ہین جیسے علّامہ حد سے زیادہ جاننے والا۔ اور نیز نام پیشہ والوں کے اکثر اسی وزن پر ہوتے ہیں صرّاف بزاز۔ بقّال نجّار وغیرہ۔

مصادر ثلاثی مزید

اب ثلاثی مزید کے مصدرون کو سُننا چاہیئے کہ جو مصدر کہ فارسی میں بہت مستعمل ہیں وہ آٹھ ہین **اوّل** افعال بکسر الف وسکون فا پس جس مصدر ثلاثی مجرد کو اس وزن پر بنانا چاہین اُس کے حروف اصلی کے اندر الف مکسور لگانا چاہیئے۔ اور ایک الف عین کلمہ کے بعد زیادہ کرنا چاہیئے وزن افعال کا ہوجائیگا مثلاً کرامت سے اگر افعال بناوین تو اُس کے حروف اصلی جو کرم ہیں۔ اُن پر قاعدۂ مذکور جاری کیا تو اکرام ہوا۔ لیکن یہان تین قاعدون کو یاد رکھنا چاہیئے۔ اوّل یہ کہ اگر کسی مصدر مجرد میں ف کلمہ واو ہوگا تو وہ اُس مصدر میں ی ہوجاویگا جیسے وزن سے ایزان اور وفا سے ایفا۔ دوّم اگر عین کلمہ واو یا ی ہوگا تو اُس مصدر مین حذف ہوجائیگا اور اُس کے عوض آخر میں ت زیادہ کی جاوے گی۔ جیسے عون سے اعانت بجائے اعوان کے اور قیام سے اقامت بجائے اقیام کے۔ سوّم اگر لام کلمہ میں واو یا ی ہوگی تو وہ اس مصدر میں ہمزہ سے بدل جاویگی۔ کیونکہ الف کے بعد واقع ہوگی

Marfat.com

اور کچھ الفاظ عربی کے بھی فارسی میں مخفف مستعمل ہوتے ہیں اُن کا نقشہ یہ ہے۔

| لفظ اصلی | لفظ مخفف | | لفظ اصلی | لفظ مخفف |
|---|---|---|---|---|
| الے آخرہ | الخ یا آہ | | ظاہر | ظہ |
| تعالے | تعم | | علیہ السلام | عم یا علہ |
| رحمۃ اللہ | رح یا رہ | | مقصود | مقصم |
| رضی اللہ عنہ | رض | | مطلوب | مطم |
| صلی اللہ علیہ وسلم | صلعم یا ص | | مصنف | مص |
| صحیح | ص | | | |

**فائدہ** ۔ اور یہ قاعدہ عام ہے کہ تخفیف کیلئے کلمہ کا شروع کا حرف لکھدیتے ہیں مثلاً ت ترجمہ کے لئے س سوال کے لئے ج جواب کے لئے ش شرح کے لئے ف فائدہ کے لئے ن نسخہ کے واسطے وغیرہ۔

**س** فارسی میں کون سے الفاظ مخفف شمار کئے جاتے ہیں اور کون سے اصلی اور کون سے اصلی اور مخفف باہم درجہ مساوات کا رکھتے ہیں **ج** مخفف جیسے چناں چنیں ۔ چون ۔ ناگہان دامن اصلی جیسے کوہ ۔ شکوہ ۔ ستوہ ۔ انبوہ ۔ گروہ ۔ ہنوز ہرگز اور اکنوں ۔ کنوں ۔ خاموش ۔ خموش ۔ فراموش ۔ فرامش ۔ یہ الفاظ درجہ مساوات کا رکھتے ہیں **س** کون کون الفاظ کس کس مقام پہ مقدر ہوتے ہیں **ج** قبل لفظ یک کے مقدار مقدر آتا ہے ؎ غافل ز احتیاط نفس یک نفس مباش ۔ اور بعد باکے وجود ؎ گہے باچنیں گوہر خانہ خیز ۔ یعنی باوجود اور کبھی وقت قرینہ جملہ مقدر ہوتا ہے ؎ شب چو عقدِ نماز بر بندم ۔ چہ خورد بامداد فرزندم ۔ یعنی ازیں خیال خاطرم پریشان مباشد کہ چہ خورد الخ ۔ اور کبھی بعد شرط کے جزا مقدر ہوتی ہے جیسے ؎ گر آید

Marfat.com

اور اس ہمزہ کا حال اوپر گذر چکا ہے کہ فارسی والے بدون اضافت کے اس کو لکھتے ہیں جیسے عفو سے اعفا **فائدہ**۔ ثلاثی مجرد کو اس مصدر میں لانے سے اکثر متعدی کیا کرتے ہیں مثلاً کرامت کے معنے تھے بزرگ ہونا جب اُس کو افعال میں لاکر اکرام کیا تو معنے ہوئے بزرگ کرنا۔

**دوسرا مصدر**۔ استفعال بکسر الف و تا و سکون سین و فا جیسے عمل سے استعمال اور حکم سے استحکام۔ اس مصدر میں دو الف اور سین اور ت زیادہ ہیں مصدر اول کے تینوں قاعدے اس مصدر میں بھی جاری رہینگے اوّل کی مثال وزن سے استیزان۔ دوم کی مثال عون سے استعانت اور قیام سے استقامت سوم کی مثال عفو سے استعفا اس مصدر کے معنے میں اکثر سوال کے معنے پائے جاتے ہیں جیسے عفو کے معنے معاف کرنا اور استعفا کے معنے طلب عفو کی کرنا۔ **تنبیہ** اس مصدر کی ت کا کسرہ تلفظ میں خوب صاف پڑھنا چاہیئے۔ ناواقف اکثر فتحہ پڑھا کرتے ہین۔

**تیسرا مصدر**۔ انفعال ہے بکسر الف و فا و سکون نون۔ اس مصدر میں دو الف اور نون زیادہ ہیں اور ف کے کسرہ کو اس مصدر میں مبتدی خوب ادا کرے جیسے کسر سے انکسار اور کشف سے انکشاف اور قاعدہ سوم مصدر اول کا اس مصدر میں بھی جاری ہے جیسے طفی سے انطفا اور یہ مصدر ہمیشہ لازم آتا ہے۔

**چوتھا مصدر**۔ افتعال ہے کہ مجرد کے اول میں ہمزہ مکسور اور بعد ف کے ت مکسور اور بعد عین کے الف داخل کرنے سے بنتا ہے جیسے شغل سے اشتغال اور قدر سے اقتدار۔ اس مصدر کے تلفظ میں ت کا کسرہ خوب صاف پڑھنا چاہیے ناواقف اکثر ت کو فتحہ پڑھتے ہیں یا موقوف پڑھتے

Marfat.com

جہاں لفظ مہد المراد جو اس شرط کی جزا ہے مقدر ہے کبھی ایک
ہیں ایک لفظ لاتے ہیں اور دوسرے میں اس کو مقدر مانتے ہیں ؎
کہ جنگ آرد بخون خویش بازی میکند روز میداں دانکہ بگریزد بخون لشکرے
یہاں مصرعہ ثانی کے آخر میں بازی میکند مقدر ہے اور جب بار موجدہ آغاز کتاب
میں آوے تو ابتدا میکنم یا آغاز میکنم مقدر مانا جاوے گا۔ جیسے ؎
بنام بزرگ ایزد داد بخش : اور یہ کبھی بمقام دعا لفظ باد مقدر ہوتا ہے۔ جیسے ؎
یاس و امید جہان تو مقصود و انگیز۔ **ضمیمہ فوائد عجیبہ۔ فائدہ**۔ الفاظ ذیل
اکثر صرف زینت کلام کے لئے آتے ہیں اُن کے معنی کچھ نہیں لئے جاتے :۔

سر۔ سہ۔ سو۔ نگاہ۔ ہم۔ ہمی۔ یکے۔ یک۔ از۔ را۔ فرو۔ فرا۔ است۔ درون۔ اندرون۔ اندر
دگر۔ ہمیدون۔ ان۔ ین۔ باز۔ خود۔ بس۔ برون۔ **ش**۔ ہست۔ نیست۔ باد۔ بگہت
شنگرف۔ رستم۔ نوشیروان۔ بغداد۔ کنجشک۔ دیباچہ۔ غنچہ۔ داور۔ نظارہ
تنور۔ غم۔ ہم۔ زقوم۔ حنا۔ یہ لفظ اصل میں کیا تھے۔ **ج**۔ ہست اصل
میں الیست۔ اور نیست نہ الیست۔ باد بولو۔ نگہت نکہت بکاف تازی شنگرف
شنگرف۔ بکاف تازی۔ رستم رستم بفتح را۔ نوشیروان نوشیں روان۔ بغداد
باغداد۔ کنجشک گنجشک۔ بکاف فارسی۔ دیباچہ دیباجہ۔ غنچہ غنجہ۔ بجیم
تازی داور داور۔ نظارہ نظارہ۔ بتشدید ظاء۔ تنور تنور بتشدید نون۔
غم و ہم و ہم بتشدید میم۔ زقوم۔ زقوم بتشدید قاف۔ حنا۔ حنا۔
**س**۔ گرسنہ۔ سخن۔ کہن۔ پہن۔ مشک۔ گسستن۔ ہنہ
ہنہ۔ ان الفاظ کا صحیح تلفظ کیا ہے۔ **ج**۔ گرسنہ بسکون را
و بہ فتح را و سکون سین دونوں طرح صحیح ہے اور ایسے ہی الفاظ سخن

Marfat.com

ہیں اور سوا اس کے تین قاعدوں کا لحاظ رکھنا چاہیئے۔ اوّل یہ کہ ف کلمہ کی جگہ مجرد میں اگر واو یا ی ہوگی تو وہ اس مصدر میں ت سے بدل ہو کر ت زائد میں ادغام کر کے پڑھی جاوے گی جیسے وحدت سے اتحاد اور یقین سے اتقان۔ دوسرے یہ کہ اگر مجرد میں ف کلمہ کی جگہ ص یا ض ہوگا۔ تو اس صورت میں ت اس مصدر کی ط سے بدل جاویگی جیسے صبر سے اصطبار اور ضرب سے اضطراب اور اگر دال ہوگی تو ت کو دال کر کے اول دال میں ادغام کریں گے جیسے دعوے سے ادّعا۔ اور تیسرے یہ کہ قاعدہ سوم مصدر اول کا اس مصدر میں بھی جاری رہے گا۔ جیسے بغی سے ابتغا اور شہوت سے اشتہا۔ **فائدہ**۔ یہ مصدر اکثر حصول کے معنے کے واسطے آتا ہے جیسے اقتدار۔ قدرت حاصل کرنا۔ اور اصطبار صبر حاصل کرنا۔

**پانچوان مصدر**۔ تفعل ہی بفتح تا و فا و تشدید عین مضموم کہ اس مین ت اور ایک عین زیادہ ہی۔ اس مصدر کے تلفظ میں عین کے پیش کا بہت خیال رکھنا چاہیئے۔ اور سوا اس کے ایک قاعدہ کا لحاظ اور بھی ضرور ہے۔ یعنے جبکہ بجائے لام کلمہ کے مجرد میں واو یا ی ہوگی تو عین کلمہ مکسور پڑھا جاویگا۔ اور واو بھی ی سے بدل جاوے گی جیسے شکوہ سے تشکی اور جلوہ سے تجلّی۔ اور کبھی فارسی والے اسی ی کو الف پڑھتے ہیں جیسے تمنی کو تمنّا کہتے ہین۔ اور یہ مصدر تکلف[1] کسی چیز کے اظہار کرنے کو آتا ہے جیسے تمرّض یعنے تکلف مرض ظاہر کرنا۔ اور کبھی تھوڑے تھوڑے کیواسطے بھی آتا ہے جیسے تجرّع یعنے تھوڑا تھوڑا پینا۔

**چھٹا مصدر**۔ تفاعل ہے اس میں اور پانچویں مصدر میں صرف اتنا

[1] غرض یا ارادہ ہو جو مذکور ہے جیسے کہ مثال سے ظاہر ہے ۱۲

Marfat.com

درست ہیں۔ مشک بضم میم وکسر میم دونوں طرح صحیح ہے۔ گسستن بضم کاف وفتح سین برہنہ بفتح را وسکون را دونوں طرح مدہوش بد اور معروف خضر بفتح اول وکسر ثانی صحیح ہے۔ اگرچہ یہ لفظ بکسرۂ اول وسکون ثانی بھی مستعمل ہے۔ **س** ابالہوس اور استغنا۔ ضعفا۔ صحرا وغیرہ الفاظ عربی کی رسم الخط کیا ہے۔ **ج** اول بدون واؤ اور الف کے یعنی بلہوس اور استغنا اور اس کے امثال بدون ہمزہ کے لکھے جاتے ہیں لیکن حالت اضافت اور وصفیت میں یہ ہمزہ لکھا جاتا ہے جیسے فقرائے شہر اور صحرائے فراخ۔ اور کبھی اس ہمزہ کو ی سے تبدیل کر لیتے ہیں جیسے ضیائے مغربی۔ صفائے شہر۔ **س** کیا تابع مہمل فارسی میں مستعمل ہے۔ **ج** ہاں جیسے شب تب۔ مال تال۔ **قاعدہ** جس فعل کے اول میں الف ہو اگر اس پر ب یان یا م نہی لاویں تو الف خواہ مخواہ ی سے بدل جاوے گا۔ جیسے بیفگن یا حذف ہو جاوے گا جیسے بفگن۔ **س** کلمات فارسی پر جو ب آتی ہے۔ اس کے پڑھنے کا کیا قاعدہ ہے۔ **ج** اگر ب افعال پر آوے گی تو اس کی دو حرکتیں ہوں گی کسرہ یا ضمہ۔ اس طرح کہ اگر فعل مذکور کے شروع حرف پر کسرہ یا فتحہ ہوگا تو ب کو کسرہ ہوگا۔ ورنہ ضمہ اور اگر ب اسماء پر داخل ہوگی تو ترکیب فارسی میں ہمیشہ مفتوح ہوگی۔ جیسے بخدا اور ترکیب عربی مکسور جیسے بجنسہ اور حروف پر نہیں آتی ہے۔ **س** اشباع اور امالہ کی تعریف اور مثال کیا ہے۔ **ج** اشباع کسی حرکت کو اتنا بڑھانا کہ اس کے موافق حرف علت اس میں پیدا ہو جاوے یعنی فتح سے الف اور کسرہ سے ی اور ضمہ سے واو۔ اور امالہ اس کو کہتے ہیں۔ کہ الف کے ماقبل کا فتحہ اتنا جھکا دیں کہ الف ی مجہول کی صورت پیدا کرے۔ جیسے رکاب کو رکیب کہیں **قاعدہ** اگر دو کلموں میں اول کا آخر حرف اور دوسرے کا شروع حرف

Marfat.com

فرق ہی کہ وہاں بعد ف کے عین زبان سے نکلتا تھا۔ اور یہاں الف زائد ہے اور جو قاعدہ وہاں لکھا گیا ہے وہی یہاں خیال رکھنا چاہیئے یعنے اگر لام کلمہ واو اور یا نہ ہوگا تو عین کو پیش ہوگا جیسے نسبت سے تناسب ورنہ کسرہ ہوگا جیسے دعوی سے تداعی اور فارسی والے اس ی کو الف سے بھی بدل کر لیتے ہیں جیسے تقاضی کو تقاضا کہتے ہیں اور یہ مصدر شرکت کے واسطے آتا ہے۔ جیسے تقابل ایک دوسرے سے مقابلہ کرنا اور کبھی تکلف کے واسطے بھی آتا ہے جیسے تجاہل بتکلف جاہل بن جانا۔

**ساتواں مصدر** مفاعلت بضم میم وفتحہ حروف اصلی اور حروف زائد اسمین میم اور الف اور ت ہیں اس مصدر سے میم کا ضمہ اور عین کا فتحہ تلفظ میں قابل لحاظ کے ہے اور ت اس مصدر کی کبھی دراز لکھتے ہیں جیسے مناسبت اور موافقت اور کبھی گول بشکل ہا، مختفی لکھتے ہیں جیسے مقابلہ اور معاملہ۔ اور کلیہ یہ ہے کہ جو لفظ اُردو میں مؤنث بولا جاتا ہے اور اس مصدر کے وزن پر ہے اس میں لمبی ت لکھتے ہیں ورنہ چھوٹی جیسا کہ مثالوں سے معلوم ہوا اور یہ مصدر کبھی فعال بکسر فا کے وزن پر بھی آتا ہے۔ جیسے مقاتلہ مجادلہ اور قتال اور جدال اور اس مصدر میں ایک قاعدہ کا لحاظ ضرور ہے یعنے اگر مجرد میں لام کلمہ واو یا ی ہو تو وہ اس مصدر میں الف پڑھا جاویگا۔ جیسے رعایت سے مراعات اور لقیا سے ملاقات اور یہ مصدر شرکت کے واسطے آتا ہے جیسے مقاتلہ آپس میں لڑنا اور مقابلہ ایک دوسرے کے سامنے ہونا

**آٹھوان مصدر** تفعیل ہے بفتح تا وسکون فا وکسر عین اور اس میں ت اول میں اور ی معروف بعد عین کے زائد ہین جیسے صورت سے تصویر اور

Marfat.com

ایک ہی ہو یا قریب المخرج نہ ان کو مرکب کرنے میں ایک کا حذف کرنا درست ہے۔ جیسے سپیدیوا اور زوتر اور کبھی ادغام کرتے ہیں جیسے شپّر۔

**س** ۔ترکیب توصیفی اور اضافی میں کیا فرق ہے۔ **ج** ۔ لفظوں میں کچھ فرق نہیں ایک ہی طرح کے ہوتے ہیں ۔ مگر متقدمین فرق کے واسطے موصوف کے آخر میں ی مجہول زیادہ کر دیتے تھے لیکن اب متروک ہے اور بعض الفاظ میں اب بھی مستعمل ہے۔ جیسے تنے چند اور فرق معنوی ظاہر ہے

**س** ۔ ان مرکبات کو اگر قلب کریں تو کیا اثر ہوتا ہے۔ **ج** ۔صفت اور مضاف الیہ اگر مقدم ہو جاویں گے تو ان کے آخر میں کسرہ نہ رہے گا جیسے مضاف اور موصوف کے آخر میں ہوتا اگر وہ مقدم ہوتے ۔اس پچھلی ترکیب کو مستوی کہتے ہیں اور پہلی کو مقلوب **س** ۔صفت کتنی طرح کی ہے۔ **ج** ۔ دو طرح کی ایک صفت بحال موصوف اور دوسری صفت بحال متعلق موصوف ۔صفت بحال موصوف وہ ہے جس سے خود موصوف کی بھلائی یا برائی معلوم ہو جیسے مرد نیک ۔ اور بحال متعلق موصوف وہ ہے جو موصوف کے کسی متعلق چیز کا حال بیان کرے ۔ جیسے مرد خوش لباس ۔ **س** ۔ ت جو عربی کے مصدروں کے آخر میں ہوتی ہے ۔فارسی میں کس طرح لکھی جاتی ہے **ج** ۔ فارسی میں لمبی ت لکھی جاتی ہے ۔ اور عربی میں ہا مختفی کی صورت پہ لکھی جاتی ہے۔ لیکن اگر کوئی اسم ایسا ہو کہ اس میں لمبی ت لکھنے سے جمع کی صورت بن جاتی ہو تو اس میں فارسی والے بھی گول ۃ لکھتے ہیں جیسے سلوٰۃ کہ اس کی جمع صلوات ہے پس مفرد میں اگر ت لمبی ہو تو جمع کی صورت ہو جاوے گی ۔ اس واسطے اس کو گول لکھتے ہیں اور مصدر مفاعلت کی ت بھی گول ہو گی ۔ اگر اردو میں وہ مصدر مستعمل ہو گا ۔ جیسے معاملہ ۔ لیکن تلفظ میں یہ ۃ ہا مختفی پڑھی جاوے گی ۔

Marfat.com

کرامت سے تکریم اور کبھی اس مصدر کی ی کو دور کرکے آخر میں ہا مختفی زیادہ کرتے ہیں جیسے ذکر سے تذکیر اور تذکرہ۔ اس دوسرے وزن میں خیال ف کے سکون اور عین کے کسرہ کا بہت ضرور ہے۔ اور یہ وزن خاص اُس وقت ضرور ہوتا ہے۔ جبکہ آخر میں مجرد کے واؤ یا ی ہو جیسے حکایت سے تحکیہ۔ اور یہ مصدر بروزن تفعال بھی آتا ہے جیسے تکرار اور تعداد وغیرہ۔ اور یہ مصدر متعدی کرنے کے واسطے اکثر آتا ہے جیسے کرامت بزرگ ہونا۔ اور تکریم بزرگ کرنا

اور رباعی مجرد کا مصدر ایک ہی وزن اُس کا فعللہ بفتحہ فا وسکون عین وفتحہ ہر دو لام جیسے ترجمہ بفتح جیم۔ اس مین آخر کو ہ زیادہ ہوتی ہے اور چار حرف اصلی ہوتے ہیں۔ اور اکثر اس کے مصدر مضاعف یعنی دو حرف مکرر سے بنے ہوئے آتے ہیں جیسے سلسلہ کہ سین بھی دوبار ہے اور لام بھی دوبار۔ اور زلزلہ اس مصدر میں لام اول کے فتحہ کا خیال زیادہ چاہیئے۔ اور رباعی مزید کا بھی ایک ہی وزن بہت مستعمل ہے یعنی تفعلل بفتحہ تا وزائدہ وفا وسکون عین وضمہ لام اول جیسے تسلسل اور تزلزل اور تذبذب وغیرہ

اب ان مصدرون کے اسمار مشتقات کو سُننا چاہیئے۔ کہ سوائے اسم فاعل اور اسم مفعول کے اور کوئی مشتق ان سے نہیں آتا بلکہ اسم مفعول ہی حاصل مصدر اور ظرف اور آلہ کے معنون میں مستعمل ہے۔ اور طور بنانے اسم فاعل اسم مفعول کا یکسان ہے۔ پس جن چار مصدرون کے اول مین الف مکسور تھا۔ اُن کا اگر اسم فاعل بناوین۔ تو دونوں الف کو گرا کر میم مضموم اول لگانا چاہیئے۔ اور عین کلمہ کو لام کے ساتھ کسرہ سے ملانا چاہیئے اور اس سے پہلے جو حرف متحرک ہو اس کو فتحہ دینا چاہیئے مثلاً افعال میں جب دونوں الف کو

Marfat.com

اور نقطے اس پر نہ دیئے جائیں گے اور مصدر اگر بمعنے صفت ہو جائیگا تب بھی گول اور بے نقطہ ہوگی جیسے زیادہ۔

**قاعدہ** ۔جب دو کلموں مرکب کو فارسی میں لکھتے ہیں تو اگر اُن میں پہلا کلمہ حرف ہوگا تو اسکو متصل لکھیں گے۔جیسے علیحدہ اور انشاء اللہ ۔ ورنہ جدا لکھے جاویں گے جیسے حق سبحانہ۔

**قاعدہ** ۔جن کلمات عربی کے آخر میں الف مقصورہ ہو یا جن مصدروں کے آخر میں ی ہو اُن کو فارسی والے الف سے لکھنا جائز سمجھتے ہیں۔جیسے ماجری اور یتمنی کو ماجرا اور تمنا لکھتے ہیں۔

**قاعدہ** ۔جن کلمات کے آخر میں الف ہوتا ہے جب ان کو مضاف یا موصوف کریں تو ان کے آخر میں ی یا ہمزہ زائد ہوتا ہے جیسے پائے من اور فقرائے دہر

**قاعدہ** ۔ ذوی العقول کو کدام اور کس اور کہ سے بدلتے ہیں ۔ اور جس میں عقل نہ ہو اس کو چیز اور چہ سے بیان کرتے ہیں۔جیسے کہ مے آید چہ مے خوری۔

**س** ۔ جامد اور متصرف میں تمیز کیا ہے۔ **ج** ۔ یہ فرق ہے کہ جامد کی گردان بدون استعانت کردن یا شدن یا ایسے ہی مصدروں کے نہیں آسکتی ۔ اور متصرف کی گردان ہو سکتی ہے۔ **س** ۔ استفہام کی کتنی قسمیں ہیں۔ **ج** تین قسمیں اوّل استخباری جس سے صرف پوچھنا مقصود ہو جیسے چہ میگوئی ۔دوم اقراری جس سے مضمون کا ثبوت پایا جاوے۔ جیسے ع چرا نشستی از ہر یک بجوئے سیم ۔یعنی بستان ۔ سوم انکاری جس سے مضمون کی نفی معلوم ہو جیسے ع چرا کارے کند عاقل کہ باز آید پشیمانی ۔ یعنے عاقل کارے نہ کند کہ آخر کار نادم شود۔

Marfat.com

گرایا اور عین کو کسرہ دیا اور میم مضموم اول میں لگایا تو مُفْعِل ہوگیا یہی اسم فاعل ہے جیسے انصاف سے منصف اور اجرام سے مجرم اور افتعال میں دونوں الف گرا کر میم مضموم اول میں لگایا۔ اور عین کو کسرہ دیا۔ اور عین سے پہلے ت متحرک تھی اس کو فتحہ دیا تو مفتعل ہوا جیسے انتظام سے منتظم اور ارتہان سے مرتہن اسی طرح انفعال میں ف کو فتحہ دینا ہوگا۔ اور استفعال میں ت کو اور اسم فاعل منفعل اور مستقبل ہونگے جیسے انصرام سے منصرم اور استحکام سے مستحکم۔ اور اگر عین کلمہ کو فتحہ پڑھا جائے تو یہی صیغے اسم مفعول کے ہوجائینگے جیسے محکم اور مستحکم اور مقتضے اور مصدر انفعال چونکہ لازم ہے اس کا اسم مفعول نہیں آتا۔ اب یہاں تین قاعدوں کا یاد رکھنا ضرور ہے اوّل یہ کہ اگر مجرد میں عین کلمہ حرف علت ہوگا تو مصدر افعال و استفعال کے اسم فاعل میں یا، معروف سے بدل جائیگا جیسے اقامت جو افعال ہے قیام سے اس کا اسم فاعل مقیم ہوگا اور استقامت کا مستقیم اور مصدر انفعال اور انتعال میں وہ الف سے بدل جائیگا جیسے انقیاد سے منقاد اور اختیار سے مختار۔ اور اسم مفعول میں ان چاروں مصدرون کے حرف علت مذکور الف سے بدل جاویگا۔ مثلاً اقامت کا اسم مفعول مقام اور استفادہ کا مستفاد اور اختیار سے مختار اس سے معلوم ہوا کہ مصدر افتعال کا اسم فاعل اور اسم مفعول ایک ہی طرح کا ہوگا دوم یہ کہ اگر مجرد میں لام کلمہ کی جگہ حرف علت ہوگا تو وہ اسم فاعل میں چارون مصدرون کے یائے معروف پڑھا جاوے۔ اور اسم مفعول میں الف جیسے مقتضے اور مقتضا اور مدعی اور مدعا اور مفتی اور مفتا اور ایسے اسم مفعولون کو ی سے اور الف سے دونون طرح لکھنا جائز ہی فارسی والے اکثر الف

Marfat.com

قاعدہ ۔ کبھی ماضی وغیرہ فعل کو مجازاً مصدر یا دوسرے افعال کی جگہ بول دیتے ہیں جیسے نادشاہے بسرے داشت یعنی مے داشت ۔

قاعدہ ۔ نون اور یائے موحدہ کسی کلمہ میں متصل آویں تو ان دونوں کو میم مشدد یا مخفف سے بدلنا جائز ہے جیسے سنبب اور دنبل کو سمم اور دمل کہنا جائز ہے ۔

قاعدہ ۔ فارسی میں کبھی ایک لفظ کے دو معنی ایسے ہوتے ہیں جو ایک دوسرے کی ضد ہوں جیسے فراز بمعنے کشادہ و بند اسی طرح ایک لفظ مفرد اور جمع دونوں طور سے آتا ہے ۔ جیسے مردم دشمن ۔ اسی طرح افعال میں لازم اور متعدی دونوں ہوتے ہیں ۔ جیسے سوختن بمعنے جلنا اور جلانا ۔

س ۔ کس صورت میں صیغۂ مفرد بجائے جمع بولنا درست ہے ۔ ج غیر ذی روح میں جمع کے لئے مفرد بھی استعمال کرنا درست ہے ۔ جیسے صد سال از من بمحشر رفت واز جایم نبرد ۔ س ۔ لفظ تا اور بے جو واسطے نفی کے ہیں ان میں کیا فرق ہے ۔ ج فرق یہ ہے کہ لفظ بے اسم پہ آتا ہے اور نا صفت پہ جیسے بیوقوف اور نامرد یا اس طرح کہو کہ نا جس اسم پہ آتا ہے وہ اسم کسی ذات پہ بولا جا سکتا ہے ۔ اور بے کے بعد کا اسم بدون کسی اور لفظ کے ملائے کسی ذات پر نہیں بولا جا سکتا ۔ مگر نامراد اور ناامید اور ناکام اور ناچار اور ناگزیر شاذ ہیں ۔

قاعدہ ۔ فارسی میں ان لفظوں کو جو آخر میں تشدید رکھتے ہوں مخفف بولنا جائز ہے لیکن ضرورت کے وقت تشدید ظاہر کر دیتے ہیں جیسے خاص و عام و غم و ہم

قاعدہ ۔ فارسی میں حرف مشدد نہیں آتا ہے مگر فرخ اور خرم میں شاذ ہے ۔ ہاں ضرورت کے واسطے حرف مخفف کو مشدد کر دیتے ہیں جیسے ع نبرد قرزم رانبغ اور الوند کی نسبت میں زرین کہتے ہیں ۔

قاعدہ ۔ توانستن کا مضارع تواند ہے مگر اس کی جگہ توان بدون دال کے

Marfat.com

سے لکھتے ہین۔ تلیسر سے یہ کہ اگر مجرد مین عین و لام ایک ہی حرف ہونگے تو اسم فاعل ان مصدروں میں ایک حرف حذف ہوجاویگا اور افعال و استفعال میں فتحہ و کسرہ ف کلمہ کو پڑھا جاویگا جیسے محب اور مستحق کہ اصل مین محبب اور مستحقق تھا۔ اور مصدر افتعال میں اسم فاعل اور اسم مفعول ایک ہی صورت کے ہون گے جیسے مختص اور مشتق وغیرہ۔

اب باقی کے مصدرون کا اسم فاعل سننا چاہیئے کہ سوائے مصدر تفعیل کے اور مصدرون کے اسم فاعل کا یہ قاعدہ ہے کہ میم مضموم اول میں مصدر کے زیادہ کرو اگر نہو اور لام کے ماقبل کو کسرہ دو اسم فاعل بن جاویگا۔ مگر مصدر مفاعلت سے ت بھی دور کرنی پڑے گی۔ جیسے تفاعل اور تفعل سے اسم فاعل متفاعل اور متفعل مثلاً تلاطم سے متلاطم اور تصرف سے متصرف اور مفاعلت سے مفاعل آوے گا۔ کیونکہ آخر سے ت گرا کر صرف لام کے پہلے کسرہ دینا ہوگا میم تو پہلے سے موجود ہے اس کی حاجت نہیں۔ جیسے مناسبت سے مناسب اور فعللہ سے مفعلل جیسے ترجمہ سے مترجم اسی طرح تزلزل سے متزلزل اور اگر مصدر تفعیل کا اسم فاعل بناؤ تو ت اور ی کو گرا کر میم مضموم اول میں لگاؤ اور ف کو فتحہ دے کر عین کو تشدید کر کے مکسور کرو جیسے تحقیق سے محقق اور تکلیف سے مکلف اور اسم مفعول ان مصدروں کا بھی ماقبل آخر کے فتحہ دینے سے ہوجاتا ہی اور قاعدہ دوم جو الف والے مصدرون کے اسم فاعل کے بیان میں لکھا گیا ہے وہ یہاں بھی جاری رہے گا جیسے متمنی اور متمنا اور متقاضی اور متقاضا اور ملاقی اور ملاقا اور منقی اور منقا وغیرہ۔

**بیان جمع** اور عربی کی جمع دو قسم پر ہے اوّل جمع سالم یعنی جس میں مفرد کے حروف کی ترتیب و حرکات میں کچھ خلل نہو اور وہ مذکر کے واسطے

Marfat.com

بھی بولتے ہیں جیسے۔ ع دشمن نتواں حقیر و بیچارہ شمرد ؛ اور متقدمین نے تاں سجذف یاؤ بھی استعمال کیا ہے۔

**قاعدہ** ۔ تواند اور باید اور شاید اور خواہد کے بعد ماضی اور مصدر دونوں کا استعمال جائز ہے۔ جیسے ع چو آنجا رسی سجدہ خواہی شدن ؛ اور ع توان بخلق فرو بردن استخوان درشت

## باب چہارم اوزان مصادر عربی و مشتقات آنہا و اقسام جمع و بیان تثنیہ و تصغیر

مضمون اس باب کا میں قواعد اردو حصہ چہارم مولفہ استاذی جناب مولوی محمد احسن صاحب سے نقل کرتا ہوں۔

برابر ہوجاتے ہیں۔معلم ملائکہ۔شیطان۔معلم اول۔ارسطو۔جس نے حکمت سب سے پہلے لکھ کر سکھائی۔پہلے حکما زبانی سکھاتے تھے۔معلق زدن۔کلا بازی کھانا۔اور بازی کرنا معنے بیگانہ۔معنے خوب کہ اس سے پہلے ویسے کسی سے نہوئے ہون۔معانی۔وہ علم جس سے فصاحت وبلاغت تعلق رکھتی ہی۔معلم ثانی ابونصر فارابی جس نے ارسطو کی کتابوں کا عربی میں ترجمہ کیا۔مغز در سر کردن۔خاموش ہونا۔مغز تر کردن۔بات کہنا۔مغربی۔اشرفی۔مقولات عشر۔دس باتین جو ممکن میں پائی جاتی ہیں۔یعنی مخلوق چیز جوہر ہوگی یا عرض۔جوہر اُسکو کہتے ہین کہ بذاتِ خود قائم ہو۔اور عرض وُہ ہی کہ جو دوسرے کے ساتھ قایم ہو۔اور عرض نو ہیں۔اوّل کیفیت یعنی کیفیت اور رنگ جیسے گرمی اور سیاہی۔دوّم کم یعنے مقدار کہ اتنی لمبی اور اتنی چوڑی۔سوّم اَین مکان مین ہونا۔چہارم مَتی یعنی وقت میں ہونا۔پنجم اضافت۔یعنی دوسری چیز کے ساتھ منسوب ہونا۔جیسے باپ ہونا یا بیٹا ہونا۔ششم۔وضع یعنی وہ صورت جو بلحاظ امور خارجی کے چیز کو حاصل ہو۔جیسے قبلہ رُخ ہونا۔اور بیٹھنا اور کھڑا ہونا۔ہفتم فعل یعنے کام کرنے کی صورت ہشتم۔انفعال۔یعنی فاعل کا اثر قبول کرنیکی ہیئت۔نہم مِلک یعنی چیز کا کسی ایسی چیز سے گھرا رہنا۔جو اُس کے ساتھ رہے جیسے آدمی کے کپڑے۔پس ایک جوہر اور نو عرض ملکر دس چیزین ہوئیں۔ان سبکو مقولات عشر کہتے ہین۔مقدمۃ الجیش ہر اول اور لین ڈوری۔مگس گیر۔مکڑی۔مگس ران۔مورچھل۔ملکوت۔عالم فرشتون کا۔ممکن۔جسکا ہونا اور نہ ہونا دونوں ضرور نہ ہوں۔منطقۃ البروج۔آسمان کا وہ دائرہ جس میں آفتاب کا دورہ سالانہ ہوتا ہی۔اور اُس میں یہ بارہ بُرج ہین۔حمل ثور۔جوزا۔سرطان۔اسد۔سنبلہ۔میزان۔عقرب۔قوس۔جدی دلو۔حوت۔موش خرمگسی۔موش کور۔چھچھوندر۔موئے دماغ عیش مین۔

Marfat.com

دہ نزدہ - ویران گاؤں - دہل دریدہ - رسوا - دہ دلہ - بوالہوس دبہادر و پریشان دہ یکے - دسواں حصّہ جو پیداوار میں سے لیا جاتا ہے - دیو ہفت سر کرۂ زمین - دیرباز - مدت دراز - دیدۂ سرخ کردن - طمع کردن - دیوار - کسی کوتاہ دیدن - کسی کو عاجز اور بدحال دیکھنا - دیوانہ رادیدن ماہ نو - اسکے جنون کا جوش میں آنا - **ذال معجمہ** - ذات الشمال - گنہگار - ذات الیمین - ایماندار ذوالفقار علیؓ - نام تلوار حضرت علیؓ کہ اُس کی پشت مہرہائے پشت کی طرح تھی - ذوالقرنین - نام ایک بادشاہ کا - اور بعض سکندر کو کہتے ہیں - ذوذوابہ - ذوذنابہ - ستارۂ دمدار - ذی قعدہ و ذی حجہ - گیارھواں اور بارھواں مہینہ اہل اسلام کے سال کا -

**رار مہملہ** - راس و ذنب - راہ کیت یعنی آسمان پر ایک اژدہا کی صورت ہے اُسکے سر اور دم کا یہ نام ہے - راس المال - سرمایہ - راز زمین - گل وسبزہ - راہبیش گذاشتن رہنمائی کرنا - راہ بریدہ - جو راستہ ٹھگوں کے خوف سے چھوٹ گیا ہو - ربع مسکون چہارم حصّہ زمین کا جس پہ انسان رہتے ہیں - مراد ہفت اقلیم سے ہے - رجعت قہقری - ایڑیوں کی طرف چلنا اور پچھلے پاؤں لوٹنا - رُخ کسے بردن - اسکو ذلیل کرنا - رخت بستن - سفر کرنا - رخت افگندن - ٹھیرنا - رسن باز - نٹ - رستخیز قیامت - رشتۂ عمر - سالگرہ کا ڈورا - رشتہ دراز دادن - مہلت دینی اور تنگ کرنا - رصد در کار بستن - کام کو بخوبی تمام کرنا - رکاب گران کردن - سوار ہونا - رگ جان - شہ رگ - رنگ بست - پختہ رنگ کہ کبھی نہ بدلے - رنگ آمیز - نقاش - رنگ ریختن - بنیاد ڈالنی - رنگ نہ بستن - فائدہ نہ اُٹھانا رنگ بر و شکستن - چہرہ کا رنگ اڑنا - رنگ گردان - مکر کرنا - رنگ بر روئے کار آمدن - رونق دینا - رنگ بر آب زدن و ریختن - تازہ منصوبہ نکالنا - روئے

Marfat.com

خلل ڈالنے والا۔ موبرآوردن زبان قلم۔ قلم لکھنے سے رہ جانا۔ موبرتن تیغ کشیدن کمال غضب میں آنا۔ موبکف برآمدن۔ کام کا محال ہونا۔ موبرآوردن زبان امر محال کا ظاہر کرنا۔ موشک دوانی۔ فتنہ انگیزی۔ مہرہ شفا۔ بیماری کا گنڈہ۔ مہرہ چین ومہرہ باز۔ مداری۔ میم کاتب۔ اندھا۔ میرآخور۔ داروغہ اصطبل۔ میربحر۔ داروغہ گندر دریا۔ میرآتش۔ داروغہ توپ خانہ۔ میدان دادن کسی کی تعظیم کے لیے جگہ خالی کرنی۔ مے درگریبان کردن۔ زبردستی شراب پلانا میرزائی کشیدن۔ ناز اُٹھانا۔ میل درچشم کشیدن۔ اندھا کرنا۔ میانداری دلالی کرنا۔ **حرف نون**۔ ناخن آفتاب۔ آگ۔ ناسوت۔ عالم اجسام ناداشت۔ مفلس۔ ناگرفت۔ اچانک۔ ناف مہیج۔ دردپیش۔ ناموس اکبر شریعت وجبرئیل۔ ناتراش۔ بے ادب وسفلہ۔ نان خورش۔ سالن۔ ناف خاک یا زمین یا عالم۔ مکہ معظمہ۔ ناخن بدل زدن۔ اثر کرنا دل میں اور بیقرار ناف زدن۔ بچہ کا ناف کاٹنا۔ نام برتیخ زدن۔ نام کا محو کرنا۔ نان درروغن افتادن۔ خاطرخواہ کام بن جانا۔ ناخن بسنگ آمدن۔ مشکل پیش آنی۔ ناخن گذاشتن۔ کمال خوف وعاجزی۔ ناف ہفتہ۔ منگل کا دن۔ نازل منزلہ قائم مقام۔ نتائج وآثار۔ حرارت وبرودت ورطوبت ویبوست اور موالید سرگانہ۔ نحسین فلک۔ زحل ومریخ۔ نخل طور۔ وہ درخت جس پر سی موسیٰ کو تجلی معلوم ہوئی تھی۔ نرگسی زدن۔ چشمک مارنی۔ نستعلیق خط معروف مرکب نسخ اور تعلیق سے۔ نستعلیق گو۔ فصیح اور بلیغ کلام بولنے والا۔ نشخوار۔ جگالی۔ نصب العین۔ مدنظر۔ نظر یافتن۔ فیض اُٹھانا۔ نعل درآتش۔ بیقرار ہونا۔ ساحروں کا دستور ہے کہ کسی کا نام گھوڑے نعل پر لکھ کر اُسکو آگ میں رکھتے ہیں۔ کہ وہ شخص بیقرار ہوجاوے۔ نعل افگندن

Marfat.com

دست حقیر و خوار - رواق منظر - آسمان - روح مجرد و روح القدس
و روح مکرم و امین - جبرئیل - روسفید - معزز و ممتاز - روبکار - ماجرا -
روز بازار - رونق - روبدیوار - حیران - روشناس - جہان پہچان والا -
روکش - شرمندہ - روز امید و بیم - قیامت - روزہ مریم - خاموشی - روز
دیر شدن - دن کا ضائع ہونا - رونیا فتن - توجہ نہ ملنی - روغن قاز
مالیدن - خوشامد کرنا اور فریب دینا - روانداختن - سوال کرنا - روئے دستی
خوردن - فریب کھانا - اور حلوا نچہ کھانا - روساختن - شرمندہ ہونا - روندانشتن
دروازہ بناک داشتن - بیحیا ہونا - روفگندن - عاجزی کرنا - روبچیزے
آوردن - متوجہ ہونا - رودادن - توجہ کرنا - اور حاصل ہونا - روزنامچہ
وہ کاغذ جس میں روزمرہ کا حال ہو - روزسیاہ - نحس دن - روح حیوانی جو
تمام بدن میں دل سے پھیلتی ہے - روح نفسانی - وہ روح جو دماغ میں جاکر
کیفیت عجد اپیدا کرتی ہے - اسی کو نفس ناطقہ کہتے ہیں - روح طبعی - جو جگر میں جاکر جدا کیفیت پیدا کرتی ہے
راہ داشتن - انتظار کرنا - ریش بابا - ایک انگور کی قسم - ریش برباد - معزور - ریختہ دم - وہ ہتھیار جس کی
گر گئی ہو - رنگ ریختن خراب کرنا - ریش قاضی - شیشہ شراب کی ڈاٹ - ریش
گاوی - حماقت ریزہ سرائی - نغمہ گانا - ریشمالی - بے حمیتی و دیوثی -
زامر عجمہ - زاہد خشک - عابد بے کیف - زانوزدن - مؤدب بیٹھنا - زبان بقفا
گل نافرمان - زبان گیر - حباسوس - زبان فروش - بہت کہنے والا - زبانیاں
سرکش اور دوزخ کے فرشتے - زبان دادن - وعدہ اور شرط کرنا - زبان ترکردن
بولنا - زبان بدیوار مالیدن - توکل اور قناعت - زبان سنگین - توتلی
زبان - زبان بہ عناک مالیدن - عاجزی کرنا - زبان ترازو - کانٹے کی

Marfat.com

یار یختن۔ گھوڑے کا چلنے سے رہ جانا۔ نعل چوبیں۔ کھڑاؤں۔ نفس کل عرش۔ نفی کردن۔ شہر بد کرنا۔ نفس کشادن۔ کلام کرنا۔ نفس سوختن ہانپنا۔ سانس چڑھنا۔ نفس راست کردن۔ آرام لینا۔ نفس امارہ وبہیمی خواہش بُری چیزون کی۔ نفس ناطقہ۔ روح۔ نقطۂ جاگیر۔ زمین۔ نقطہ نوک ریز۔ جو سیاہی کی چھینٹ قلم سے گر جائے۔ نقطہ ریختن۔ رمل سی فال نکالنی۔ نفس زدن۔ داؤلے جانا۔ نقش بد نشستن۔ حسب مراد کام نہونا۔ نقش برآب کشیدن۔ بے فائدہ کام کرنا۔ نم نداشتن۔ مفلس ہونا۔ نمک خوردن ونمک دان شکستن۔ نمکحرامی کرنا۔ نماز بردن۔ عاجزی کرنا۔ نوبر کردن میوہ تازہ اول کھانا یعنی نیا کرنا۔ نہال ساختن۔ بونا۔ نہانخانہ۔ تہ خانہ۔ نیبست چھپر۔ نیم کار۔ جو دوسرے کے اوزار سے کام کرے۔ نیمروز۔ سیستان نیم لنگ۔ کمان کا چلہ۔ نیم رنگ۔ ناقص اور رنگ اُڑا ہوا۔ نیم جان۔ عاشق نیل بزبان رفتن۔ امر غیر ممکن کو شہرت دینا۔ جسکو نیل کا ماٹ بگڑنا بولتے ہیں نیکی کردن ودر آب انداختن۔ بدوں توقع عوض کے نیکی کرنا۔

## حرف واو

واسطۃ العقد۔ موتیون کے ہار کے بیچ میں سب سے بڑا اور قیمتی موتی۔ واجب الوجود حق تعالےٰ۔ واماند۔ بقا و قیام۔ واخوردن و برخوردن۔ ملنا۔ واکشیدن۔ زور یا حیلے سے کچھ حاصل کرنا۔ وابوسیدن۔ منہ پھیرنا۔ واسوختن۔ محبوب سے ناراض ہونا۔ وارستگی۔ آزادی۔ وارفتگی مضمحل ہونا۔ اور گھلنا۔ وحدت الوجود۔ سب موجودات کو وجود حق تعالےٰ کا سمجھنا۔ وحدت نوعی۔ ایک نوع کے افراد کا متحد ہونا بہ لحاظ نوع کے۔ ورق الخیال۔ بھنگ۔ ورق خام۔ دفتر کا وہ کاغذ جو مشکوک اور محکوک نہو۔ ولی عہد۔ بادشاہ کا وہ لڑکا جو اُس کے بعد

Marfat.com

سونا جس کے سیدھے رہنے سے وزن برابر ہوتا ہے۔ زبانبادی۔ برابری خصومت دوستی اشارہ۔ سونا نہایت خالص و ملایم مثل موم کے جو خسرو پرویز کے پاس تھا زرگوش۔ منافق۔ زرخشک و زرجعفری و زردہ دہی و زرشش سری و زرہ مغربی و زرسرخی۔ زر خالص۔ زلہ بند۔ جو ایک وقت کے بچے ہوئے کھانے کو دوسرے وقت کے لئے رکھ چھوڑے۔ زلہ بار۔ فائدہ لینے والا۔ زمین مردہ زمین خشک کہ قابل زراعت نہو۔ زندخوان۔ بلبل۔ زنخ زدن۔ بیہودہ بکنا۔ زنگولہ بستن۔ مرتبہ بلند حاصل کرنا۔ زہرہ باختن۔ نامردی کرنا۔ زہ بر زدن۔ حد بندی اور شیرازہ۔ زیر بہر کاسہ نیم کاسہ یافتن۔ کسیکا فریب ظاہر کرکے عجائبات دیکھنے۔ زیادہ سری۔ خود پسندی اور سرکشی۔ ژاژخار۔ بیہودہ بکنے والا اور شیخی کرنیوالا

**سین مہملہ** ۔ سایۂ دست۔ مدد۔ سایہ رست۔ نازپروردہ سادہ لوح۔ بے شعور۔ ساقی کوثر۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ ساق عرش نام شیریں۔ سایہ برانگندن۔ توجہ کرنا۔ سال جلالی۔ سال شمسی۔ جو جلال الدین ملک شاہ سلجوقی نے مقرر کیا ۳۶۵ روز اور چوتھائی دن کا ہوتا ہے۔ سبک پا و سبک عنان۔ تیز رفتار۔ سبکسار۔ فارغ البال۔ سبک سیر و سبک مغز فرومایہ و احمق۔ سبزکار۔ جو خوب کام کرے۔ سبع شداد۔ ہفت آسمان سبع الوان۔ ہفت رنگ۔ سرخ۔ سیاہ۔ سفید۔ زرد۔ سبز۔ کبود۔ عباسی۔ سبع مثانی۔ سورہ الحمد یا قرآن۔ سبعہ معلقہ۔ وہ سات قصایدہ جو فصحائے عرب تفاخر کے لئے کعبہ کے دروازے پر لٹکائے تھے۔ سبز قبگانہ۔ سبزۂ خودرو۔ سبعہ سیارہ سات متحرک ستارے۔ خورشید۔ قمر۔ مریخ۔ عطارد۔ مشتری۔ زہرہ و زحل سپند عجمت۔ نیک بخت۔ سپیدکار۔ پرہیزگار۔ سپیدہ دم۔ صبح صادق۔ سپہ غم نادیدہ۔ سپر انداختن و در آب انداختن۔ نامردی کرنا۔ اور عاجز ہونا

Marfat.com

مسند نشین ہو۔ ولیمہ۔ نکاح کے بعد کا کھانا نوشہ کی طرف سے۔
ہائے ہوز۔ ہارونی۔ قاصدی اور پاسبانی۔ ہرمان۔ مصر کے دو برج
نہایت قدیم۔ ہزار داستان۔ بلبل۔ ہزار پایہ۔ کنکھجورا۔ ہزار خانہ
شکنبہ جانوروں کا۔ ہشت بہشت۔ خلد۔ دار السلام۔ دار القرار۔ عدن
جنت ماوی۔ جنت نعیم۔ علیین۔ فردوس۔ ہفت دریا۔ دریائے خضر
عمان۔ قلزم۔ بربر۔ اوقیانوس۔ بحر الروم۔ دریائے اسود۔ یا یہ سات
ہیں۔ دریائے چین۔ دریائے مغرب۔ دریائے روم۔ بحر بنطس۔ بحر طبریہ۔ بحر
جرجان۔ بحر خوارزم۔ ہشت بہشت۔ کلام خصومت۔ ہفتاد و ملت۔ اہل اسلام
کے بہتر فرقے کہ اصل میں چھ ہیں اور ہر ایک کے بارہ بارہ گروہ ہیں۔ اور سب
گمراہ ہیں۔ ایک فرقہ تہتر واں اہل سنت و جماعت کا اصل مذہب پر ہے۔ ہفت دوزخ
دوزخ کے سات طبقے یعنی سقر۔ سعیر۔ لظی۔ حطمہ۔ جحیم۔ جہنم۔ ہاویہ۔
ہفت کشور۔ یا ہفت اقلیم۔ ربع مسکون کے سات حصے عرض میں مساوی اور
خط استوا کے متوازی کر کے ہر حصہ کو اقلیم نام رکھا ہے۔ ہفت جوش۔ سات
دھاتوں کو ملا کر بناتے ہیں۔ اور اس کو اثر دھات بولتے ہیں۔ سات دھاتیں
یہ ہیں۔ سونا۔ چاندی۔ تانبا۔ جست۔ لوہا۔ سیسہ۔ رانگ۔ ہفت اورنگ
سات ستارے۔ بنات النعش کے۔ ہفت پردہ چشم۔ ملتحمہ۔ قرنیہ عنبیہ
عنکبوتیہ۔ شبکیہ۔ مشیمیہ۔ صلبیہ۔ اور ان پردوں میں تین
رطوبتیں ہیں۔ بیضیہ۔ جلیدیہ۔ زجاجیہ۔ اول تیسرے پردہ کے بعد
اور دوچوتھے کے بعد۔ ہفت قلم۔ سات طرح کی لکھائی۔ ثلث۔ محقق
توقیع۔ ریحان۔ رقاع۔ نسخ۔ تعلیق۔ ہفت اندام۔ سر۔ سینہ۔ پشت۔
دونوں ہاتھ۔ دونوں پاؤں یہ ظاہر کے ہیں۔ اور باطن کے دماغ۔ دل۔ جگر۔ تلی۔

Marfat.com

سپری شدن - تمام ہونا - سینجی سرائے - کھیت والوں کے جھونپڑے اور دنیا
ستارۂ صبح - زہرہ - سحر حلال - شعر و سخن - فصیح و بلیغ - سخت غوردن - تصدیع
اٹھانا - سخت کمان و سخت زہ - شہزور پہلوان - سخت جان - سنگ دل - سدرۃ المنتہیٰ
مقام جبرئیلؑ - ساتویں آسمان پر - سراپا - تمام اور بترتیب وصف محبوب
کے تمام اعضا کا - سرور ہوا - پریشان - سرمہ چوب - سرمہ کی سلائی
سرحساب - خبردار اور آگاہ - سردست - فی الفور - سرو آزاد - سیدھا
سرو - اور آزاد اس وجہ سے کہتے ہیں کہ اس پر خزاں نہیں آتی - سربند - عہدہ زمانہ
سر فلاں شخص سے بلند - یعنے وہ زندہ اور ذی اعتبار ہے - سرمہر بے
نسبت - سرچشمہ دار - کسی کا موجد - سرشتہ دار - منتظم - سرعشر - دس آیتیں
جو لڑکوں کو بسم اللہ کے وقت تبرکاً بتا دیتے ہیں - سرانداز - گھونگھٹ - اور
اوڑھنی - سرجوش - اول جوش کا گلاب وغیرہ - اور چیز صاف و خلاصہ - سرخوش
مست - سرخط - تعلیم خوشنویساں - اور نوکری کے یاد کی تحریر - سرمائے گل - گلابی
حیا - سرگرم - مستعد - سرت گردم - تیرے قربان جاؤں - سر بر خط نہادن
اطاعت کرنا - سرگران - مست - سرانگشتان حنابی کردن - کسی چیز کو رنگین کرنے
میں مصروف ہونا - سرآمدن - آخر ہونا - سرآوردن - تمام کرنا - سرکردن
شروع کرنا - سرزدن - ظاہر ہونا - سربرگرفتہ - نافرمان - سرباز ماندن
حیران رہنا - سرکہ فروختن - ترش رو ہونا - سرکہ جبین - ترش رو
سرمہ خوردن و سرمہ بہ گلو کشیدن - گونگا ہونا - سرداون - چھوڑنا
سرد سر چیز سے کردن - کسی چیز کی طلب میں فنا ہو جانا یا چیز کی خواہش کرنی
سرنہادن - سونا - سرواز دن - منہ پھیرنا - سربند کسے گرفتن - کسی کام کی تہ
معلوم کرنا - سرپاز دن - ٹھوکر مارنا اور رد کرنا - سراز چیزے بیرون آوردن

Marfat.com

پھیپھڑا۔ پتا۔ معدہ یا گردہ۔ ہفت خوان۔ وہ سات منزلیں جس میں رستم کیکاؤس کو کنوئیں سے نکالنے کو گیا تھا۔ اور منزل کی مشکل کو دفع کرتا تھا۔ ہم پشت۔ مددگار۔ ہمدست۔ شریک و برابر۔ ہم آورد۔ حریف۔ ہمزلف۔ دو بہنوں کے شوہر آپس میں کہلاتے ہیں اور اُن کو محاورۂ اہل زبان میں ہم دامان بولتے ہین۔ ہم سلک۔ سمدی۔ ہندوزن۔ جادوگرنی۔ ہندوانہ افگندن۔ نہایت خوف کھانا۔ ہوا گرفتن و ہوائی شدن۔ اُڑنا۔ ہوا یافتن۔ مزاج میں ہوا کا اثر ہونا **یائے تحتانی**۔ یارفروشی۔ یار کی تعریف کرنا۔ یخ در بہشت۔ ایک قسم کا حلوا یک دست۔ یکساں۔ یک جہت۔ متفق۔ یک چشم۔ آفتاب۔ یک قلم۔ تمام یک رو کردن۔ بالکل قطع کرنا۔ یک پشت ناخن۔ مقدار قلیل۔ یکطرف و فتادن مقابل ہونا۔ یک دلہ۔ شجاع۔ یک رنگ۔ بے نفاق۔ یوم الحساب و یوم النشور۔ و یوم التناد۔ روز قیامت۔

**فائدہ**۔ جاننا چاہیے۔ کہ محاورہ دانان فارسی۔ ہر معدود چیز کو جدا لفظ سے بولتے ہیں۔ چنانچہ اُن کی تفصیل یہ ہے۔

**زنجیر**۔ ہاتھی کے لیے خاص ہے۔ **مہار**۔ اونٹ کیلئے خاص ہے۔
**سلک**۔ ہار کی قسمیں۔ **طاقہ**۔ زربفت مخمل۔ اطلس۔ بانات وغیرہ
**ضرب**۔ لاٹھی۔ بندوق۔ توپ تمنچہ وغیرہ **ساز**۔ باجے کی چیزیں۔
**دستہ**۔ تیر کے لیے۔ **جلد**۔ کتاب و چمڑا۔
**فرد**۔ قالین وغیرہ فرش کی اشیا اور ورق کاغذ۔ **ثوب**۔ آستین دار کپڑا۔
**نفر** آدمی کے لیے مگر شرط یہ ہے کہ خدمتگار یا ملازم۔ یا مزدور یا رذیل ہووے۔ مثلاً دو نفر۔
**راس**۔ لادنے اور دودھ کے جانور۔ جیسے گھوڑا۔ خچر۔ گدھا۔ گائے۔ بکری وغیرہ اور ہرن۔ گینڈے کو بھی کہتے ہیں۔

Marfat.com

اس کے عہدے باہر آنا - سرخ شدن - غصہ ہونا - سرخانہ رسانیدن - کمال کو پہنچانا - سر در کلاہ کسے نہادن - تابع ہونا - سرزدہ آمدن و رفتن بے خبر آنا یا جانا - سر جنبانیدن - آفرین کرنا اور کسی کام سے باز رہنا - سرنگرفتن موافق نہ ہونا - سر گوش گرفتن - فرمانبردار ہونا - سرزندہ - بڑے سر والا سرکوچک - کمینہ - سرگوشی - کان میں بات کہنا - سر پرستی - تیمارداری - سست ریش - احمق - سعد اکبر - مشتری - سفسطہ - وہ حکمت جس کی بنا مغالطہ پر ہو - سفید کردن - ظاہر کرنا - سفید گردیدن - ظاہر ہونا - اور معزز ہونا - سفید چشم - بیحیا - سقائے نیل - ابر مسقط فروش - جو گرا ہوا میوہ جمع کر کے فروخت کرے - سکندری خوردن - سر کے بل گرنا - سلم - بدنی بیع کی قسم - سنگ پشت - کچھوا - سنگ بست - مضبوط - سنگین دست جو دیر میں کام کرے - سنگسار - پتھر مار کر مار ڈالنا - سنگ و مشق و سنگ امتحان - و سنگ زر - کسوٹی - سنگ در دہان انداختن - چپ رہنا سنگ در موزہ افتادن - بیقرار ہونا - سنگ رو - بیحیا - سنگ شدن بیماری بیمار ہی کا سخت ہونا - سوایان آب - بلبلے - سوختگی نفس - ہانپنا - سورۂ اخلاص - قل ہو اللہ - سواد بہ گرفتن - پڑھنا - سواد کردن - لکھنا - سوفسطائی حکیم مغالطہ باز - سوزن عیسےٰ - وہ سوئی جو آپ کے دامن میں رہ گئی تھی اور جس کے باعث فلک چہارم ہی پر رہے آگے نہ بڑھے - سہ بعد - طول و عرض و عمق - سہ روح - روح حیوانی و نباتی - و جمادی - سہ خواہران - تین ستارے بنات النعش کے - سہ اسپہ - کمال مہدی - سیاہ کاسہ و سیاہ دست - بخیل - سیاہ مست بدمست - سیماب در گوش - بہرا - سیاہ سال - خشک سال - سیاہ گلیم و سیہ کام

Marfat.com

**دست** - شکاری پرندوں مثل باز وغیرہ کے لئے۔ اور ڈھال اور خلعت کیلئے۔
**قلاوہ** - درندوں کے لئے جیسے شیر۔ چیتا۔ کتا۔ بندر۔ ریچھ۔ لنگور اور خرگوش کو بھی کہتے ہیں۔
**منزل** - خیمہ۔ قنات۔ کشتی۔ مکان۔ پلنگ۔ چوکی۔ ہودہ۔ عماری زین۔ پالکی۔ بہل۔ چھکڑا۔
**قطعہ** - جواہرات۔ الماس و لعل۔ و فیروزہ وغیرہ اور خط اور کھیت اور تالاب و باغ۔
**قبضہ** - کاٹ کے ہتھیار۔ مثل تلوار و خنجر و پیش قبض و چاقو اور کمان کو بھی لکھتے ہیں۔
**جفت** - موزہ۔ جوتا۔ کھڑاؤں۔ اور زیور کا جوڑا مثل بازو بند و کنگھن وغیرہ کے۔
**مبلغ** - روپیہ اور اشرفی کیلئے۔ مگر یہ لفظ شمار سے پیشتر آتا ہی۔ کہتے ہیں۔ کہ مبلغ دو اشرفی اور مبلغ چار روپے۔
**موازی** - گٹھ اور بگہہ اور ٹکہ اور فلوس۔ اور من اور سیر کیلئے اور یہ لفظ بھی شمار سے پہلے آتا ہی۔ جیسے موازی دو بگہہ۔
**دانہ** - موتی اور مونگہ اور میوے کے اقسام مثل انار و سیب وغیرہ۔
**عدد** - برتنوں کے اقسام اور یہ لفظ ایسا عام ہی کہ بہت جگہ اس کا استعمال ہو سکتا ہی۔ مثلاً دو عدد الماس اور تین عدد بندوق۔ اور چار صد قالین۔
**تنبیہ** - سوائے لفظ مبلغ اور موازی کے اور سب الفاظ شمار کے بعد بولے جاتے ہیں۔ مثلاً پنج نفر مزدور و چہار راس اسپ وغیرہ۔

## باب ہشتم

اقسام نثر و نظم اور عیوب شعر اور اغلاط کلام کے بیان میں مشتمل تین فصلوں پر

Marfat.com

سیاہ خانہ - بدبخت - سیاہ چشم - پسند شکاری - سیہ زبان - کل بیہودہ - سیاہ شدن زبان - بد کہتے کہتے زبان کا تھک جانا - سیر در لوزینہ کردن - خوشی میں سیر کر دینا - سیر آمدن - تنگ ہونا - سیاہ نامہ - بدکار - سینہ باز - دور نگ

**شین معجمہ** - شاہ مغرب - ہلال - شاہ مشرق - آفتاب - شاہ بیت قصیدہ یا غزل میں سے عمدہ تر شعر - شاخ دار - دیوث و متکبر - شانۂ سر ہد ہد - شاخ بدیدار - مغرور گردن کش - شادی مرگ - جو خوشی دفعتاً آنے سے موت پیدا کرے - شانہ در آب گذاشتن - آرائش کے لئے تیار ہونا - شانہ گردانی - منہ پھیرنا - شادخواری - شراب پینا - شب زندہ دار - عابد شب اندر روز - دھوپ چھاؤں کپڑا - شبیگرد - کوتوال - شبگیر زدن - رات کے آخر میں چلنا - شتر دلی - نامردی - شراب طہور - شراب بہشتی - شرح کشاف خواندن - بہت بکنا - ششدر - حیران - شش روزہ - دنیا کہ چھ روز میں بنی - ششدانگ - کامل - شش ارکان - چھ ضروری چیزیں ہوا[1] - کھانا[2] و پینا - حرکت[3] و سکون بدن - حرکت[4] و سکون نفس - خواب[5] و بیداری استفراغ[6] و احتباس - شش خاتون - چھ سیارے سوائے آفتاب اشقائق نعمان لالۂ سرخ کہ منسوب ہے نعمان بادشاہ عرب کی طرف جو پہاڑ سے اس کا بیج لایا تھا شکر خند - مسکرانا - شکر ریز - جو نوشہ اور دلہن پر نثار کریں - اور خوشی کے رہنے کو بھی کہتے ہیں - شکر رنج و شکر رنگ - ناراض - شکر لنگ - کسی قدر لنگڑا شکستہ رنگ - زرد رنگ - شکنجہ کردن - تکلیف دینا - شکستہ ناخن - بے قوت شکم خاریدن - بہانہ کرنا - شکم در خویش دزدیدن - ڈرنا - شکم بندہ - حریص شمع ایمن - تجلی - نور الٰہی - شمار بدست چپ کردن - سینکڑوں اور ہزاروں کو گننا شوربخت - بدبخت - شور چشم - جسکی نظر ضرر پہنچاوے - شورہ پشت - شوخ - شیر خدا

Marfat.com

**فصل اوّل** ۔ اقسام نثر و نظم میں نثر کی تین قسمیں ہیں۔ مرجز۔ مسجّع عاری۔ مرجز۔ وہ نثر ہے جسکے دو فقرون کے کلمات مقابل باہم ہموزن ہون۔ اور قافیہ نہ رکھتے ہوں جیسے صَرف اوقات بے ذکر واہب کارساز وخرج انفاس جز شغل خالق کردگار مین نقصان ست۔ مرجز مشتق رجز سے ہے۔ جو ایک بحر سبک کا نام ہے۔ اور مسجع سجع سے نکلا ہے۔ جس کے معنے آواز کبوتر اور قمری کے ہین۔ اور اصطلاح میں مسجع اُس نثر کو کہتے ہین۔ جسکے فقروں کے آخر کلمات میں قافیہ ہو اور اسی کو مقفی بھی کہتے ہیں۔ اب سجع کی تین قسمیں ہیں۔ ایک متوازی کہ قافیہ کے کلمات شمار حروف میں برابر ہون۔ اور اخیر حرف دونوں میں مشترک جیسے از دوست مہجورم و بر فراق مجبورم۔ کہ لفظ مہجورم و مجبورم شمار حروف میں برابر اور تمامی دونوں کی حرف رَ پر ہے۔ دوسرا سجع مطرف کہ دونوں لفظوں کا حرف آخر ایک ہی ہو مگر شمار حروف مختلف ہو جیسے مرد باوقار خجستہ اطوار است کہ وقار اور اطوار کے آخر میں رَ مشترک ہے مگر اوّل میں چار حرف ہین اور دوسرے میں پانچ۔ سوم سجع متوازن کہ دونوں لفظوں کے شمار اور وزن ایک ہوں مگر حرف آخر دونوں میں جدا ہو جیسے فقیر اور جلیس کو قافیہ میں لائیں اور اگر ایسے کلمات دونوں فقروں میں جمع کریں کہ ہر ایک لفظ ایک فقرہ کا اپنے مقابل کے لفظ فقرۂ ثانیہ کے ہموزن اور حرف آخر میں متحد ہو۔ تو ایسی نثر کو مرصع کہتے ہیں جیسے بالوف حقائق گویا است و بصنوف دقائق جویا اور شعر کے دونوں مصرعوں میں اگر ایسے الفاظ جمع ہوں تو اسکو بھی مرصع کہیں گے اور نثر عاری وہ ہے۔ جس کے فقرات نہ مرجز ہوں نہ مسجع اور عاری کے معنے برہنہ کے ہیں یعنے نثر مذکور دونوں تکلفات سے برہنہ اور خالی ہے۔ یہ قسمیں نثر کی باعتبار الفاظ کے ہیں اور معنے کے لحاظ سے

Marfat.com

شیشہ بازی۔ مکار۔ شیخ رئیس۔ بوعلی سینا۔ شیشہ بر سنگ
زدن۔ شیشہ دل۔ نامرد۔ شیشہ بر سر بازار شکستن۔ افشائے راز کرنا۔ شیخ نجدی
شیطان۔ **صاد مہملہ** ۔ صاحب فراش۔ بیمار۔ اور جس بیمار سے
چارپائی پر سے نہ اٹھا جاوے۔ صاحب قرآن۔ جس بچہ کے رحم میں آنے
یا پیدا ہونے کے وقت میں قرآن عظیم پڑھے۔ صاحب الزمان۔ مہدی علیہ السلام
صباغ زمین۔ آفتاب۔ صباغ فلک۔ ماہتاب۔ صبح آخرین و دوم۔ صبح صادق
صد برگ۔ گیندا۔ صدقہ جاریہ۔ جو خیرات ہمیشہ جاری رہے۔ صغری۔ دلیل
کا پہلا جملہ۔ صوابدید۔ تجویز۔ صورت بازی۔ بہروپ۔
**طاء مہملہ** ۔ طائر قدس و طائر عرش۔ جبرئیلؑ۔ طاؤس علوی۔ آتشیاں۔ آگ۔ طاسباز
تعالی پھینک کر لکڑی پر لینے والا۔ طبل از زیر گلیم برآمدن۔ راز کا فاش ہونا۔ طبل در زیر
گلیم بودن۔ راز کا پوشیدہ رہنا۔ طبل خوردن۔ کنارہ کرنا۔ طبائع اربعہ۔ گرم و سرد
و تر و خشک۔ طرفدار عجم۔ مریخ۔ طرف بستن۔ حاصل کرنا۔ طرف شدن
مقابل ہونا۔ طرف گرفتن۔ حمایت اور گوشہ نشینی۔ طرح کردن و ریختن و
انداختن۔ بنیاد ڈالنی۔ طشت از بام افتادن۔ رسوا ہونا اور راز کا کھلنا
طفل شب۔ چاند۔ طفل مکتب۔ نوآموز۔ طفل ہندو۔ آنکھ کی پتلی۔
طفل چہل روزہ۔ آدم علیہ السلام۔ طمع خام۔ تمنا امر ناممکن کی۔
طفیلی۔ نام شاعر کوفی کہ بدون بلائے مجلس میں جاتا تھا۔ اب
مجازاً ہر شخص ناخواندہ کو کہنے لگے۔
**عین مہملہ** ۔ عالم آب۔ حالت بیہوشی۔ عالم بدرخ۔ مقام روحوں کا مابین موت
اور قیامت کے۔ عالم صغیر جسم انسان۔ عرض عمر۔ لذت زندگانی۔ عرق ریزہ۔ خادم اور بہت
سی کرنیاں۔ عرق کردن و عرق ریختن۔ شرمندہ ہونا۔ عقل اول و فعال کل۔ جبرئیلؑ

Marfat.com

نثر کی دو قسمیں ہیں سلیس اور دقیق۔ سلیس وہ ہے جسکے معنی بسہولت سمجھ میں آجائیں۔ اور دقیق وہ ہے جسکے معنے دِقّت سے سمجھے جائیں اور ان میں سے ہرایک کی دو قسمیں ہیں۔ سادہ اور رنگین۔ سادہ وُہ ہی۔ جس میں مطلب کو بدوں رعایت مناسبات کے ادا کیا ہو۔ اور رنگین وہ ہی کہ ادائے مطلب میں ایک طرح کے الفاظ کی رعایت کی ہو۔ مثلاً شروع میں اگر بہار کا ذکر آیا ہی تو آخر تک اسی کے مناسبات لکھدیئے۔ یا علم کا ذکر آیا تو اسکے مناسبات لکھے اور علے ہذا القیاس۔

اور نظم کی قسمیں دس ہیں۔ قصیدہ۔ تشبیب۔ غزل۔ مثنوی۔ رباعی۔ مستزاد۔ فرد۔ قطعہ۔ ترجیع بند۔ مسمّط

قصیدہ۔ کے معنی لغوی مغز سطبر کے ہین اور بعضوں کے نزدیک قصد سے مشتق ہے۔ اور قصد کے معنے لغت میں کسی جانب یا کسی چیز کی طرف متوجہ ہونا ہے۔ اور چونکہ مقصود شاعر کا قصیدہ تھا۔ اسواسطے اس نام سے موسوم ہوُا۔ اور قصیدہ کی دو قسمین ہیں۔ تمہیدیہ اور خطابیہ۔ تمہیدیہ وہ ہی کہ اول چند اشعار بطور تمہید لکھکر اُس کے بعد مدح شروع کریں۔ تمہید کے معنے لغت میں فرش بچھانا ہی۔ اور فرش سوائے جلیس کے کسی اور کیلئے نہین بچھاتے ہین۔ اور یہاں مراد جلیس سے نام ممدوح اور مدح ممدوح سی ہے۔ جو بعد تمہید کی لکھتے ہین۔ اور قصیدۂ تمہیدیہ کیواسطے کئی چیزیں لازم ہیں۔ اوّل ممدوح کے حسب حال تمہید لکھنا۔ دوسرے بعد تمہید کے مدح ممدوح کیطرف آئین شایستہ اور دلچسپ سے رجوع کرنا۔ تیسرے اول ضمیر غائب سے اُس کی صفات بیان کریں۔ بعد اُسکے خطاب کرکے چند ابیات ممدوح کی تعریف میں لکھیں اور اس ضمن میں اپنے دل کا مطلب ظاہر کرکے دو تین شعر دُعائیہ کہکر ختم کریں اور کہتے وقت ممدوح کے مرتبہ کا

Marfat.com

عقد انامل - انگلیوں پر شمار کرنا - داہنے ہاتھ پر اکائیاں اور دہائیاں اور بائیں پر سیکڑے اور ہزار ہوتے ہیں - عقول عشرہ - دس فرشتے - سکہ کے نزدیک خدا تعالےٰ نے اول ایک فرشتہ پیدا کیا اس نے دوسرا فرشتہ اور آسمان اول پیدا کیا - دوسرے نے تیسرا فرشتہ اور دوم آسمان پیدا کیا اسی طرح نو آسمان اور دس فرشتے ہوئے - دسویں نے تمام عالم پیدا کیا - عکس نقیض - جملہ میں مبتدا کی نقیض کو خبر کرنا اور خبر کی نقیض کو مبتدا کرنا اس طرح کہ اصل جملہ اور عکس دونوں ایک سے ہوں - صدق اور کذب اور کلی اور جزئی ہونے میں عکس مستوی - جملہ کی مبتدا کو خبر اور خبر کو مبتدا کرنا - علم کلام علم عقائد - یعنے منقول کو دلائل عقلی سے ثابت کرنا - علم شدن - ظاہر ہونا علم لدنی - وہ علم کہ بدون استاد کے حاصل ہو - عنان تاب - وہ گھوڑا کہ باگ کے اشارہ پر رہے - عنان دادن - دوڑانا - عنان برعنان - برابر - عنان وزدیدن باز - ہنا - عنان گران کردن - گھوڑا ٹھیرانا - عین الکمال - چشم بد - عیب بردن عیب کا ظاہر کرنا - **غین معجمہ** - غائب باز - وہ شاطر کہ حریف سے غایب بیٹھکر کھیلے غاشیہ باب - ریش مسخرہ - غاشیہ بردار - خادم - غنچۂ آب - حباب - غوغائیان گھگیں - بلبلیں - **حرف فا** - فانوس خیال - وہ چراغ جس کے گرد گھومتی تصویریں لگاتے ہیں - فتنہ بہ چیزے شدن - عاشق ہونا - فذلک - تتمہ اور تفصیل حساب کا مدجمع - فروکش شدن - ٹھیرنا اور اترنا - فردین نہاد - کج نہاد - فراگرفتن سیکھنا اور یاد کرنا - فرش افگندن - عاجز کرنا - فرمان رسیدن - اجل آسمانی خسرو خوردن - تحمل کرنا - فصل قریب - جو جنس قریب سے نوع کو جدا کرے فصل بعید - جو نوع کو جنس بعید سے جدا کرے - فصلی - وہ سال کہ اکبر بادشاہ نے شمسی میں باعتبار فصل کے مقرر کیا اور ابتدا اس کی اساڑھ ماہ ہندی سے مقرر کی چونکہ

Marfat.com

لحاظ رکھیں۔ اگر ممدوح سلاطین اور امراء میں سے ہو تو اُسکے مناسب الفاظ سنجیدہ لکھے جائیں۔ اور اگر انبیاء اور اولیا اور مشائخ اور علماء میں سے ہو۔ تو جو کلمات اور اصطلاحات اُن کی شان کے لائق ہوں۔ استعمال کئے جائیں۔ ایسا نہو کہ محاورہ میں جو کلمات حمد و نعت و منقبت میں لکھے جاتے ہیں وہ سلاطین اور امرار کی مدح میں لکھے جائین۔ اور ایسے ہی برعکس اس باب میں تمیز شرط ہے۔ قصیدہ تمہیدیہ کی جیسے عرفی کا قصیدہ نعت میں جس کی تمہید یہ ہے ؎

سپیدہ دم چو زدم آستین بہ شمع شعور ✤ شنیدم آیت استفتحوا ز عالم نور۔ اور قصیدہ خطابیہ وہ ہوتا ہے جس میں تمہید نہیں لکھتے۔ مطلع ہی سے خطاب کرکے ممدوح کی مدح شروع کرتے ہیں۔ جیسے عرفی کا قصیدہ جسکا مطلع یہ ہے ؎ اے مہر تو جانِ آفرینش ✤ نعتِ تو زبانِ آفرینش۔ اور قصیدہ میں ۱۹ یا ۲۰ بیتوں سے کم نہ ہونی چاہئیں۔ اور زیادہ کی کوئی حد نہیں۔ اور قصیدہ گوئی میں متقدمین کا اتباع چاہیئے نہ متاخرین کا اسلیئے کہ متاخرین کو اس فن میں مہارت کلی حاصل نہیں ہے۔ اُن کی غزل اور قصیدہ کا روزمرہ ایک ہی طور کا ہے۔ اور یہ درست نہیں۔ قصیدہ اور غزل کے روزمرہ میں مغائرت کلی ہے اور نیز قصیدہ کو اس مضمون کے اعتبار سے کسی نام سے مسمّٰی کرتے ہیں۔ مثلاً جس میں مضمونِ عشق ہو۔ اُس کو عشقیہ کہتے ہیں اور بہار والے کو بہاریہ اور شیخی والے کو فخریہ اور شکایت آسمان کا ذکر ہو۔ تو حالیہ۔ اور اگر شہر کے ادنے اور اعلے کی پریشانی کا ذکر ہو۔ تو شہر آشوب۔ اور دنیا کی پریشانی کا مذکور ہو تو جہان آشوب کہتے ہیں۔

**تشبیب**۔ لغت میں ایام شباب کے ذکر کرنے اور حال معشوق کے وصف کرنے کو کہتے ہیں اور اصطلاح میں اُن اشعار کو کہتے ہیں جو قصیدہ کے شروع

Marfat.com

مہینوں میں ۱۱ دن بڑھتا رہتا ہے لہذا اب فصلی اور ہجری میں فرق بارہ برس سے زائد کا ہو گیا۔ فلک اطلس۔ لوں آسمان جس میں ستارے نہیں اسکو فلک الافلاک بھی کہتے ہیں۔ فن خوردن۔ دغا کھانا۔ فندق شکستن۔ بوسہ لینا۔ فندق زدن بائیں ہاتھ کی مٹھی پر دہنے ہاتھ کی انگلی اسطرح مارنا کہ آواز نکلے۔

**قاف**۔ قاضی چرخ۔ ستارہ مشتری۔ قدر انداز۔ تیر انداز کامل۔ قائم ارکنین عاجز ہونا۔ قالب تہی کردن۔ بیہوش ہونا اور جگہ دینا۔ قافیہ تنگ شدن۔ تقریر اور کلام میں بند ہونا۔ قبا کردن۔ چاک کرنا۔ قدم بر سر چیزے نہادن۔ چیز کو ترک کرنا۔ قزلباش۔ سپاہی۔ اور لغوی معنے سرخ سر کے ہیں۔ اسمٰعیل صفوی نے اپنی فوج کے لئے سرخ ٹوپی بارہ گوشہ کی بنوائی تھی اس روز سے مجازاً سپاہی کے معنے ہوئے۔ قضیہ۔ جملہ۔ قطرہ زدن۔ اہبہ۔ قطرہ زدن۔ دوڑنا۔ قفل وسواس گور گھ دھندا۔ قفا خاریدن۔ شرمندہ ہونا۔ قلم در کشیدن۔ کاٹ دینا۔ قلم بناخن شکستن۔ قلم دسیاہی نہادن۔ بدبخت لکھنا اور سزا دینا۔ قلمرو۔ ولایت قندھرد۔ لب محبوب۔ قوس وقزح۔ دھنک اور اس کو قوس شیطانی بھی کہتے ہیں قوائے طبیعی۔ جاذبہ اور ماسکہ وغیرہ جنکا تعلق جگر سے ہے۔ قوائے حیوانی جو دل سے متعلق ہیں۔ جیسے خوشی اور غصہ۔ قوائے نفسانی۔ جو دماغ سے علاقہ رکھتے ہیں۔ جیسے واہمہ اور حافظہ۔ قیاس۔ دلیل مرکب دو جملوں یا زیادہ سے۔

**کافتازی**۔ کاربند۔ عامل اور مطیع۔ کافور خوار۔ سرد اور نامرد۔ کاغذ زر قبالہ اور سند دی۔ کاکل شمع۔ شمع کا دھواں۔ کاروبا ستخواں رسیدن۔ تنگ آنا اور قریب بہ ہلاک ہونا۔ کاسہ لیس۔ حریص۔ کاسہ بند کردن۔ خوشامد کرنا۔ کاسہ بر سر کسے شکستن۔ رسوا کرنا۔ کار بجان رسیدن۔ موت کا گھاٹ لگنا۔ کار کسے ساختن مارڈالنا۔ کاہ در دہن کردن۔ پناہ مانگنا۔ اور عاجز ہونا۔ کاسہ

Marfat.com

میں کسی چیز کی صفت میں لاتے ہیں۔ یعنی اشعار تمہید تشبیب کہلاتے ہیں۔
**غزل** کے معنے لغت میں عورتوں سے بات کرنے کے ہیں اور غزل کی بیتیں پانچ سے کم اور پندرہ یا سترہ سے زیادہ نہیں ہوتیں۔ اور طاق ہونا ضروری ہے۔ اور غزل میں سوائے مضمون عشق اور حسن اور آوارگی اور شوریدگی اور آلام فراق اور ولولۂ اشتیاق اور آرزوئے وصال اور تعریف خط وخال کے اور کچھ نہ لکھا جائے اور جو مضمون مطلع میں لکھا جائے مقطع تک وہی چلا جائے۔ اور روزمرہ صاف فصحا کا سا ہو۔ اور خون آمیز اور عشق انگیز باتیں اور یاس اور نومیدی جس قدر غزل میں زیادہ ہوگی۔ اُسی قدر دلچسپ اور مرغوب طبائع خاص وعام ہوگی اور ہر شعر دوسرے سے بلند اور برجستہ ہووے۔

**فائدہ** - واضح ہو کہ قصیدہ اور غزل کے شعر اول کے دونوں مصرعوں میں قافیہ ہوتا ہے۔ اُس کو مطلع کہتے ہیں۔ اور جو شعر مطلع کے بعد ہوتا ہے۔ اُس کو حسن مطلع بولتے ہیں۔ اور جس شعر میں شاعر اپنا تخلص درج کرتا ہے۔ یعنی شعر آخر کو مقطع کہتے ہیں۔ اور سب سے عمدہ شعر کو شاہ بیت بولتے ہیں۔

**مثنوی** - کے معنی ہیں تثنیہ کیا گیا۔ چونکہ مثنوی کی بیتوں کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں۔ اس لئے مثنوی کہتے ہیں اور اساتذہ کے نزدیک مثنوی کہنا تمام اقسام اشعار سے مشکل ہے۔ اس فن میں فردوسی طوسی۔ نظامی گنجوی کمال رکھتے ہیں۔ دوسرے مثنوی گو مثل امیر خسرو دہلوی اور مولوی جامی اور ہاتفی کے ان کے متبع ہیں۔ اور بالاتفاق مثنوی کے سات وزن ہیں سوائے ان کے دوسرے وزن میں مثنوی کہنا اساتذہ کے نزدیک غلطی فاحش ہے۔ کسی طرح جائز نہیں۔ اور داستان مثنوی کیلئے تمہید شرط ہے۔ اور ربط کلام کا سلسلہ واجب اور مثنوی کے دیباچہ میں کئی چیزیں

Marfat.com

سرنگوں ۔ مفلس ۔ کاوہ کہنہ بباوداون ۔ شیخی کرنا ۔ کاردست بستہ ۔ مشکل کام کبری ۔ دلیل کا دوسرا جملہ ۔ کباب تہ ۔ برف ۔ کدخدا ۔ صاحب خانہ ۔ کشکدار ۔ پاسبان کف کردن ۔ کھانا ۔ کفن پارہ کردن ۔ سخت بیماری سے شفا پانا ۔ اور آفت سے بچنا کلاغ گرفتن و کلاغ زدن ۔ طعنہ مارنا اور ٹھٹھا کرنا ۔ کلاہ بر کسے زدن ۔ برابری کا دعوی کرنا ۔ کلاہ بر ہوا یا بر آسمان انداختن ۔ نہایت خوش ہونا ۔ کلاہ افگندن و برکشیدن تعظیم کرنا ۔ کلاہ گوشہ شکستن ۔ فخر کرنا ۔ کلوخ خشک بر لب مالیدن ۔ راز کا پوشیدہ رکھنا ۔ کلک فرنگی ۔ پنسل ۔ کم چیزے گرفتن فیست سمجھنا ۔ کمر ہا شکستن ۔ بے طاقت ہونا ۔ کمر کشادن ۔ ترک کرنا ۔ کمان ہوا طاق بلند آویختن کسی بڑے کام سے فخر کرنا کمند پیر ۔ نہایت بوڑھا ۔ کن فکان و کن فیکون عالم موجودات ۔ کندہ کاری ۔ سونے وغیرہ کی نقش کاری ۔ کوچہ سلامت ایک قسم کی نقب یا خندق جس میں سے سپاہ دشمن کے قریب سباتی ہے کوتاہ نظر ۔ جو انجام کو نہ سوچے اسی کو کوتاہ اندیش بھی کہتے ہیں ۔ کوک شدن ساد کا موافق ہونا ۔ کوہ کن ۔ فرہاد ۔ کوچہ دادن ۔ راہ دینا ۔ کوچہ یافتن ۔ راہ ملنا کوچہ خموشاں ۔ قبرستان ۔ کوچک دل ۔ نازک دل ۔ کیک در شلوار یا موزہ افتادن بیقرار ہونا ۔ کیفدان ۔ نشہ اور معجون کا ڈبہ ۔

**کاف فارسی** ۔ گاؤ آہن ۔ پھال ۔ گاؤ درخرمن کردن ۔ خراب وتباہ کرنا ۔ گاؤ زادن نفع کثیر اٹھانا ۔ گاؤ سفالین ۔ شراب کا مٹکا ۔ گاؤ گردون ۔ برج ثور ۔ گراں رکاب ۔ مٹھا جالاق گراں سر و متکبر ۔ گرفتن خاطر ۔ رنجیدہ ہونا ۔ گرفتن چراغ ۔ گل کرنا ۔ گردن بار یک مطیع ۔ گراں سنگ و گراں سایہ ۔ باوقار ۔ گرسنہ چشم ۔ بخیل و حریص ۔ گران جان سخت جان و سست ۔ گرم خون ۔ بڑا دوست ۔ گرم جوش ۔ بہت تپاک والا ۔ گربہ بانان فروشدن ۔ کمال کامیاب ہونا ۔ گرد برآوردن ۔ پائمال کرنا ۔ گربہ

Marfat.com

لازم ہیں۔ توحید۔ مناجات۔ نعت۔ مدح سلطان زمان۔ تعریف سخن۔ و سخنوران۔ سبب تالیف وتصنیف کتاب۔ مثنوی کے دیباچہ میں ان سب باتوں کے موجد حضرت نظامی گنجوی ہیں۔ ان سے پہلے مثنوی کو فقط قصہ سے شروع کیا کرتے تھے جیسے تحفۃ العراقین خاقانی۔ اور مثنوی مولوی روم وغیرہ

**رباعی** جسے فارسی میں ترانہ کہتے ہیں۔ اس کا واضع رودکی ہی۔ اور مثنوی کی طرح رباعی کے اوزان بھی علیحدہ ہیں۔ سوائے اُن کے دوسرے وزن میں نہیں کہتے ہیں۔ چنانچہ رودکی نے ۲۴ وزن بحر ہزج سے نکال کر بارہ بارہ دو شجرون میں لکھے ہین۔ الغرض مراد رباعی سے جسے دو بیتی بھی کہتے ہیں چار مصرعے ہیں جن کا وزن اور قافیہ یکسان ہو۔ اور رباعی کے تیسرے مصرعہ مین اگر قافیہ ہو۔ تو مستحسن ہے اور جو نہو تو معیوب نہیں۔ اور رباعی کی دوسری بیت اول سے زیادہ بلند ہونی چاہیئے۔

**مستزاد** اُسے کہتے ہیں کہ رُباعی کے ہر مصرعہ کے بعد ایک دو لفظ زیادہ کریں اور الفاظ زائد وزن رباعی ہی کے اجزا ہوتے ہیں۔ اور شعر اصلی کا مضمون اُنپر منحصر نہیں ہوتا جیسے ؎ ہرچند کہ گلرخان دہراند بسے۔ بارنگ وصفا + مثل تو بہ نیکوئی ندیداست کسے۔ ای عشوہ نما۔ درپائے تو خیرازین کہ جان افشانم۔ اے یار عزیز + مارا نبود ہیچ ہوا وہوسے۔ برخیز و بیا۔ اور متاخرین شعراء اُردو نے وزن رباعی کے سوا غزل میں بھی مستزاد کہا ہی۔

**فرد**۔ اُس شعر کو کہتے ہیں جس کے دونوں مصرعوں میں سے ایک پر بھی قافیہ کا اطلاق نکر سکیں۔ اس لئے کہ اگر دونون مصرعے مقفےٰ ہون گے تو وہ شعر قصیدہ یا غزل کا مطلع ہوگا۔ اور جو مثنوی کا شعر ہوگا۔ تو اُس کو بیت کہین گے۔ اور جو اُن دونوں سے خارج ہو اُسے فرد کہتے ہیں۔

Marfat.com

گون دگرہ در تعل - مکار گردن خاریدن - حیرت ظاہر کرنا گرہ بباد زدن - بے بقا کام پر تکیہ کرنا - گرگ باران دیدہ - آزمودہ کار - گرگ آشتی - کسی مصلحت کے واسطے ظاہر میں صلح کرنی - گستاخ دست - تیز دست - گسیل - رخصت کرنا گل مہتاب - چاندنی کے ٹیکے جو درخت کے نیچے زمین پر معلوم ہوتے ہیں گل شگفت - امر عجیب ہونا - گلگشت - سیر اچھی جگہ کی - گل حکمت - کپر دئی - گل سرسبد - سب سے بہتر چیز - گلزار ابراہیم - نمرود نے جب حضرت ابراہیمؑ کو آگ میں ڈالا تھا - وہ آگ سرد ہوگئی تھی اور گلزار بن گئی تھی - اسی سے مراد ہے گل کردن - ظاہر ہونا اور بجھنا اور جلانا - گل فرستادن - مقابلہ کے لئے بلانا گل زمین - اچھا قطعہ زمین کا - گل چیدن - پھول توڑنا اور سیر کرنا - گل بیگانہ - پھول خودرو - گل سادہ - جس کا پیڑ چھوٹا ہو - مثل نرگس اور لالہ کے - گلستان زادہ گل وسبزہ - گنبد چاربند - دنیا - گنبد گل - غنچہ - گنج گاؤ - جمشید کا خزانہ جو بہرام گور کو ملا تھا - گندہ مغزی - تکبر کی بات کہنی - گوشت خر - بیکار چیز - گوش دادن - وگردن - سننا - گوئے بردن - غالب ہونا - گوتازی - دعوی بے حقیقت - گیرودار حکومت - **حرف لام** - لاہوت - عالم ذات الٰہی - لاطائل - بیفائدہ لالائے چشم - آنکھ کی پتلی - لاابالی - بے باک و بے پرواہ - اور عربی میں معنے یہ ہیں - کہ میں پرواہ نہیں کرتا - لب چرا - میوہ وغیرہ کہ چند آدمی باہم بیٹھکر بیچ میں رکھ لیتے ہیں - اور کھاتے ہیں - لبیک - کلمہ ایجاب تعظیمی ہے - یعنی حاضر ہوں خدمت کو - لب بلب جستن - بہت ڈھونڈنا - اور ہر شخص سے پوچھنا - لب دوختن - خاموش ہونا - لب ودنداں داشتن - لیاقت رکھنا - لب گزیدن - افسوس کرنا لب شیریں کردن - مسکرانا - لقمۂ خلیفہ - ایک قسم کا حلوا - لنگر انداختن - قیام کرنا - لن ترانی - خودستائی - لیلۃ القدر - رمضان کی ستائیسویں شب

Marfat.com

قطعہ کو اس لیئے قطعہ کہتے ہیں کہ مطلع سے قافیہ منقطع ہوگیا ہی۔ اگر کسی قصیدہ یا غزل کا مطلع دور کریں۔ قطعہ رہ جائیگا۔ اور قطعہ کے اشعار دو سے کم نہیں ہوتے اور زیادہ کی کوئی حد نہیں۔

**ترجیع بند**۔ لغت میں ترجیع کے معنے لوٹانے کے ہیں اور شاعروں کی اصطلاح میں یہ ہی کہ چند اشعار جن کا وزن و قافیہ یکساں ہو لکھکر اُن کے بعد ایک شعر خاص اُسی وزن کا لائیں۔ ان سب کا نام بند ہوتا ہے۔ اگر ایسے کئی بند کہ جنکے آخر میں ایک ہی شعر خاص ہو جمع کریں۔ تو مجموعہ ترجیع بند کہلائیگا جیسے حامد مقیمان ہی۔ اور اگر ہر بند کے آخر کا شعر جداگانہ ہو۔ تو اُس کو ترکیب بند کہتے ہیں۔ اور بند کے اشعار پانچ سے کم اور گیارہ سے زائد نہیں ہوتے۔

**مسمّط**۔ تسمیط سے مشتق ہے۔ جسکے معنے لغوی موتیوں کا لڑی میں پرونا ہے اور اصطلاح میں چند ایسے مصرعوں کو جمع کرنے کو کہتے ہیں کہ وزن و قافیہ میں کسی شعر کے مصرعہ اول سے متفق ہوں۔ پس اگر مصرعہ اصلی پر دو مصرعے لگائینگے تو اُس کو مربع کہیں گے۔ جیسے کسی کا شعر ہے ؎ نالۂ مرغان شدہ برفلک از ہر طرف ٭ باغ شدہ چوں صنم باد شدہ چوں سمن۔ اس کے اول مصرعہ پر کسی نے دو مصرعے لگائے۔ ؎ ابر بوقتِ بہار چونکہ کشود دست کف ٭ ژالہ نگر چوں گہر لالہ سراسر صدف ٭ نالۂ مرغان شدہ الخ پس یہ مربع ہوگیا۔ اسی طرح تین مصرعے زائد ہونگے۔ تو مخمس کہلائے گا۔ اور چار والے کو مسدس اور پانچ والے کو مسبع اور چھ والے کو مثمن اور سات والے کو متسع اور آٹھ والے کو معشر کہتے ہیں۔ اور آٹھ سے زیادہ مصرعوں کے ملانے کا دستور نہیں۔ اور اس قسم کے اشعار کہنے کا یہ طریق ہی کہ جتنے مصرعے ہموزن اور ہم قافیہ جمع کریں۔ آپس میں پیوند لفظی اور معنوی رکھتے ہوں اور ربط اصلی

Marfat.com

**حرف میم** - ماہ نخشب - وہ چاند جو حکیم ابن مقنع نے پارہ وغیرہ کا بنایا تھا - اور اس کی روشنی بارہ کوس تک ہوتی تھی - ماوراء النہر - توران - ماحضر طعام قلیل جو وقت پر موجود ہو - مارد سر - آسمان - ماہ کنعان - یوسف علیہ السلام - ماہتاب بگز بیمیودن - امر محال کرنا - ماہیچہ - ایک شکل اجسام کی - چاندی اور سونے کی بناکر علم پر چڑھائی جاتی ہے ماہیچہ - سوّیان - مبدء فیاض حق تعالیٰ - مبادی - علم کے شروع کی باتیں - مثلثہ آبی - سرطان عقرب حوت - مثلثہ آتشی - حمل - اسد - قوس - مثلثہ بادی - جوزا - میزان - دلو مثلثہ خاکی - ثور - سنبلہ - جدی - مجردات - ارواح و ملائک - مدلیل نالہ بلبل - مدلول - معنی - مذکر سماعی - جو مرد اپنی زوجہ کا مطیع ہو - مرحبا - مہمان کے لئے بولتے ہیں - کہ اس کا اکرام ہو - مرغ عیسےٰ - شبپر - مرگ پیچ - پگڑی کا وہ پیچ جو بل دیکر ٹھوڑی کے نیچے کو نکالتے ہیں اور یہ بہادروں کے لئے تھا جو موت سے نہیں ڈرتے تھے - مرغ صبح یا سحر - بلبل یا خروس - مرکز چرخ - زمین - مرگ نو مبارک باد - فتنہ تازہ برپا ہوا - مرغ آتش خوار - عقاب - مرغ نامہ بر - کبوتر مرادف ایک لفظ جو معنے دوسرے کا شریک ہو - مرغ شب آہنگ - بلبل - مرغ سلیمان - ہدہد - مسقط الراس - پیدائش کی جگہ اور وطن - مست گذار - جس کی مستی حد سے بڑھ گئی ہو - مشک را کافور کردن - سیاہ بالوں کا سفید کرنا - مشعل وادی کلیم - تجلی کہ موسیٰ علیہ السلام پر ہوتی تھی - مشائین - وہ فرقہ حکماء کا کہ جو حقیقت اشیاء کو دلائل سے معلوم کرتے ہیں - مشک بر زخم افشاندن ایذا دینی اور زخم تازہ کرنا - مشک در شراب کردن - بے ہوش کرنا - مصرعہ تند یا برجستہ - مصرعہ خوب کہ بے فکر حاصل ہو - معدل النہار - وہ دائرہ کہ خط استوا کے محاذات میں آسمان پر ہے - اور جس پر آفتاب کے پہنچنے سے دن رات

Marfat.com

کے مصرعے تک مسلسل اور نہایت چسپان اور مربوط چلے جائیں یعنی شروع سے آخر تک ایک صورت کئے ہوں۔ علیحدہ معلوم نہوں۔

## فصل دوم عیوب شعر کے بیان میں

عیوب شعر میں سے ایک مناقضہ ہے اور مناقضہ شعر کے دو مصرعوں کے درمیان بلندی اور پستی مضمون کے اختلاف کا نام ہے یعنی مصرعہ ثانی مصرعہ اول کی نقیض ہو جیسے اس شعر میں شیخ سعدیؒ کے ؎ یکے سیل رفتار ہامون نورد ٭ کہ باد از پیش دور ماندے چو گرد اول مصرعہ میں اسپ کو سیل ہامون نورد کہا ہے۔ اور مصرعہ ثانی میں اسکو ہوا پر سبقت دی ہے۔ اور دونوں مصرعوں کے معنی کا تناقض ظاہر ہے۔ اگرچہ مصرعہ اول میں خوش خرامی کی جہت سے سیل کے ساتھ تشبیہ دینی اور ثانی میں جولانی اور تیز دوی کی جہت سے ہوا کے مشابہ کہنے سے تناقض نہیں رہتا۔ مگر چونکہ یہ قیدین شعر میں مذکور نہیں اس لیئے شبہ پڑتا ہے اور جیسے انوری کے اس شعر میں ؎ ای ملک تا عرصۂ عالم سر کوئے ٭ از ملک تو تا ملک سلیمان سر موئے ٭ مصرعۂ اول میں ملک ممدوح کے مقابلہ میں تمام عالم کو سر کوئے[1] ٹھیرایا ہے۔ اور مصرعۂ ثانی میں ملک سلیمان کی برابر کر دیا ہے۔ مناقضہ ظاہر ہے مخفی نہ رہے کہ ایسے اشعار اگر کسی کی مدح میں واقع ہوں تو مصرعہ اول کو عروج فی المدح اور مصرعہ ثانی کو نزول فی المدح کہیں گے۔ اور کبھی کلام میں اسکے برعکس بھی واقع ہوتا ہے۔ یعنے نزول فی المدح عروج فی المدح پر مقدم ہوتا ہے۔ جیسے بادشاہی گھوڑے کی تعریف میں بدر چاچ کے یہ شعر ؎ آن قمر چہرہ و شب پیکر و خورشید مسیر ٭ کہ در امروز پسِ پشت نہد فردا را۔ تیز کوشے کہ بمشرق اگرش ہا کوئی ٭ خبر بمغرب بالف وصل نیفتد ہا را۔ مصرعہ اول میں گھوڑے کو خورشید مسیر کہا ہے۔ اور سورج چار پہر میں مشرق سے مغرب تک پہنچتا ہے اور دوسرے بیت میں کہتا ہے کہ اس گھوڑے پر چڑھکر مشرق میں کوئی شخص نعرہ مارے

[1] سر کوئے ۱۲ سارا جہان ہمارا ملک سلیمان کی ہی۔

Marfat.com

پڑھایا جاتا ہے اب۔ معلم ملائکہ۔ شیطان۔ معلم اوّل۔ ارسطو۔ جس نے حکمت
سب سے پہلے لکھ کر سکھائی۔ پہلے حکما زبانی سکھاتے تھے۔ معلق زدن۔ قلا
بازی کھانا۔ اور بانہ سی کرنا۔ معنے بیگانہ۔ معنے خوب کہ اس سے پہلے ویسے کبھی
سے نہ ہوئے ہوں۔ معانی۔ وہ علم جس سے فصاحت و بلاغت تعلق رکھتی ہے
معلم ثانی۔ ابونصر فارابی۔ جس نے ارسطو کی کتابوں کا عربی میں ترجمہ کیا۔ مغرور
سر کردن۔ خاموش ہونا۔ مغز تر کردن۔ بات کہنا۔ مغربی۔ اشرفی۔ مقولات عشر
دس باتیں جو ممکن میں پائی جاتی ہیں۔ یعنی مخلوق چیز جوہر ہوگی یا عرض۔ جوہر اس کو
کہتے ہیں کہ بذات خود قائم ہو۔ اور عرض وہ ہے کہ جو دوسرے کیساتھ قائم ہو۔ اور عرض
نو ہیں۔ اوّل کیف۔ یعنی کیفیت اور رنگ جیسے گرمی اور سیاہی۔ دوم کم یعنے
مقدار کہ اتنی لمبی اور اتنی چوڑی۔ سوم اَینَ مکان میں ہونا۔ چہارم متی یعنی وقت
میں ہونا۔ پنجم۔ اضافت۔ یعنی دوسری چیز کے ساتھ منسوب ہونا۔ جیسے باپ ہونا
یا بیٹا ہونا۔ ششم۔ وضع۔ یعنی وہ صورت جو بلحاظ امور خارجی کے چیز کو حاصل ہو
جیسے قبلہ رخ ہونا اور بیٹھنا اور کھڑا ہونا۔ ہفتم۔ فعل۔ یعنے کام کرنے کی صورت
ہشتم۔ انفعال۔ یعنی فاعل کا اثر قبول کرنے کی ہیئت۔ نہم۔ ملک یعنی چیز کا
کسی ایسی چیز سے گھرا رہنا جو اسکے ساتھ رہے۔ جیسے آدمی کے کپڑے۔ پس ایک
جوہر اور نو عرض ملکر دس چیزیں ہوئیں ان سب کو مقولات عشر کہتے ہیں۔ مقدمۃ
الجیش۔ ہراول اور لین ڈوری۔ مگس گیر۔ مکڑی۔ مگس ران۔ مورچھل۔ ملکوت
عالم فرشتوں کا۔ ممکن۔ جسکا ہونا اور نہ ہونا دونوں ضرور نہ ہوں منطقۃ البروج۔ آسمان
کا وہ دائرہ جس میں آفتاب کا دورہ سالانہ ہوتا ہے۔ اور اس میں یہ بارہ برج ہیں
حمل۔ ثور۔ جوزا۔ سرطان۔ اسد۔ سنبلہ۔ میزان۔ عقرب۔ قوس۔ جدی
دلو۔ حوت۔ موش خرما۔ گلہری۔ موش کور۔ چھچھوندر۔ موئے دماغ۔ عیش میں

Marfat.com

مارے تو ایسا جلد مغرب میں پہنچ جائے۔ کہ الف اور ہ کا وصل وہاں پہنچکر ہو۔
**دوسرا عیب تقدیم و تاخیر۔** وہ دو قسم ہی۔ ایک یہ ہے کہ مصرعہ اول کا مضمون دوسرے میں باندھا جاوے۔ اور مصرعہ ثانی کا مصرعہ اول میں جیسے بیدل کے اس شعر میں ؎ چشمے است کہ باید کہ برخ ہر دو جہان بست ٭ گر رفتنِ ازیں خانہ درے داشتہ باشد ٭ مصرعہ ثانی کا مضمون اول میں چاہیئے تھا۔ اور اول کا مضمون دوسرے میں لکھنا مناسب تھا۔ دوسری قسم تقدیم و تاخیر لفظی یعنے لفظ آگے پیچھے ہو جائیں جیسے نظامی کے اس شعر میں ؎ چنان زد برو ناچخ نہ گرہ کہ ہم کالبد سفتہ شد ہم زرہ ٭ اول زرہ کیواسطے سفتہ شد کہنا لازم تھا اسلئے کہ پہلے کالبد سفتہ نہیں ہوتا۔ بلکہ زرہ۔ یہ عیب عیوب حسن تقریر کی قسم میں سے ہی۔ اور حضرت نظامی گنجوی نے سکندر نامہ کے دیباچہ میں پہلے ہی سے اس بات کا عذر کیا ہے کہ شاعر کو بعض جگہ ایسی ضرورت پیش آتی ہی۔ اسواسطے اس کی خطا قابل گرفت نہیں۔ چنانچہ یہ شعر اُس کا ہی ؎ بتقدیم و تاخیر بر من مگیر ٭ کہ باشد گزارندہ را ناگزیر ٭ کبھی ضمیر کو بھی مقدم لاتے ہیں۔ جیسے سعدی کے اس شعر میں ؎ چو در دوستی مخلصم یافتی ٭ عنانم زصحبت چرا تافتی ٭ یعنے عنان از صحبتم چرا تافتی۔
**تیسرا عیب تعقید کلام ہی۔** اس کی بھی دو قسمیں ہیں۔ تعقید لفظی اور تعقید معنوی۔ تعقید لفظی کلام میں اختلال الفاظ کا نام ہے۔ جس کے سبب مراد قائل بدلالت صریح نہیں سمجھی جاتی۔ جیسے علی حزین کے اس شعر میں ؎ ایں سایۂ بلند زسروِ ریاض کیست ٭ عمرے دریں ہواست پر و بال میزنم ٭ دوسرے مصرعہ میں است رابطہ کا نہایت بیجا اور بے معنی تعقید لفظی ہی۔ اگر ضمیر شین لائی جاتی تو کچھ قباحت نہوتی۔ اور اس طرح کہنا مستحسن ہوتا۔ ع

Marfat.com

خلل ڈالنے والا - موبرآوردن زبان قلم - قلم لکھنے سے رہ جانا - موبر بن تیغ کشیدن - کمال غضب میں آنا - موبکف برآمدن - کام کا محال ہونا - موبہ آوردن فلان امر محال کا ظاہر کرنا - موشگ دوانی - فتنہ انگیزی - مہرہ شفا - بیماری کا گنڈہ - مہرہ چین و مہرہ باز - مداری - میم کاتب - اندھا - میرآخور - داروغہ اصطبل میرنجر - داروغہ گذر دریا - میرآتش - داروغہ توپ خانہ - میدان دادن کسی کی تعظیم کے لئے جگہ خالی کرنی ہے درگریباں کردن - زبردستی شراب پلانا میرزائی کشیدن - ناز اٹھانا - میل در چشم کشیدن - اندھا کرنا - میانداری - دلالی کرنا - **حرف نون** - ناخن آفتاب - آگ - ناسوت - عالم اجسام ناداشت - مفلس - ناگرفت - اچانک - نافہ بیخ - دردپیچش - ناموس اکبر شریعت وجبرئیل - ناتراش - بے ادب وسفلہ - نان خورش - سالن - ناف خاک یا زمین یا عالم - مکہ معظمہ - ناخن بدل زدن - اثر کرنا دل میں اور بیقرار ناف زدن - بچہ کا نال کاٹنا - نام بریخ زدن - نام کا محو کرنا - نان در روغن افتادن - کام کا خاطر خواہ ہو جانا - ناخن بسنگ آمدن - مشکل پیش آنی - نان در روغن گذاشتن کمال خوف وعاجزی - ناف ہفتہ - منگل کا دن - نازل منزلہ - قائم مقام - نتائج وآثار - حرارت وبرودت ورطوبت ویبوست - اور موالید سہ گانہ - نحسین فلک - زحل ومریخ - نخل طور - وہ درخت جس پر سے موسلے کو تجلی معلوم ہوئی تھی - نرگسی زدن - چشمک مارنا - نستعلیق - خط معروف مرکب نسخ اور تعلیق سے - نستعلیق گو - فصیح اور بلیغ کلام بولنے والا - نخوار - جگالی - نصب العین - مدنظر - نظربافتن - منیض اٹھانا - نعل در آتش - بیقرار ہونا - ساحروں کا دستور ہے کہ کسی کا نام گھوڑے کے نعل پر لکھ کر اسکو آگ میں رکھتے ہیں کہ وہ شخص بیقرار ہو جاوے - نعل افگندن

Marfat.com

عمرلیست درہواش پروبال میزنم ٭ جب مطلب فوت نہوتا ہو تو تعقید لفظی جائز رکھتے ہیں جیسے سعدی رح کے اس شعر میں ؎ تو نیکو روش باش تا بدسگال بنقص تو گفتن نیابد مجال ٭ گفتن کو لفظ نقص پر مقدم رکھنا مناسب تھا۔ مگر چونکہ مطلب فوت نہیں ہوتا ہی۔ جائز رکھا گیا ہی۔ تعقید معنوی کلام میں مضمون اور معنے کے اختلاف کا نام ہی جیسے جامی کے اس شعر میں ؎ بیک جنبش دوبارہ سر نسودہ ٭ چو مہ ہر روز از برجے نمودہ ٭ چاند ہر روز بُرج سے نہیں نکلتا ہی۔ اگر منزل کہتے تو تعقید معنوی نہوتی۔

**تضمین دو قسم ہے**۔ ایک یہ کہ ایک بیت کے معنے دوسری بیت کے معنے کے ساتھ علاقہ رکھتے ہوں۔ یعنے جب تک دوسری بیت نہ پڑھیں اُسکے معنے سمجھ میں نہ آویں۔ زمانہ قدیم میں اس طرح کی تضمین کو معیوب جانتے تھے مگر اب نہیں جانتے ہیں جیسے کسی اُستاد کے یہ دو شعر ہیں ؎ ہر زمینی کاژدہا باشد در و ویران شود ٭ اژدہائے خسرو آزادۂ نیکو سیر ٭ ہر کجا باشد بود آباد دائم آن دیار ٭ سایۂ او نعمت است و بودنش زیبا ست و فر۔ ایسے ہی عرفی کے یہ دو شعر ہیں ؎ آنجا کہ دانش تو نہد رسم تقویت ٭ ای آیت شعور تو نازل بشان علم ٭ دستِ ضعیف جہل کہ در آستین شکست ٭ از عقل اولین بر بایدعنان علم ٭ فارسی میں ایسی تضمین بہت ہے۔ اور اس قسم کی تضمین کو عرف حال میں قطع بند بولتے ہیں۔ دوسری قسم تضمین کی یہ ہی کہ شعر یا غزل کسی کی لیکر اپنے اشعار کے ساتھ پیوند کریں جیسے علی حزین کے تین شعروں میں کسی اُستاد نے پیوند لگا کر مخمس لکھا ہی مخمس بیاد آں پری کردم بلند از بس کہ غوغارا ٭ رسانیدم بگوشِ اہل گردون شور سودارا ٭ کجا زہد و صلاح و پارسائی بیخبر مارا ٭ بآب آتش می دادہ ام خاکِ مصلے را ٭ بباد از نالۂ نے بردہ ام ناموس تقوے را ٭

Marfat.com

بار ریختن - گھوڑے کا چلنے سے رہ جانا - نعل چوبیں - کھڑاؤں - نفس کل عرش
فنی کردن - شہر بدر کرنا - نفس کشادن - کلام کرنا - نفس سوختن -
ہانپنا - سانس چڑھنا - نفس راست کردن - آرام لینا - نفس امارہ بہیمی -
خواہش بری چیزوں کی - نفس ناطقہ - روح - نقطہ جاگیر - زمین - نقطہ نوک ریز
جو سیاہی کی چھینٹے قلم سے گر جائے - نقطہ ریختن - رمل سے فال نکالنی - نفس
دون - قافلے جانا - نقش بد نشستن - سعی مراد کام نہ ہونا - نقش بر آب کشیدن
بے فائدہ کام کرنا - نمک خاشتن - مفلس ہونا - نمک خوردن - و نمکدان -
شکستن - نمک حرامی کرنا - نماز بردن - عاجزی کرنا - نو بر کردن - میوہ تازہ
اول کھانا یعنی نیا کرنا - نہال ساختن - بولنا - نہالخانہ - تہ خانہ - نیم بست
چیر - نیم کار - جو دوسرے کے آواز سے کام کرے - نیمروز - سیستان -
نیم لنگ - کمان کا چلہ - نیم رنگ - ناقص اور رنگ اڑا ہوا - نیم جان - عاشق
نیل بر زبان رفتن - امر غیر ممکن کو شہرت دینا - جس کو نیل کا ماٹ بگڑنا بولتے ہیں
نیکی کردن و در آب انداختن - بدون توقع عوض کے نیکی کرنا -

**حرف واؤ** - واسطۃ العقد - موتیوں کے ہار کے بیچ میں سب سے بڑا موتی - واجب
الوجود - حق تعالےٰ - واماندہ - بقا و قیام - واخوردن و برخوردن - ملنا -
واکشیدن - دور یا حیلہ سے کچھ حاصل کرنا - وا بوسیدن - منہ پھیرنا -
واسوختن - محبوب سے ناراض ہونا - وارستگی - آزادی - وارفتگی
مضمحل ہونا - اور گھلنا - وحدت الوجود - سب موجودات کو وجود حق تعالیٰ
کا سمجھنا - وحدت نوعی - ایک نوع کے افراد کا متحد ہونا
بہ لحاظ نوع کے - ورق الخیال - بھنگ - ورق خام - دفتر کا وہ کاغذ
جو مشکوک اور مخلوک نہ ہو - ولی عہد - بادشاہ کا وہ لڑکا جو اُس کے بعد

Marfat.com

زہمراہان نہ یک دل برسر خود مہربان کردم ٭ برآئین جرس ہرچند صد شور و فغان
کردم طفیل عشق آخر سرنوشتِ خود عیاں کردم ٭ جبیں را سجدہ فرسای درِ پیرِ مغاں
کردم ٭ ببامِ کعبۂ دل میزنم ناقوس ترسا را ٭ چہ سازم چوں کنم ہیہات امشب
سخت حیرانم ٭ کہ دل از دست رفت و نوبت افتاد ست برجانم ٭ تعرض
چیست اے زاہد اگر من نامسلمانم ٭ برہمن زادۂ زنار بندے بُرد ایمانم-
کہ سودا میکنم باکفر و زلفش دین و دنیا را

**تخلیع** - اوزان نامطبوع و ناخوش اور ارکان ثقیل پر شعر یا غزل کہنا تخلیع کہلاتا ہے اور یہ بھی معیوب ہے۔

**تخالف** - قاعدہ اور محاورہ کے خلاف کلام لکھنا تخالف کہلاتا ہے جیسے اس مصرعہ میں خلاف قاعدہ لفظ عہد کا عین تقطیع سے ساقط ہوتا ہے۔

ع غلط کردم عہد جوانی بغفلت ٭ اور ایسے ہی خلاف محاورہ مثلاً سرمہ کشیدن کی جگہ سرمہ دادن۔

**تنافر** - ایسے الفاظ اور حروف جمع کرنا جنکا تلفظ طبیعت پر گران ہو خواہ قریب المخارج ہوں یا بعید المخارج - جیسے نظامی گنجوی کہتے ہیں ؎ چو بوسیدہ چوبے کہ در کنج باغ ٭ فروزندہ باشد بشب چوں چراغ - ایسے ہی فردوسی کا یہ شعر ہے ؎

زسُمِّ ستوران دراں پہن دشت ٭ زمیں شش شد و آسمان گشت ہشت

**غرابت** - غیر مانوس الاستعمال کلمات کا نام ہے - چنانچہ خدا تعالےٰ کو بجائے کریم کہنے کے سخی کہنا یا ناطق کہنا۔

**ضعف تالیف** - اہلِ زبان کے روزمرّہ کے خلاف لکھنا ضعف تالیف کہلاتا ہے جیسے لبریز کی جگہ ملبب - اور شلوار بند کی جگہ کمر بند - اور تراشیدہ کی جگہ متراشش لکھنا۔

Marfat.com

مسند نشین ہو۔ ولیمہ۔ نکاح کے بعد کا کھانا نوشہ کی طرف سے۔

**ہائے ہوز** ۔ ہارونی قاصدی اور پاسبانی۔ ہرمان۔ مصر کے دو برج۔ نہایت قدیم۔ ہزار داستان۔ بلبل۔ ہزار پایہ۔ کنکھجورا۔ ہزار خانہ۔ خنکھبہ جانوروں کا۔ ہشت بہشت۔ خلد۔ دارالسلام۔ دارالقرار۔ عدن جنت مادی۔ جنت نعیم۔ علیین۔ فردوس۔ ہفت دریا۔ دریائے خضر عمان۔ قلزم۔ بربر۔ اوقیانوس۔ بحرالروم۔ دریائے اسود۔ یا یہ سات ہیں۔ دریائے چین۔ دریائے مغرب۔ دریائے روم۔ بحر بنطس۔ بحر قمبر۔ بحر چرجان بحر خوارزم۔ ہشت بہشت۔ کلام خصومت۔ ہفتاد و دو ملت۔ اہل اسلام کے بہتر فرقے کہ اصل میں چھ ہیں۔ اور ہر ایک کے بارہ بارہ گروہ ہیں۔ اور سب گمراہ ہیں۔ ایک فرقہ تہتروان اہل سنت والجماعت کا اصل مذہب پر ہے۔ ہفت دوزخ۔ دوزخ کے سات طبقے یعنی۔ سقر۔ سعیر۔ لظی۔ حطمہ۔ جحیم۔ جہنم۔ ہاویہ۔ ہفت کشور۔ یا ہفت اقلیم۔ ربع مسکون کے سات حصے عرض میں مساوی اور خط استوا کے متوازی کر کے ہر حصہ کا اقلیم نام رکھا ہے۔ ہفت جوش۔ سات دھاتوں کو ملا کر بناتے ہیں۔ اور اس کو اثر دھات بولتے ہیں۔ سات دھاتیں یہ ہیں۔ سونا۔ چاندی۔ تانبا۔ جست۔ لوہا۔ سیسہ۔ رانگ۔ ہفت اورنگ سات ستارے بنات النعش کے۔ ہفت پردۂ چشم۔ ملتحمہ۔ قرنیہ۔ عنبیہ۔ عنکبوتیہ۔ شبکیہ۔ مشیمیہ۔ صلبیہ۔ اور ان پردوں میں تین رطوبتیں ہیں۔ بیضیہ۔ جلیدیہ۔ زجاجیہ۔ اول تیسرے پردے کے بعد اور دوچھلکے کے بعد۔ ہفت قلم۔ سات طرح کی لکھائی۔ ثلث۔ محقق۔ توقیع ریحان۔ رقاع۔ نسخ۔ تعلیق۔ ہفت اندام۔ سر۔ سینہ۔ پشت۔ دونوں ہاتھ۔ دونوں پاؤں یہ ظاہر کے ہیں۔ اور باطن کے دماغ۔ دل۔ جگر۔ تلی

Marfat.com

**عدول** جسے تصرفات شاعری بھی کہتے ہیں یہ ہی کہ کوئی شاعر وزن یا قافیہ کی درستی کے واسطے اصلی لفظ کو متغیر کر دی۔ مثلاً ساکن کو متحرک یا متحرک کو ساکن کر دے یا کسی حرف کی کمی یا زیادتی سے لفظ کو متغیر کر دے جیسے نظامی گنجوی نے وزن کی درستی کیلئے لفظ ارنی میں راے متحرک اور لفظ معصفر میں عین متحرک کو ساکن کر دیا ہے یہ دو شعر اُسکی مثالیں ہیں ؎ موسی ازان جام تہی دید دست ۔ شیشہ بکہ پایۂ ارنی شکست ۔ ؎ گشت جہان از نفسش تنگ تر ۔ واز سپرش معصفری رنگ تر ۔ ایسے ہی شمس تبریز نے مفرح القلوب میں عمّ یتسارلون کو عمّیت لکھا ہی ؎ زسی سیپارہ قرآن تا بعمّیت ۔ تمام است ایں سلوک سی وصد بیت ۔ **فائدہ**۔ پوشیدہ نہ رہی۔ کہ مواضع ضرورت اور مواقع اضطرار میں اسطرح کے تصرفات یعنی کمی وزیادتی حروف اور تبدیل حرکات وسکنات جو شعراء عرب وعجم نے کئے ہیں وہ لوگ اپنی زبان کے محاورے سے واقف اور فصاحت و بلاغت کے موجد تھے۔ کوئی وجہ اس کی درستی کی اُنہوں نے اپنے نزدیک ٹھیرائی ہوگی۔ کسی دوسرے شخص کو جائز نہیں ہے کہ اُن کی پیروی سی جس لفظ کو چاہے۔ اُن میں اپنی طرف سے تصرف کر کے متغیر کر دے مناسب یہ ہی کہ اس میں اُن کی تقلید نکری اور اُن کے تصرفات کو ترک کرے اور ضرورت کے وقت جن تصرفات کو فارسی کے اساتذہ نے جائز رکھا ہی۔ وُہ آٹھ ہیں اوّل فصل یعنی کسی لفظ میں کوئی حرف زیادہ کر دینا اور اُسکے معنے نہ لینا۔ اور وہ کئی حرف ہین الف با، موحدہ۔ تا، فوقانی۔ یا، تحتانی۔ شین منقوطہ۔ میم۔ واو۔ جنکا بیان معانی حروف کے بیان میں گذرا۔ دوسرا قطع یعنی کسی لفظ کے حروف اصلی میں سی کوئی حرف گرا دینا۔ جیسے کبوتر سے کو ترخاقانی نے کر لیا ہی ؎ آنگاہ چو عنکبوت وکوتر ۔ دربان ورقیب ساں بہر در ۔ تیسرا تخفیف یعنی مشدد کو

Marfat.com

پچھپھڑا - پٹا - معدہ یا گردہ - ہفت خوان - وہ سات منزلیں جس میں رستم بیکاؤس کو کنوئیں سے نکالنے کو گیا تھا - اور منزل کی مشکل کو دفع کرتا تھا ہم پشت ہمدوگار - ہمدست - شریک و برابر - ہم آورد - حریف - ہمزلف - دو بہنوں کے شوہر آپس میں کہلاتے ہیں اور ان کو محاورہ اہل زبان میں ہم داماں بولتے ہیں - ہم سلک - سمدھی - ہندوزن - جادوگرنی - ہندوانہ افگندن - نہایت خوف کھانا - ہوا گرفتن و ہوائی شدن - اڑانا - ہوا یافتن - مزاج میں ہوا کا اثر

**یائے تحتانی** - یار مزدشی - یار کی تعریف کرنا - یخ در بہشت - ایک قسم کا حلوا - یک دست - یکساں - یک جہت - متفق - یک چشم - آفتاب - یک قلم - تمام یک رو کردن - بالکل قلع کرنا - یک پشت ناخن - مقدار قلیل - یک طرف افتادن مقابل ہونا - یک دلہ - شجاع - یک رنگ بے نفاق - یوم الحساب و یوم النشور و یوم التناد - روز قیامت -

**فائدہ** - جاننا چاہیے کہ محاورہ داناں فارسی ہر معدہ و چیز کو جدا الفاظ سے بولتے ہیں - چنانچہ ان کی تفصیل یہ ہے -

**زنجیر** - ہاتھی کے لئے خاص ہے - **مہار** - اونٹ کے لئے خاص ہے -

**سلک** - ہار کی قسمیں - **طاقہ** - زلفت - مخمل - اطلس وغیرہ -

**ضرب** - لاٹھی - بندوق - توپ - تمنچہ وغیرہ - **ساز** - باجے کی چیزیں -

**دستہ** - تیر کے لئے - **جلد** - کتاب و چمڑا -

**فرد** - قالین وغیرہ فرش کے اشیا اور ورق کاغذ - **ثوب** - آستین دار کپڑا -

**نفر** - آدمی کے لئے مگر شرط یہ ہے کہ خدمتگار یا ملازم - یا مزدور یا رذیل ہو - مثلاً

**دو نفر** - **راس** - لادنے اور دودھ کے جانور جیسے - گھوڑا - خچر - گدھا - گائے بکری وغیرہ اور ہرن - گینڈے کو بھی کہتے ہیں -

Marfat.com

مخفف کر لینا جیسے لفظ تنوّر کہ دراصل میں بہ تشدید نون ہی تنور بہ تخفیف نون اس شعر
میں آیا ہی ؎ ازان گروہ نمائی برون کہ در دوزخ ٭ مقامِ شان بقیامت بود
چونان بہ تنور ٭ ایسے ہی لفظ ہم اور غم اور صف اور دف جسکا آخر حرف مشدد
ہی فارسی میں بہ تخفیف مستعمل ہیں۔ چنانچہ عرفی کے اس شعر میں ؎
عادتِ عشاق چیست مجلس غم داشتن ٭ حلقۂ شیون زدن ماتم ہم داشتن ٭
چوتھا تشدید یعنے مخفف کو مشدد کر لینا جیسے زر اور پر اور بر اور درد سب
مخفف اساتذہ کے اشعار میں مشدد آئے ہین۔ مثال زر سعدیؒ کے اس شعر
میں ؎ وجودِ مردم دانا مثال زر طلاست ٭ کہ ہر کجا کہ رود قدر و قیمتش دانند
ع نبرّد قفرِ نرم را تیغ تیز ٭ نظامی ؎ اگر پائے پیل است وگر پرِّ مور ٭ بہر
یک تو دادی ضعیفی وزور ٭ ایضاً ؎ شہ آن چرم ناپختہ و نیم خام ٭ بدرّد
بخاید بحرص تمام ٭ پانچوین ممدودہ کو مقصورہ کر لینا جیسے آخشیج سے اخشیج
ع ز شش جہات و چہار اخشجاں تونی مقصود ٭ چھٹا مقصورہ کو ممدودہ
کر لینا جیسے لفظ استر یعنے استر قبا و کلاہ وغیرہ کو بعض اساتذہ نے ممدودہ لکھا ہے
سعدی رح ؎ شنیدم کہ فرماندہی دادگر ٭ قبا داشتے ہر دو رہ آستر ٭
ساتواں متحرک کو ساکن کرنا۔ آٹھویں ساکن کو متحرک کر لینا جیسے فردوسی کے
ان اشعار میں ؎ بفرمود تا بہمن آمدش پیش ٭ سخن گفت با او ز اندازہ بیش ٭
؎ پدرم آن دلیر گرانمایہ گرد ٭ ز تنگ اندران انجمن خاک خورد ٭ آمدش
کی دال اور پدرم کی رکہ اصل میں متحرک تھی ضرورت شعر کے سبب ساکن
کر لی ہیں اور نیز پدرم کا میم ساکن تھا۔ اُس کو متحرک کر لیا ہی۔ یا جیسے اس
مصرعہ میں ع غریب خاکِ خراساں علی بن موسےٰ ٭ بن کی ب اصل
میں ساکن تھی۔ متحرک کر لی ہے۔

Marfat.com

**دست** - شکاری پرندوں مثل باز وغیرہ کے لئے۔ اور کمال وخلعت کے لئے

**قلادہ** - درندوں کے لئے جیسے شیر۔ چیتا۔ کتا۔ بندر۔ ریچھ۔ گلہ۔ اور غ گوش کو بھی کہتے ہیں۔

**منزل** - خیمہ۔ قنات۔ کشتی۔ مکان۔ پلنگ۔ چوکی۔ ہودہ۔ عماری۔ زین۔ پالکی۔ کجاوہ۔ چھکڑا۔

**قطعہ** - جواہرات۔ الماس ولعل وفیروزہ وغیرہ۔ اور خط اور کھیت اور تالاب وباغ۔

**قبضہ** - کاٹ کے ہتھیار۔ مثل تلوار وخنجر وپیش قبض وچاقو اور کمان کو بھی کہتے ہیں۔

**جفت** - موزہ۔ جوتا۔ کھڑاؤں اور زیور کا جوڑا مثل بازوبند وکنگن وغیرہ

**مبلغ** - روپیہ اور اشرفی کے لئے۔ مگر یہ لفظ شمار سے پیشتر آتا ہے کہتے ہیں کہ مبلغ دو اشرفی اور مبلغ چار روپے۔

**موازی** - کھت اور بیگہہ اور ٹکہ اور فلوس اور من اور سیر کے لئے اور یہ بھی شمار سے چلے آتا ہے۔ جیسے موازی دو بیگہہ۔

**دانہ** - موتی اور مونگہ اور میوے کے اقسام مثل انار وسیب وغیرہ۔

**عدد** - برتنوں کے اقسام اور یہ لفظ ایسا عام ہے کہ بہت جگہ اس کا استعمال ہو سکتا ہے۔ مثلاً دو عدد الماس اور تین عدد بندوق اور چار عدد قالین۔

**تنبیہہ** - سوائے لفظ مبلغ اور موازی کے اور سب الفاظ شمار کے بعد بولے جاتے ہیں۔ مثلاً پنج نفر مزدور۔ وچہار راس اسپ وغیرہ

## باب ہشتم

اقسام نظم ونثر اور عیوب شعر اور اغلاط کلام کے بیان میں مشتمل تین فصلوں پر

Marfat.com

## تیسری فصل اغلاط کلام کے بیان میں۔ اغلاط کلام تین قسم ہین لفظی۔ معنوی۔ ترکیبی۔ اغلاط لفظی یہ ہیں کہ لفظاً غلطی ہو جیسے رافعی کے اس شعر میں ؎ نہ برمزاج کسے دست یافت پیکرمے ٭ نہ در دماغ کسے غلبہ کرد قوت خواب ٭ اس شعر میں جو پیکر مے کہا ہی یہ خطا فاحش ہی اس لیئے کہ مے پیکر نہیں رکھتی۔ کیونکہ پیکر کا اطلاق انسان اور حیوان کی صورت پر ہوا کرتا ہی۔ یا اُن کی تصویر پر۔ اگر بجائے پیکر کے کیفیت یا جرم کہا جاتا تو درست ہوتا۔ ایسا ہی ظہیر فاریابی کا بھی یہ شعر ہے ؎ دوام عمر تو برعکس باد مقرون باد بشادی کہ نباشد مخافتِ حزنش ٭ اس بیت میں ممدوح کے دوام عمر کو برعکس کہنا نہایت معیوب اور نامناسب ہی۔ اور کلام کو اپنی ماقبل سی اچھی طرح ربط نہیں ہوتا ہی اگر اس طرح کہا جاتا ؎ دوام عمر تو بے انقراض مقرون باد۔ بشادی کہ نباشد مخافت حزنش ٭ تو کچھ قباحت نہوتی۔ ایسے ہی فردوسی نے رستم کی مان کی زبان سے اُس کے نوحہ میں یہ شعر کہا ہی ؎ ہزار و صد سیزدہ سالہ گرد ٭ جہانرا ندیدو جہانش بخورد ٭ خورد کا قافیہ گرد لانا خطائے لفظی ہے۔ اور علم قوافی میں ہرگز جائز نہیں۔ واو معدولہ کا قافیہ ماقبل مفتوح چاہیئے پس اگر بجائے گرد کے مُرد کہا جاتا تو بہتر ہوتا۔ لیکن شاہنامہ میں کتنی جگہ ایسا قافیہ لایا ہی اور مُلا ظہوری نے بھی ایسا کہا ہی ؎ نیست جم ورنہ خجلتے میبرد۔ شاہ رُخ کو کہ شاہ رُخ مے خورد۔ اغلاط معنوی یہ ہیں کہ معنی میں خطا واقع ہو۔ جیسے ابوالفرح کے اس شعر میں ؎ دیدار خواست چشم زمانہ ز قدر تو۔ در گوش او نہاد قضا لن ترانیا ٭ جس حالت میں کہ چشم زمانہ قدر ممدوح کا دیدار چاہتی تھی۔ تو زمانہ کے کان میں لن تری کہنا مناسب تھا۔ نہ لن ترانیا کیونکہ یہاں فعل کے بعد ضمیر متکلم مفعول واقع ہوئی ہی۔ جس سی معنی خبط ہو گئے ایسے ہی

Marfat.com

نثر کے اقسام منثور و نظم میں نثر کی تین قسمیں ہیں۔ مرجز۔ مسجع
عاری۔ وہ نثر ہے جس کے دو فقروں کے کلمات مقابل باہم ہموزن
ہوں۔ اور قافیہ نہ رکھتے ہوں۔ جیسے صرف اوقات بے ذکر واہب کارساز
و تفریح انفاس بغیر شغل خالق کردگار عین نقصان ست۔ مرجز مشتق رجز سے
ہے جو ایک بحر سبک کا نام ہے۔ اور مسجع سجع سے نکلا ہے۔ جس کے معنے
آواز کبوتر اور قمری کے ہیں اور اصطلاح میں مسجع اس نثر کو کہتے ہیں۔ جس
کے فقروں کے آخر کے کلمات میں قافیہ ہو اور اسی کو مقفیٰ بھی کہتے ہیں۔ اب
مسجع کی تین قسمیں ہیں ایک متوازی کہ قافیہ کے کلمات شمار حروف میں برابر
ہوں۔ اور اخیر حرف دونوں میں مشترک جیسے از دوست مہجورم و بر فراق مجبور
کہ لفظ مہجورم و مجبور شمار حروف میں برابر اور تمامی دونوں کی حرف زیر ہے
دوسرا مسجع مطرف کہ دونوں لفظوں کا حرف آخر ایک ہی ہو مگر شمار حروف
مختلف ہو۔ جیسے مرد باوقار خجستہ اطوار ست کہ وقار اور اطوار کے آخر میں ر مشترک
ہے مگر اول میں چار حرف ہیں اور دوسرے میں پانچ سوم۔ سجع متوازن کہ دونوں
لفظوں کے شمار اور وزن ایک ہوں مگر حرف آخر دونوں میں جدا ہو جیسے فقیر اور
بصیر کو قافیہ میں لائیں اور اگر ایسے کلمات دونوں فقروں میں جمع کریں کہ ہر ایک
لفظ ایک فقرہ کا اپنے مقابل کے لفظ فقرۂ ثانیہ کے ہموزن اور حرف آخر میں متحد ہو
تو ایسی نثر کو مرصع کہتے ہیں۔ جیسے بالوف عقائق گویاست و بصنوف دقائق
ہے یا در شعر کے دونوں مصرعوں میں اگر ایسے الفاظ جمع ہوں تو اسکو بھی مرصع
کہیں گے اور نثر عاری وہ ہے۔ جس کے فقرات نہ مرجز ہوں نہ مسجع اور عاری
سے مراد مہمل نثر کی باعتبار الفاظ کے ہیں۔ اور معنے کے لحاظ سے

Marfat.com

یہ شعر ؎ تو نخستین بادشاہی از عجم اندر جہاں ٭ در شہنشاہی تو شاہا راست ہمچون جم شدی۔ مصرعہ اول میں ممدوح کو عجم کا پہلا بادشاہ کہا ہی۔ اور مصرعہ ثانی میں جم سی تشبیہ دی ہی۔ یہ نہ جانا کہ جم تیسرا بادشاہ عجم کا ہے۔ اور ایسے ہی مولوی جامی کا شعر ؎ بگفتا گر بدین کارت تمام ست ٭ عزیز مصرم و مصرم مقام ست ٭ مولوی جامی حضرت یوسف علیہ السلام کی زبانی کہتے ہیں کہ آپنے عالمِ خواب میں زلیخا سے کہا تھا کہ میرا نام عزیز مصر ہی اور میرا مقام شہر مصر۔ اور اُسوقت میں آپ عزیز مصر نہ تھے۔ اور نہ وہاں مقیم تھے۔ پس خلاف کہا۔ اور دھوکا دیا کہ زلیخا نے ان کے حسب الحکم عزیز مصر سے کہ مصر کے بادشاہ کا وزیر تھا۔ شادی کرلی۔ اور چالیس برس کے بعد یوسف علیہ السلام عزیز مصر ہوئے اس صورت میں دروغ اور فریب حضرت یوسف علیہ السلام کیطرف عائد ہوتا ہی حالانکہ انبیاء علیہم السلام دروغ اور فریب سے مبرّا ہوتے ہیں ایسی ہی ایک جگہ برادران یوسف علیہ السلام کی مذمت میں کہا ہی ؎ بیا بنگر کہ نیزک زادگانرا ٭ ز راہ عقل دور افتادگانرا۔ یوسف علیہ السلام کے سب بھائی نبوت کے مرتبے پر پہونچے تھے اور غلام زادہ اور کنیزک زادہ نبی نہیں ہوتا ہی۔ نبوت کیواسطے حریت ضرور ہی۔ اغلاط ترکیبی ترکیب کی غلطی کو کہتے ہیں۔ جیسے خاقانی کے اس شعر میں ؎ بلبل کردش سجود انعمک اللہ صباح ٭ خود بخود بازو و صبحک اللہ جواب ٭ اصل انعم اللہ صباحک تھا۔ بجائے اسکے انعمک اللہ صباح کہا ایسے ہی یہ شعر ہی ؎ غمزۂ اختر بہ بست خندۂ رخسار صبح ٭ سرمۂ گیتی بشست گریۂ چشم سحاب ٭ خندہ لب و دہن سی ہوتا ہی نہ رخسار سے۔ ہاں خندان رو۔ محاورہ ہی۔ خندان رخسار نہیں ہی اور کسی کے گریۂ چشم سے کسی کی آنکھ کا سرمہ نہیں دھلتا ہی ایسے ہی فرخی کا یہ شعر ؎ من ز مرغِ گرسنہ خالی کجا بود ٭ تا مرغکان گرسنہ ایم و تو خرمنی۔ فقط خرمنی ترکیب من بے

Marfat.com

نثر کی دو قسمیں ہیں - سلیس اور دقیق - سلیس وہ ہے جس کے معنے بسہولت سمجھ میں آجائیں - اور دقیق وہ ہے جس کے معنے دقت سے سمجھے جائیں - اور ان میں سے ہر ایک کی دو قسمیں ہیں - سادہ اور رنگین - سادہ وہ ہے جس میں مطلب کو بلا رعایت مناسبات کے ادا کیا ہو - اور رنگین وہ ہے کہ ادائے مطلب میں ایک یا طرح کے الفاظ کی رعایت کی ہو - مثلاً شروع میں اگر بہار کا ذکر آیا ہے تو آخر تک اسی کے مناسبات لکھدیئے - یا علم کا ذکر آیا تو اسکے مناسبات لکھے اور علی ہذا القیاس -

اور نظم کی تین قسمیں ہیں - قصیدہ - تشبیب - غزل - مثنوی - رباعی مستزاد - فرد - قطعہ - ترجیع بند - مسمط -

قصیدہ کے معنے لغوی مغز سطبر کے ہیں اور بعضوں کے نزدیک قصد سے مشتق ہے - اور قصد کے معنے لغت میں کسی جانب یا کسی چیز کی طرف متوجہ ہونا ہیں - اور چونکہ مقصود شاعر کا قصیدہ تھا - اس واسطے اس نام سے موسوم ہوا اور قصیدہ کی دو قسمیں ہیں - تمہیدیہ اور خطابیہ - تمہیدیہ وہ ہے کہ اول چند اشعار بطور تمہید لکھ کر اس کے بعد مدح شروع کریں - تمہید کے معنے لغت میں فرش بچھانا ہیں - اور فرش سوائے جلیس کے کسی اور کے لئے نہیں بچھاتے ہیں - اور یہاں مراد جلیس سے نام ممدوح اور مدح ممدوح سے ہے جو بعد تمہید کے لکھتے ہیں - اور قصیدۂ تمہیدیہ کے واسطے کئی چیزیں لازم ہیں - اول ممدوح کے حسب حال تمہید لکھنا - دوسرے بعد تمہید کے مدح ممدوح کی طرف آئین شائستہ اور دلچسپ سے رجوع کرنا - تیسرے اول ضمیر غائب سے اسکی صفات بیان کریں بعد اس کے خطاب کر کے چند ابیات ممدوح کی تعریف میں لکھیں اور اس ضمن میں اپنے دل کا مطلب ظاہر کر کے دو تین شعر دعائیہ کہکر ختم کریں اور کہتے وقت ممدوح کے

Marfat.com

موقع واقع ہوا ہے اس واسطے کہ خرمنے بھی پڑھا جاتا ہی۔ جس کے معنے میرا گدھا ہے۔ اور کبھی لفظ غلط کو خلاف قاعدہ شعر میں بھی ترکیب دیکر ایسے عذر کر دیتے ہیں۔ کہ وہ غلطی صحت سے اچھی معلوم ہونے لگتی ہی جیسے کہ اُستاد ریحی کے یہ دو شعر ؎ از ما اگر بجز تو تقصیر کے فتاد ٭ معذور دار مارا اے صاحب البریف ٭ ایں فا بجائے دال نہادم ز مفلسی ٭ پیوند کردہ ام رسنِ موے را بلیف ٭ اول بیت میں صاحب البرید کی جگہ صاحب البریف کہا ہی۔ اور دوسری بیت میں کہا کہ یہ ف بجای دال لکھی ہی مفلسی سی لی ہے اور اس میں دو طرح کا لطف ہی ایک یہ کہ ممدوح کے آگے پردہ میں اظہار مفلسی کیا ہی۔ دوسرے یہ کہ اس وزن کے جتنے قافیے تھے سب صرف ہو گئی اور میں قافیوں کی طرف سے مفلس ہو گیا۔ اس سی دال کو فا مفلسی سی بدلکر قافیہ کیا گیا

**توارد** اُسے کہتے ہیں کہ شعر یا مصرعہ یا مضمون کسی دوسرے شاعر کا کسی کے کلام میں آجاوے اور اُس کو اس بات کی خبر نہو کہ یہ دوسرے کا ہی جیسے امیر خسرو کے اس شعر میں نظامی گنجوی کے مصرعہ سی توارد ہوا ہی امیر خسرو ؎ اے صفتِ بندہ نوازندگی ٭ از تو خدائی و ز ما بندگی ٭ نظامی ؎ دو کار است بافر و فرخندگی ٭ خداوندی از تو ز ما بندگی ٭ مولوی عبدالرحمن جامی کو زلیخا میں نظامی کی کتاب شیرین خسرو کے ابیات و مضامین میں اکثر توارد واقع ہوا ہی جیسے یہ اشعار جامی کے ؎ مرا ای کاشکے مادر نمیزاد ٭ وگر میزاد کس شیرم نمیداد ٭ نظامی ؎ مرا ای کاشکے مادر نزادے ٭ وگر زادے بخوردِ سگ بدادے ٭ ایضاً جامی ؎ زن از پہلوئے چپ شد آفریدہ ٭ کس از چپ راستی ہرگز ندیدہ ٭ نظامی ؎ زن از پہلوئے چپ گویند برخاست ٭ نیاید ہرگز از چپ راستی راست اسی واسطے بعضوں نے لکھا ہی کہ مولوی جامی اور خسرو دہلوی نے

Marfat.com

مرتبہ کا لحاظ رکھیں ۔ اگر ممدوح سلاطین اور امرا میں سے ہو تو اس کے مناسب الفاظ سنجیدہ لکھے جائیں ۔ اور اگر انبیاءؑ اور اولیاءؒ اور مشائخ اور علماء میں سے ہو تو جو کلمات اور اصطلاحات ان کی شان کے لائق ہوں استعمال کئے جائیں ۔ ایسا نہو کہ محاورہ میں جو کلمات حمد و نعت و منقبت میں لکھے جاتے ہیں ۔ وہ سلاطین اور امراء کی مدح میں لکھے جائیں اور ایسے ہی برعکس اس باب میں تمیز شرط ہے قصیدہ تمہیدیہ کی جیسے عرفی کا قصیدہ نعت میں جسکی تمہید یہ ہے ؎

سپیدہ دم چو زدم آستین بہ شمع شعور ۔ شنیدم آیت اِستَفتحُوا از عالم نور ۔ اور قصیدہ خطابیہ وہ ہوتا ہے جس میں تمہید نہیں لکھتے ۔ مطلع ہی سے خطاب کر کے ممدوح کی مدح شروع کرتے ہیں ۔ جیسے عرفی کا قصیدہ جس کا مطلع یہ ہے ؎

مہر تو جان آفرینش ۔ نعت تو زبان آفرینش ۔ اور قصیدہ میں ۹ یا ۱۰ بیتوں سے کم نہ ہونی چاہئیں ۔ اور زیادہ کی کوئی حد نہیں ۔ اور قصیدہ گوئی میں متقدمین کا اتباع چاہیئے نہ متاخرین کا اس لئے کہ متاخرین کو اس فن میں مہارت کلی حاصل نہیں ہے ۔ اُن کی غزل اور قصیدہ کا روزمرہ ایک ہی طور کا ہے اور یہ درست نہیں ۔ قصیدہ اور غزل کے روزمرہ میں مغائرت کلی ہے اور نیز قصیدہ کو اس کے مضمون کے اعتبار سے کسی نام سے موسوم کرتے ہیں ۔ مثلاً جس میں مضمون عشق ہو ۔ اُس کو عشقیہ کہتے ہیں ۔ اور بہار والے کو بہاریہ اور شیخی والے کو فخریہ ۔ اور شکایت آسمان کا ذکر ہو تو حالیہ ۔ اور اگر شہر کے ادنیٰ اور اعلیٰ کی پریشانی کا ذکر ہو تو شہر آشوب ۔ اور دنیا کی پریشانی کا مذکور ہو ۔ اسے جہاں آشوب کہتے ہیں ۔

**تشبیب** ۔ لغت میں ایام شباب کے ذکر کرنے اور حال معشوق کے وصف کرنے کو کہتے ہیں اور اصطلاح میں اُن اشعار کو کہتے ہیں جو قصیدہ کے شروع

Marfat.com

نظامی گنجوی کی شاعری کا گھر برباد کر دیا ہی۔ حق تو یہ ہی کہ ان دونوں کے نظم میں کوئی ایسی داستان نہیں ہی کہ جس میں نظامی کے ایک دو مصرعہ یا شعر نہوں ظاہر ایسا معلوم ہوتا ہی کہ نظامی کا کلام ان دونوں کی مزاولت میں بہت رہا ہی۔ اسلیے کہ جو کلام کبھی نظر سی نہ گذرا ہو اور کانوں تک نہ پہنچا ہو اس میں توارد نہیں ہوتا ہی۔ اور اگر کہیں احیاناً ہو جاتا ہی۔ تو مذموم نہیں۔ بلکہ پچھلے شاعر کی علو طبیعت پر دلالت کرتا ہی۔ کہ اس کی فکر استاد کی فکر سے جا ملی۔ اور جو لوگ مولوی جامی اور خسرو دہلوی کیطرف سرقہ کی نسبت کرتے ہیں محض غلط ہی سرقہ اُسے کہتے ہیں کہ کوئی شاعر کسی اُستاد کا مضمون عالی خواہ بہ تبدیل وزن خواہ بتغیر الفاظ اپنی شعر میں لاوی اور توارد اور سرقہ میں فرق یہ ہی کہ توارد نادانستہ ہوتا ہی اور سرقہ دانستہ۔ جیسے علی حزین کا شعر ؎ ای وائی برا سیری کز یاد رفتہ باشد ٭ در دام ماندہ باشد صیاد رفتہ باشد۔ اور ملا ظہوری کا شعر ؎ بر آن صید مسکین چہ بیداد رفت ٭ کہ در دام از یاد صیاد رفت ٭ بعضوں کے نزدیک اس صورت میں سرقہ جائز ہے۔ کہ بندش پچھلے شعر کی بندش سے بلند اور رنگین تر اور مستحسن ہو جیسے ملا شیدا نے غیاثا حلوائی کا مضمون چرایا ہے ؎ زبسکہ گرد غمت بست بر جگر ناخن ٭ چو پشت ماہیم از پائی تا بسر ناخن ٭ غیاثا حلوائی ؎ از بسکہ سینہ کندم و ناخن دران نشست ٭ چوں پشت ماہی است سراپائے سینہ ام ٭ ایسے ہی یہ شعر ملا شیدا نے ؎ گر بصحرا موفشانی دشت پر سنبل شود ٭ در بدر یا رخ بشوئی خار ماہی گل شود ٭ بعینہ کاتبی کا مضمون چرایا ہی ؎ گر بدریا افتد از عکسِ جمال تو فروغ ٭ خار ماہی آورد در قعر دریا بار گل ٭

## باب نہم صنائع کے بیان میں

Marfat.com

میں کسی چیز کی صفت میں لاتے ہیں۔ یعنی اشعار تمہید تشبیب کہلاتے ہیں۔

**غزل** کے معنے لغت میں عورتوں سے بات کرنے کے ہیں اور غزل کی بیت پانچ سے کم اور پندرہ یا سترہ سے زیادہ نہیں ہوتیں اور طاق ہونا ضروری ہے اور غزل میں سوائے مضمون عشق اور حسن اور آوارگی اور شوریدگی اور آلام فراق اور ولولۂ اشتیاق اور آرزوئے وصال اور تعریف خدوخال کے اور کچھ نہ لیا جائے اور جو مضمون مطلع میں لکھا جائے مقطع تک وہی چلا جائے۔ اور زبان صاف فصحا کا سا ہو اور جون آمیز اور عشق انگیز باتیں اور یاس اور نومیدی جسقدر غزل میں زیادہ ہوگی۔ اسی قدر دلچسپ اور مرغوب طبائع خاص وعام ہوگی اور ہر شعر دوسرے سے بلند اور بے جستہ ہووے۔

**فائدہ**۔ واضح ہو کہ قصیدہ اور غزل کے شعر اول کے دونوں مصرعوں میں قافیہ ہوتا ہے۔ اسکو مطلع کہتے ہیں اور جو شعر مطلع کے بعد ہوتا ہے اس کو حسن مطلع بولتے ہیں۔ اور جس شعر میں شاعر اپنا تخلص درج کرتا ہے۔ یعنی شعر آخر کو مقطع کہتے ہیں اور سب سے عمدہ شعر کو شاہ بیت بولتے ہیں۔

**مثنوی** کے معنے ہیں تثنیہ کیا گیا۔ چونکہ مثنوی کی بیتوں کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں۔ اس لئے مثنوی کہتے ہیں اور اساتذہ کے نزدیک مثنوی کہنا تمام اقسام اشعار سے مشکل ہے۔ اس فن میں فردوسی طوسی۔ نظامی گنجوی رح کمال رکھتے ہیں۔ دوسرے مثنوی گو مثل امیر خسرو دہلوی اور مولوی جامی رح اور نظامی ان کے متبع ہیں۔ اور بالاتفاق مثنوی کے سات وزن ہیں سوائے ان کے دوسرے وزن میں مثنوی کہنا اساتذہ کے نزدیک غلطی فاحش ہے۔ کسی طرح جائز نہیں اور داستان مثنوی کے لئے تمہید شرط ہے اور ربط کلام کا سلسلہ واجب اور مثنوی کے دیباچہ میں کئی چیزیں

Marfat.com

یعنی وہ باتیں جن سے کلام میں خوبی حاصل ہو۔ اور وہ دو طرح کی ہیں **اول صنائع معنوی** جن سے معنوں میں خوبی آئے۔ گو معنوں کی تبعیت سے لفظ بھی اچھے ہون۔ **دوم صنائع لفظی** کہ صرف الفاظ ہی میں حسن ظاہر ہو اس لیئے اس بات کو دو فصلوں میں بیان کیا جاتا ہی۔ مگر صنائع کے شروع سے پیشتر معلوم کر لینا چاہیئے کہ صنائع نظم اور نثر دونون میں ہوتی ہیں لیکن چونکہ منظوم مثالوں کا یاد کرنا سہل ہے اس لیئے ہم مثالین نظم ہی کی لکھین گے۔

## فصل اول صنائع معنوی کے بیان میں صنعت اول طباق ہے

جسکو مطابقت اور تضاد اور تطبیق بھی کہتے ہیں اور وہ یہ ہی کہ کلام میں دو معنی ایک دوسرے کی ضد ذکر کریں جیسے ع تو میرانی و زندہ کن ہم تونی ٭ پس اگر امر ضدین رنگ ہون تو اس صنعت کو تدبیج کہینگے جیسے ؎ دندان نکنی سپید تا لب ٭ از تپ نہ کنم کبود ہردم ٭ اور اگر دو یا زیادہ معنی موافق ذکر کرکے پھر انکے اضداد ذکر کرین تو اس صنعت کو مقابلہ کہینگے جیسے ؎ مخالفان تو مردود چوں جواب خطا ٭ موافقان تو مقبول چوں سوال صواب ٭ **دوم مراعاۃ النظیر** جسکو تناسب اور تلفیق بھی کہتے ہیں یہ ہے کہ کئی چیزین جن میں مناسبت ہو ایک جا ذکر کریں جیسے ؎ بہرام روز کوشش و ناہید روز بزم ٭ برجیس روز بخشش و خورشید روز رزم ٭ اور اس میں داخل ہی صنعت تشابہ الاطراف یعنے کلام ایسی شے کیساتھ ختم کریں۔ جو ابتدا سے مناسبت رکھتی ہو جیسے ؎ نامہ تہدید چوں سازد رقم ٭ در کفش تیغ دودم گردد قلم۔ اور اس میں ملحق ہی ایہام تناسب کہ کلام میں ایسے معانی جمع کرین کہ انکو آپس میں مناسبت نہیں مگر ایک لفظ انمیں دوسرے معنی کے لحاظ سے البتہ متناسب ہے جیسے ؎ از دم خلق تو در مسدس گیتی ٭ بوی مثلث بہر مشام برآمد ٭ یہان مثلث سے بو کے خوش مراد ہی اسکو مسدس سے کچھ نسبت نہیں مگر مثلث کے دوسرے معنے مسدس کے متناسب ہیں **سوم صفت تشبیہ** اسکے معنی اور ارکان کا ذکر باب ششم میں ہو چکا ہی یہاں صرف اسکے

Marfat.com

مناجات ۔ نعت ۔ مدح سلطان زمان ۔ تعریف سخن و سخنوران
تاریخ تالیف و تصنیف کتاب ۔ مثنوی کے دیباچہ میں ان سب باتوں کے
بعد حضرت فرماتے ہیں ۔ ان سے پہلے مثنوی کو فقط قصہ سے شروع کیا
تھا جیسے تحفۃ العراقین خاقانی ۔ اور مثنوی مولوی روم وغیرہ

**رباعی** ۔ جسے فارسی میں ترانہ کہتے ہیں ۔ اس کا واضع رودکی ہے اور مثنوی کی
طرح رباعی کے اوزان بھی علیحدہ ہیں ۔ سوائے ان کے دوسرے وزن میں نہیں کہتے
ہیں ۔ چنانچہ رودکی نے ۲۴ وزن بحر ہزج سے نکال کر بارہ ۱۲ بارہ ۱۲ دو شجروں میں
لکھے ہیں ۔ الغرض مراد رباعی سے جیسے دو بیتی بھی کہتے ہیں ۔ چار مصرعے ہیں
جن کا وزن اور قافیہ یکساں ہو ۔ اور رباعی کے تیسرے مصرعہ میں اگر قافیہ
ہو تو مستحسن ہے اور جو نہ ہو تو معیوب نہیں اور رباعی کی دوسری بیت اول سے
زیادہ بلند ہونی چاہیئے ۔

**مستزاد** اسے کہتے ہیں کہ رباعی کے ہر مصرعہ کے بعد ایک دو لفظ زیادہ کریں
اور الفاظ زائد وزن رباعی ہی کے اجزا ہوتے ہیں اور شعر اصلی کا مضمون اُن
پر منحصر نہیں ہوتا جیسے ؎ ہر چند کہ گرد خان و مہ اند بسے ۔ با رنگ و صفا
ہر تن بگونی دیدست کسے ۔ اے عشق نشان در پائے تو غیر ازین کہ جان
افشانم ۔ اے یار عزیز ما را نبود ہیچ ہوا و ہوسے ۔ بر خیز و بیا ۔ اور متاخرین
شعرا نے دو نے وزن رباعی کے سوا غزل میں بھی مستزاد کہا ہے ۔

**ترجیع بند** شعر کو کہتے ہیں جس کے دونوں مصرعوں میں سے ایک پر بھی قافیہ
کا اطلاق نہ کر سکیں ۔ اس لئے کہ اگر دونوں مصرعے مقفےٰ ہوں گے تو وہ شعر
قصیدہ یا غزل کا مصراع ہوگا اور جو مثنوی کا شعر ہوگا تو اس کو بیت کہیں
گے اور یہ دونوں وزن سے خارج ہوئے سے مزدوج کہتے ہیں ۔

Marfat.com

اقسام کا ذکر ہوتا ہی۔ اول معلوم کرنا چاہیے کہ تقسیم تشبیہ کی ایک باعتبار وجہ شبہ کے ہی یعنی اگر وجہ شبہ مذکور نہیں ہوتی ہی تو اسکو تشبیہ مجمل کہتے ہیں جیسے چشم نرگس ست اور اگر مذکور ہو تو مفصل کہلاتی ہی جیسے چشم چون نرگس است در حسن ولطافت دوسری تقسیم بلحاظ حرف تشبیہ کے ہی اگر مذکور ہوتا ہی تو تشبیہ مرسل بولتے ہیں جیسے اوپر کی مثال میں اور اگر مذکور نہو تو مؤکد کہتے ہیں۔ جیسے چشم نرگس اور ایک قسم باعتبار مشبہ کے ہی کہ اگر مذکور ہو تو مطلق کہتے ہیں جیسے اوپر کی مثالیں ہین اور مذکور نہو تو تشبیہ کنایہ کہتے ہیں جیسے ؎ ژالہ از نرگس فرو بارید و گل را آب داد ٭ وز تگرگ روح پرور مالش عناب داد ٭ اور اسی تشبیہ کو استعارہ بولتے ہیں چنانچہ اُس کی مثالیں استعارہ کے ذکر میں بہت لکھی گئی ہیں۔ پھر صرف تشبیہ کی قسمیں پانچ ہیں۔ اول تشبیہ مشروط جس ہیں مماثلت کسی شرط پر موقوف ہو جیسے ؎ چوں تو بباغ بگذری گل نرسد بروئے تو۔ لیک بقامت رسد سرو اگر روان شود ٭ قدیار کی مشابہت کیلئے سرو میں روانی کی شرط ہی۔ دوم تشبیہ عکس کہ دو چیزوں سے ہر ایک کو مشبہ اور مشبہ بہ کرین جیسے ؎ شام گردد چو صبح زرد لباس ٭ صبح گردد چو شام تیرہ شعار ٭ سوم تشبیہ تسویہ۔ کہ اپنی اور محبوب کی ایک ایک چیز کو مشابہ کریں۔ جیسے ؎ دہانِ تو چو دلِ زار عاشقت تنگ ست ٭ تنش چو موئے میان تو لاغری دارد ٭ چہارم تشبیہ اضمار۔ کہ ظاہر کلام ایسے ڈھنگ پر ہو کہ تشبیہ مقصود نہیں اور واقع میں تشبیہ مقصود ہو۔ جیسے ؎ عاشق اگر منم چرا غنچہ دریدہ پیرہن ٭ کشتہ اگر منم چرا لالہ بخون زدہ کفن ٭ ظاہر میں تشبیہ معلوم نہیں ہوتی مراد یہ ہی کہ مین عاشق مثل غنچہ دریدہ پیرہن کے ہون اور غرق بخون مثل لالہ کے۔ پنجم تشبیہ تفضیل کہ ایک چیز کو دوسری سے تشبیہ دیں۔ پھر مشبہ کو مشبہ بہ پر ترجیح دیں جیسے ؎ سرو را قد یار میگویند ٭ سرو چو بسیت ناتراشیدہ۔ چہارم صنعت مشاکلت جسکے معنے ہیں ایک دوسرے

مشاکلت

Marfat.com

**قطعہ** ۔ کو قطعہ اس لئے کہتے ہیں کہ مطلع سے قافیہ منقطع ہوگیا ہے۔ اگر کسی قصیدہ یا غزل کا مطلع دور کریں قطعہ رہ جائے گا۔ اور اس قطعہ کے اشعار دو سے کم نہیں ہوتے اور زیادہ کی کوئی حد نہیں۔

**ترجیع بند** ۔ لغت میں ترجیع کے معنے لوٹانے کے ہیں اور شاعروں کی اصطلاح میں یہ ہے کہ چند اشعار جن کا وزن اور قافیہ یکساں ہو لکھکر انکے بعد ایک شعر خاص اسی وزن کا لائیں ۔ ان سب کا نام بند ہوتا ہے ۔ اگر ایسے کئی بند کہ جن کے آخر میں ایک ہی شعر خاص ہو ۔ جمع کریں تو مجموعہ ترجیع بند کہلائے گا۔ جیسے ما مقیماں ہے ۔ اور اگر ہر بند کے آخر کا شعر جداگانہ ہو تو اس کو ترکیب بند کہتے ہیں ۔ اور بند کے اشعار پانچ سے کم اور گیارہ سے زائد نہیں ہوتے

**مسمّط** ۔ تسبیط سے مشتق ہے ۔ جس کے معنے لغوی موتیوں کا لڑی میں پرونا ہے اور اصطلاح میں چند ایسے مصرعوں کو جمع کرنے کو کہتے ہیں کہ وزن و قافیہ میں کسی شعر کے مصرعہ اول سے متفق ہوں ۔ پس اگر مصرعہ اصلی پر دو مصرعے لگائیں گے تو اس کو مربع کہیں گے جیسے کسیکا شعر ہے ؎ نالہ مرغان شدہ بر فلک از ہر طرف ٭ باغ شدہ چوں صنم بادشدہ چوں سمن ٭ اس کے اول مصرعہ پر کسی نے دو مصرعے لگائے ؎ ابر بوقت بہار چونکہ کشود دست کف ٭ ژالہ نگر چوں گہر لالہ سراسر صدف ٭ نالہ مرغان شدہ ۔ الخ پس یہ مربع ہوگیا اسی طرح تین مصرعے زائد ہونگے تو مخمس کہلائے گا ۔ اور چار والے کو مسدس اور پانچ والے کو سبع اور چھ والے کو مثمن اور سات والے کو متسع ، اور آٹھ والے کو معشر کہتے ہیں ۔ اور آٹھ سے زیادہ مصرعوں کے ملانے کا دستور نہیں ۔ اور اس قسم کے اشعار کہنے کا یہ طریق ہے کہ جتنے مصرعے ہموزن اور ہم و قافیہ جمع کریں آپس میں پیوند لفظی اور معنوی رکھتے ہوں اور بیت اصلی

Marfat.com

کی شکل ہونا وہ یہ ہی کہ کسی چیز کو ایسے لفظ سے تعبیر کریں جو پاس کے الفاظ کی مناسبت ہو جیسے ؎ لب سوال سزاوار بخیہ مبشتر است ٭ عبث بخرقہ خود بخیہ میزند درویش ٭ یہاں خموشی کو لب کے بخیہ سے تعبیر کیا ہی۔ اسوجہ سے کہ دوسرے مصرعہ میں بخیہ خرقہ کا ذکر ہی۔ پنجم صنعت مزاوجت وہ یہ ہی کہ دو معانی دو شرط و جزا میں واقع ہوں۔ اور جو امر پہلے معنے پر مترتب ہو وہی دوسرے پر ہو جیسے ؎ چوں مرا بینی شود لطف مبدل باعتاب ٭ چوں ترا بینم شود صبرم بدل با اضطراب یعنی میرے دیکھنے سے تیرے صفات میں تغیر ہوتا ہی۔ اور تیرے دیکھنے سی میری صفات میں غرضکہ تبدیل صفات دونوں صورتوں میں ہی اور مزاوجت کے معنے لغت میں جوڑا ہونے کے ہیں۔ ششم صنعت ارصاد لغت میں اسکے معنی راہ پر نگہبان بٹھانے کے ہیں اور اصطلاح میں یہ ہی کہ شعر کے شروع میں ایسا لفظ لاویں جس سی معلوم ہو جاوے کہ قافیہ میں یہ لفظ آویگا جیسے ؎ چوں آستان مقیم شود بخت بر درش ٭ ہر کو چو بخت روے بریں آستاں نہاد ٭ یہ شعر اس قصیدہ کا ہی جس کی بنا قافیہ پر ہی اسلیئے اول مصرعہ میں آستان کے آنے سی معلوم ہو جائیگا۔ کہ شاعر آخر میں آستان کہیگا اور اس صنعت کو تسہیم بھی کہتے ہیں۔ ہفتم۔ صنعت عکس جسکو تبدیل بھی کہتے ہیں یہ ہی کہ کلام میں جو جزو مقدم کیا تھا۔ اس کو پھر مؤخر کر دیں اور مؤخر کو مقدم جیسے ؎ دلے دارم ہمیشہ ہمدمِ غم ٭ غمے دارم ہمیشہ ہمدمِ دل ٭ ہشتم صنعت رجوع کہ ایک بات کہکر کسی نکتہ کے باعث اس سی انکار کریں اور دوسرا کلمہ نکتہ آمیز بولیں جیسے ؎ دلم رفت آنکہ باصبر آشنا بود ٭ خطا گفتم مرا خود دل کجا بود۔ نہم صنعت توریہ۔ یعنے چھپانا۔ جسکو ایہام بھی کہتے ہیں وہ یہ ہی کہ ایک لفظ کے دو معنے ہوں قریب اور بعید اور مراد قائل کے معنی بعید ہوں جیسے ؎ بخردہ تواں آتش افروختن۔ پس آنگہ درختِ کہن سوختن ٭ کہ خردہ سے معنی بعید یعنے چنگاری مراد ہے ایسے ہی ایہام کو

Marfat.com

مصرعے تک متصل اور نہایت چسپاں و مربوط چلے جائیں یعنی شروع سے
مصرعہ تک ایک عبارت کے ہوں علیحدہ معلوم نہ ہوں۔

## فصل دوم عیوب شعر کے بیان میں

عیوب شعر میں سے ایک مناقضہ ہے اور مناقضہ شعر کے دو مصرعوں کے درمیان
بندی اور پستی مضمون کے اختلاف کا نام ہے یعنی مصرعہ ثانی مصرعہ اوّل کی نقیض
ہو۔ جیسے اس شعر میں شیخ سعدیؒ کے ؎ یکے سیل رفتار ہامون نورد ۔ کہ باد از پیش
دود عاندے چوگرد ۔ اول مصرعہ میں اسپ کو سیل ہامون نورد کہا ہے اور مصرعہ ثانی میں
اسکو ہوا پر سبقت دی ہے اور دونوں مصرعوں کے معنی کا تناقض ظاہر ہے اگرچہ مصرعہ اول میں
خوش خرامی کی جہت سے سیل کیساتھ تشبیہ دینی اور ثانی میں جولانی اور تیز دوی کی جہت
سے ہوا کے مشابہ کہنے سے تناقض نہیں رہتا مگر چونکہ یہ قیدین شعر میں مذکور نہیں اسلئے
شبہ پڑتا ہے اور جیسے انوری کے اس شعر میں ؎ اے ملک تا عرصۂ عالم سپر کردے
از ملک تو تا ملک سلیمان سر موئے ۔ مصرعہ اوّل میں ملک ممدوح کے مقابلہ میں تمام
عالم کو سپر کہا ہے اور مصرعہ ثانی میں ملک سلیمان کی برابر کر دیا ہے مناقضہ ظاہر ہے
مخفی نہ رہے کہ ایسے اشعار اگر کسی کی مدح میں واقع ہوں تو مصرعہ اول کو عروج فی المدح
اور مصرعہ ثانی کو نزول فی المدح کہیں گے اور کبھی کلام میں اس کے برعکس بھی
واقع ہوتا ہے۔ یعنی نزول فی المدح عروج فی المدح پر مقدم ہوتا ہے
جیسے بادشاہی گھوڑے کی تعریف میں بدر چاچ کے یہ شعر ؎ آں ممتر وجیہہ وشب
پیکر و خورشید میسر ۔ کہ در امروز پس پشت نہد فردا ۔ تیز کوشے کہ بمشرق اگرش
ہاگوئی ۔ جز بمغرب بالف وصل نیفتد ہارا ۔ مصرعہ اول میں گھوڑے کو خورشید
میسر کہا ہے۔ اور سورج چار پہر میں مشرق سے مغرب تک پہنچتا ہے اور دوسری
بیت میں کہتا ہے کہ اگر اس گھوڑے پر چڑھ کر مشرق میں کوئی شخص نعرہ ہا

Marfat.com

ایہام مجرد اکہتے ہیں۔ اور دوسری قسم ایہام کی مرشح ہی جس میں معنی قریب کے مناسبات مذکور ہوتے ہیں جیسے ؎ دیدہ روشن می شود از چہرۂ زیبائے تو ٭ ور کسی انکار ایں معنی کند روشن کنم ٭ یہاں روشن کنم کے دو معنی ہیں ایک یہ کہ آنکھ کو روشن کر دوں اور دوسرے یہ کہ واضح کر دوں اور مراد یہی ہیں اور مناسبات معنی اول کے دیدہ اور چہرہ مذکور ہیں اور ظاہر ہی کہ یہ معنی بھی اس جا درست ہو سکتے ہیں پس غرض تو ریہ مرشح سے یہی ہوتی ہی کہ ایک معنی بعید مراد ہوتے ہیں اور معنی قریب بھی چسپان ہو سکتے ہیں۔ دہم صنعت استخدام۔ جسکے معنے خدمت لینے کے ہین وہ یہ ہی کہ دو معنی والے لفظ سے ایک جا ایک معنی مراد لیں اور اس کی ضمیر سے دوسرے معنے مراد لین جیسے ؎ تا بہ بزم خویش ما را دادہ است آن سرو بار ٭ از نہال قامتش آنرا شدیم امیدوار ٭ لفظ بار سے اول مصرعہ میں دخل مراد ہے اور دوسرے مصرعہ میں اُسکی ضمیر سے پھل مراد ہے یازدہم۔ صنعتِ لف و نشر۔ لغت میں لف کے معنی لپیٹنا اور نشر کے معنی پھیلانا اور اصطلاح میں یہ ہی کہ چند چیز کو اولاً مفصلاً یا مجملاً ذکر کریں اُسکو لف کہتے ہیں پھر اسقدر چیزین اور ذکر کریں۔ کہ ہر ایک کو پہلے اشیاء سے علاقہ ہو اس کو نشر کہتے ہیں۔ پس اگر لف اور نشر کے اشیاء کی ترتیب متحد ہو یعنی لف کی اول چیز کو نشر کی اول چیز سے علاقہ ہو اور اُسکی دوم کو نشر کی دوم سے اور علی ہذا القیاس تو مرتب کہینگے جیسے ؎ برید و درید و شکست و ببست ٭ یلان را سر و سینہ و پا و دست ٭ اسمیں برید کے متعلق سر ہی اور درید کے متعلق سینہ اور شکست سے علاقہ پا کو ہی اور ببست سی دست کو۔ اور اگر دونوں کی ترتیب مختلف ہو تو غیر مرتب بولینگے۔ اور اس کی دو قسمیں ہین ایک تو یہ کہ نشر کی ترتیب لف کے برعکس ہو جیسے ؎ گل و نرگس بہم بر اہل ابصار ٭ نمودہ جلوہ ہائے چشم و رخسار ٭ دوسرے یہ کہ مختلف ہو جیسے ؎ در باغ شد از قد و رخ و زلف تو نایاب ٭ گلبرگ تر و سرو سہی سنبل سیراب ٭

Marfat.com

مارے تو ایسا جلد مغرب میں پہنچ جائے کہ الف اور ہ کا وصل وہاں جاکر ہو۔

**دوسرا عیب تقدیم و تاخیر۔** وہ دو قسم ہے ایک یہ ہے کہ مصرعہ اوّل کا مضمون دوسرے میں باندھا جاوے۔ اور مصرعہ ثانی کا مصرعہ اوّل میں جیسے بیدل کے اس شعر میں ؎ پشمے ست کہ بایہ برخ ہر دو جہاں بست ۔ گر فتن ازیں سخانہ دریں داشتہ باشد ۔ مصرعہ ثانی کا مضمون اول میں چاہیئے تھا۔ اور اوّل کا مضمون دوسرے میں کہنا مناسب تھا۔ دوسری قسم تقدیم و تاخیر لفظی یعنے لفظ آگے پیچھے ہو جائیں جیسے نظامی گنجوی کے اس شعر میں ؎ چناں زد بر و تارخ نہ گرہ کہ ہم کالبد سفتہ شد ہم زرہ ۔ اوّل زرہ کے واسطے سفتہ شد کہنا لازم تھا۔ اس لئے کہ پہلے کالبد سفتہ نہیں ہوتا بلکہ زرہ۔ یہ عیب عیوب حسن تقریر کی قسم میں سے ہے اور حضرت نظامی گنجوی نے سکندر نامہ کے دیباچہ میں پہلے ہی سے اس بات کا عذر کیا ہے کہ شاعر کو بعض جگہ ایسی ضرورت پیش آتی ہے اس واسطے اس کی خطا قابل گرفت نہیں۔ چنانچہ یہ شعر اس کا ہے ؎

بتقدیم و تاخیر بر من مگیر ۔ کہ باشد گزارندہ را ناگزیر ۔ کبھی ضمیر کو بھی مقدم لاتے ہیں۔ جیسے سعدی کے اس شعر میں ؎ چو درد دستی خلاصم یافتی ۔ مناخم ز صحبت چرا تافتی ۔ یعنے عنان از صحبتم چرا تافتی ۔

**تیسرا عیب تعقید کلام ہے۔** اسکی بھی دو قسمیں ہیں تعقید لفظی اور تعقید معنوی۔ تعقید لفظی کلام میں اختلال الفاظ کا نام ہے جس کے سبب مراد قائل بدلالت صریح نہیں سمجھی جاتی جیسے علی حزین کے اس شعر میں ؎

ایں سایہ بلند ز سر دریاض کیست ۔ عرے درین ہواست پدبال میزنم ۔

دوسرے مصرعہ میں است رابطہ کا نہایت بے جا اور بے معنے تعقید لفظی ہے۔ اگر ضمیر شین لائی جاتی تو کچھ قباحت نہ تھی اور اس طرح کہنا مستحسن ہوتا ع

Marfat.com

اور لف و نشر میں بہتر وہ ہوتی ہی کہ کئی لف اور کئی نشر جمع ہو جائیں جیسے اس شعر میں ؎ جان و دل ولی و عدو تو روز و شب ٭ از وعدہ و وعید تو پر نور و نار باد۔ اس میں چار بار لف کیا ہی اور اسیقدر نشر کیا ہی۔ دوازدہم صنعت جمع۔ کہ کئی چیزون کو ایک جگہ میں اکٹھا کیا جائے جیسے ؎ شد بر دلم آسان ہمہ امروز بیکبار ٭ داد و ستد و نیک و بد و بیش و کم او ٭ چھ چیزوں کو آسان ہونے میں اکٹھا کیا ہے۔ سیزدہم صنعتِ تفریق۔ کہ ایک طرح کے مشابہ چیزوں میں فرق بیان کیا جائے۔ جیسے ؎ زیں چکد آب و زاں ببارد خون ٭ شرۂ من کجاؤ ابرِ بہار ٭ یعنی شرہ اور ابر باہمد گر مشابہ ہیں۔ مگر فرق یہ ہی کہ ایک میں سی خون نکلتا ہے اور دوسرے میں سے پانی چہاردہم صنعت تقسیم۔ کہ اول چند اشیاء ذکر کریں اور پھر ہر ایک کے متعلق کوئی چیز تعین کے ساتھ ذکر کریں اور اس میں اور لف و نشر میں یہی فرق ہی کہ لف و نشر میں تعین متکلم کیطرف سے نہیں ہوتی مخاطب اپنی عقل سے ہر چیز کے مناسب کو اس سے متعلق کر لیتا ہی اور تقسیم میں خود متکلم تفصیل وار مناسبات بتا دیتا ہی جیسے ؎ دستے کہ گرفتی سر آں زلف چو شست ٭ پائی کہ رہِ وصل نوشتی پیوست ٭ زاں دست کنون در گل غم دارم پائے ٭ زاں پائے کنوں بر سر دل دارم دست ٭ اور ایک قسم کی صورت یہ بھی ہی کہ ایک ہی چیز کی اقسام پوری ذکر کر دیجاویں جیسے ؎ پیوستہ دشمنانِ تو زیں گونہ مستمند ٭ یا کشتہ یا گریختہ یا بستہ در حصار ٭ یہاں مستمندی کے اقسام مصرعہ دوم میں مذکور کیئے ہیں۔ اور کبھی ان تینوں صنعتوں میں سی دو دو کو ملا کر مرکب کرتے ہیں۔ مثلاً کئی چیزوں کو اول ایک حکم میں جمع کیا۔ اور پھر فرق بیان کیا تو جمع و تفریق ہو گی جیسے ؎ من و تو ہر دو مائلم اے شیخ ٭ تو بمحراب من بہ ابروئے یار ٭ اپنے آپ اور شیخ کو مائل ہونے میں جمع کیا اور جہت میل بیان کرنے سے فرق بتا دیا۔ اور اگر دو چیزوں کو جمع کر کے ہر ایک کا حال جدا گانہ

Marfat.com

عمر نیست در ہوا ش پر و بال میزنم ٭ جب مطلب فوت نہ ہوتا ہو تو تعقید لفظی جائز رکھتے ہیں جیسے سعدیؒ کے اس شعر میں ؎ تو نیکو روش باش تا بد سگال ٭ بنقص تو گفتن نیابد مجال ٭ گفتن کو لفظ نقص پر مقدم رکھنا مناسب تھا۔ مگر چونکہ مطلب فوت نہیں ہوتا ہے اس لئے جائز رکھا گیا ہے۔ تعقید معنوی کلام میں مضمون اور معنے کے اختلاف کا نام ہے۔ جیسے جامیؒ کے اس شعر میں ؎ بیک جنبش دوبارہ سر نسودہ ٭ چو مہ ہر روز از برجے نمودہ ٭ چاند ہر روز برج سے نہیں نکلتا ہے۔ اگر منزل کہتے تو تعقید معنوی نہ ہوتی۔

**تضمین دو قسم ہے**۔ ایک یہ کہ ایک بیت کے معنے دوسرے بیت کے معنے کیساتھ علاقہ رکھتے ہوں۔ یعنے جب تک دوسری بیت نہ پڑھیں اس کے معنے سمجھ میں نہ آویں۔ زمانہ قدیم میں اس طرح کی تضمین کو معیوب جانتے تھے مگر اب نہیں جانتے ہیں۔ جیسے کسی استاد کے یہ دو شعر ہیں ؎ ہر زمینے کاوزدہا باشد در و ویران شود ٭ از دہائے خسرو آزادہ نیکو سیر ٭ ہر کجا باشد بود آباد و دائم آن دیار ٭ سایۂ او نعمت است و بودنش زیبا است و فر ٭ ایسے ہی عرفی کے یہ دو شعر ہیں ؎ آنجا کہ دانش تو نہد رسم تقویت ٭ اے آیت شعور تو نازل بشان علم ٭ دست ضعیف جہل کہ در آستین شکست ٭ از عقل اولین بر باید عنان علم فارسی میں ایسی تضمین بہت ہے۔ اور اس قسم کی تضمین کو عرف حال میں قطع بند بولتے ہیں۔ دوسری قسم تضمین یہ ہے کہ شعر یا غزل کسی کی لے کر اپنے اشعار کے ساتھ پیوند کریں جیسے علی حزین کے تین شعروں میں کسی استاد نے پیوند لگا کر مخمس لکھا ہے۔ **مخمس** بیاد آن پری کردم بلند از بس کہ غوغا را ٭ رسانیدم بگوش اہل گردون شور سودا را۔ کجا زہد و صلاح و پارسائی ہیچ بر مارا ٭ بآب از آتش مے مادہ ام خاک معلے را ٭ بباد از نالۂ نے بردہ ام ناموس نغوی را ٭

Marfat.com

بیان کیا جائے تو جمع و تقسیم ہو گی جیسے ؎ بے تو چو شمع کردہ ام خندہ و گریہ کار خود ٭ خندد بروز دل کنم گریہ بروزگارِ خود ٭ اول مصرعہ میں جمع ہی اور دوسرے میں تقسیم۔ اور کبھی تینوں ایک جا جمع ہوتے ہیں۔ جیسے ؎ مجلس دو آتش دادہ برایں از حجر واں از شجر ٭ ایں کردہ منقل را مقر واں جام را جا داشتہ۔ دو آتش کو مجلس کے ثمرہ ہونے میں جمع کیا اور ایک کو پتھر کی اور ایک کو لکڑی کی کہنا تفریق ہی اور دوسرے مصرعے میں تقسیم ہی۔ پانزدہم صنعت تجرید۔ جس کے معنے لغت میں ننگا کرنے کے ہیں اور اصطلاح میں یہ ہی کہ کسی صفت والی چیز سے دوسری چیز پیدا کریں اور غرض اس سے اول کا صفت مذکور میں کامل ہونا اس درجہ کو ہوتا ہی کہ اس سے ویسی ہی دوسری چیز نکل سکتی ہے۔ اور یہ صنعت اکثر تخلص میں آیا کرتی ہی ؎ مست ذوقِ عرفیم کز نغمۂ توحید تو ٭ لذتِ آوازہ در کامِ جہان انداختہ ٭ اس میں متکلم نے اپنے آپ کو ایسا کامل عارف قرار دیا۔ کہ اس میں سے ایک شخص جداگانہ نکال کر اس کا حال بیان کیا۔ کہ میں عرفی کے ذوق سے مست ہوں۔ حالانکہ کہنے والا خود عرفی ہی ہی۔ شانزدہم صنعت مبالغہ۔ کہ تعریف اور مذمت میں ایسی نوبت پہونچاویں کہ وہانتک پہونچنا بعید یا محال ہو۔ اس کی تین قسمیں ہین۔ ایک یہ کہ اس حد کو پہنچنا عقل اور عادت کی رو سے ممکن ہو تو اس کو تبلیغ کہتے ہیں جیسے ؎ بر دگر عیب بین چشمے کشاید ٭ وگر زو خبر ہنر بینی نیاید ٭ یعنے ہو سکتا ہے کہ آدمی کسی اچھے شخص کو دیکھکر پھر عیب جوئی نہ کرے۔ دوم یہ کہ عقل میں ممکن ہو اور عادت کی رو سے محال اسکو اغراق کہتے ہیں جیسے ؎ دلم زور و گرانمایہ چوں جگر ز فغان۔ دماغم از گلہ خالی چو خاطرم ز غبار ٭ عقل کی رو سے ہو سکتا ہی کہ کوئی شخص کسی سے درد پاکر شکوہ نہ کرے نہ دل پر میل لاوے۔ مگر عادت کے لحاظ سے بعید معلوم ہوتا ہے۔

Marfat.com

ز ہمراہان نہ یک دل بر سر خود مہربان کردم ٭ بر آئین حرص ہر چند صد شور و فغاں کردم ٭ طفیل عشق آخر سر نوشتِ خود عیاں کردم ٭ جبین را سجدہ فرسائے در پیرِ مغاں کردم ٭ بیامِ کعبہ دل میزنم ناقوس نزسارا ٭ چہ سازم چون کنم ہیہات امشب سخت حیرانم ٭ کہ دل از دست رفت و لو بت افتاد ست برجانم ٭ تعصب چیست اے زاہد اگر من نامسلمانم ٭ برہمن زادۂ زنار بندے بود ایمانم کہ سودا میکنم باکفر و زلفش دین و دنیا را ٭

**تخلیع** - اوزان نامطبوع و ناخوش اور ارکان ثقیل پر شعر یا غزل کہنا تخلیع کہلاتا ہے - اور یہ بھی معیوب ہے -

**تخالف** - قاعدے اور محاورے کے خلاف کلام لکھنا تخالف کہلاتا ہے جیسے اس مصرعہ میں خلاف قاعدہ لفظ عہد کا عین تقطیع سے ساقط ہو جاتا ہے -

ع - غلط کردم عہد جوانی بغفلت ٭ اور ایسے ہی خلاف محاورہ مثلاً سرمہ کشیدن کی جگہ سرمہ دادن -

**تنافر** - ایسے الفاظ اور حروف جمع کرنا جنکا تلفظ طبیعت پر گران ہو - خواہ قریب المخارج ہوں یا بعید المخارج - جیسے نظامی گنجوی رح کہتے ہیں ؎ چو بوسیدہ چوبے کہ در کنج باغ ٭ فرو زندہ باشد بشب بون چراغ - ایسے ہی فردوسی کا یہ شعر ہے ؎

ز سُم ستوران دران پہن دشت ٭ زمین شش شد و آسمان گشت ہشت

**عمرایت** - غیر مانوس الاستعمال کلمات کا نام ہے - چنانچہ خدا تعالےٰ کو بجائے کریم کہنے کے سخی کہنا یا ناطق کہنا -

**ضعف تالیف** - اہل زبان کے روزمرہ کے خلاف لکھنا ضعف تالیف کہلاتا ہے - جیسے لبریز کی جگہ ملبّب - اور شلوار بند کی جگہ کمر بند - اور تراشیدہ کی جگہ مترش لکھنا -

Marfat.com

سوم یہ کہ عقل و عادت دونوں کی راہ سے محال ہو۔ اُس کو غلو کہتے ہیں جیسے ؎ گر بشنود
از دہر کہ مردود کفِ تست ٭ بیروں فگند سکہ ز آغوش درم را ٭ ہفتم ہم۔ صنعت
مذہب کلامی۔ یعنی کلام ایسی طرح بولیں کہ اہل کلام کے طریق پر اُس سی قیاس بنا کر نتیجہ
نکال لیں جیسے ؎ منافع رسان در زمین دیر ماند ٭ بس است ایں یک آیت دلیل
دوامت ٭ اس سی قیاس یوں بنتا ہی کہ ہر نفع رسان باقی اور پائدار رہتا ہی۔ اور تو
نفع رسان ہی تو نتیجہ یہ ہوا کہ تو باقی اور دائم ہے۔ ہیجدہم۔ صنعت حسن تعلیل کسی چیز کی
علت پسندیدہ طور پر بیان کرنی کہ واقع میں وہ علت نہیں ہے۔ ؎ یا چشم تو
ریخت خون عشاق ٭ زلفِ تو گرفت رنگ ماتم ٭ یہاں زلفوں کی سیاہی کی علت
یہ بیان کی کہ تیری آنکھ نے جو عاشقوں کا خون کیا ہی اُن کے سوگ کے باعث
زلفوں نے لباس سیاہ کیا ہے۔ حالانکہ واقع میں زلف کی سیاہی کی یہ علت
نہیں۔ نوزدہم۔ صنعت تاکید مدح بالفاظ مشابہ ذم۔ یعنی تعریف کی تاکید میں ایسے
الفاظ لاویں کہ ظاہر میں ہجو معلوم ہو اور غور کریں۔ تو کمال تعریف ہو جیسے ؎ ہر آنکہ
نام تو بر دل نوشت گشت عزیز ٭ مگر دلم کہ ز دستِ تو میکشد خواری ٭ بستم صنعت
تاکید ذم بالفاظ مشابہ مدح۔ یہ صنعت پہلی صنعت کا عکس ہی۔ یعنی ہجو میں ایسی الفاظ
لاویں کہ بظاہر مدح معلوم ہوں اور تامل کے بعد کمال ہجو ثابت ہو جیسے ؎ ہمیشہ
خصم تو در سایہ ہمائے بود ٭ ز بسکہ بر سرش از بہر اُستخوان آید ٭ اول مصرعہ میں خصم
کی تعریف معلوم ہوتی ہی مگر دوسرے مصرعہ سے اس کی ذلت اور بلا کی
مفہوم ہوتی ہے۔ بست و یکم۔ صنعت استتباع۔ جسکے معنے ایکدوسرے کے
بعد لانے کے ہیں اور اصطلاح میں یہ ہیں کہ ایسی طرح مدح کیجاوے کہ اُسمیں
دوسری مدح حاصل ہو جیسے ؎ گردد ز آتش قہرِ تو جہان خاک سیاہ ٭ موجزن
گر نبود قلزمِ مہر تو دراں ٭ یہاں تعریف قہر کی اس طرح کی ہی کہ اُس سی مہر کی

Marfat.com

**تصرف** جسے تصرفات شاعری بھی کہتے ہیں یہ ہے کہ کوئی شاعر وزن یا قافیہ کی درستی کے واسطے اصل لفظ کو متغیر کر دے مثلاً ساکن کو متحرک یا متحرک کو ساکن کر دے یا کسی حرف کی کمی بیشی سے لفظ کو متغیر کر دے۔ جیسے نظامی گنجوی نے وزن کی درستی کے لیے لفظ آرنی میں رائے متحرک اور لفظ مصحفر میں عین متحرک کو ساکن کر دیا ہے۔ یہ دو شعر اس کی مثالیں ہیں ؎ موسیٰ ازاں حجام نہی دید دست و شیشہ بگہ پایۂ آرنی شکست ؎ گشت جہاں از نفش تنگ تر ٭ وز سپرش مصحفری رنگ تر ٭ ایسے ہی شمس تبریز نے مفرح القلوب میں عم تیسا لون کو عمیت لکھا ہے ؎ زسی سپارہ قرآن تا بعمیت ٭ تمام است ایں سلوک سی وصدبیت ٭ **فائدہ** ۔ پوشیدہ نہ رہے کہ مواضع ضرورت اور مواقع اضطرار میں اس طرح کے تصرفات یعنی کمی و زیادتی حروف اور تبدیل حرکات و سکنات جو شعرائے عرب و عجم نے کئے ہیں وہ لوگ اپنی زبان کے محاورے سے واقف اور فصاحت و بلاغت کے موجد تھے۔ کوئی وجہ اس کی درستی انہوں نے اپنے نزدیک ٹھہرائی ہوگی۔ کسی دوسرے شخص کو جائز نہیں ہے۔ کہ ان کی پیروی سے جس لفظ کو چاہے ان میں اپنی طرف سے تصرف کر کے متغیر کر دے۔ مناسب یہ ہے کہ اس میں ان کی تقلید نہ کرے اور انکے تصرفات کو نزک کرے اور ضرورت کے وقت جن تصرفات کو فارسی کے اساتذہ نے جائز رکھا ہے وہ آٹھ ہیں۔ اوّل فصل یعنی کسی لفظ میں کوئی حرف زیادہ کر دینا اور اس کے معنے نہ لینا اور وہ کئی حرف ہیں۔ الف باموحدہ۔ تا فوقانی۔ یا تحتانی۔ شین منقوطہ۔ میم۔ واؤ جن کا بیان معانی حروف کے بیان میں گذرا۔ دوسرا قطع یعنے کسی لفظ کے حروف اصلی میں سے کوئی حرف گرا دینا۔ جیسے کبوتر سے کوتر خاقانی نے کر لیا ہے ؎ آبنگاہ چو عنکبوت و کوترہ دربان در قیب سان بہر در ٭ تیسرا تخفیف یعنی مشدد کو

Marfat.com

ادماج

تعریف بھی حاصل ہوگئی۔ بست و دوم۲۲ صنعت ادماج۔ جسکے معنے لپیٹنے کے ہیں اور اصطلاح میں اُس کلام کو کہتے ہیں جس میں دو مدعا نکلیں اور اس میں اور استتباع میں یہ فرق ہی کہ استتباع مدح ہی میں ہوتا ہی اور ادماج عام ہی کہ مدح ہو یا غیر مدح اور ایہام و ادماج میں یہ فرق ہی کہ ایہام میں ایک لفظ سی دو معنی کا احتمال ہوتا ہی اور ادماج میں جملہ سے جیسے ؎ زبانِ آں پسر ترکی و من ترکی نمیدانم ٭ چہ خوش بودے اگر بودی زبانش در دہانِ من ٭ یہاں دو معنی درست ہیں کہ اسکی بولی بولتا یا اُسکی زبان چوستا۔ بست و سوم۲۳ صنعت توجیہ۔ جسکو محتمل ضدین کہتے ہیں یعنی ایک کلام سی دو مطلب ایکدوسرے کے مخالف سمجھ میں آویں جیسے ؎ یک شیوہ شناسد غضبت عفو و مکافات ٭ یک نغمہ شمارد کرمت لا و نعم را ٭ ایک یہ معنی کہ تیری ذات میں مکافات نہیں اور تیری کرم میں لا نہیں۔ دوسرے یہ کہ عفو تجھ میں نہیں اور تیری کرم میں نعم نہیں۔ بست و چہارم۲۴ صنعت ہزل کہ اُس سے جد مقصود ہو۔ یعنے کلام کو ہنسی کے طور پر بیان کریں۔ اور واقع میں اُس سے پند وغیرہ مقصود ہو جیسے ؎ با قحبۂ دنیا مکنید آمیزش ٭ از آتشکِ جہنم اندیشہ کنید ٭ بظاہر الفاظ ٹھٹھول کے ہیں۔ مگر واقع میں پند ہی۔ بست و پنجم۲۵ صنعت تجاہل العارف۔ یعنی جان کر اَن جان بنجانا۔ اور اصطلاح میں یہ ہی کہ ایک چیز معلوم کو کسی نکتہ کی وجہ سے غیر معلوم ظاہر کریں جیسے ؎ نمیدانم تو خواہی بود یا گردون چنیں دانم ٭ کہ دامنگیر گردد خونِ من نامہربانی را ٭ یہاں تجاہل سے مقصود محبوب کی بیداد کا مبالغہ ہی۔ بست و ششم۲۶ صنعت قول بالموجب جسکے معنے مضمون ثابت کو بیان کرنے کے ہیں اور اصطلاح میں یہ ہی کہ قائل کے قول کے معنی اُسکی مراد کے خلاف لیئے جائیں جیسے ؎ دوستی گوئی نہ از دل میکنی ٭ راست میگوئی کہ از جاں میکنم ٭ مراد قائل کی یہ تھی کہ تہ دل سے تم محبت نہیں کرتے

Marfat.com

مخفف کر لینا۔ جیسے لفظ تنوّر کہ اصل میں بہ تشدید نون ہے تنور بہ تخفیف نون اس شعر میں آیا ہے ؎ ازان گروہ ثمانی برون کہ در دوزخ ٭ مقام شان بہ قیامت بود چون نان بہ تنور ٭ ایسے لفظ ہم اور غم اور صف اور دف جسکا آخر حرف مشدد ہو فارسی میں بہ تخفیف مستعمل ہیں چنانچہ عرفی کے اس شعر میں ؎ عادت عشاق چیست مجلس غم داشتن ٭ حلقۂ شیون زدن ماتم ہم داشتن ٭ پھر تشدید یعنے مخفف کو مشدد کر لینا۔ جیسے زر اور پر اور بر اور در وسب مخفف اساتذہ کے اشعار میں مشدد آئے ہیں۔ مثال زر سعدیؒ کے اس شعر میں ؎ وجود مردم دانا مثال زر طلاست ٭ کہ ہر کجا کہ رود قدر و قیمتش دانند۔ ع نبرد فرزندم را تیغ تیز ٭ نظامی ؎ اگر پائے پیل ست وگر پرّ مور ٭ بہر یک تو وادی ضعیفی و زور ٭ ایضاً ؎ شہ آن چرم ناپختہ و نیم خام ٭ بلندش بخایا بحرص تمام ٭ پانچویں ممدودہ کو مقصورہ کر لینا۔ جیسے آغوش سے اغشج ع شش جہات و چہار اغشجاں تو لئی مقصود ٭ چھٹا مقصورہ کو ممدودہ کر لینا۔ جیسے لفظ استر یعنے استر قبا و کلاہ وغیرہ کو بعض اساتذہ نے ممدودہ لکھا ہے سعدیؒ ؎ شنیدم کہ فرماندہ داد گر ٭ قبا داشتے ہر دو رو آستر ٭ ساتواں متحرک کو ساکن کرنا۔ آٹھویں ساکن کو متحرک کر لینا۔ جیسے فردوسی کے ان اشعار میں ؎ بفرمود تا بہمن آمدش پیش ٭ سخن گفت با او ز اندازہ بیش ٭ ؎ بدرم آن دلیر گرانمایہ گرد ٭ ز تنگ اندراں انجمن خاک خورد ٭ آمدش کی دال اور پدرم کی رکہ اصل میں متحرک تھی ضرورت شعر کے سبب ساکن کر لی ہیں۔ اور نیز پدرم کا میم ساکن تھا۔ اس کو متحرک کر لیا ہے یا جیسے اس مصرع میں ع غریب خاک خراسان علی بن موسیٰ ٭ بن کی ب اصل میں ساکن تھی متحرک کر لی ہے ٭

Marfat.com

اُسکے معنے یہ نہ لیے بلکہ جواب میں یہ کہا کہ میری محبت کا علاقہ دل سے نہیں۔ بلکہ جان سی ہے۔ بست و ہفتم صنعت اطراد۔ جس کے معنی انتظام کے ہیں اور اس کو اطرا بھی کہتے ہیں جسکے معنے تعریف کرنے کے ہیں اور اصطلاح میں یہ ہی کہ ممدوح کا نام مع اُس کے باپ دادوں کے بترتیب ذکر کریں خواہ نیچے سے اُوپر تک یا اوپر سی ممدوح تک جیسے ؎ بہار گلشنِ دینِ محمدِ عربی ٭ ضیائے چشمِ علی نورِ دیدۂ زہرا۔ بہارِ خرمیِ خاطرِ حسین و حسن ٭ سرورِ سینۂ زین العبا و شمعِ ہدیٰ ٭ فروغِ شمعِ سبستانِ باقر و صادق ٭ غریب خاکِ خراسان علی بن موسیٰ۔ بست و ہشتم صنعت تعجب۔ کہ کلام میں کوئی بات قابل تعجب کسی غرض کے لئے ذکر کیجائی جیسے ؎ سرو را سایہ یکے بیش نباشد یارب ٭ اینہمہ خاک نشین در پئے آں بالا چیست یہاں غرض مبالغہ کثرت خاک نشینان محبوب کا ہی۔ بست و نہم صنعت اعتراض جسکے معنے حائل ہونے کے ہیں۔ اور اسکو حشو بھی کہتے ہیں جس کے معنے بھراؤ کے ہیں۔ اور اصطلاح میں یہ ہی۔ کہ مقصود کے تمام ہونے سے پیشتر ایسا جملہ معترضہ یا لفظ ذکر کریں کہ مطلب اُسکے بدون بھی پُورا ہو اور اُسکی تین قسمیں ہیں۔ حشو قبیح اور ملیح۔ اور متوسط۔ قبیح وہ ہے جس کے بیچ میں آنے سے کلام کا رتبہ گھٹ جائے۔ اور ایسا شعر کلام بلغا میں نہیں آتا اس لیئے اُس کی مثال بھی لکھنی ضرور نہیں اور حشو ملیح وہ ہے۔ جس سے کلام میں لطف اور حُسن آجائے جیسے ؎ گر بخندم واں پس از عمر ست گوید زہر خند ٭ ور بگریم واں بہر روز ست گوید خوگری ٭ اس میں واں پس از عمر ست اور واں بہر روز ست حشو ملیح ہے۔ کیونکہ ہر چند مطلب بدوں اسکے پورا ہے۔ مگر اس سے یہ لطافت آگئی کہ باوجود قلت خندہ اور کثرت گریہ کے محبوب کی اسقدر بیرحمی ہے۔ اور حشو متوسط وہ ہے کہ نہ اُس سے

Marfat.com

**تیسری فصل اغلاط کلام کے بیان میں** - اغلاط کلام تین قسم ہیں - لفظی - معنوی - ترکیبی - اغلاط لفظی یہ ہیں کہ لفظاً غلطی ہو جیسے رافعی کے اس شعر میں ؎ نہ بر مزاج کسے دست یافت پیکرمے ❊ نہ در دماغ کسے غلبہ کرد قوت خواب ❊ اس شعر میں جو پیکرمے کہا ہے یہ خطا فاحش ہے اس لئے کہ مے پیکر نہیں رکھتی کیونکہ پیکر کا اطلاق انسان اور حیوان کی صورت پر ہوا کرتا ہے یا ان کی تصویر پر - اگر بجائے پیکر کے کیفیت یا جرم کہا جاتا تو درست ہوتا - ایسا ہی ظہیر فاریابی کا بھی یہ شعر ہے ؎ دوام عمر تو برعکس باد مقرون باد بشادی کہ نباشد مخافتِ حزنش اس بیت میں ممدوح کے دوام عمر کو برعکس کہنا نہایت معیوب اور نامناسب ہے - اور کلام کو اپنے ماقبل سے اچھی طرح ربط نہیں ہوتا ہے اگر اس طرح کہا جاتا ؎ دوام عمر تو بے انقراض مقرون باد - بشادی کہ نباشد مخافت حزنش ❊ تو کچھ قباحت نہ ہوتی - ایسے ہی فردوسی نے رستم کی ماں کی زبان سے اس کے نوحہ میں یہ شعر کہا ہے ؎ ہزار و صد و سیزدہ سالہ گرد ❊ بجہانزا ندیدہ بجہانش بخورد ❊ خورد کا قافیہ گرد لانا خطا کے لفظی ہے اور علم قوافی میں ہرگز جائز نہیں - داو معدولہ کا قافیہ ماقبل مفتوح چاہئے پس اگر گرد کی بجائے مرد کہا جاتا تو بہتر ہوتا - لیکن شاہنامہ میں کتنی جگہ ایسا قافیہ لایا گیا ہے اور ملا ظہوری نے بھی ایسا کہا ہے ؎ نیست جم درنہ نجنتے می برد شاہ سندخ کو کہ شاہ سرخ مے خورد - اغلاط معنوی یہ ہیں کہ معنے میں خطا واقع ہو جیسے ابوالفرج کے اس شعر میں ؎ دیدار خواست چشم زمانہ زقدر تو ❊ درگوش او نہاد فغانلن ترانیا ❊ جس حالت میں کہ چشم زمانہ قدر ممدوح کا دیدار چاہتی تھی تو زمانہ کے کان میں لن تری کہنا مناسب تھا نہ لن ترانیا کیونکہ یہاں فعل کے بعد ضمیر متکلم مفعول واقع ہوئی ہے جس سے معنی غلط ہو گئے ایسے ہی

Marfat.com

کچھ خوبی زیادہ ہو اور نہ کلام کم مرتبہ ہو جیسے ع ای باد صبا اینہمہ آوردۂ تست۔ اس میں لفظ باد حشو متوسط ہی سیؔ ام۔ صنعت تلمیح۔ جس کے معنے دکھانے کے ہیں اور اصطلاح میں یہ ہی کہ کلام میں کسی قصہ یا مسئلہ یا اصطلاح کی طرف اشارہ کریں جیسے ؎ فلسفی آنکس کہ میگوید خلا باشد محال ٭ در خزانہ گر رود ہرگز نگوید این سخن ٭ اس میں اشارہ ہی اس مسئلہ کی طرف کہ حکمار یونانی کے نزدیک خلا محال ہی جیسے ؎ تو در معاملہ اہبطوا متاع مخر ٭ کہ صحیح بود بیع وسعی نامشکور ٭ اشارہ قصۂ بنی اسرائیل کیطرف۔ جب جنگل کی حیرانی کے بعد شہر میں گئے تھے۔ سیؔ ویکم۔ صنعت براعۃ الاستہلال۔ جس کے معنے ہیں آغاز کی فوقیت اور اصطلاح میں یہ ہی کہ شروع کتاب یا کلام میں ایسے الفاظ لاویں۔ جو مضمون آیندہ کے مناسب ہوں جیسے مثنوی غنیمت کے شروع میں جس میں شاہد اور عزیز کا قصہ ہی یہ شعر ہے ؎ بنام شاہد نازک خیالاں۔ عزیز خاطر آشفتہ حالاں ٭ اور اس صنعت کو حسن مطلع بھی کہتے ہیں۔ سیؔ ودوم صنعت التفات۔ لغت میں پھر کر دیکھنے کو کہتے ہیں۔ اور اصطلاح میں یہ ہے کہ متکلم اور مخاطب اور غائب کو بدل کر بیان کرنا جیسے عرفی نے قصیدہ نعتیہ میں اول اپنے آپ کو متکلم کی طرح بیان کیا ہے۔ چنانچہ کہتا ہے ؎ از رغبت دنیا الم آشوب نگردم ٭ زیں باد پریشان نہ کنم زلف الم را ٭ پھر مخاطب کر دیا ہے اس شعر میں ؎ عرفی مشتاب ایں رہ نعت است نہ صحرا است ٭ آہستہ کہ راہ بردم تیغ است قدم را ٭ پھر غائب کر کے کہتا ہی ؎ از باغ نعیمش بدہ انعام و میامیز ٭ با مطلب او مطلب اصحاب شکم را ٭

## فصل دوم صنائع لفظی کے بیان میں انمیں سے اول تجنیس ہی جسکو جناس بھی کہتے ہیں۔ جسکے معنے ہم جنس ہونے کے ہیں اور اصطلاح میں یہ ہی۔

Marfat.com

یہ شعر ہے تو نخشبی بادشاہے از عجم اندر جہان ٭ در شہنشاہی تو شاہا راست ہمچون جم شدی۔ مصرعہ اول میں ممدوح کو عجم کا پہلا بادشاہ کہا ہے اور مصرعہ ثانی میں جم سے تشبیہ دی ہے۔ یہ نہ سمجھنا کہ جم تیسرا بادشاہ عجم کا ہے اور ایسے ہی مولوی جامیؒ کا یہ شعر ہے بگفتا گر بدین کارات تمام ست ٭ عزیزم مصر و مصرم مقام ست ٭ مولوی جامیؒ حضرت یوسف علیہ السلام کی زبانی کہتے ہیں کہ آپ نے عالم خواب میں زلیخا سے کہا تھا کہ میرا نام عزیز مصر ہے اور میرا مقام شہر مصر۔ اور اسوقت میں آپ عزیز مصر نہ تھے اور نہ وہاں مقیم تھے پس خلاف کہا اور دھوکا دیا کہ زلیخا نے ان کے حسب الحکم عزیز مصر سے کہ مصر کے بادشاہ کا وزیر تھا۔ شادی کر لی۔ اور چالیس برس کے بعد یوسف علیہ السلام عزیز مصر ہوئے اس صورت میں دروغ اور فریب حضرت یوسف علیہ السلام کی طرف عائد ہوتا ہے حالانکہ انبیاء علیہم السلام دروغ اور فریب سے مبرا ہوتے ہیں ایسے ہی ایک جگہ برادران یوسف علیہ السلام کی مذمت میں کہا ہے ؎ بیا بنگر کنیزک زادگانرا ٭ زناہ عقل در افتادگانرا ٭ یوسف علیہ السلام کے سب بھائی نبوت کے مرتبے پر پہنچے تھے۔ اور غلام زادہ اور کنیزک زادہ نبی نہیں ہوتا ہے۔ نبوت کیواسطے حریت ضرور ہے۔ اغلاط ترکیبی ترکیب کی غلطی کو کہتے ہیں۔ جیسے خاقانی کے اس شعر میں ؎ بلبل کردش سجود انعمک اللہ صباح ٭ خود بخود بے باز داد سبحان اللہ جواب ٭ اصل انعم اللہ صباحک تھا بجائے اسکے انعمک اللہ صباح کہا ایسے ہی یہ شعر ہے ؎ غمزۂ اختر بہ لبست خندۂ رخسار صبح ٭ سرمۂ گیتی بشست گریۂ چشم سحاب ٭ خندہ لب و دہن سے ہوتا ہے نہ رخسار سے۔ ہاں خندہ روی محاورہ ہے۔ خنداں رخسار نہیں ہے اور کسی کے گریہ چشم سے کسی کی آنکھ کا سرمہ نہیں دھلتا ہے۔ ایسے ہی فرخی کا یہ شعر ہے ؎ خرمن زمرغ گرسنہ خالی کجا بود

Marfat.com

کہ دو لفظ بولنے میں مشابہ اور معنی میں جُدا ہوں اسکی کئی قسمیں ہیں۔ اوّل تجنیس تام کہ دونوں لفظ شمار حرف اور ہیئت اور ترکیب میں متفق ہوں پس اگر نوع میں بھی متحد ہوں یعنی دونوں اسم ہوں یا فعل یا حرف تو تجنیس تام مماثل کہلاتی ہے مثلاً ؎ بازا قبالش بصید ملک رنگیں چنگ باد ٭ تا رچنگ عشرتش باد از گسستن درامان ٭ چنگ اول معنی پنجہ اور دوسرا بمعنی ساز۔ اور دونوں اسم ہیں اور اگر نوع میں مختلف ہوں کہ ایک اسم ہو اور دوسرا فعل یا حرف اُسکو تجنیس تام مستوفی کہتے ہیں جیسے ع امید لذتِ عشق از مدار چرخ مدار ٭ مدار اول اسم ظرف ہے اور دوسرا فعل نہی۔ دوّم تجنیس مرکب کہ دونوں لفظوں متجانس میں سے ایک مفرد ہو اور دوسرا مرکب۔ پھر اگر دونوں ایک ہی صورت سے لکھے جاتے ہیں تو متشابہ کہتے ہیں جیسے ؎ بدریا بسوز دل خیزران ٭ چو زدبر سمند سبک خیزران ٭ اول خیزراں مفرد ہے۔ اور دوم مرکب اور لکھنے میں یکسان۔ اور لکھنے میں متفق نہوں تو اسکو تجنیس مفروق کہینگے جیسے ؎ ساقی ازاں بادہ منصور دم ٭ در رگ و در ریشۂ من صور دم ٭ اول مصرعہ میں منصور مفرد ہے اور دوسرے میں مرکب اور لکھنے میں دونوں جدا صورت پر لکھے جاتے ہیں۔ لیکن اگر لفظ مرکب ایک پورے کلمہ اور دوسرے کلمہ کے جزو سے ہوگا تو ایسی تجنیس کو تجنیس مرفو یعنے رفوداد کہتے ہیں۔ جیسے ؎ پروانہ ام دلا برخِ ہمچو شمع او ٭ پروا ندارم ار بشود جان من ہلاک ٭ پروا کو اگر نون ندارم میں ملایا جاوے۔ تو پُرا نہ ہوجاتا ہے۔ سوم تجنیس محرف کہ دونوں لفظ عدد حروف اور ترتیب میں متفق ہوں۔ اور ہیئت یعنے حرکت وسکون میں مختلف جیسے ؎ محرم او بود کعبۂ جان را ٭ محرم او بود دستر قرآن را ٭ محرم اوّل بضم میم وکسرہ را ہے۔ دوّم بفتح میم ورا ہے۔ چہارم تجنیس زائد یا ناقص کہ دونوں لفظوں میں سے ایک میں حرف زائدہ ہو خواہ

Marfat.com

ہر غلان گر سہ ایم د تو خر منی۔ لفظ خر منی ترکیب میں بے موقع واقع ہوا ہے اسواسطے
کہ خر منے بھی پڑھا جاتا ہے جس کے معنی میرا گدھا ہے اور کبھی لفظ غلط کو خلاف
قاعدہ شعر میں بھی ترکیب دیکر ایسے عذر کر دیتے ہیں کہ وہ غلطی صحت سے بھی
معلوم ہونے لگتی ہے۔ جیسے استاد رحمۃ کے یہ دو شعر سہ از ما اگر بحق تو تقصیر کے
قناد ٭ معذور دار ما را اے صاحب البریف ٭ این فا بجائے دال نہاد م ز مفلسی
پیوند کردہ ام رسن موئے را یلیف ٭ اول بیت میں صاحب البرید کی جگہ
صاحب البریف کہا ہے اور دوسری بیت میں کہا کہ یہ ف جو بجائے دال لکھی ہے
مفلسی سے لی ہے اور اس میں دو طرح کا لطف ہے ایک یہ کہ ممدوح کے آگے پردے
میں اظہار مفلسی کیا ہے۔ دوسرے یہ کہ اس وزن کے جتنے قافیے تھے سب، حرف
ہو گئے اور میں قافیوں کی طرف سے مفلس ہو گیا اس سے دال کو فا مفلسی سے بدلکر
قافیہ کیا گیا۔ **توارد**۔ اسے کہتے ہیں کہ شعر یا مصرعہ یا مضمون کسی دوسرے شاعر کا
کسی کے کلام میں آجائے اور اس کو اس بات کی خبر نہ ہو کہ یہ دوسرے کا ہے۔ جیسے
امیر خسرو رح کے اس شعر میں نظامی گنجوی رح کے مصرعہ سے توارد ہوا ہے امیر خسرو سے اے
صفت تو بندہ نوازندگی ٭ از تو خدائی و دلبندگی ٭ نظامی رح سے دو کار ست
با فرو فرخندگی ٭ خداوندی از تو نسا بندگی ٭ مولوی عبدالرحمن جامی رح کو زلیخا
میں نظامی رح کی کتاب شیریں خسرو کے ابیات و مضامین میں اکثر توارد واقع ہوا ہے۔ جیسے
یہ اشعار جامی رح کے سہ مرا اے کاشکے مادر نمیزاد ٭ دگر میزاد کس سر شیم نمیداد ٭
نظامی رح سہ مرا اے کاشکے مادر نزادے ٭ دگر زادے بخور د سگ بادے ٭
ایضاً جامی رح سہ زن از پہلوئے چپ شد آفریدہ ٭ کس از چپ راستی۔ گزند ندید
نظامی رح سہ زن از پہلوئے چپ گو بیندیر خاست ٭ نیاید ہرگز از چپ راستی راست
اسی واسطے بعضوں نے لکھا ہے کہ مولوی جامی رح اور خسرو رح دہلوی نے

Marfat.com

اول میں جیسے ع باشکوہ کوہ حلمت ابرگریاں برجبال۔ یا بیچ میں زائد ہو۔ جیسے ع خندہ زد اندر ہوا ابرق او برق دار ٭ خواہ آخر میں زائد ہو اور اُسکو مطرف بھی کہتے ہیں جیسے ع آئینِ ماست سینہ چو آئینہ داشتن ٭ اور بعض اوقات ایک کے آخر میں دو حرف زائد ہوتے ہیں۔ اس صورت میں تجنیس مذیل یعنی دراز کہلاتی ہی جیسے ؎ اگر میان یم اندر صدف ندیدستی ٭ نگاہ کن قلم او دران خجستہ یمین ٭ یم اور یمین میں تجنیس مذیل ہی۔ پنجم تجنیس مضارع کہ دونوں لفظوں کے حروف عدد اور ہیئت میں یکساں ہوں۔ مگر ایک حرف دونوں میں ایک نوع کا نہیں بلکہ اُس کا قریب المخرج ہی اور اسکی تین صورتیں ہوسکتی ہیں کیونکہ حرف مذکور یا شروع میں ہوگا یا بیچ میں یا آخر میں اول کی مثال جیسے ؎ جامی از ترہات بستہ زبان ٭ سخن از ظرہات میگوید ٭ وسط کی مثال جیسے ع ساعیت ہر کہ نیست او ساہی ست ٭ آخر کی مثال جیسے ع راہ میزند مطرب راح میدہد ساقی ٭ اور اگر دونوں قریب المخرج نہوں۔ بلکہ بعید المخرج ہون تو تجنیس لاحق کہینگے اور اُس کی بھی تین صورتیں ہیں کہ حرف مذکور اول میں ہوگا۔ یا وسط میں یا آخر میں۔ مثال اول ع جنگ را درویش نباشد سنگ ٭ مثال دوم ؎ در روے من زغمزہ کمانہا کشیدۂ ٭ بر جان من زظرہ کمینہا کشادۂ۔ مثال سوم ع بباب رحم در آو مکن نفس برباد ٭ ششم تجنیس مکرر یا مزدوج کہ دونوں لفظ متجانس بدوں فاصلہ کے پیہم آویں جیسے ع اگرچہ ہست گلت را چو من ہزار ہزار ٭ مرا بدست نیاید چو تو نگار نگار ٭ ہفتم تجنیس خط۔ جس کو تصحیف کہتے ہیں وہ یہ ہی کہ دونوں لفظ صورت میں ایک ہوں صرف لفظوں کا اختلاف ہو جیسے ؎ خوباں کہ گردِ لب خطِ مشکیں کشیدہ اند ٭ خط بر حیاتِ عاشقِ مسکین کشیدہ اند ٭ ہشتم۔ تجنیس قلب کہ دونوں لفظوں کے حروف شمار میں اور

تجنیس مضارع

تجنیس مکرر

تجنیس خط

Marfat.com

نظامی گنجوی کی شاعری کا گھر برباد کر دیا ہے۔ حق تو یہ ہے کہ ان دونوں کی نظم میں کوئی ایسی داستان نہیں ہے کہ جس میں نظامی کے ایک دو مصرعے شعر نہ ہوں ظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ نظامی کا کلام ان دونوں کی مزاولت میں بہت رہا ہے اس لئے کہ جو کلام کبھی نظر سے نہ گذرا ہو اور کانوں تک نہ پہنچا ہو اس میں توارد نہیں ہوتا ہے اور اگر کہیں اتفاقاً ہو جاتا ہے تو مذموم نہیں بلکہ پچھلے شاعر کی علو طبیعت پر دلالت کرتا ہے کہ اسکی فکر استاد کی فکر سے عالی۔ اور جو لوگ مولوی جامی اور خسرو دہلوی کی طرف سرقہ کی نسبت کرتے ہیں محض غلط ہے۔ سرقہ اُسے کہتے ہیں کہ کوئی شاعر کسی استاد کا مضمون عالی خواہ بہ تبدیل وزن خواہ بتغیر الفاظ اپنے شعر میں لاوے اور توارد اور سرقہ میں فرق یہ ہے کہ توارد نادانستہ ہوتا ہے اور سرقہ دانستہ۔ جیسے علی حزین کا شعر ؎ اے وائے براسیری گر یاد رفتہ باشد ٭ در دام ماندہ باشد صیاد رفتہ باشد ٭ اور ملا ظہوری کا شعر ؎ آن صید مسکین چہ بیداد رفت ٭ کہ در دام از یاد صیاد رفت ٭ بعضوں کے نزدیک اس صورت میں سرقہ جائز ہے کہ بندش پچھلے شعر کی پہلے شعر کی بندش سے بلند اور رنگین تر اور مستحسن ہو۔ جیسے ملا شیدا نے غیاثا حلوائی کا مضمون چرایا ہے۔ ؎ زبسکہ گرد غمت بست بر جگر ناخن ٭ چو پشت ماہیم از پائے تا بسر ناخن ٭ غیاثا حلوائی ؎ از بسکہ سینہ کندم و ناخن دران نشست ٭ چوں پشت ماہی است سراپائے سینہ ام ٭ ایسے ہی یہ شعر ملا شیدا نے ؎ گر بصحرا مو فشانی وشت پر سنبل شود ٭ در بدر یا رخ بشوئی خار ماہی گل شود ٭ بعینہ کاتبی کا مضمون چرایا ہے ؎ گر بدریا افتد از عکس جمال تو فروغ ٭ خار ماہی آورد در قعر دریا بار گل ٭

## باب نہم صنائع کے بیان میں

Marfat.com

نوع میں متفق ہوں مگر ترتیب میں مختلف ہوں اور اسکی دو صورتیں ہیں۔ ایک یہ کہ کلمہ کے الفاظ ترتیب وار مقلوب ہوجاویں تو اُسکو قلب کل کہتے ہیں۔ جیسے ع مرد حق را درم زرہ نبرد ٭ دوسرے یہ کہ نامرتب بدلیں جیسے ع شرک در شکر نعمتِ ایمان۔ اور اگر سارا جملہ ایسا ہو کہ اسکو آخر سی پڑھیں تو اول جملہ حاصل ہوجاوی تو اُسکو قلب مستوی کہتے ہیں جیسے مرادے دارم۔ اور برآید یارب اور اگر دو لفظ جو ایک دوسرے کے قلب ہوں۔ شعر یا مصرعہ میں اس طرح آویں۔ کہ ایک شروع میں ہو اور دوسرا آخر میں تو اُس شعر یا مصرعہ کو مقلوب مجنّح یعنے بازووار کہینگے جیسے ع راز نہفتہ فاش شد از نالہائے زار ٭ دوم صنعت اشتقاق کہ چند لفظ ایک مصدر یا مادہ سی مشتق ایک مصرعہ یا بیت میں جمع ہوں جیسے ع با من قران کنند و قرینان من نیند ٭ اور اگر مادہ ایک نہو بلکہ حروف دونوں کے مشابہ ہوں تو اُس کو شبہ اشتقاق کہتے ہیں جیسے ؎ خضر الہامی کہ چون اسکندر شکر کشد و جہاں کشاید ٭ اور اس صنعت کو اہل معانی تجنیس کے ملحقات میں سے لکھتے ہیں۔ سوّم صنعت رد العجز علے الصدر۔ اسکا جاننا عروض کی اصلاح جاننے پر موقوف ہی وہ یہ ہی کہ عروضیوں نے شعر کے اجزا کے پانچ نام رکھے ہیں۔ مصرعہ اول کے پہلے جز کو صدر اور آخر کو عروض اور دوسرے مصرعہ کے اول کو ابتدا اور آخر کو عجز اور ضرب اور باقی اجزا دونوں مصرعوں کے جو درمیانی رہی اُنکو حشو کہتے ہیں تو اس صنعت کے یہ معنی ہوئے کہ آخر مصرعہ دوم میں وہی لفظ لانا جو مصرعہ اول کے شروع میں آیا ہی جیسے ؎ شیدا شدہ ام اکنوں اینست علاجم بس ٭ زنجیر دو زلف تو و پائے من شیدا ٭ لیکن تین صورتیں اس کی اور ہیں۔ اول یہ کہ عجز کا لفظ مصرعہ اول کے حشو میں واقع ہو دوّم یہ کہ عروض میں واقع ہو۔ سوّم یہ کہ ابتدا میں واقع ہو۔ تو صورت اول کے ساتھ ملکر چار صورتیں ہوئیں۔ اور

صنعت رد العجز علے الصدر صنعت اشتقاق

Marfat.com

سے وہ صنائع ہیں جن سے کلام میں خوبی حاصل ہو اور وہ دو طرح کی ہیں **اوّل صنائع معنوی** ۔ جن سے معنوں میں خوبی آئے گو معنوں کی تبعیت سے لفظ بھی اچھے ہوں **دوم صنائع لفظی** ۔ کہ صرف الفاظ ہی میں حسن ظاہر ہو اس لئے اس بات کو دو فصلوں میں بیان کیا جاتا ہے مگر صنائع کے شروع سے پیشتر معلوم کر لینا چاہیے کہ صنائع نظم اور نثر دونوں میں ہوتی ہیں لیکن چونکہ منظوم مثالوں کا یاد کرنا سہل ہے اس لئے ہم مثالیں نظم ہی کی لکھیں گے ۔

## فصل اول صنائع معنوی کے بیان میں صنعت اول طباق ہے

جسکو مطابقت اور تضاد اور تطبیق بھی کہتے ہیں اور وہ یہ ہے کہ کلام میں دو معنی ایک دوسرے کی ضد ذکر کریں ۔ جیسے ع تو میرانی و زندہ کن ہم نوئی ٭ پس اگر امر ضدین رنگ ہوں تو اس صنعت کو تدبیج کہیں گے ۔ جیسے ؎ دندان نکنی سپید تالب ٭ از تب نہ کنم کبود ہر دم ٭ اور اگر دو یا زیادہ معنی ذکر کر کے پھر اُن کے اضداد ذکر کریں تو اس صنعت کو مقابلہ کہیں گے ۔ جیسے ؎ مخالفان تو مردود چوں جواب خطا ٭ موافقان تو مقبول چوں سوال صواب ٭ **دوم مراعاۃ النظیر** ۔ جس کو تناسب اور تلفیق بھی کہتے ہیں یہ ہے کہ کئی چیزیں جن میں مناسبت ہو ایک جا ذکر کریں ۔ جیسے ؎ بہرام روز کوشش و ناہید صبحدم بزم ٭ پرویز روز بخشش و خورشید روز رزم ٭ اور اسمیں داخل ہے صنعت تشابہ الاطراف یعنی کلام ایسی شے کے ساتھ ختم کریں جو ابتدا سے مناسبت رکھتی ہو ۔ جیسے ؎ نامۂ تہمتن چوں سادہ درقم ٭ در کفش تیغ دو دم گردد قلم ٭ اور اس میں ملحق ہے ایہام تناسب کہ کلام میں ایسے معانی جمع کریں کہ انکو آپس میں مناسبت نہیں مگر ایک لفظ اپنے دوسرے معنی کے لحاظ سے البتہ متناسب ہے ، جیسے ؎ ادوم خلق در مسدس گیتی ٭ بہ سے مثلث بہر مشام برآمد یہاں مثلث سے بہ سے خوش مراد ہے اسکو مسدس سے کچھ نسبت نہیں مگر مثلث کے دوسرے معنے مسدس کے تناسب ہیں **سوم صفت تشبیہ** ۔ اسکے معنی اور ارکان کا ذکر باب ششم میں ہو چکا ہے

Marfat.com

اُن کی پھر چار چار صورتین ہیں۔اس لیے کہ دونوں لفظ بعینہ ایک ہونگے یا تجنیس کے طور پر یا اشتقاق کے یا شبہ اشتقاق کے طور پہ ہوں گے تو سب صورتیں سولہ ہوئیں۔ اول کی مثال ہم نے لکھدی ہی باقی ایک ایک مثال بطور نمونہ کے لکھے دیتے ہیں۔مثال اس صورت کی کہ حشو مصرعہ اول اور عجز میں ایک سے لفظ ہوں ؎ یوسف ماست ببازار کتوں حلوہ فروش ٭ زاہد از گوشۂ خلوت دلِ خود را باز آر ٭ مثال اُس صورت کی کہ عروض اور عجز ایک سے ہوں ؎ در عاشقی و دلبری ای دلبر شیریں ٭ من رنجہ چو فرہادم و تو ظرفہ چو شیریں ٭ مثال اس صورت کی کہ ابتدا اور عجز ایک سے ہون ؎ نہ در باغ سبزہ نہ در کوہ شخ ٭ ملخ بوستان خورد و مردم ملخ

اور مثالین انہیں پر قیاس کر لینی چاہئیں۔چہارم صنعت لزوم مالا یلزم۔یعنے لازم کر لینا ایسی بات کا جو ضروری نہو۔ ہر چند اصطلاح میں اس کا نام ہی کہ حروف روی یعنی قافیہ کے آخر سے پیشتر کسی حرف کا التزام کیا جائے مثلاً شامل کا قافیہ کامل اور بسمل وغیرہ ہو جس میں لام سے پہلے میم ہی آوے جاہل اور غافل وغیرہ نہ لایا جاوے۔ حالانکہ قواعد کی رو سے درست ہی لیکن حقیقت میں جس صنعت میں یہ بات پائی جاویگی۔کہ کوئی خاص التزام کر لیا ہوگا وہ بھی اسی میں شامل ہی۔چنانچہ ایک صنعت معاد ہی کہ جو لفظ ایک مصرعہ کے آخر میں آوے دوسرے مصرعہ کا شروع اُسی سے ہو جیسے اس قطعہ میں قطعہ

ناید بر من دلبر آسایش جانم ٭ جانم طیران میکند انجام ندانم ٭ دانم نرود پائے تمنارہ مقصود ٭ مقصود دلے نیست جزایں شور و فغانم ٭ اور اسی میں یہ بھی داخل ہے کہ کسی خاص کلمہ کا التزام کر لیا جاوی۔ کہ کوئی شعر یا مصرعہ اُس سی خالی نہو۔ جیسے کاتبی کا قصیدہ کہ اُسکے ہر مصرعہ میں شتر اور حجرہ موجود ہے۔اسکا مطلع یہ ہی ؎ مرا غم ست شتر بارہا بحجرۂ تن ٭ شتر دلی نکنم غم کجا و حجرۂ من ٭ اور

Marfat.com

یہاں صرف اس کے اقسام کا ذکر ہوتا ہی۔ اوّل معلوم کرنا چاہیئے کہ تقسیم تشبیہ کی ایک باعتبار وجہ شبہ کے ہے یعنی اگر وجہ شبہ مذکور نہیں ہوتی ہی تو اُس کو تشبیہ مجمل کہتے ہیں۔ جیسے چشم نرگس ست اور اگر مذکور ہو تو مفصل کہلاتی ہے۔ جیسے چشم چون نرگس ست در حسن ولطافت۔ دوسری تقسیم بلحاظ حرف تشبیہ کے ہی اگر مذکور ہوتا ہے تو تشبیہ مرسل بولتے ہیں۔ جیسے اوپر کی مثال میں اور اگر مذکور نہ ہو تو موکد کہتے ہیں جیسے چشم نرگس۔ اور ایک قسم باعتبار مشبہ کے ہے کہ اگر مذکور ہو تو مطلق کہتے ہیں۔ جیسے اوپر کی مثالیں ہیں اور مذکور نہ ہو تو تشبیہ کنایہ کہتے ہیں جیسے ؎ ژالہ از نرگس فرو بارید و گل را آب داد ٭ وز تگرگ روح پرور مالشِ عناب داد۔ اور اسی تشبیہ کو استعارہ بولتے ہیں۔ چنانچہ اسکی مثالیں استعارہ کے ذکر میں بہت لکھی گئی ہیں پھر صرف تشبیہ کی قسمیں پانچ ہیں اوّل۔ تشبیہ مشروط جس میں مماثلت کسی شرط پر موقوف ہو جیسے ؎ چون تو بباغ بگذری گل نرسد بوئے تو ٭ لیک بقامت رسد سرو اگر روان شود۔ قدیار کی مشابہت کے لئے سرو میں روانی کی شرط ہے۔ دوئم تشبیہ عکس کہ دو چیزوں سے ہر ایک کو مشبہ اور مشبہ بہ کریں جیسے ؎ شام گردد ہر صبح زرد لباس ٭ صبح گردد ہر شام تیرہ شعار۔ سوئم تشبیہ تسویہ۔ کہ اپنی اور محبوب کی ایک چیز کو مساوی کریں۔ جیسے ؎ دہان تو چو دل زار عاشقت تنگ ست ٭ تنش چو موئے میان تو لاغری دارد۔ چہارم تشبیہ اضمار۔ کہ ظاہر کلام ایسے ڈھنگ پر ہو کہ تشبیہ مقصود نہیں اور واقع میں تشبیہ مقصود ہو جیسے ؎ عاشق اگر منم چرا غنچہ دریدہ پیرہن ٭ گشتہ اگر منم چرا لالہ بخون زدہ کفن۔ ظاہر میں تشبیہ معلوم نہیں ہوتی مراد یہ ہے کہ میں عاشق مثل غنچۂ دریدہ پیرہن کے ہوں اور مثل لالہ کے بخون۔ پنجم تشبیہ تفضیل کہ ایک چیز کو دوسری سے تشبیہ دیں پھر مشبہ کو مشبہ بہ پر ترجیح دیں۔ جیسے ؎ سرورا قدیار میگویند و سرو چوبیست ناتراشیدہ۔ چہارم صنعت مشاکلت جسکے معنے ہیں ایک دوسرے

Marfat.com

اِسی قبیل سے یہ ہی کہ مصرعہ میں چیزون کا عدد مخصوص کردے جیسے خاقانی نے مثنوی لکھی ہی کہ ہر بیت کے دوسرے مصرعہ میں چار چیزین ذکر کی ہیں اُسکے اشعار یہ ہیں ؎ جمع آمدہ بہر خدمت وپاس ٭ اویس ومسیح وخضر والیاس ٭ بستہ کمراں چو حلقہ قدخم ٭ کیخسرو وسام وزال ورستم ٭ مستسقی جرعہ وقت تعجیل ٭ جیحون وفرات ودجلۂ نیل ٭ روزی طلب آمدہ دمادم ٭ دیو وملک وپری وآدم ٭ اور ایک صنعت قطع الحروف ہی یعنی یہ التزام کرنا کہ تمام کلام میں کوئی معین حرف تہجی نہ آوے مثلاً الف نہ ہو جیسے اس رباعی میں رباعی خورشید سپہر سروری ختم رسل ٭ درمسلک عقل رہرو جزو وکل ٭ درچشم خرد چیست رخش گلشن قدس ٭ جبریل بوود درچمنش یک بلبل ٭ ایک صنعت منقوطہ ہی۔ یعنے یہ التزام کرنا کہ کوئی حرف بے نقطہ نہو جیسے ع بخشش فیض بہ بینی زیں جشن ٭ اور ایک صنعت غیر منقوطہ ہی جسکو مہملہ کہتے ہیں یعنے کلام میں ایسے الفاظ لانے جن میں نقطہ نہ ہو جیسے ع کحل مردم گرد راہِ دلدل رہوارا و ٭ اور ایک صنعت رقطا ہی جسکے معنے سیاہی میں سفیدی ملے ہوئے کے ہیں اور اصطلاح میں یہ ہی کہ کلام میں ایسے الفاظ لاویں کہ ایک حرف نقطہ دار اور ایک بے نقطہ ہو جیسے ع زلف سیہ تو جانِ من دزدیدے ٭ اور ایک صنعت خیفا ہی جسکے معنے اُس جانور کے ہیں کہ ایک آنکھ سیاہ اور ایک سفید رکھتا ہو۔ اور اصطلاح میں ایسے کلام کو کہتے ہیں جس کا ایک کلمہ نقطہ دار ہو۔ اور ایک بے نقطہ ہو جیسے ع روح جنبش دہد ہیں گلہا ٭ اور ایک صنعت فوق النقاط ہی۔ جس میں اوپر ہی نقطے ہوں جیسے ؎ تا دشنۂ غمزہ راند دردل ٭ زخمش دُر خون فشاند بردل ٭ اور ایک صنعت تحت النقاط۔ ہے کہ جسکے نیچے ہی نقطے ہوں جیسے ؎ بدیر وکعبہ گردیدم بہر سو ٭ چو او بسیار کم دیدم پریرو ٭ اور ایک صنعت مقطع ہی۔ جس کے سب حرف لکھنے میں جُدا جُدا

Marfat.com

کی شکل ہوتا وہ یہ ہے کہ کسی چیز کو ایسے لفظ سے تعبیر کریں جو پاس کے الفاظ کی مناسبت ہو۔ جیسے ؎ لب سوال سزاوار بخیہ بیشتر است ٭ عبث بخرقۂ خود بخیہ میزند درویش ٭ یہاں خموشی کو لب کے بخیہ سے تعبیر کیا ہے اسوجہ سے کہ دوسرے مصرعہ میں بخیہ خرقہ کا ذکر ہے۔ پنجم صنعت مزاوجت وہ یہ ہے کہ دو معانی دو شرط و جزا میں واقع ہوں اور جو امر پہلے معنی پر مترتب ہو وہی دوسرے پر ہو۔ جیسے ؎ چون مرا بینی شود لطف مبدل باعتاب ٭ چون ترا بینم شود صبرم بدل با اضطراب ٭ یعنی میرے دیکھنے سے تیرے صفات میں تغیر ہوتا ہے اور تیرے دیکھنے سے میری صفات میں۔ غرضیکہ تبدیل صفات دونوں صورتوں میں ہے اور مزاوجت کے معنے لغت میں جوڑا ہونے کے ہیں۔ ششم صنعت ارصاد۔ لغت میں اس کے معنی راہ پر نگہبان بٹھانے کے ہیں۔ اور اصطلاح میں یہ ہے کہ شعر کے شروع میں ایسا لفظ لاویں جس سے معلوم ہوجاوے کہ قافیہ میں یہ لفظ آویگا جیسے ؎ چون آستان مقیم شود بخت بردش ٭ ہر کو چون بخت روئے برین آستان نہاد ٭ یہ شعر اس قصیدہ کا ہے جسکی بنا قافیہ ان پر ہے اس لئے اول مصرعہ میں آستان کے آنے سے معلوم ہوجائیگا کہ شاعر آخر میں آستان کہیگا اور اس صنعت کو تسہیم بھی کہتے ہیں۔ ہفتم صنعت عکس جسکو تبدیل بھی کہتے ہیں یہ ہے کہ کلام میں جو جزو مقدم کیا تھا اسکو پھر مؤخر کردیں اور مؤخر کو مقدم جیسے ؎ دلے دارم ہمیشہ ہمدم غم ٭ بغے دارم ہمیشہ ہمدم دل ٭ ہشتم صنعت رجوع کہ ایک بات کہکر کسی نکتہ کے باعث اس سے انکار کریں اور دوسرا کلمہ نکتہ آمیز بولیں جیسے ؎ دلم رفت آنگہ باصبر آشنا بود ٭ خطا گفتم مرا خود دل کجا بود۔ نہم صنعت توریہ۔ یعنے چھپانا۔ جس کو ایہام بھی کہتے ہیں وہ یہ ہے کہ ایک لفظ کے دو معنے ہوں قریب اور بعید اور مراد قائل کے معنی بعید ہوں جیسے ؎ بجرعہ توان آتش افروختن۔ پس آنگہ درنہ کہن سو نستن ٭ کہ سفردہ کے معنی بعید یعنی پنگاری مراد ہے ایسے ہی ایہام کو

Marfat.com

لکھے دبائیں جیسے ؎ رُخ زرد دارم ز دوریٔ آن در ٭ ندیدہ داغ دردم درونِ دل آزار ٭ اور ایک صنعت موصل ہی جس میں التزام کیا جائے کہ کلمات دو دو خواہ تین تین یا تمام کلام ملا کر لکھ سکیں۔ موصل بدو حرف جیسے ؎ چو من کاست گوئی شبِ فرقتِ تو ٭ مہ تو کہ باشد بدینگونہ لاغر ٭ اور سب سے آگے کا شعر موصل بسہ حرف ہے اور پھر موصل بچہار اور پھر موصل بہ پنج اور سب کلام کے موصل لکھ سکنے کی مثال یہ ہے ع کہ ہست محسن قلب علیل عکس حبیب ٭ اور ایک صنعت واسع الشفتین ہی کہ اُسکے پڑھنے میں دونوں لب ملیں جیسے ؎ در رہ گرتر اگذار شدہ ٭ سر راہِ تو سر شمار شدہ ٭ اور حقیقت میں یہ صنعت قطع الحروف میں سے ہی۔ کیونکہ ب اور پ اور میم کے نہ لانے سے دو لب نہیں ملتے۔ اور اگر یہ التزام کیا جاوے کہ ہر کلمہ میں ان حروف میں سے ضرور ہو تو واصل الشفتین کہلائے گی جیسے ؎ بت من دمبدم فریب مدہ ٭ بہ لبِ من لبِ پیالہ بنہ ٭ اور ایک صنعت سجع ہی جس کا حال نثر کے اقسام میں بیان ہو چکا۔ اور ایک صنعت ذوالقافیتین ہی کہ ایک شعر میں دو قافیئے لاوین جیسے ؎ عقل و فرمان کشیدنی باشد ٭ عشق و ایمان چشیدنی باشد ٭ اور کبھی ردیف کو دونوں قافیوں کے درمیان لاتے ہیں اور اُسکو ذوالقافیتین مع الحاجب کہتے ہیں۔ حاجب آڑ کو کہتے ہیں۔ یعنی دونوں قافیوں میں ردیف مذکور حائل ہو گئی ہی جیسے ؎ اے شاہِ زمین بر آسمان داری تخت ٭ پیری تو بدانش و جوان داری بخت ٭ اسمیں داری ردیف ہے۔ اور اسکے اِدھر اُدھر دو دو قافیے ہیں۔ اور ایک صنعت متلون ہی کہ شعر دو بحروں مختلف میں پڑھا جاوے جیسے مثنوی ابلی شیرازی کی جس کا نام سحر حلال ہے اسکے اشعار یہ ہیں ؎ اے شدہ در خانۂ جان منزلت ٭ خانۂ جان یافتہ زاں منزلت ٭ اے شدہ مہر رُخ تو زینِ چرخ ٭ چرخ ازان آمدہ در عین چرخ ٭ اگر اضافات کو مختصہ

موصل

واصل الشفتین

موصل الشفتین ذوالقافیتین

متلون

Marfat.com

ایہام مجرد کہتے ہیں اور دوسری قسم ایہام کی مرشح ہے جسمیں معنی قریب کے مناسبات مذکور ہوتے ہیں۔ جیسے ؎ دیدہ روشن میشود از چہرۂ زیبائے تو ٭ در کسے انکار ایں معنی کند روشن کنم ٭ یہاں روشن کنم کے دو معنی ہیں ایک یہ کہ آنکھ کو روشن کردوں اور دوسرے یہ کہ واضح کردوں۔ اور مراد یہی ہے اور مناسبات معنی اول کے دیدہ اور چہرہ مذکور ہیں اور ظاہر ہے کہ یہ معنی بھی اس جا درست ہو سکتے ہیں پس غرض تو ریہ مرشح سے یہی ہوتی ہے کہ ایک معنی بعید مراد ہوتے ہیں اور معنی قریب بھی چسپاں ہو سکتے ہیں۔ دہم صنعت استخدام۔ جس کے معنے خدمت لینے کے ہیں اور وہ یہ ہے کہ دو معنی والے لفظ سے ایک جا ایک معنی مراد لیں اور اسکی ضمیر سے دوسرے معنے مراد لیں جیسے ؎ تا بہ بزم خویش مارا دادہ است آں سرو بار ٭ از نہال قامتش آنرا شدیم امیدوار ٭ لفظ بار سے اوّل مصرعہ میں۔ دخل مراد ہے اور دوسرے مصرعے میں اسکی ضمیر سے پھل مراد ہے۔ یازدہم صنعت لف ونشر۔ لغت میں لف کے معنی لپیٹنا اور نشر کے معنی پھیلانا اور اصطلاح میں یہ ہے کہ چند چیز کو اولاً مفصلاً یا مجملاً ذکر کریں اسکو لف کہتے ہیں پھر اسیقدر چیزیں اور ذکر کریں کہ ہر ایک کو پہلے اشیاء سے علاقہ ہو اسکو نشر کہتے ہیں پس اگر لف اور نشر کے اشیاء کی ترتیب متحد ہو یعنی لف کی اول چیز کو نشر کی اول چیز سے علاقہ ہو اور اسکی دوم کو نشر کی دوم سے اور علی ہذا القیاس تو مرتب کہیں گے۔ جیسے ؎ بر ید و درید و شکست و بہ لبت ٭ یلان را سر و سینہ و پا و دست ٭ اسمیں بر ید کے متعلق سر ہے اور درید کے متعلق سینہ اور شکست سے علاقہ پا کو ہے اور لبت سے دست کو۔ اور اگر دونوں کی ترتیب مختلف ہو تو غیر مرتب بولیں گے اور اس کی دو قسمیں ہیں ایک تو یہ کہ نشر کی ترتیب لف کے برعکس ہو جیسے ؎ گل و نرگس بہم بر اہل ابصار ٭ نمودہ جلوہ ہائے چشم و رخسار ٭ دوسرے یہ کہ مختلف ہو جیسے ؎ در باغ شد از قد و رخ و زلف تو نایاب ٭ گلبرگ تر و سرو سہی سنبل سیراب ٭

Marfat.com

کرکے پڑھو۔ تو وزن مفتعلن مفتعلن فاعلن بحر سریع مطوی موقوف کا ہوگا۔ اور اگر کھینچکر پڑھو تو وزن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن رمل مسدس محذوف کا ہوگا اور اُس میں شاعر نے یہ بھی کمال کیا ہی کہ ہر شعر ذوقافیتین ہی۔ اور دوسرے قافیہ میں صنعت تجنیس ہی اور متلون کے اقسام میں ایک منقوص ہی کہ جب شروع مصرعہ کا کلمہ دور کر دیا جائے تو رباعی کا وزن رہ جائے۔ اور معنے بدستور رہیں جیسے ؎

درد ہجر آمد و افزود مرا حسرت و غم ٭ صبر و آرام شد از جانم و با دوست بہم

اسکا وزن رمل مجنون ہی لیکن اگر درد اور صبر کو نکال ڈالو۔ تو رباعی کا وزن رہجاتا ہی اور اسی کی قسم محذوف ہے۔ کہ مصرعون کے آخر کے الفاظ نکالنے سے وزن رباعی کا رہجائے جیسے ؎ در غالیہ دان بنیم آن تنگ دہاں لیکن ٭ سی گوہر جان پرور در غالیہ دان داری ٭ اسکا وزن ہزج اور اخرب ہے، مگر لفظ لیکن اور داری کے دور کرنے سے رباعی کا وزن رہجاتا ہی اور ایک صنعت سیاق الاعداد ہی کہ اعداد بترتیب یا بے ترتیب ذکر کریں۔ جیسے ؎ یک دو شد از سہ حرفش چار اصل و پنج شعبہ ٭ شش روز و ہفت اختر نہ قصر و ہشت منظر ٭ یعنی اُسکے جاہ سی کہ تین حرف کا ہی یہ شیا، دونی ہوگئیں اور ایک صنعت تنسیق الصفات ہی کہ کسی موصوف کی پیہم صفات مذکور کریں جیسے ؎ خداوند بخشندۂ دستگیر ٭ کریم خطا بخش و پوزش پذیر ٭ اور ایک صنعت توشیح ہی جسکے معنے حمائل پہنانے کے ہیں اور اصطلاح میں یہ ہی کہ چند اشعار اسطرح لکھے جاویں کہ ہر مصرعہ کے حرف اول کو اگر جمع کریں تو کوئی نام یا عبارت حاصل ہو یا حرف آخر خواہ متوسط کے لینے سی حاصل ہو۔ اور اسی طرح صنعت مشجر اور مدور اور مربع ہین یا صنعت جامع اللسانین کہ ایک زبان کا شعر دوسری میں پڑھا جاوی یہ سب تفنن طبع کیلئے ہیں تنبیہ منشی کو چاہیئے کہ جب لفظی صنعتوں کی طرف متوجہ ہو تو معنی کا لحاظ صنائع پر مقدم رکھے ورنہ اگر معنے کم رتبہ کے اور لفظ چکنے ہونگے تو ایسا ہوگا۔

Marfat.com

اور لف و نشر میں بہتر وہ ہوتی ہے کہ کئی لف اور کئی نشر جمع ہو جائیں جیسے اس شعر میں ہے ؎ جان و دل و دلی عدو تو روز و شب ٭ از دعدہ و عید تو پر از نار باد ٭ اس میں چار بار لف کیا ہے، اور اسی قدر نشر کیا ہے۔ دوازدہم ۱۲ صنعت۔ جمع کہ کئی چیزوں کو ایک جگہ میں اکٹھا کیا جائے جیسے ؎ شد بر دلم آسان ہمہ امروز بیکبار ٭ رنج دل و تیمار تن و بیش و کم او ٭ چھ چیزوں کو آسان ہونے میں اکٹھا کیا ہے سیزدہم ۱۳ صنعت تفریق۔ کہ ایک طرح کے مشابہ چیزوں میں فرق بیان کیا جائے جیسے ؎ زین چکد آب و زان ببارد خون ٭ مژۂ من کجاؤ ابر بہار کجا؛ یعنی مژہ اور ابر باہمدگر مشابہ ہیں۔ مگر فرق یہ ہے کہ ایک میں سے خون نکلتا ہے اور دوسرے میں سے پانی۔ چہاردہم ۱۴ صنعت تقسیم کہ اوّل چند اشیاء ذکر کریں اور پھر ہر ایک کے متعلق کوئی چیز تعین کے ساتھ ذکر کریں اور اس میں اور لف و نشر میں یہی فرق ہے کہ لف و نشر میں تعیین متکلم کی طرف سے نہیں ہوتی۔ مخاطب اپنی عقل سے ہر چیز کے مناسب کو اس سے متعلق کر لیتا ہے اور تقسیم میں خود متکلم تفصیل وار مناسبات بتا دیتا ہے جیسے ؎ دستے کہ گرفتی سر آن زلف چو شست ٭ پائے کہ رہ وصل نوشتی بپیوست ٭ زان دست کنون در گل غم دارم پائے ٭ زان پائے کنون بر سر دل دارم دست ٭ اور ایک تقسیم کی صورت یہ بھی ہے کہ ایک ہی چیز کی اقسام پوری ذکر کر دی جاویں جیسے ؎ پیوستہ دشمنانِ تو دین گونہ مستمند ٭ یا کشتہ یا گریختہ یا بستہ در حصار ٭ یہاں مستمندی کے اقسام مصرعہ دوم میں مذکور کیے ہیں اور کبھی ان تینوں صنعتوں میں سے دو دو ملا کر مرکب کر لیتے ہیں۔ مثلاً کئی چیزوں کو اوّل ایک حکم میں جمع کیا اور پھر فرق بیان کیا تو جمع و تفریق ہو گی جیسے ؎ من و تو ہر دو مائیم اے شیخ ٭ تو بمحراب و من بہ ابروئے یار۔ اور شیخ کو مائل ہونے میں جمع کیا اور جہت میل بیان کرنے سے فرق بتا دیا۔ اور اگر دو چیزوں کو جمع کر کے ہر ایک کا حال جداگانہ

Marfat.com

کہ گویا زربفت کی جھول گدھے کو پہنا دی۔

# باب دہم عروض وقوافی کے مختصر بیان میں

اس میں دو فصلیں ہیں اور اول اصطلاحات لکھی جاتی ہیں۔

## اصطلاحات

**وزن** - عروضیوں کی اصطلاح میں دو کلموں کی حرکات اور سکون مساوی ہونے کو کہتے ہیں۔ اگرچہ حرکتوں میں اختلاف ہو مثلاً احسان اور صندوق کا وزن ایک ہی۔ یعنی جتنی حرکتیں اور سکون ایک میں ہیں اُتنی ہی دوسرے میں ہین۔ گو حرکتیں دونوں کلموں کی مختلف ہیں۔

**بحر** - چند کلمات موزون کا نام ہے۔ جن پر کہ اشعار کا وزن ٹھیک کیا کرتے ہیں

**رکن** - بحر کے اجزا میں سے ایک جز کا نام رکن ہی اور زیادہ کو ارکان کہتے ہین۔ یا افاعیل وامثال بولتے ہین۔

**اصول** - رکن کے اجزا کو کہتے ہیں۔

**تقطیع** - کسی شعر کے اجزا کو بحر کے ارکان پر وزن کرنے کو کہتے ہیں اور اس طرح کہ ساکن حرف کے مقابل ساکن ہوتا جاوے اور متحرک کے مقابل متحرک واقع ہو۔ اور اس کی تفصیل اور کیفیت مشروحًا آگے مرقوم ہوگی۔

**زحاف** - شعر کے ارکان میں اگر کچھ تغیر واقع ہو مثلاً کوئی حرکت جاتی رہے یا حرف محذوف ہو جاوے۔ یا کچھ زائد ہو جاوے تو اُس تغیر کو زحاف کہتے ہیں اور اُس رکن کو جس میں زحاف ہوا ہو مزاحف کہتے ہیں۔ اور اُس بحر کو بھی جس میں رکن مذکور ہو مزاحف کہتے ہیں۔

**سالم** وہ بحر یا رکن جس میں تغیر نہ ہوا ہو۔

Marfat.com

بیان کیا جائے تو جمع و تقسیم ہوگی جیسے ؎ بے تو چو شمع کرد ام خندہ و گریہ کار خود ؛ خندہ بروز دل کنم گریہ بروزگار خود ؛ اول مصرعہ میں جمع ہے اور دوسرے میں تقسیم اور کبھی تینوں ایک جا جمع ہوتے ہیں جیسے ؎ مجلس دو آتش داده برین از جمروان از شجره ؛ ایں کرده منقل را مقروان حمام را عصا داشته - دو آتش کو مجلس کے ثمرہ ہونے میں جمع کیا اور ایک کو پتھر کی اور ایک کو لکڑی کی کہنا تفریق ہے اور دوسرے مصرعہ میں تقسیم ہے - پانزدہم - صنعت تجرید - جس کے معنے لغت میں ننگا کرنے کے ہیں اور اصطلاح میں یہ ہے کہ کسی صفت والی چیز سے دوسری چیز پیدا کریں اور غرض اس سے اول کا صفت مذکور میں کامل ہونا اس درجہ کو ہوتا ہے کہ اس سے ویسی ہی دوسری چیز نکل سکتی ہے اور یہ صنعت اکثر تخلص میں آیا کرتی ہے ؎ مست ذوق عرفیم کز نغمۂ تو عید لذت ؛ آوازہ در کام جہاں انداخته ؛ اس میں متکلم نے اپنے آپ کو ایسا کامل عارف قرار دیا کہ اس میں سے ایک شخص جداگانہ نکال کر - اس کا حال بیان کیا کہ عرفی کے ذوق سے مست ہوں - حالانکہ کہنے والا خود عرفی ہی ہے - شانزدہم - صنعت مبالغہ - کہ تعریف اور مذمت میں ایسی نوبت پہنچا دیں کہ وہاں تک پہنچنا بعید یا محال ہو - اس کی تین قسمیں ہیں ایک یہ کہ اس حد تک پہنچنا عقل اور عادت کی رو سے ممکن ہو تو اس کو تبلیغ کہتے ہیں - جیسے ؎ بر و گر عیب بین چشمے کشاید ؛ و گر زو ہنر بینی نماید ؛ یعنے ہو سکتا ہے کہ آدمی کسی اچھے شخص کو دیکھکر پھر عیب جوئی نہ کرے دوئم یہ کہ عقل میں ممکن ہو اور عادت کی رو سے محال اس کو اغراق کہتے ہیں جیسے ؎ دلم ز درد و گرانمایہ چون جگر ز فغاں - دہانم از گلہ خالی چو خاطرم ز غبار ؛ عقل کی رو سے ہو سکتا ہے کہ کوئی شخص کسی سے درد پاکر شکوہ نہ کرے نہ دل پر میل لاوے مگر عادت کے لحاظ سے بعید معلوم ہوتا ہے

Marfat.com

# فصل اوّل عروض کے بیان مین

عروض وہ علم ہے جس میں نظم کی درستی کے قواعد مذکور ہون اس میں ذکر بحرون کا اور اُن کے ارکان وزحافات کا ہوتا ہے۔

واضح ہو کہ اصول جن سے ارکان یعنی اجزا کسی بحر کے مرکب ہوتے ہیں دو ہیں۔

**سبب اور وتد**۔ لفظ دو حرفی کو سبب کہتے ہیں اور سہ حرفی کو وتد۔

پھر سبب کی دو قسمیں ہین۔ اوّل سبب خفیف جس کے دو حرفوں میں سے اول حرف متحرک اور دوسرا ساکن ہو جیسے سر۔ دوّم سبب ثقیل جس کے دونوں حرف متحرک ہوں جیسے لفظ سر ترکیب اضافی میں مثلاً سر من۔

اور وتد کی بھی دو قسمیں ہیں۔ اوّل مجموع جسکے تین حرفوں میں سے اول کے دو حروف متحرک ہوں جیسے قلم۔ دوسرا وتد مفروق جسکے تین حرفوں میں سے درمیان کا حرف ساکن ہو اور اطراف کے دونوں حرف متحرک ہوں جیسے لفظ مشق ترکیب توصیفی میں مثلاً مشق جلی اور فارسی میں سبب ثقیل اور وتد مفروق بدون ترکیب نہیں پائے جاتے اسواسطے مرکب مثال لکھی گئی۔ اب معلوم کرنا چاہیئے۔ کہ ان دونوں اصول سے سات ارکان بحروں کے بنتے ہیں جنکو افاعیل ہفت گانہ کہتے ہیں دو رکن پنج حرفی ہیں۔ یعنی فعولن اور فاعلن۔ اور پانچ رکن باقی سات حرفی ہیں یعنی مفاعیلن مُستفعِلُن۔ متفاعِلُن۔ فاعلاتُن۔ مفعولات۔ پنج حرفی ارکان میں ایک سبب خفیف اور ایک وتد مجموع ہے۔ پس اگر سبب کو۔ پہلے بولیں تو فاعلن ہوتا ہے اور اگر وتد کو پہلے بولیں تو فعولن ہوتا ہے اور مفاعیلن اور مستفعلن میں ایک وتد مجموع اور دو سبب خفیف ہیں اول میں وتد مقدم ہے اور دوم میں دونوں سبب خفیف مقدم ہیں اور متفاعلن میں ایک سبب ثقیل اور ایک سبب خفیف اور ایک وتد مجموع ہے

Marfat.com

سوم یہ کہ عقل وعادت دونوں کی راہ سے محال ہو اُسکو غلو کہتے ہیں ۔ جیسے ؎
گر نشنوداز دہر کہ مرد و کفِ تست ۔ بیرون فگند سکہ ز آغوش درم را ۔ ہفتدہم صنعت
مذہب کلامی ۔ یعنی کلام ایسی طرح بولیں کہ اہل کلام کے طریق پر اس سے قیاس بنا کر نتیجہ
نکال لیں جیسے ؎ منافع رسان در زمین دیر ماند ۔ بس است این یک آیت دلیل
دوامت ۔ اس سے قیاس یوں بنتا ہے کہ ہر نفع رسان باقی اور پائدار رہتا ہے
اور تو نفع رسان ہے تو نتیجہ یہ ہوا کہ تو باقی اور دائم ہے ۔ ہیجدہم ۔ صنعت حسن تعلیل ۔
کسی چیز کی علت پسندیدہ طور پر بیان کرنی کہ واقع میں وہ علت نہیں ہے ؎ یا چشم
تو ریخت خون عشاق ۔ زلف تو گرفت رنگ ماتم ۔ یہاں زلفوں کی سیاہی کی
علت یہ بیان کی کہ تیری آنکھ نے جو عاشقوں کا خون کیا ہے ان کے سوگ کے باعث
زلفوں نے لباس سیاہ کیا ہے ۔ حالانکہ واقع میں زلف کی سیاہی کی یہ علت نہیں
نوزدہم ۔ صنعت تاکید مدح بالفاظ مشابہ ذم ۔ یعنی تعریف کی تاکید میں ایسے الفاظ
لاویں کہ ظاہر میں ہجو معلوم ہو اور غور کریں تو کمال تعریف ہو جیسے ؎ ہرآنکہ نام تو
بر دل نوشت گشت عزیز ۔ مگر دلم کہ ز دست تو میکشد خواری ۔ بستم ۔ صنعت
ذم بالفاظ مشابہ مدح ۔ یہ صنعت پہلی صنعت کا عکس ہے ۔ یعنی ہجو میں ایسے الفاظ
لاویں کہ بظاہر مدح معلوم ہوں اور تامل کے بعد کمال ہجو ثابت ہو جیسے ؎ ہمیشہ
خصم تو در سایہ ہمائے بود ۔ زبسکہ بر سرش از بہر استخوان آید ۔ اول مصرعہ میں ممدوح
کی تعریف معلوم ہوتی ہے ۔ مگر دوسرے مصرعہ سے اس کی ذلت اور ہلاکی مفہوم
ہوتی ہے ۔ بست ویکم ۔ صنعت استتباع ۔ جس کے معنے ایک دوسرے کے پیچھے
لانے کے ہیں اور اصطلاح میں یہ ہے کہ ایسی طرح مدح کی جاوے کہ اس میں دوسری
مدح حاصل ہو جیسے ؎ گر دوزد آتش قہر تو جہان خشک سیاہ ۔ ممدوح ثانی کو
نبود قسلزم مہر تو دران ۔ یہاں تعریف قہر کی اس طرح کی ہے کہ اس سے مہر کا

Marfat.com

اور فاعلاتن میں وتد مجموع دو سببوں خفیف کے درمیان میں ہی اور مفعولات میں دو سبب خفیف اول میں ہیں اور وتد مفروق آخر میں۔

تنبیہ۔ سوائے ان سات رکنوں کے ایک رکن اور مشہور ہی یعنی مفاعلتن مگر چونکہ وہ اشعار مروجۂ حال میں مستعمل نہیں اسواسطے نہیں لکھا گیا۔

اب ان ارکان سی بحرین بنتی ہیں اور وہ اگرچہ گنتی میں اُنیس ہیں مگر چوبالفعل مروج ہیں اور اُنپر شعرا اکثر شعر کہتے ہیں وہ گیارہ ہیں اس تفصیل سی رجز۔ رمل۔ کامل متدارک۔ متقارب۔ ہزج۔ یہ چھیوں بحرین صرف ایک ہی رکن کے کئی بار ہونے سے پیدا ہوتی ہیں۔ اور خفیف۔ سریع۔ مجتث۔ مضارع۔ منسرح۔ یہ پانچ بحریں دو دو رکنوں کے کئی بار ہونیسے بنتی ہیں۔ مگر کسی بحر میں ارکان چھ سے کم اور آٹھ سے زیادہ نہیں ہوتے۔ چھ رکن والی بحر کو مسدس کہتے ہیں اور آٹھ والی کو مثمن یعنے ہر مصرع مسدس بحر کا مرکب ہوگا تین رکنوں سی اور مثمن کا چار سی۔

## بیان زحافات کا

واضح ہو کہ عروضیوں نے تعداد تغیرات کی جو ارکان میں ہوتے ہیں۔ اکتالیس لکھی ہیں۔ مگر چونکہ بعض زحافات خاص عربی زبان میں آتے ہیں۔ اور بعض اس طرح کے ہیں کہ اشعار مروجۂ حال میں واقع نہیں ہوتے لہذا اُن کو لکھنا فضول جانکر بیس زحاف مشہور و مروج پر اکتفا کیجاتی ہے۔

پس جاننا چاہیئے۔ کہ جو تغیرات ارکان میں ہوتے ہیں۔ اُن میں سے بعض تو ایسے ہیں کہ صرف ایک ہی رکن میں ہوتے ہیں۔ اور بعض کئی رکنون میں آسکتے ہیں جو زحاف کہ اول ہی رکن میں ہوتے ہیں۔ اور مروج بحروں میں مستعمل بھی ہیں وہ گنتی میں چار ہین **اوّل** ثلم بفتح ثا مثلثہ وسکون لام اُس زحاف کا نام ہی کہ رکن فعولن سے ف کو ساقط کریں اس صورت میں عولن رہیگا اسکی جگہ اسکا ہموزن

Marfat.com

تعریف بھی حاصل ہوگئی۔ بست و دوم۲۲ صنعت ادماج۔ جس کے معنی پیٹے کے ہیں
اور اصطلاح میں اس کلام کو کہتے ہیں جس میں دو مدعا نکلیں اور اسمیں اور استتباع
میں یہ فرق ہے کہ استتباع مدح ہی میں ہوتا ہے۔ اور ادماج عام ہے کہ مدح ہو
[illegible] ادماج میں یہ فرق ہے کہ ایہام میں ایک لفظ سے دو معنی کا
[illegible] ادماج میں جملہ سے جیسے ؎ زبانِ آن پسر ترکی و من ترکی نمیدانم ؛
[illegible] زبانش در دہان من ؛ یہاں دو معنی درست ہیں کہ اس کی بولی
[illegible] بست و سوم۲۳ صنعت توجیہ جس کو محتمل ضدین کہتے ہیں۔ یعنی
[illegible] ایک دوسرے کے مخالف سمجھ میں آویں۔ جیسے ؎ یک
[illegible] کفر و کافرات ؛ یک نعمہ شمار کرمت لا و نعم را ؛ ایک یہ معنی
[illegible] کافرات نہیں اور تیرے کرم میں لا نہیں۔ دوسرے یہ کہ کفر تجھ میں
[illegible] بست و چہارم۲۴ صنعت ہزل۔ کہ اس سے عمدہ
[illegible] بیان کریں۔ اور واقع میں اس سے پند وغیرہ
[illegible] ؎ بہ بیہودہ دنیا مکنید آہنرش ؛ از آتشک جہنم اندیشہ کنید ؛
[illegible] الفاظ شوخوں کے ہیں مگر واقع میں پند ہے۔ بست و پنجم۲۵ صنعت تجاہل العارف
[illegible] جان کر انجان بن جانا۔ اور اصطلاح میں یہ ہے کہ ایک چیز معلوم کو کسی نکتہ
[illegible] وجہ سے نہ معلوم ظاہر کریں جیسے ؎ نمیدانم تو خواہی بود یا گردون چنیں دانم ؛
کہ دامن گیر گردد خون من نامہربانی را ؛ یہاں تجاہل سے مقصود محبوب
کی بیدادگی مبالغہ ہے۔ بست و ششم۲۶ صنعت قول بالموجب۔ جس کے معنے مضمون
[illegible] بیان کرنے کے ہیں اور اصطلاح میں یہ ہے کہ قائل کے قول کے معنے اسکی
مراد کے خلاف لیے جائیں۔ جیسے ؎ دوستی گوئی نہ از دل میکنی ؛ راست میگوئی
کہ از جاں میکنم ؛ مراد قائل کی یہ تھی کہ نہ دل سے تم محبت نہیں کرتے۔ اس کے

Marfat.com

فعلن مستعمل ہی اور اس زحاف کے رکن کو اثلم کہا کرتے ہیں **دوم** حبب بفتح جیم وتشدید باء موحدہ وہ زحاف ہی کہ مفاعیلن کے دونوں سبب خفیف گرجاویں۔ صرف مفارہ جاوے۔ اُسکی جگہ اُس کا ہموزن فعل بولتے ہیں اور زحاف کے رکن کو مجبوب کہتے ہیں۔ **سوم** خرم بفتح خاء معجمہ وسکون راء مہملہ مفاعیلن کے میم دُور ہونے کو کہتے ہیں اسکے باعث فاعیلن رہتا ہی اُسکی جگہ مفعولن اسکا ہموزن مستعمل ہی اور رکن کا نام اس صورت میں اخرم ہوتا ہی۔ **چہارم** کشف بفتح کاف وسکون شین معجمہ مفعولات کی تَ دور کرنے کا نام ہی مفعولا رہی گا۔ اُس کی جگہ مفعولن کہینگے اور رکن مکشوف بولا جاوے گا۔

اور جو زحاف کہ کئی رکنوں میں آسکتے ہیں وہ گیارہ ہیں اوّل اذالہ بکسر الف و ذال معجمہ یہ ہی کہ جس رکن کے آخر میں وتد مجموع ہو اس میں ماقبل آخر الف زیادہ کریں جیسے مستفعلن سے مستفعلان ہوجاوے ایسے جز کو مذال کہتے ہیں دوم تسبیغ بسین مہملہ وغین معجمہ یعنی جس رکن کے آخر میں سبب خفیف ہو اس میں الف زیادہ کیا جائے مثلاً فاعلاتن میں اگر الف زیادہ ہووے۔ تو فاعلاتان ہوگا۔ اسکی جگہ اس کا ہموزن فاعلیاتن مستعمل ہی اور رکن کا نام مسبغ ہے **تنبیہ** یہ دونوں زحاف ایسے ارکان پر واقع ہوتے ہیں۔ جو آخر مصرعہ میں ہوں یعنے عروض اور ضرب میں واقع ہوتے ہیں صدر اور ابتدا اور حشو میں نہیں آتے۔ **تیسرا** حذذ بفتح حا رحطی وہر دو ذال معجمہ اُس زحاف کو کہتے ہیں کہ آخر رکن سے وتد مجموع گرجاوی۔ مثلاً فاعلن سے فار ہجاوی تو اُسکی جگہ فع کہینگے اور رکن کو احذ بولینگے۔ **چوتھا** حذف کہ آخر رکن سی سبب خفیف دور کرنے کو کہتے ہیں جیسے فعولن سی مثلاً لن گرایا جاوے تو فعو رہے گا اس کی جگہ فعل مستعمل ہی اور رکن کا نام محذوف ہی۔ **پانچوان** خبن بفتح خائے معجمہ وسکون باء موحدہ جس رکن میں کہ اول سبب خفیف ہو۔

Marfat.com

اس کے مطلع پر نہ لیئے بلکہ جواب میں یہ کہا کہ میری محبت کا علاقہ دل سے نہیں بلکہ جان سے ہے سلبست[۲۷] و ہفتم۔ صنعت اطراد۔ جس کے معنے انتظام کے ہیں اور اس کو اطرا بھی کہتے ہیں جس کے معنے تعریف کرنے کے ہیں اور اصطلاح میں یہ ہے کہ ممدوح کا نام مع اس کے باپ دادوں کے بترتیب ذکر کریں خواہ نیچے سے اوپر تک یا اوپر سے ممدوح تک جیسے ؎ بہار گلشن دین محمد عربی ٭ ضیائے چشم علی نور دیدہ زہرا ٭ بہار خرمی خاطر حسین و حسن ٭ سرور سینہ زین العباد شمع بری ٭ فروغ شمع شبستان باقر و صادق ٭ غریب خاک خراسان علی بن موسیٰ۔ بیست و ہشتم[۲۸] صنعت تعجب۔ کہ کلام میں کوئی بات قابل تعجب کسی غرض کے لیئے ذکر کی جائے جیسے ؎ سرو را سایہ یکے بیش نباشد یارب ٭ این ہمہ خاک نشین در پے آن بالا چیست یہاں غرض مبالغہ کثرت خاک نشینان محبوب کا ہے۔ بیست و نہم[۲۹] ۔ صنعت اعتراض جس کے معنے حائل ہونے کے ہیں اور اسکو حشو بھی کہتے ہیں۔ جس کے معنے بیجا ذکر کے ہیں۔ اور اصطلاح میں یہ ہے کہ مقصود کے تمام ہونے سے پیشتر ایسا جملہ معترضہ یا لفظ ذکر کریں کہ مطلب اس کے بدون بھی پورا ہو اور اس کی تین قسمیں ہیں۔ حشو قبیح اور ملیح اور متوسط۔ قبیح وہ ہے جس کے بیچ میں آنے سے کلام کا رتبہ گھٹ جائے اور ایسا شعر کلام بلغا میں نہیں آتا۔ اس لئے اس کی مثال بھی لکھنی ضرور نہیں۔ اور حشو ملیح وہ ہے جس سے کلام میں لطف اور حسن آجائے جیسے ؎ گر بخندم وان پس از عمریست گوید زہر خند ٭ ور بگریم وان بہر روزیست گوید نوگری ٭ اس میں وان پس از عمریست اور وان بہر روزیست حشو ملیح ہے۔ کیونکہ گرچہ مطلب بدون اس کے پورا ہے مگر اس سے یہ لطافت آگئی کہ باوجود قلت خندہ اور کثرت گریہ کے محبوب کی اس قدر بے رحمی ہے۔ اور حشو متوسط وہ ہے کہ نہ اس سے

Marfat.com

اس کے دوسرے حرف کے ساقط کرنے کو جنن کہتے ہیں۔ مثلاً فاعلن میں سے الف ساقط ہو تو فعلن بکسر عین رہیگا۔ اور یہ رکن اس صورت میں مجنون کہلاویگا۔ چھٹا طی بہ فتح طائے مہملہ ویائے مشدد اسکو کہتے ہیں۔ کہ جس رکن میں دو سبب خفیف ہوں اس میں چوتھا ساکن دور ہووے۔ مثلاً مستفعلن میں سے اگر ف دور ہووے تو مستعلن رہیگا۔ اس کی جگہ اس کا ہموزن مفتعلن بولیں گے اور رکن کو مطوی کہیں گے۔ ساتواں قصر یعنے جس رکن کے آخر میں سبب خفیف ہو اس سبب میں سے ساکن کو دور کریں۔ اور اسکے ماقبل کو ساکن کریں۔ جیسے مفاعیلن سے ن گرا کر لام کو ساکن کریں تو مفاعیل بسکون لام رہیگا اور رکن مقصور کہلاویگا۔ آٹھواں قطع یعنے جس رکن کے آخر میں وتد مجموع ہو اس کے آخر کا حرف گرا کر ماقبل کو ساکن کریں مثلاً فاعلن سے ن گرا کر لام کو ساکن کریں تو فاعل بسکون لام ہوجاویگا۔ اسکی جگہ فعلن کہیں گے اور رکن مقطوع کہلاویگا۔ نواں قبض۔ جس رکن میں کہ پانچواں حرف ساکن سبب خفیف میں کا ہو۔ اُس کے دُور کرنے کو قبض کہتے ہیں۔ اور اس صورت میں رکن کو مقبوض بولتے ہیں۔ جیسے فعولن میں سے ن گرادیں تو فعول بضم لام رہیگا۔ دسواں کف بفتح کاف وفا مشدد کہ حرف ہفتم ساکن کو گرایا جاوے جیسے مفاعیلن میں سے ن گرایا جاوے تو مفاعیل بضم لام رہے گا اور رکن مکفوف کہلاویگا۔ گیارہواں وقف کہ وتد مفروق اگر آخر میں واقع ہو اُسکے متحرک حرف کو ساکن کریں۔ جیسے مفعولات میں ت کو ساکن کریں۔ تو مفعولات بسکون تا ہوجاویگا اور رکن کو موقوف کہینگے۔

بعض مرتبہ ایک بحر میں کئی زحاف واقع ہوتے ہیں۔ تو اس صورت میں اُس کا نام دو ناموں سے مرکب ہوگا۔ مثلاً اگر کسی بحر کے ارکان میں سے ایک رکن میں خبن ہو۔

Marfat.com

کچھ خوبی زیادہ ہو اور نہ کلام کم مرتبہ ہو جیسے۔ ع اے باد صبا اینہمہ آوردہ تست
اس میں لفظ باد حشو متوسط ہے۔ سی و ہشتم۔ صنعت تلمیح جس کے معنے دکھانے کے ہیں
اور اصطلاح میں یہ ہے کہ کلام میں کسی قصہ یا مسئلہ یا اصطلاح کی طرف اشارہ کریں
جیسے ؎ فلسفی آنکس کہ میگوید نباشد محال ٭ در خزانہ گر رود ہرگز نگوید
اس شعر میں اشارہ ہے اس مسئلہ کی طرف کہ حکماء یونانی کے نزدیک
محال ہے جیسے ؎ تو در معاملۂ اہبطوا متاع مخر ٭ کہ صحیح بود بیع وسعی نامشکور
اشارہ قصہ بنی اسرائیل کی طرف جب جنگل کی حیرانی کے بعد شہر میں
گئے تھے۔ سی و نہم۔ صنعت براعۃ الاستہلال۔ جس کے معنے ہیں۔ آغاز کی
خوبی اور اصطلاح میں یہ ہے کہ شروع کتاب یا کلام میں ایسے الفاظ لاویں
جو مضمون آئندہ کے مناسب ہوں جیسے مثنوی غنیمت کے شروع میں جس
میں شکار اور غزالہ کا قصہ ہے، یہ شعر ہے ؎ بنام شاہد نازک خیالاں ٭ نقاش طرز آشفتہ حالاں ٭ اور اس صنعت کو حسن مطلع بھی کہتے ہیں۔ سی و دوم
التفات۔ لغت میں پھر کر دیکھنے کو کہتے ہیں اور اصطلاح میں یہ ہے۔
مخاطب اور غائب کو بدل کر بیان کرنا۔ جیسے عرفی نے قصیدہ
معراجیہ اول اپنے آپ کو متکلم کی طرح بیان کیا ہے چنانچہ کہتا ہے ؎ از رغبت
شانہ کم آشیب نگردم ٭ زین باد پریشان نہ کنم زلف الم را ٭ پھر مخاطب کر دیا
ہے اس شعر میں ؎ عرفی مشتاب این رہ لغت است نہ صحرا است ٭ آہستہ
کہ ہر دم تیغ است قدم را ٭ پھر غائب کر کے کہتا ہے ؎ از باغ نعیمش بدہ
الغلام و میامینہ ٭ یا مطلب او مطلب اصحاب شکم را ٭

## فصل دوم صنائع لفظی کے بیان میں۔ ان میں سے اول تجنیس ہے جسکو
جناس بھی کہتے ہیں۔ جس کے معنے ہم جنس ہونے کے ہیں اور اصطلاح میں یہ ہے

Marfat.com

اور دوسرے مین قطع وہ بحر مخبون مقطوع بولی جاویگی اور علے ہذا القیاس
اسی طرح اگر کئی زحاف ایک رکن مین جمع ہو جاوین تو اُس کا نام بھی مرکب ہوتا
ہے لیکن عروضیون نے ایک رکن مین بعض زحافون کے جمع ہونے کا دوسرا
نام رکھ لیا ہے اس جہت سے اُن کو بھی لکھ دیا جاتا ہے پس ایسے زحاف پانچ ہین
اوّل۔ خرب بفتح خاء معجمہ وسکون راء مہملہ مفاعیلن مین اجتماع خرم اور کف کا
نام ہے۔ مثلاً خرم کی جہت سے میم اور کف کی جہت سے ن گرایا جاوے تو فاعیل
بضم لام رہتا ہے اُسکی جگہ مفعول بولتے ہین اور رکن کو اخرب کہتے ہین۔ دوم۔ شتر
بفتح شین معجمہ اور سکون تاء فوقانی کہ اجتماع خرم اور قبض کا نام ہے۔ مثلاً
رکن بالا مین اگر خرم کی جہت سے اور ی قبض کی جہت سے دور ہو جائے
تو فاعلن رہے گا۔ اور رکن کو اشتر کہین گے۔
سوم شکل اجتماع خبن اور کف کا نام ہے۔ مثلاً فاعلاتن مین دوسرا اور ساتوان
حرف اگر گرایا جاوے تو فعلات بکسر عین وضم تا رہیگا اور رکن مشکول کہلاویگا
چہارم۔ کسف بفتح کاف تازی وسکون سین مہملہ کہ وقف اور کف کے اجتماع کو
کہتے ہین مثلاً مفعولات مین سے اگر حرف ت کی وقف کے باعث دور ہووے
اور وہ ت باعث کف دور کیجاوے تو مفعولا رہیگا اُسکی جگہ مفعولن کہین گے اور
رکن کا نام مکسوف ہوگا۔ پنجم۔ ہتم اجتماع حذف وقصر کا نام ہے۔ مثلاً مفاعلین مین سے
اگر بباعث حذف لن دور ہوا پھر مفاعی مین سے بباعث قصر ی دور ہو کر مین ساکن
ہوا تو مفارع رہا اس کی جگہ فعول بسکون لام بولین گے اور رکن کو اہتم کہین گے۔

## قواعد تقطیع

چونکہ شعر کی موزونی اور ناموزونی تقطیع سے معلوم ہوتی ہے اس لئے اس کا طریق
لکھنا ضرور ہے پس بموجب مذکورۂ بالا تقطیع اسکو کہتے ہین کہ شعر کے کلمات کیلئے

Marfat.com

کہ دو لفظ بولنے میں مشابہ اور معنی میں جدا ہوں اسکی کئی قسمیں ہیں - اوّل تجنیس تام کہ دونوں لفظ شمار حرف اور ہیئت اور ترکیب میں متفق ہوں پس اگر نوع میں بھی متحد ہوں یعنی دونوں اسم ہوں یا فعل یا حرف، تو تجنیس تام مماثل کہلاتی ہے مثلاً ؎ باز اقبالش بصید ملک رنگین چنگ باد ٭ تا رچنگ، عشرتش با ناز گستن درامان ٭ چنگ اوّل بمعنے پنجہ اور دوسرا بمعنے ساز اور دونوں اسم ہیں اور اگر نوع میں مختلف ہوں کہ ایک اسم ہو اور دوسرا فعل یا حرف اسکو تجنیس تام مستوفی کہتے ہیں جیسے ؎ ع امید لذت عشق از مدار چرخ مدار ٭ مدار اول اسم ظرف ہے اور دوسرا فعل نہی - دوم تجنیس مرکب کہ دونوں لفظوں متجانس میں سے ایک مفرد ہو اور دوسرا مرکب پھر اگر دونوں ایک ہی صورت سے لکھے جاتے ہیں تو تشابہ کہتے ہیں جیسے ؎ بدر یا بسوزد دل خیزران ٭ پوزد بر سمند سبک خیزران ٭ اول خیزران مفرد ہے اور دوم مرکب اور لکھنے میں یکساں - اور لکھنے میں متفق نہ ہوں تو اسکو تجنیس مفروق کہیں گے جیسے ؎ ساقی ازان بادہ منصور دم ٭ در رگ و در ریشۂ من صور دم ٭ اوّل مصرعہ میں منصور مفرد ہے اور دوسرے میں مرکب اور لکھنے میں دونوں جدا صورت پر لکھے جاتے ہیں - لیکن اگر لفظ مرکب ایک پورے کلمہ اور دوسرے کلمہ کے جزو سے ہوگا تو ایسی تجنیس کو تجنیس مرفو یعنے رفو دار کہتے ہیں جیسے ؎ پروانہ ام دلا برخِ ہمچو شمع او ٭ پروا ندارم از بشو و ہمچان من ہلاک ٭ پروا کو اگر نون ندارم میں ملایا جاوے تو پروانہ ہو جاتا ہے سوم تجنیس محرف کہ دونوں لفظ عدد حرف اور ترتیب میں متفق ہوں اور ہیئت یعنے حرکت وسکون میں مختلف جیسے ؎ محرم او بود کعبہ جان را ٭ محرم او بود سر قرآن را ٭ محرم اوّل بضم میم وکسرہ را ہے - دوم بفتح میم وراہے - چہارم تجنیس زائد یا ناقص کہ دونوں لفظوں میں سے ایک میں حرف زائد ہو - خواہ

Marfat.com

ایسے ٹکڑے کرین جو وزن ارکان بحر کے مطابق ہو جاویں خواہ الفاظ کلمات کے ثابت رہین یا ایک جز ایک کلمہ دوسرے کے کل یا جز کے ساتھ مل کر رکن کے ہموزن ہو یا ایک جز ہی کسی کلمہ کا ہموزن کسی رکن کے ہو جاوے پس اس ہموزن کرنے کے لیے قواعد مفصلۂ ذیل کام آتے ہین

**قاعدۂ اول**۔ وزن کرنے مین سکون وحرکات کے شمار اور جگہ برابر ہونی چاہئے خصوصیت کسی حرف یا حرکت کی ضرورت نہین مثلاً بلبل اور طوطی اور صندل ان سب کا وزن فعلن ہی یعنے جیسے دو حرکت اور دو سکون فعلن مین ہین اسی طرح ان الفاظ مین بھی یہ ضرور نہین کہ یہان آخر کو نون ہے تو وہان بھی ہونا چاہئے یا یہان اول حرف کو فتحہ ہے تو وہان بھی ہووے

**قاعدۂ دوم**۔ تقطیع کرنے مین الفاظ ملفوظ کا اعتبار ہوتا ہی یعنی جو زبان سے نکلتے ہین اور جو حرف کہ صرف کتابت مین ہووین اور بولے نہ جاوین وہ تقطیع مین شمار نہ ہون گے ایسے حروف یہ ہین

**اوّل** الف۔ لفظ این آن از وغیرہ کا اگر ایسا ہوگا کہ پڑھنے مین اسکے ماقبل کا حرف ی یا آیا ز سے ملتا ہوا معلوم ہوتا ہوگا تو ایسا الف تقطیع مین شمار نہ ہوگا مثلاً ع جزین نیستم چارۂ درسرشت + اس مصرعہ مین الف این کا ملفوظ نہین۔

**دوم**۔ نون غنہ جو بعد حروف علت کے واقع ہو جیسے زمان اور زمین وغیرہ کا بشرطیکہ شعر کے عروض اور ضرب مین واقع نہ ہو تو اسطرح کا نون تقطیع سے ساقط ہوگا مثلاً زماں کو بجاے زما سمجھیں گے اور اگر عروض وضرب مین واقع ہوگا تو بجاے ایک حرف ساکن کے متصور ہوگا اور اگر بیچ مین آوے اور ملفوظ بطور اور الفاظ کے ہو تو حرف متحرک کی جگہ شمار ہوگا

**سوم** واو معدولہ کہ ہمیشہ تلفظ مین نہین آتی تقطیع سے خارج متصور ہوگی

Marfat.com

اول میں جیسے ع باشکوہ کوہ علمت ابر گریاں بر جبال - یا بیچ میں زائد ہو جیسے ع
شنیدہ زداندر ہوا برق او برق دار ٭ خواہ آخر میں زائد ہو اور اس کو مطرف بھی
کہتے ہیں جیسے ع آئین ماست سینہ چو آئینہ داشتن ٭ اور بعض اوقات ایک یا
آخر میں دو حرف زائد ہوتے ہیں اس صورت میں تجنیس مذیل یعنی دراز کہلاتی ہے
جیسے ؎ اگر میان یم اندہ صدف ندیدستی ٭ نگاہ کن قلم او دوران خجستہ یمین ٭
یم اور یمین تجنیس مذیل ہے - پنجم تجنیس مضارع - کہ دونوں لفظوں کے حروف
عدد اور ہیئت میں یکساں ہوں مگر ایک حرف دونوں میں ایک نوع کا نہیں - بلکہ
اس کا قریب المخرج ہے اور اس کی تین صورتیں ہو سکتی ہیں کیونکہ حرف مذکور یا شروع
میں ہوگا یا بیچ میں یا آخر میں اول کی مثال جیسے ؎ جامی از ترہات
بستہ زبان سخن از نظر ہات مے گوید ٭ وسط کی مثال جیسے ؎ ع
باغبانے کہ نیست او سایہ ست ٭ آخر کی مثال جیسے ع راہ میزن مطرب راح میدہ
ساقی ما اور ان دونوں قریب المخرج نہوں بلکہ بعید المخرج ہوں تو تجنیس لاحق کہیں گے
اور اس کی بھی تین قسمیں ہیں کہ حرف مذکور اول میں ہوگا یا وسط میں یا آخر میں
مثال اول ع جنگ را درویش نباشد سنگ ٭ مثال دوم ؎ در روئے
ان زعفرانہ کمانہا کشیدہ ٭ بر جان من ز طرہ کمینہا کشادہ - مثال سوم
ع بباب رحم در آد مکن نفس برباد ٭ ششم تجنیس مکرر یا مزدوج کہ دونوں
لفظ متجانس بدون فاصلہ کے پیہم آویں جیسے ع اگرچہ ہست گلت را چو من ہزار
ہزار ٭ مرا بدست نیاید چو تو نگار نگار ٭ ہفتم تجنیس خط - جس کو تصحیف کہتے ہیں
وہ یہ ہے کہ دونوں لفظ صورت میں ایک ہوں صرف نقطوں کا اختلاف ہو جیسے
؎ خوبان کہ گرد لب خط مشکین کشیدہ اند ٭ خط بر حیات عاشق مسکین
کشیدہ اند ٭ ہشتم تجنیس قلب کہ دونوں لفظوں کے حروف شمار میں اور

Marfat.com

مثلاً خواب کو خاب کی جگہ سمجھین گے

**چہارم**۔ ہاے مختفی کہ صرف اظہار حرکت کے لئے ہی جیسے نامہ اور جامہ کی اگر بیچ مین شعر کے آوے گی تو تقطیع سے خارج ہوگی اور اگر عروض و ضرب کے آخر مین آوے گی تو بجاے حرف ساکن کے متصور ہوگی

**پنجم**۔ واو عاطفہ کہ شعر مین اکثر اسکے ماقبل کے ضمہ پر کفایت کرتے ہین جیسے اس مصرعہ مین ع پناہِ بلندی و پستی توئی + ایسی واو بھی تقطیع مین داخل نہین ہی لیکن اگر ضمہ ماقبل خوب دراز ہوگا جیسے اس مصرعہ مین ع علم و ہنر و فضائل و کسب و کمال + یا مثل واو ابتدا کلمہ کے فتحہ سے ملفوظ ہوگی جیسے اس مصرعہ مین ع بدہ وگرنہ ستمگر بزور بستاند + تو ان دونون صورتون مین تقطیع مین داخل ہوگی

**ششم**۔ الف لام عربی کے الفاظ کا جیسے بالضرورین یا صرف الف جس صورت مین کہ لام بولا جاوے جیسے بالفرض مین یہ بھی داخل تقطیع نہین۔ غرض سوا ان چھیوں کے اگر کوئی اور حرف اس طرح کا کہ تلفظ مین نہ آتا ہو وہ بھی خارج تقطیع سے ہوگا

**قاعدۂ سوم**۔ اگر وسط مصرعہ مین دو ساکن ایک جگہ آوین تو ساکن اول کو قائم رکھتے ہین اور دوسرے کو متحرک کر لیتے ہین جیسے ع۔ نگہدار مارا ز راہ خطا۔ اسکی تقطیع یہ ہی کہ نگہدار فعولن رمارا فعولن الخ۔ غرضکہ رگ ہار کی جو دوسرا ساکن ہی متحرک ہوگئی۔ اور اگر دو ساکن آخر مصرعہ مین آوینگے تو دونون بحال رہینگے

**قاعدہ چہارم**۔ اگر حرف ساکن وسط سے دو سے زیادہ ہون تو اول ساکن بحال رہے گا اور دوسرا متحرک ہوجاوے اور باقی حذف ہوجاوے گا جیسے ع راست تیر ایاز ای محمود + تقطیع اول رکن کی یہ ہوگی۔ راس تیر

Marfat.com

ہوں مگر ترتیب میں مختلف ہوں اور اسکی دو صورتیں ہیں - ایک یہ
کہ الفاظ ترتیب وار مقلوب ہو جاویں تو اسکو قلب کل کہتے ہیں - جیسے
ع مرد حق را درم زرہ نیرد ٭ دوسرے یہ کہ نامرتب بدلیں - جیسے ع شرک در
شکر ... نعمت ایمان - اور اگر سارا جملہ ایسا ہو کہ اسکو آخر سے پڑھیں تو اول جملہ حاصل
ہو جاوے تو اسکو قلب مستوی کہتے ہیں جیسے مرادے دارم - اور برآید یارب اور اگر
ہو لفظ جو ایک دوسرے کے قلب ہوں شعر یا مصرعہ میں اسطرح آویں کہ ایک شروع میں ہو اور دوسرا آخر میں تو اس شعر یا
مصرعہ کو مقلوب مجنح یعنے بازو دار کہیں گے جیسے ع لاز نہفتہ فاش شد از نالہائے زار ٭ دوم صنعت اشتقاق کہ چند
لفظ ایک مصدر یا مادہ سے مشتق ایک مصرعہ یا بیت میں جمع ہوں جیسے ع
با من قران کنند و قرنیان من نیند ٭ اور اگر مادہ ایک نہ ہو بلکہ حروف دونوں کے
مشابہ ہوں تو اسکو شبہ اشتقاق کہتے ہیں جیسے ؎ خضر الہامی کہ چون اسکندر ٭
لشکر کشد و جہان کشاید اور اس صنعت کو اہل معانی تجنیس کے ملحقات میں
لکھتے ہیں - سوم - صنعت رد العجز علی الصدر - اس کا جاننا عروض کی اصطلاح
جاننے پر موقوف ہے وہ یہ ہے کہ عروضیوں نے شعر کے اجزا کے پانچ نام رکھے ہیں
مصرعہ اول کے پہلے جزو کو صدر اور آخر کو عروض اور دوسرے مصرعہ کے اول کو ابتدا
اور آخر کو عجز اور ضرب اور باقی اجزا دونوں مصرعوں کے جو درمیانی رہے ان کو
حشو کہتے ہیں تو اس صنعت کے یہ معنی ہوئے کہ آخر مصرعہ دوم میں وہی لفظ لاوے
جو مصرعہ اول کے شروع میں آیا ہے جیسے ؎ شیدا شدہ ام اکنون انیست علاجم الا
زنجیر و دلف تو دہائے من شیدا ٭ لیکن تین صورتیں اس کی اور ہیں - اول یہ کہ
عجز کا لفظ مصرعہ اول کے حشو میں واقع ہو - دوم یہ کہ عروض میں واقع ہو - سوم
یہ کہ ابتدا میں واقع ہو تو صورت اول کے ساتھ ملکر چار صورتیں ہوئیں - اور

Marfat.com

فاعلاتن پس س لفظ راست کا متحرک ہوگیا اور ت دور ہوگئی اور اگر آخر مصرعہ مین تین ساکن جمع ہون گے تب بھی دو ساکن بحال رہین گے اور تیسرا دور ہو جاوے گا. غرضکہ تین ساکن اوزانِ شعر مین جمع نہین ہوتے

**قاعدہ پنجم**۔ بعض الفاظ ایسے ہین کہ ان کے تلفظ مین بعض حروف زبان سے نکلتے ہین جو نکتوب نہین ہوتے پس تقطیع مین وہ حروف بھی خیال رکھنے چاہئین مثلاً آمد کو تقطیع مین ا مدد و الف سے خیال کرنا چاہیئے اسی طرح جس اضافت کا کسرہ دراز پڑھا جاتا ہی۔ جیسے اوپر کے مصرعہ مین تیر کی رکا کسرہ تو اُس کی جگہ ایک ی ساکن تصور کرنی چاہیئے۔ اسطرح کی ی کو یاے باطنی کہتے ہین اسی طرح حرف مشدد اگر کسی کلمہ مین واقع ہو اس کو دو حرفون کی جگہ جاننا چاہیئے مثلاً فرخ کو بجاے فرخ سمجھین گے

**قاعدہ ششم** حروف علت یعنی واو الف یا کہ آخر مین الفاظ کے آتے ہین بعض اشعار ایسے ہوتے ہین کہ ان کا تلفظ بہت مختصر ہوتا ہے پس ایسی صورت مین ان کے ماقبل کی حرکت تقطیع مین شمار ہوتی ہے اور یہ حروف معدوم متصور ہوتے ہیں جیسے ع چو آن جملہ را سعدی املا کند + اس مصرعہ مین چو اور سعدی کے حروف علت کا تلفظ مختصر ہے اس لئے داخل تقطیع نہ ہونگے صرف حرکات ماقبل کافی ہین

اب یہان ایک نقشہ بحروں مروجہ کا بترتیب حروف تہجی درج کیا جاتا ہے جس سی مشہور بحروں کا نام اور مثال وروزن معلوم ہوتا ہی

Marfat.com

ان کی پھر چار چار صورتیں ہیں اس لئے کہ دونوں لفظ بعینہ ایک ہونگے یا تجنیس کے طور پر یا اشتقاق کے یا شبہ اشتقاق کے طور پر ہوں گے تو سب صورتیں سولہ ہوئیں اول کی مثال ہم نے لکھ دی ہے باقی ایک ایک مثال بطور نمونہ کے لکھے دیتے ہیں مثال اس صورت کی کہ حشو مصرعہ اول اور عجز میں ایک سے لفظ ہوں ؎ یوسف ماست بباز ار کنعان عسل فروش ؛ زلیخا از گوشۂ خلوت دل خود را باز آر ؛ مثال اس صورت کی کہ عروض اور عجز ایک سے ہوں ؎ در عاشقی و دلبری استاد و پیر شیریں ؛ من ز بیچہ فرہادم تو طرفہ چو شیریں ؛ مثال اس صورت کی کہ ابتدا اور عجز ایک سے ہوں ؎ نہ در باغ سبزہ نہ در کوہ شخ ؛ ملخ بوستان خورد و مردم ملخ ؛ اور مثالیں انہیں پر قیاس کر لینی چاہئیں۔ چہارم صنعت لزوم مالایلزم۔ یعنے لازم کر لینا ایسی بات کا جو ضروری نہ ہو۔ گرچہ اصطلاح میں اس کا نام ہے کہ حروف روی یعنی قافیہ کے آخر سے پیشتر کسی حرف کا التزام کیا جائے۔ مثلاً شامل کا قافیہ کامل اور بسمل وغیرہ ہو جس میں لام سے پہلے میم ہی آجاوے جاہل اور فاضل وغیرہ نہ لایا جاوے حالانکہ قواعد کی رو سے درست ہے لیکن حقیقت میں اس صنعت میں یہ بات پائی جاوے گی کہ کوئی خاص التزام کر لیا ہوگا وہ بھی اسی میں شامل ہے چنانچہ ایک صنعت معاد ہے کہ جو لفظ ایک مصرعہ کے آخر میں آوے دوسرے مصرعہ کا شروع اسی سے ہو جیسے اس قطعہ میں

**قطعہ**

نا یافتہ در من دلبر آسایش جانم ؛ جانم طیران میکند انجام ندانم ؛ دانم نرود پائے تمنا زہ مقصود ؛ مقصود دلے نیست جز ایں شور و فغانم ؛ اور اسی میں یہ بھی داخل ہے کہ کسی خاص کلمہ کا التزام کر لیا جاوے کہ کوئی شعر یا مصرعہ اس سے خالی نہ ہو۔ جیسے کاتبی کا قصیدہ کہ اس کے ہر مصرعہ میں شتر اور حجرہ موجود ہے۔ اس کا مطلع یہ ہے ؎ سرا غم ست شتر بار ہا بحجرۂ تن ؛ شتر دلی نکنم غم کجاوہ حجرۂ من ؛ اور

Marfat.com

| نام بحر | مصرعہ مثال | وزن بحر | کیفیت |
|---|---|---|---|
| ۱ خفیف مسدس مخبون مقصور | وزن بحر خفیف گویم بات | فاعلاتن مفاعلن فعلات | رکن دوم مستفعلن تھا جو خبن کے باعث مفاعلن ہو گیا اور رکن آخر مخبون اور مقصور یا محذوف دونوں ہی اور یہ بحر مسدس ہی آتی ہی |
| " " " محذوف | رازِ دل با سگِ درش گویم | فاعلاتن مفاعلن فعلن | |
| ۲ ۔ رجز ۔ مثمن سالم | برخیزای صاحب سخن بحر رجز را یاد کن | مستفعلن مستفعلن مستفعلن مستفعلن | اس مین صرف آخر کا رکن ندال ہوتا ہی ۔ |
| رجز ۔ مثمن ۔ ندال | ثابت غم تنہائی و باطل خیالِ خانمان | مستفعلن مستفعلن مستفعلن مستفعلان | |
| رجز ۔ مثمن مطوی مخبون | مطربِ خوشنوا بگو تازہ بتازہ نو بنو | مفتعلن مفاعلن مفتعلن مفاعلن | اس مین اول رکن مطوی ہی اور دوسرا مخبون |
| ۳ رمل ۔ مثمن ۔ مقصور | شعر در بحر رمل باشد بہ از آب حیات | فاعلاتن ۔ فاعلاتن فاعلاتن فاعلات | صرف آخر کا رکن مقصور یا محذوف آتا ہی |
| رمل ۔ مثمن ۔ محذوف | ای متاعِ درد در بازارِ جاں انداختہ | فاعلاتن ۔ فاعلاتن ۔ فاعلاتن ۔ فاعلن | |
| رمل مثمن مشکول | بغلامی تو مارا خبر از جہان بر آمد | فعلات ۔ فاعلاتن فعلات فاعلاتن | اول رکن مشکول اور دوسرا سالم اسیطرح بترتیب آخر تک |



Marfat.com

ہے کہ مصرعہ میں چیزوں کا وعدہ مخصوص کر دے۔ جیسے خاقانی نے
ہے کہ ہر بیت کے دوسرے مصرعہ میں چار چیزیں ذکر کی ہیں اس کے اشعار
سہ جمع آمد بہر خدمت وپاس ۔ اور لیسعؑ و مسیحؑ و خضرؑ و الیاسؑ ۔ لبنہ
ون چو حلقہ قدیم ۔ کیخسرو وسام وزال در رستم ۔ سستی چرخہ وقت تعجیل ۔
جون و فرات ودجلہ ونیل ۔ روزی طلب آمدہ وادم ۔ دیو و ملک وپری وآدم ۔
ور ایک صنعت قطع الحروف ہے یعنی یہ التزام کرنا کہ تمام کلام میں کوئی معین حرف
ی نہ آوے۔ مثلاً الف نہ ہو جیسے اس رباعی میں رباعی خورشید سپہر سروری ختم
سل ۔ در مسلک عقل رہبر دجزو کل ۔ در چشم خرد چیست رخش گلشن قدس ۔ جبریلؑ
بود در چمنش ایک بلبل ۔ ایک صنعت منقوطہ ہے یعنے یہ التزام کرنا کہ کوئی حرف
بے نقطہ نہو جیسے ع بخشش فیض بہ بینی زبن جشن ۔ اور ایک صنعت غیر منقوطہ
ہے جس کو مہملہ کہتے ہیں یعنی کلام میں ایسے لفظ لانے جن میں نقطہ نہو جیسے ع کمل
مردم گرد راہ دلدل رہوار او ۔ اور ایک صنعت رقطا ہے جس کے معنے سیاہی
میں سفیدی ملے ہوئے کے ہیں اور اصطلاح میں یہ ہے کہ کلام میں ایسے الفاظ
لاویں کہ ایک حرف نقطہ دار اور ایک بے نقطہ ہو جیسے ع۔ زلف سیہ تو
جان من فتنہ سے ۔ اور ایک صنعت خیفا ہے جس کے معنے اس جانور کے ہیں
کہ ایک آنکھ سیاہ اور ایک سفید رکھتا ہو اور اصطلاح میں ایسے کلام کو کہتے ہیں
جس کا ایک کلمہ نقطہ دار ہو اور ایک بے نقطہ ہو جیسے ع روح جنبش وہ بہین گلہا ۔ اور
ایک صنعت فوق النقاط ہے جس میں اوپر ہی نقطے ہوں جیسے ؎ تا وشتہ
غمزہ راند در دل ۔ رخشش دخوں فشاند ہر دل ۔ اور ایک صنعت تحت النقاط
ہے کہ جس کے نیچے ہی نقطے ہوں جیسے ؎ بدیر وکعبہ گردیدم بہر سو ۔ چو او بسیار کم
دیدم پدید ۔ اور ایک صنعت مقطع ہے جس کے سب حرف لکھنے میں جدا جدا

رقطا

خیفا

فوق النقاط

تحت النقاط

مقطع

Marfat.com

| نام بحر | مصرعہ مثال | وزن بحر | کیفیت |
|---|---|---|---|
| رمل ثمن مجنون مقصور | میکنم ہر نفس از دستِ فراقت فریاد | فاعلاتن فعلاتن - فعلاتن - فعلات | صدر سالم ہی باقی مجنون اور ضرب مقصور بھی |
| 〃 〃 〃 محذوف | دلِ من داند و من دانم و داند دلِ من | فعلاتن فعلاتن - فعلاتن - فعلن | سب ارکان مجنون ہیں اور ضرب محذوف بھی |
| رمل مسدس مقصور | بادشاہا جرم ما را در گذار | فاعلاتن فاعلاتن فاعلات | صرف آخر کا رکن مقصور یا محذوف ہی |
| 〃 〃 محذوف | بشنو از نی چون حکایت میکند | فاعلاتن فاعلاتن فاعلات | |
| رمل مسدس مجنون مقصور | عاقلاں را بنود پیشہ بنفض | فاعلاتن - فعلاتن فعلات | رکن اول سالم اور دوسرا مجنون اور آخر کا مقصور یا محذوف بھی |
| 〃 〃 〃 محذوف | مشک آنست کہ بوید از خود | فاعلاتن فعلاتن فعلن | |
| ۴ سریع مسدس مطوی موقوف | بحر سریع آمدہ اے نیکذات | مفتعلن مفتعلن فاعلات | اول و دوم رکن مستفعلن تخلی کی جہت سی مفتعلن ہو گیا اور آخر کا رکن مفعولات ہی جو طے اور وقف سی فاعلات ہو گیا ہی |
| سریع مسدس مطوی موقوف مکشور | شیر خدا شاہ ولایت علی | مفتعلن مفتعلن فاعلن | اول و دوم مطوی اور آخر مطوی موقوف مکشوف یہ بھی مثمن نہیں آتی |



Marfat.com

لکھے جائیں جیسے سہ رخِ زرو دارم زدوری آن در چہ زدہ داغ وردم درون آذر ٭ اور ایک صنعت موصل ہے جس میں التزام کیا جائے کہ کلمات دو دو یا خواہ تین یا تمام کلمات ملا کر لکھ سکیں۔ موصل بدو حرف جیسے سہ چو من کاست گوئی فرقتِ تو ٭ مہ تو کہ باشد بد نیگونہ لاغر ٭ اور سب سے آگے کا شعر موصل بسہ حرف اور پھر موصل بچہار اور پھر موصل بہ پنج اور سب کلام کے موصل لکھ سکنے کی مثال یہ ع کہ ہست محسن قلب علیل عکس حبیب ٭ اور ایک صنعت واسع الشفتین ہے کہ اس پڑھنے میں دونوں لب نہ ملیں جیسے سہ درد ہے گرتر اگذار شدہ ٭ سر راہ تو سر نثار اور حقیقت میں یہ صنعت قطع الحروف میں سے ہے کیونکہ ب اور پ اور م کے لانے سے دو لب نہیں ملتے اور اگر یہ التزام کیا جاوے کہ ہر کلمہ میں ان حروف میں سے ضرور ہو تو واصل الشفتین کہلائے گی جیسے سہ بت من دمبدم فریبد ٭ بہ لب من لب پیالہ بنہ ٭ اور ایک سجع ہے جس کا حال نثر کے اقسام میں بیان ہو چکا ہے۔ اور ایک صنعت ذوالقافیتین ہے کہ ایک شعر میں دو قافیے لاویں جیسے سہ عقل دفرمان کشیدنی باشد ٭ عشق وایمان چشیدنی باشد اور کبھی ردیف کو دونوں قافیوں کے درمیان لاتے ہیں اور اس کو ذوالقافیتین مع الحاجب کہتے ہیں۔ حاجب آڑ کو کہتے ہیں۔ یعنی دونوں قافیوں میں ردیف مذکور حائل ہو گئی ہے جیسے سہ اے شاہ زمین پرآسمان داری تخت ٭ پیری بدانش وجوان داری بخت ٭ اس میں داری ردیف ہے اور اس کے ادھر ادھر دو دو قافیے ہیں۔ اور ایک صنعت متلون ہے کہ شعر دو بحرون مختلف میں پڑھا جاوے جیسے مثنوی اہلی شیرازی کی کہ جس کا نام سحر حلال ہے اس کے اشعار یہ ہیں سہ شدہ در خانۂ جان منزلت ٭ خانۂ جان یافتہ زان منزلت ٭ اے شدہ مہ رُخ تو زین چرخ ٭ چرخ ازان آمدہ در عین چرخ ٭ اگر اضافات کو مختصر

Marfat.com

| نام بحر | مصرعہ مثال | وزن بحر | کیفیت |
|---|---|---|---|
| ۵ کامل مثمن ۔ ندال | تو بحر کامل اگر رسی بے وزن آن بکنم بیان | متفاعلن متفاعلن متفاعلن متفاعلان | صرف آخر کا رکن ندال ہے |
| کامل مثمن سالم | ز دلم نکرد یکے گذر رفقائے آن دگر رسد | متفاعلن متفاعلن متفاعلن متفاعلن | 〃 |
| ۶ متدارک مثمن مقطوع | بحر تدارک از برے کن | فعلن فعلن فعلن فعلن | سب ارکان مقطوع ہین اصل مین فاعلن تھا |
| 〃 〃 مجنون | جو رخت نبود گل باغ ارم | فعِلن فعِلن فعِلن فعِلن | سب ارکان مخبون ہین |
| متدارک مخبون یا مقطوع مضاعف | مثلث بود کس در دنیا در حلم و سخائی بہمتا | فعلن فعلن فعلن فعلن فعلن فعلن فعلن فعلن | دوسرا اور چھٹا رکن مخبون ہے باقی مقطوع اور کبھی آخر کا رکن احذ بر وزن فع بھی ہوتا ہی اور مضاعف سی یہ غرض ہے کہ بحر کے ارکان آٹھ کی جگہ سولہ کر دئے گئے ہین اور ہندوا ہے |
| ۷ متقارب ثمن ۔ مقصور | سخن را بود در تقارب قبول | فعولن فعولن فعولن فعول | صرف رکن آخر مقصور یا محذوف ہی |
| محذوف | کریما بہ بخشائے برحال ما | فعولن فعولن فعولن فعول | |





Marfat.com

پڑھو تو وزن مفتعلن مفتعلن فاعلن بحر سریع مطوی موقوف کا ہو گا۔ اور اگر کھینچ کر
تو وزن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن رمل مسدس محذوف کا ہو گا اور اس میں
نے یہ بھی کمال کیا ہے کہ ہر شعر ذو قافیتین ہے۔ اور دوسرے قافیہ میں
ت تجنیس ہے اور مثلون کے اقسام میں ایک منقوص ہے کہ جب شروع مصرعہ کا
دور کر دیا جائے تو رباعی کا وزن رہ جائے اور معنی بدستور رہیں جیسے
دو ہجر آمد و افزود مرا حسرت و غم ۔ صبر و آرام شد از جانم و با دوست بہم۔ اس کا
ن رمل مجنون ہے لیکن اگر درد اور صبر کو نکال ڈالو تو رباعی کا وزن رہ جاتا ہے اور اسی
قسم محذوف ہے کہ مصرعوں کے آخر کے الفاظ نکالنے سے وزن رباعی کا رہ جائے
یسے ست در غالیہ دان بنیم آن تنگ دہاں لیکن بہ سی گوہر جان پرور در غالیہ دان
ازی ہ اس کا وزن ہزج اور اخرب ہے مگر لفظ لیکن اور واری کے دور کرنے سے رباعی
ا وزن رہ جاتا ہے اور ایک صنعت سیاق الاعداد ہے کہ اعداد بترتیب یا بے ترتیب
ذکر کریں۔ جیسے ست یک دو شد از سہ حرفش چار اصل و پنج شعبہ ۔ شش روز و ہفت اختر
ز قصر و ہشت منظر ۔ یعنی اس کے جامے کہ تین حرف کا ہے یہ اشیاء دونی ہو گئیں۔ اور
ایک صنعت تسیق الصفات ہے کہ کسی موصوف کی پیہم صفات مذکور کریں جیسے ست
خداوند بخشندہ دستگیر ۔ کریم خطا بخش پوزش پذیر ۔ اور ایک صنعت توشیح ہے جس کے
معنے حمائل پہنانے کے ہیں اور اصطلاح میں یہ ہے کہ چند اشعار اس طرح لکھے جاویں
کہ ہر مصرعہ کے حرف اول کو اگر جمع کریں تو کوئی نام یا عبارت حاصل ہو یا حرف آخر
خواہ متوسط کے لینے سے حاصل ہو۔ اور اسی طرح صنعت مشجر اور مدور اور مربع ہیں
یا صنعت جامع السانین کہ ایک زبان کا شعر دوسری میں پڑھا جاوے یہ سب تفنن طبع
کے لئے ہیں۔ تنبیہ۔ منشی کو چاہئے کہ جب لفظی صنعتوں کی طرف متوجہ ہو تو معنی کا لحاظ
صنائع پر مقدم رکھے ورنہ اگر معنے کم رتبہ کے اور لفظ چمکتے ہوں گے تو ایسا ہو گا

محذوف

تنسیق الصفات

توشیح

سیاق الاعداد

Marfat.com

| نام بحر | مصرعہ مثال | وزن بحر | کیفیت |
|---|---|---|---|
| متقارب مثمن اثلم | نتوان گذاشتن آسان ازان کو | فعلن فعولن فعلن فعولن | اول رکن اثلم دوسرا سالم اسیطرح بترتیب آخر تک |
| متقارب مثمن مقبوض اثلم | زدردِ ہجرت چہ چارہ سازم | فعول فعلن فعول فعلن | اول رکن مقبوض دوم اثلم بہ ترتیب آخر تک |
| " " " " | لطف نوسازی برمن عاجز | فعل فعولن فعل فعولن | اول رکن مقبوض اور اثلم دونوادر دوسرا سالم بترتیب |
| متقارب مثمن مقبوض اثلم مضاعف | زہے جمال تو قبلۂ جان حریم کوئے تو کعبۂ دل | فعول فعلن فعول فعلن فعول فعلن فعول فعلن | اول مقبوض دوم اثلم بترتیب |
| " " " " " | زلفِ دل آرامۂ دیت تیرہ شب ست و آتشِ موسے | فعل فعولن فعل فعولن فعل فعولن فعل فعولن | اول مقبوض و اثلم دوم ثالم بترتیب |
| " " " سالم | زمین گرد از نعل اسپان مغزیل | فعولن فعولن فعولن فعولن | اسکا آخر رکن کبھی مسبغ کبھی آتا ہی خواہ ثالم ہو یا اثلم |
| مجتث مثمن مخبون - محذوف | بحر مجتث اگر دم زنی در رنگ مکن | مفاعلن فعلاتن مفاعلن - فعلن | رکن اول و سوم ستفعلن تھا جنکے مفاعلن ہوگیا - اور دوم مخبون اور آخر مخبون محذوف |
| مجتث مثمن مخبون - مقصور | سپیدہ دم چو زدم آستین | مفاعلن فعلاتن مفاعلن فعلات | بشرح صدر مقصور |



Marfat.com

کہ گویا زر بفت کی جھول گدھے کو پنہادی۔

# باب دہم عروض و قوافی کے مختصر بیان میں

اس میں دو فصلیں ہیں اور اول اصطلاحات لکھی جاتی ہیں

## اصطلاحات

**وزن**۔ عروضیوں کی اصطلاح میں دو کلموں کی حرکات اور سکون مادی ہونے کو کہتے ہیں اگرچہ حرکتوں میں اختلاف ہو مثلاً احسان اور صندوق کا وزن ایک ہے یعنی جتنی حرکتیں اور سکون ایک میں ہیں اتنی ہی دوسرے میں ہیں گو حرکتیں دونوں کلموں کی مختلف ہیں۔

**بحر**۔ چند کلمات موزوں کا نام ہے۔ جن پر کہ اشعار کا وزن ٹھیک کیا کرتے ہیں۔

**رکن**۔ بحر کے اجزا میں سے ایک جز کا نام رکن ہے اور زیادہ کو ارکان کہتے ہیں۔ یا اقاعیل و امثال بولتے ہیں۔

**اصول**۔ رکن کے اجزا کو کہتے ہیں۔

**تقطیع** کسی شعر کے اجزا کو بحر کے ارکان پر وزن کرنے کو کہتے ہیں اور اس طرح کہ ساکن حرف کے مقابل ساکن ہوتا جاوے اور متحرک کے مقابل متحرک واقع ہو اور اس کی تفصیل اور کیفیت مشروحاً آگے مرقوم ہوگی۔

**زحاف**۔ شعر کے ارکان میں اگر کچھ تغیر واقع ہو مثلاً کوئی حرکت جاتی رہے یا حرف محذوف ہو جاوے یا کچھ زائد ہو جاوے تو اس تغیر کو زحاف کہتے ہیں اور اس رکن کو جس میں زحاف ہوا ہو مزاحف کہتے ہیں اور اس بحر کو بھی جس میں رکن مذکور ہو مزاحف کہتے ہیں۔

**سالم**۔ وہ بحر یا رکن جس میں تغیر نہ ہوا ہو

Marfat.com

| نام بحر | مصرعہ مثال | وزن بحر | کیفیت |
|---|---|---|---|
| ۹۔ مضارع مثمن اخرب مکفوف محذوف | بحر مضارع ست دران گوہر سخن | مفعول فاعلات مفاعیل فاعلن | اول اخرب ہو دوم اور سوم مکفوف آخر محذوف |
| | یارب نصیب ہیچ مسلماں دگر مباد | مفعول فاعلات مفاعیل فاعلات | " " " " " " " " مقصور |
| مضارع مثمن اخرب | از تو دفا نیاید دانی کہ نیک دانم | مفعول فاعلاتن مفعول فاعلاتن | ایک جز اخرب اور دوسرا سالم بترتیب اور رکن آخر مقصور بحذف یائے اضافی |
| ۱۰۔ منسرح مثمن مطوی مکشوف | یاد منا منسرح پند مرا گوش کن | مفتعلن فاعلن مفتعلن فاعلن | رکن اول مستفعلن تھا جو طے کے سبب مفتعلن ہو گیا اور دوم مفعولات تھا جو طے اور کشف کے سبب فاعلن ہو گیا |
| منسرح مثمن مطوی موقوف | نوش لب لعل یار قیمت شکر شکست | مفتعلن فاعلات مفتعلن فاعلات | رکن اول مطوی ہو اور دوسرا مطوی و موقوف بترتیب |
| " " " مجدوع | ہمچو عرق بر عذار شاہد عصیاں | مفتعلن فاعلات مفتعلن فاع | اول و سوم مطوی ہو اور دوم مطوی محذوف آخر مجدوع |
| ۱۱۔ ہزج مثمن سالم | مدہ بحر ہزج از دست بزل میز ند ناخن | مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن | |
| ہزج مثمن مسبغ | باہل حرف باید گفت اہل حرفہ بسیارست | مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلان | صرف رکن آخر مسبغ ہو باقی سالم۔ |



Marfat.com

# فصل اوّل عروض کے بیان میں

عروض وہ علم ہے جس میں نظم کی درستی کے قواعد مذکور ہوں اس میں ذکر بحرون کا اور اُن کے ارکان و زحافات کا ہوتا ہے۔

واضح ہو کہ اصول جن سے ارکان یعنی اجزا کسی بحر کے مرکب ہوتے ہیں دو ہیں۔

**سبب اور وتد**۔ لفظ دو حرفی کو سبب کہتے ہیں اور سہ حرفی کو وتد۔

پھر سبب کی دو قسمیں ہیں۔ اوّل سبب خفیف جس کے دو حرفوں میں سے اول حرف متحرک اور دوسرا ساکن ہو جیسے سر۔ دوم سبب ثقیل جس کے دونوں حرف متحرک ہوں جیسے لفظ سر ترکیب اضافی میں مثلاً سر من۔

اور وتد کی بھی دو قسمیں ہیں اوّل مجموع جس کے تین حرفوں میں سے اول کے دو حروف متحرک ہوں جیسے قلم۔ دوسرا وتد مفروق جس کے تین حرفوں میں سے درمیان کا حرف ساکن ہو اور اطراف کے دونوں حرف متحرک ہوں جیسے لفظ مشق ترکیب توصیفی میں مثلاً مشق جلی اور فارسی میں سبب ثقیل اور وتد مفروق بدون ترکیب نہیں پائے جاتے اس واسطے مرکب مثال لکھی گئی۔ اب معلوم کرنا چاہیئے کہ ان دونوں اصول سے سات ارکان بحرون کے بنتے ہیں جن کو افاعیل ہفت گانہ کہتے ہیں دو رکن پنج حرفی ہیں یعنی فعولن اور فاعلن۔ اور پانچ رکن باقی سات حرفی ہیں یعنی مفاعیلن مستعفلن مفاعلتن۔ فاعلاتن۔ مفعولات۔ پنج حرفی ارکان میں ایک سبب خفیف اور ایک وتد مجموع ہے پس اگر سبب کو پہلے بولیں تو فاعلن ہوتا ہے اور اگر وتد کو پہلے بولیں تو فعولن ہوتا ہے اور مفاعیلن اور مستفعلن میں ایک وتد مجموع اور دو سبب خفیف ہیں اوّل میں وتد مقدم ہے اور دوم میں دونوں سبب خفیف مقدم ہیں اور مفاعلتن میں ایک سبب ثقیل اور ایک سبب خفیف اور ایک وتد مجموع ہے

Marfat.com

| نام بحر | مصرعہ اول | وزن بحر | کیفیت |
|---|---|---|---|
| ہزج مثمن اخرب مکفوف محذوف | اقبال کرم میگزد ارباب ہمم را | مفعول مفاعیل مفاعیل فعولن | رکن اول اخرب ہی اور دوم وسوم مکفوف اور آخر محذوف |
| " " " " مقصور | المنة لله که نیازم به نسبت نیست | مفعول مفاعیل مفاعیل مفاعیل | " " " " " " آخر مقصور |
| ہزج مثمن اخرب | ای بادشه خوبان داد از غم تنهائی | مفعول مفاعیلن مفعول مفاعیلن | ایک جز اخرب ہی اور ایک سالم بہ ترتیب |
| " " مقبوض | دلم بردن شد از غمت غمت زدن بروں نشد | مفاعلن مفاعلن مفاعلن مفاعلن | سب ارکان مقبوض ہین |
| " " اشتر | وقت را غنیمت دان ہر قدر که بتوانی | فاعلن مفاعیلن فاعلن مفاعیلن | اول اشتر ہی دوم سالم بترتیب - |
| ہزج مثمن اخرب مقبوض مکفوف ابتم | سر بدر غم عشق بوالهوس را ندہند | مفعول مفاعلن مفاعیل فعول | رکن اول اخرب دوم مقبوض سوم مکفوف آخر ابتم |
| ہزج مثمن اخرم اشتر مکفوف مجبوب | از وحدت شد فروغ خورشید فلک | مفعول فاعلن مفاعیل فَعَلْ | اول اخرب ہی دوم اشتر سوم مکفوف آخر مجبوب |

فائدہ - یہ دونون وزن رباعی کے ہین صورت اول میں مفعول رہتا ہی اور دوم وسوم مفاعلن یا مفاعیلن یا مفعولن ہوتا ہی اور آخر کا رکن فعول یا فَعَلْ یا فع یا فاع ہوتا ہی اور دوسری صورت مین اول ہمیشہ مفعول رہتا ہی اور دوم سوم فاعلن یا مفاعیل یا مفعول یا مفاعیلن ہوتا ہے -



Marfat.com

اور فاعلاتن میں وتد مجموع دو سببوں خفیف کے درمیان میں ہے اور مفعولات میں دو سبب خفیف اوّل میں ہیں اور وتد مفروق آخر میں۔

تنبیہ۔ سوائے ان سات رکنوں کے ایک رکن اور مشہور ہے یعنی مفاعلتن مگر چونکہ وہ اشعار مروجۂ حال میں مستعمل نہیں اسواسطے نہیں لکھا گیا۔

اب ان ارکان سے بحریں بنتی ہیں اور وہ اگرچہ گنتی میں انیس ۱۹ ہیں مگر جو بالفعل مروج ہیں اور اُن پر شعرا اکثر شعر کہتے ہیں وہ گیارہ ہیں اس تفصیل سے رجز۔ رمل کامل متدارک متقارب۔ ہزج۔ یہ چھ ۶ بحریں صرف ایک ہی رکن کے کئی بار ہونے سے پیدا ہوتی ہیں۔ اور خفیف۔ سریع۔ مجتث۔ مضارع۔ منسرح۔ یہ پانچ بحریں دو ۲ دو ارکان کے کئی بار ہونے سے بنتی ہیں مگر کسی بحر میں ارکان چھ ۶ سے کم اور آٹھ سے زیادہ نہیں ہوتے۔ چھ رکن والی بحر کو مسدس کہتے ہیں اور آٹھ والی کو مثمن یعنے ہر مصرعہ مسدس بحر کا مرکب ہوگا تین رکنوں سے اور مثمن کا چار سے۔

## بیان زحافات کا

واضح ہو کہ عروضیوں نے تعداد تغیرات کی جو ارکان میں ہوتے ہیں اکتالیس ۴۱ لکھی ہیں مگر چونکہ بعض زحافات خاص عربی زبان میں آتے ہیں اور بعض اس طرح کے ہیں کہ اشعار مروجۂ حال میں واقع نہیں ہوتے لہذا اِن کو لکھنا فضول جانکر بتیس زحاف مشہور مروج پر اکتفا کی جاتی ہے۔

پس جاننا چاہیئے کہ جو تغیرات ارکان میں ہوتے ہیں اُن سے بعض تو ایسے ہیں کہ صرف ایک ہی رکن میں ہوتے ہیں اور بعض کئی رکنوں میں آسکتے ہیں جو زحاف کہ اول ہی رکن میں ہوتے ہیں اور مروج بحرون میں مستعمل بھی ہیں وہ گنتی میں چار ہیں

ثلم

اوّل ثلم بفتح ثا مثلثہ و سکون لام اس زحاف کا نام ہے۔ کہ رکن فعولن سے ف کو ساقط کریں اس صورت میں عولن رہے گا اس کی جگہ اس کا ہموزن

Marfat.com

| نام بحر | مصرعہ مثال | وزن بحر | کیفیت |
|---|---|---|---|
| اور آخر کار کن مثل صورت اول کے چار طرح آتا ہی غرضکہ دونون صورتون کے سب اوزان بارہ بارہ ہوتے ہین پس رباعی کے کل وزن ۲۴ ہوئے اور جائز ہے کہ ایک ہی رباعی کا ایک مصرعہ ایک صورت کے کسی وزن پر ہو اور دوسرا اُسی صورت کے یا دوسری صورت کے کسی وزن پر ہو - ٭ | | | |
| ہزج مسدس مقصور | بنام شاہد نازک خیالان | مفاعیلن مفاعیلن مفاعیل | آخر کار کن مقصور یا محذوف ہے |
| " " محذوف | الٰہی غنچۂ امید بکشا | مفاعیلن مفاعیلن فعولن | " |
| ہزج مسدس اخرب مقبوض محذوف | ای برزدہ دامن بلا را | مفعول مفاعلن فعولن | اول اخرب دوم مقبوض سوم محذوف |
| " " " مقصور | چون در رہ مردمی نہی پائے | مفعول مفاعلن مفاعیل | " " مقصور |
| ہزج مسدس اخرم اہتم | با من باشی بسم اللہ | مفعولن مفعولن فاع | اول و دوم اخرب ہین اور آخر اہتم |

**فائدہ** - اگر شعر کے ایک مصرعہ مین کوئی رکن مقصور آوے اور دوسرے مصرعہ مین وہی رکن محذوف ہو تو کچھہ مضائقہ نہین اسیطرح رکن آخر کا ایک مصرعہ مین مسبغ اور دوسرے مین سالم ہونا یا ایک مین سالم اور دوسرے مین مطوی مکشوف ہونا یا رکن اول کا ایک مصرعہ مین سالم اور دوسرے مین مجنون ہونا کچھہ مضائقہ نہین - ٭



Marfat.com

فعلن مستعمل ہے اور اس زحاف کے رکن کو اثلم کہا کرتے ہیں **دوم** جب بفتح جیم وتشدید باء موحدہ وہ زحاف ہے کہ مفاعیلن کے دونوں سبب خفیف گر جاویں صرف مفارہ جاوے اس کی جگہ اس کا ہموزن فعل بولتے ہیں اور اس زحاف کے رکن کو مجبوب کہتے ہیں۔ **سوم** خرم بفتح خاء معجمہ وسکون راء مہملہ مفاعیلن کے میم دور ہونے کو کہتے ہیں اس کے باعث فاعیلن رہتا ہے اس کی جگہ مفعولن اسکا ہموزن مستعمل ہے اور رکن کا نام اس صورت میں اخرم ہوتا ہے۔ **چہارم** کشف بفتح کاف وسکون شین معجمہ مفعولات کی ت دور کرنے کا نام ہے مفعولا رہے گا اس کی جگہ مفعولن کہیں گے اور رکن مکشوف بولا جاوے گا۔

اور جو زحاف کہ کئی رکنوں میں آسکتے ہیں وہ گیارہ ہیں۔ **اوّل** اذالہ بکسر الف وذال معجمہ یہ ہے کہ جس رکن کے آخر میں وتد مجموع ہو اس میں ماقبل آخر الف زیادہ کریں جیسے مستفعلن سے مستفعلان ہو جاوے ایسے جز کو تذال کہتے ہیں۔ **دوم** تسبیغ بسین مہملہ وغین معجمہ یعنی جس رکن کے آخر میں سبب خفیف ہو اس میں الف زیادہ کیا جاتے مثلاً فاعلاتن میں اگر الف زیادہ ہووے تو فاعلاتان ہوگا اس کی جگہ اُس کا ہموزن فاعلیان مستعمل ہے اور رکن کا نام مسبغ ہے **تنبیہ** یہ دونوں زحاف ایسے ارکان پر واقع ہوتے ہیں جو آخر مصرعہ میں ہوں یعنے عروض اور ضرب میں واقع ہوتے ہیں صدر اور ابتدا اور حشو میں نہیں آتے۔ **تیسرا** حذذ بفتح حاحطی وہر دو ذال معجمہ اُس زحاف کو کہتے ہیں کہ آخر رکن سے وتد مجموع گر جاوے مثلاً فاعلن سے فاء رہ جاوے تو اس کی جگہ فع کہیں گے اور رکن کو احذ بولیں گے۔ **چوتھا** حذف کہ آخر رکن سے سبب خفیف دور کرنے کو کہتے ہیں جیسے فعولن سے مثلاً لن گرایا جاوے تو فعو رہے گا اس کی جگہ فعل مستعمل ہے اور رکن کا نام محذوف ہے۔ **پانچویں** خبن بفتح خائے معجمہ وسکون باء موحدہ جس رکن میں کہ اوّل سبب خفیف ہو

Marfat.com

## فصل دوم قافیہ کا بیان

جو حرکات اور حروف الفاظ مختلف کے ایک بیت کے یا کئی شعرون کے مصرعوں کی آخر مین مکرر ہون اُنکو قافیہ کہتے ہین مثلاً بیدل اور حاصل کہ الفاظ مختلف ہیں۔ اگر مصرعون کے آخر مین آدین تو لام اور اُس کے ماقبل کا کسرہ مکرر ہوگا اور قافیہ کہلائیگا غرضکہ قافیہ کے لئے دو شرطین ہین ایک[۱] تو یہ کہ الفاظ مختلف ہون خواہ لفظاً و معنیً دونو جیسے گذرا یا فقط معنیً مختلف ہون جیسے بینی کہ دونون مصرعون کے آخر مین بجائے قافیہ آوے اور ایک بمعنی عضو معین اور دوسری جگہ بمعنے فعل ہو یا اختلاف صرف لفظاً ہو جیسے سرد اور برد کا قافیہ کرین۔ دوسری[۲] شرط یہ ہی کہ مکرر ہونے والے حروف کلمات مستقل نہون پس اگر یہ دونون شرطین نہون گی یعنی کلمات مکرر لفظ و معنی مین متحد ہون اور مستقل بھی ہون تو ایسے کلمات کو قافیہ نہ کہین گے بلکہ ردیف بولین گے جیسے اس شعر مین عرفی کے ؎ ای متاع درد در بازار جان انداختہ ✤ گوہر ہر سود در جیب زیان انداختہ ✤ کہ انداختہ متحد اللفظ والمعنے بھی ہی اور مستقل بھی اس لئے ردیف ہی اور ردیف صرف شعرائے عجم کے اشعار مین ہوتی ہے۔

## حروف قافیہ

اب معلوم کرنا چاہیئے کہ حروف قافیہ کے نو ہین مگر جو مستعمل روزمرہ حال ہیں وہ سات ہین ایک تو اُن مین سے ہر ایک قافیہ مین ہوتا ہی اور باقی چھ مین سے کبھی ایک کبھی دو کبھی زیادہ اُسکے ساتھ آتے ہین جو حرف ہمیشہ ہر ایک قافیہ مین آتا ہی اُس کو **رَوِی** کہتے ہین جیسے اس شعر مین ؎ ندارم غیر از تو فریادرس ✤ توئی عاصیانرا خطا بخش و بس ✤ حرف س لفظ رس اور بس مین روی ہی بدون روی کے قافیہ نہین ہوسکتا یہ حرف اصل قافیہ کی ہی دوسرا حرف قافیہ کا **رِدف** بکسر را ہی اور ردف حرف مدہ کو کہتے ہین یعنی اُن حروف علت کو جو

Marfat.com

اس کے دوسرے حرف کے ساقط کرنے کو خبن کہتے ہیں مثلاً فاعلاً میں سے الف ساقط
تو فعلن بکسر عین رہے گا اور یہ رکن اس صورت میں مخبون کہلاوے گا۔ چھٹا ملقب
بہ فتح طائے مہملہ دیائے مشدد اس کو کہتے ہیں کہ جس رکن میں دو سبب خفیف ہوں
اس میں چوتھا ساکن دور ہووے مثلاً مستفعلن میں سے اگر ف دور ہووے تو
مستعلن رہے گا اسکی بجائے اس کا ہموزن مفتعلن بولیں گے اور رکن کو مطوی کہیں گے
ساتواں قصر یعنے جس رکن کے آخر میں سبب خفیف ہو اس سبب
میں سے ساکن کو دور کریں اور اس کے ماقبل کو ساکن کریں جیسے
مفاعیلن سے ن گراکر لام کو ساکن کریں تو مفاعیل بسکون لام رہے گا
اور رکن مقصور کہلاوے گا۔ آٹھواں قطع یعنے جس رکن کے آخر میں وتد مجموع ہو
اس کے آخر کا حرف گراکر ماقبل کو ساکن کریں مثلاً فاعلن سے ن گراکر لام
کو ساکن کریں تو فاعل بسکون لام ہو جاوے گا اسکی جگہ فعلن کہیں گے
اور رکن مقطوع کہلاوے گا نواں۔ قبض۔ جس رکن میں کہ پانچواں حرف ساکن
سبب خفیف میں کا ہو اس کے دور کرنے کو قبض کہتے ہیں اور اس صورت
میں رکن کو مقبوض بولتے ہیں جیسے فعولن میں سے ن گرادیں تو فعول بضم لام رہیگا
دسواں۔ کف بفتح کاف وفاء مشدد کہ حرف ہفتم ساکن کو گرایا جاوے
جیسے مفاعیلن میں سے ن گرایا جاوے تو مفاعیل بضم لام رہے گا اور رکن مکفوف
کہلاوے گا۔ گیارھواں وقف کہ وتد مفروق اگر آخر میں واقع ہو اس کے متحرک
حرف کو ساکن کریں جیسے مفعولات میں ت کو ساکن کریں تو مفعولات بسکون
تا ہو جاوے گا۔ اور رکن کو موقوف کہیں گے۔

بعض مرتبہ ایک بحر میں کئی زحاف واقع ہوتے ہیں تو اس صورت میں اس کا
نام دو ناموں سے مرکب ہو گا مثلاً اگر کسی بحر کے ارکان میں سے ایک رکن میں خبن ہو

Marfat.com

رَوِی سے پہلے بدون واسطہ کسی حرف متحرک کے واقع ہون اور اُنکے ماقبل کی حرکت بھی اُن کے موافق ہو جیسے کار اور بار کا الف اور پیش اور بیش کی یے اور گور اور شور کی واو اسطرح کی ردف کو جو متصل رَوِی کے آوے اصلی کہتے ہین جیسے اس شعر مین ؎ شوکتش گر در آمدے بمکان ٭ شق شدی چنبر زمین و زمان ٭ مکان اور زمان مین ن روی اور الف ردف اصلی ہی اور اگر رَوِی اور حرف مدہ یعنی ردف اصلی مین فاصلہ کسی حرف ساکن کا ہو تو اس ساکن کو ردف زائد کہین گے اور حرف مدہ کو ردف اصلی جیسے اس شعر مین ؎ در سخن بر کشید معز پوست لفظ و معنی غریب دارد دوست ٭ ت روی ہی اور س ردف زائد اور واو ردف اصلی اور ردف خواہ زائد ہو خواہ اصلی اس کا قافیہ مین مکرر لانا ضرور ہی مثلاً لفظ دوست کا قافیہ اگر راست کہین کہ جس مین ردف اصلی مختلف ہی تو جائز نہ ہوگا اسیطرح اگر دوست کا قافیہ کوفت لاوین جس مین ردف زائد مختلف ہی تو یہ بھی درست نہین بلکہ فصحا کے نزدیک اگر ایک جگہ واو یا یاء معروف ردف ہو اور دوسری جگہ بھی دونو حرف مجہول ہون مثلاً قافیہ نور کا لفظ گور کے ساتھ یا قافیہ تیر کا لفظ دیر کے ساتھ کیا جاوے تو اچھا نہین اگرچہ متاخرین اس کو کبھی استعمال کرتے ہین ۔ تیسرا حرف قافیہ کا قید ہے یعنے وہ ساکن جو سوائے ردف کے پہلے روی کے واقع ہو اور وہ یا تو حرف صحیح ہوگا یا حرف علت جس کے ماقبل کی حرکت اُس کے مطابق نہ ہو جیسے غور اور طور اور سیر اور خیر یا صبر اور ابر مین واو اور ی اور ب حرف قید ہین اور مختلف ہونا قید کا بھی قافیہ مین ناجائز ہے ۔ مثلاً تخت کا قافیہ طشت نہین کر سکتے چوتھا حرف قافیہ کا تاسیس ہے یعنے وہ الف کہ اُس مین اور روی مین ایک حرف متحرک واسطہ ہو جیسے الف حاصل اور کامل کا اور اس حرف متحرک کو دخیل کہتے ہین اور یہ پانچوان حرف قافیہ کا ہے اور اُن کا موافق ہونا قافیہ مین ضرور نہین مثلاً بیدل کا قافیہ حاصل کے ساتھ درست ہے حالانکہ بیدل مین

Marfat.com

ن و بحر جزوں مقطوع بولی جاویگی اور علی ہذا القیاس اس
ز حاف ایک رکن میں جمع ہوا ویں تو اس کا نام بھی مرکب ہوتا ہے
ن نے ایک رکن میں بعض زحافوں کے جمع ہونے کا دوسرا نام رکھ
یا ہے اس لئے ان کو بھی لکھ دیا جاتا ہے پس ایسے زحاف پانچ ہیں۔

**اول** - خرب بفتح خاء معجمہ وسکون راء مہملہ مفاعلین میں اجتماع خرم، و کف کا
نام ہے۔ مثلاً خرم کی جہت سے میم اور کف کی جہت سے ن گرا یا جاوے تو
فاعیل باضم لام رہتا ہے اسکی جگہ مفعول بولتے ہیں اور رکن کو اخرب کہتے ہیں

**دوم** - خبن بفتح خاء معجمہ اور سکون تا فوقانی کہ اجتماع خرم اور قبض کا نام ہے
مثلاً رکن بالا میں اگر م خرم کی جہت سے اور ی قبض کی جہت سے دور ہو جائے
تو فاعلن رہے گا۔ اور رکن کو اخبر کہیں گے ؛

**سوم** - شکل اجتماع خبن اور کف کا نام ہے۔ مثلاً فاعلاتن میں دوسرا الف
اگر گرا دیا جائے تو فعلات بکسر عین وضم تا رہیگا اور رکن مشکول کہلائے

**چہارم** - کسف بفتح کاف تازی وسکون سین مہملہ کہ وقف اور کف کے اجتماع
کو کہتے ہیں مثلاً مفعولات میں سے اگر حرکت حرف ت کی وقف کے باعث دور ہو دوسرا
مفعولا باعث کف دور کی جاوے تو مفعولا رہے گا۔ اسکی جگہ مفعولن کہیں گے اور رکن
کا نام مکسوف ہوگا۔

**پنجم** - ہتم اجتماع حذف وقصر کا نام ہے مثلاً مفاعلین میں سے
اگر باعث حذف کن دور ہوا پھر مفاعی میں سے بباعث قصر ی دور ہو کر عین ساکن
رہا تو مفاعل رہا اس کی جگہ فعول بسکون لام بولیں گے اور رکن کو اہتم کہیں گے ؛

## قواعد تقطیع

ہو کر حشو و عروض اور ضرب میں دونی اور نا مودونی تقطیع سے معلوم ہوتی ہے اس لئے اس کا طریق
لکھتا ہوں جسے بعد ذکورۂ بالا تقطیع اسکو کہتے ہیں کہ شعر کے کلمات کے لئے

Marfat.com

ایسے ٹکڑے کریں جو وزن ارکان بحر کے مطابق ہو جاویں خواہ الفاظ کلمات کے ثابت رہیں یا ایک جزو ایک کلمہ کا دوسرے کے کل یا جز کے ساتھ ملکر رکن کے ہموزن ہو یا ایک جزو ہی کسی کلمہ کا ہموزن کسی رکن کے ہو جاوے پس اس ہموزن کرنے کے لیے قواعد مفصلہ ذیل کام آتے ہیں۔

**قاعدۂ اول** - وزن کرنے میں سکون و حرکات کے شمار اور جگہ برابر ہونی چاہیئے خصوصیت کسی حرف یا حرکت کی ضرورت نہیں مثلاً بلبل اور طوطی اور صندل ان سب کا وزن فعلن ہے یعنے جیسے دو حرکت اور دو سکون فعلن میں ہیں اسی طرح ان الفاظ میں بھی یہ ضرور نہیں کہ یہاں آخر کو نون ہے تو وہاں بھی ہونا چاہیئے یا یہاں اول حرف کو فتحہ ہے تو وہاں بھی ہووے۔

**قاعدۂ دوم** - تقطیع کرنے میں الفاظ ملفوظ کا اعتبار ہوتا ہے یعنی جو زبان سے نکلتے ہیں اور جو حرف کہ صرف کتابت میں ہوویں اور وہ بولے نہ جاویں وہ تقطیع میں شمار نہ ہوں گے ایسے حروف یہ ہیں۔

**اوّل** - الف۔ لفظ این آن۔ از وغیرہ کا اگر ایسا ہوگا کہ پڑھنے میں اُس کے ماقبل کا حرف ہی یا واؤ سے ملتا ہوا معلوم ہوتا ہوگا تو ایسا الف تقطیع میں شمار نہ ہوگا مثلاً

ع بزین نیستم چارۂ درسرشت ۔ اس مصرعہ میں الف این کا ملفوظ نہیں۔

**دوم** - نون غنہ جو بعد حرف علت کے واقع ہو جیسے زمان اور زمین وغیرہ کا بشرطیکہ شعر کے عروض اور ضرب میں واقع نہ ہو تو اس طرح کا نون تقطیع سے ساقط ہوگا مثلاً زمان کو بجائے زما سمجھیں گے اور اگر عروض وضرب میں واقع ہوگا تو بجائے ایک حرف ساکن کے متصور ہوگا اور بیچ میں آوے اور ملفوظ بطور اور الفاظ کے ہو تو حرف متحرک کی جگہ شمار ہوگا۔

**سوم** - واؤ معدولہ کہ ہمیشہ تلفظ میں نہیں آتی تقطیع سے خارج متصور ہوگی

Marfat.com

مثلاً "تواب" کو "خاب" کی جگہ سمجھیں گے۔

**چہارم** - ہاء مختفی کہ صرف اظہار حرکت کے لئے ہے جیسے نامہ اور جامہ کی - اگر بیچ میں شعر کے آوے گی تو تقطیع سے خارج ہوگی اور اگر عروض وضرب کے آخر میں آوے گی تو بجائے حرف ساکن کے متصور ہوگی -

**پنجم** - واو عاطفہ کہ شعر میں اکثر اسکے ماقبل کے ضمہ پر کفایت کرتے ہیں - جیسے اس مصرعہ میں ع پناہ بلندی وپستی - تو ی ٭ ایسی واو بھی تقطیع میں داخل نہیں ہے لیکن اگر ضمہ ماقبل خوب دراز ہوگا جیسے اس مصرعہ میں ع علم وہنر فضائل وکسب وکمال ٭ یا مثل واو ابتدا کلمہ کے فتحہ سے ملفوظ ہوگی - جیسے اس مصرعہ میں ع بدہ وگرنہ ستمگر بزور بستاند ٭ تو ان دونوں صورتوں میں تقطیع میں داخل ہوگی -

**ششم** - الف لام عربی کے الفاظ کا جیسے بالضرور میں یا صرف الف جس صورت میں کہ لام بولا جاوے جیسے بالفرض میں یہ بھی داخل تقطیع نہیں - غرض سوا ان چھوؤں کے اگر کوئی اور حرف اس طرح کا کہ تلفظ میں نہ آتا ہو وہ بھی خارج تقطیع سے ہوگا -

**قاعدہ سوم** - اگر وسط مصرعہ میں دو ساکن ایک جگہ آویں تو ساکن اول کو قائم رکھتے ہیں اور دوسرے کو متحرک کر لیتے ہیں - جیسے ع نگہدار ما را ز راہِ خطا ٭ اسکی تقطیع یہ ہے کہ نگہدا فعولن ر ما را فعولن الخ - غرضکہ رنگہدار کی جو دوسرا ساکن ہے متحرک ہوگئی - اور اگر دو ساکن آخر مصرعہ میں آویں گے تو دونوں بحال رہیں گے -

**قاعدہ چہارم** - اگر حرف ساکن وسط میں دو سے زیادہ ہوں تو اول ساکن بحال رہے گا اور دوسرا متحرک ہو جاوے گا اور باقی حذف ہو جاوے گا جیسے - ع راست تیرا یا دائے محمود ٭ تقطیع اول رکن کی یہ ہوگی - راس تیر ذا علا تن

Marfat.com

بالکل تاسیس ندارد ہی اسیطرح حاصل اور کامل کا قافیہ جائز ہی۔ حالانکہ وحیل یک مین صؔ ہی اور دوسری مین میم۔ چھٹا حرف قافیہ کا وصل ہی یہ وہ حرف غیر مستقل ہی جو بعد روی کے لاحق ہوتا ہی مثل ہای نسبت یا یائے مصدری یا علامت اضافت یا جمع وغیرہ جیسے اس شعر مین ؎ اے خالق ہر بلند و پستی ۔ شش چیز عطا بکن ز ہستی ۔ اس مین تؔ ہستی اور پستی کی روی ہی اور یؔ علامت مصدری کلمہ غیر مستقبل وصل ہی۔ ساتوان حرف قافیہ کا خروج ہی یعنی وہ حرف غیر مستقل جو بعد وصل کے آوے جیسے ؎ در ثنایش زار حمدیہا ۔ میکند کوتہی بلندیہا۔ اس شعر مین دؔ روی ہی اور یؔ علامت مصدر وصل ہی اور ہاؔ علامت جمع خروج ہی اور مکرر آنا وصل و خروج کا قافیہ مین ضرور ہی جیساکہ مثالون سے معلوم ہوا ۔

## حرکات قافیہ

اب حرکات قافیہ کو معلوم کرنا چاہیئے کہ چھ حرکتین متعلق قافیہ کے ہوتی ہین اول۔ رس بفتح راء مہملہ و سین مہملہ کہ فتح ماقبل الف تاسیس کو کہتے ہین دوم اشباع بکسر الف و شین معجمہ حرف وخیل کی حرکت کو کہتے ہین۔ سوم حذو بفتحہ حاء حطی و ذال معجمہ و واو حرکت ماقبل ردف خواہ قید کا نام ہی اُس کا اختلاف درست نہین مثلاً لفظ ہند کو چند کے ساتھ قافیہ نہین کر سکتے۔ چوتھی توجیہ روی ساکن ماقبل کی حرکت کا نام ہی اور یہ بھی یکسان ہونی چاہیئے۔ اس کا اختلاف بھی درست نہین مثلاً دلبر کو صابر کے ساتھ قافیہ کرین۔

فائدہ اگر حرف روی کے ساتھ حرف وصل بھی ہو تو اختلاف حرکت ماقبل روی یا قید کا بعضون کے نزدیک درست ہی جیسے آہستہ کا قافیہ دستہ کرین مثلاً کہ اس صورت مین تؔ روی ہی اور ہؔ وصل۔ اسی لئے اختلاف حرکت ماقبل قید کا درست ہوا۔ پانچوین مجری حرف روی کی حرکت کا نام ہی اسکا اختلاف

Marfat.com

پس اس لفظ راست کا متحرک ہوگیا اور ت دور ہوگئی اور اگر آخر مصرعہ میں تینوں ساکن جمع ہوں گے تب بھی دو ساکن بحال رہیں گے اور تیسرا دور ہو جاوے غرضیکہ تین ساکن اوزان شعر میں جمع نہیں ہوتے۔

**قاعدہ پنجم** - بعض الفاظ ایسے ہیں کہ اُن کے تلفظ میں بعض حروف زبان سے ادا ہوتے ہیں جو مکتوب نہیں ہوتے پس تقطیع میں وہ حروف بھی خیال رکھنے چاہئیں مثلاً آمد کو تقطیع میں ا م د و الف سے خیال کرنا چاہیئے اسی طرح جس اضافت کا [illegible] ماقبل کو تقطیع میں [illegible] چاہیئے۔ جیسے اوپر کے مصرعہ میں تیر کی کا کسرہ تو اس کی جگہ [illegible] ماقبل تصور کرنی چاہیئے اس طرح کی ی کو یائے اضافی کہتے ہیں۔ اسی [illegible] اگر کسی کلمہ میں واقع ہو اسکو دو حرفوں کی جگہ حساب کرنا چاہیئے [illegible] سمجھیں گے۔

**قاعدہ ششم** - حروف علت یعنی واو الف یا کہ آخر میں الفاظ کے آتے ہیں [illegible] ایسے ہوتے ہیں کہ ان کا تلفظ بہت مختصر ہوتا ہے پس ایسی صورت [illegible] ماقبل کی حرکت تقطیع میں شمار ہوتی ہے اور یہ حروف معدوم متصور [illegible] چوگان کو سعدی اطلاکند۔ اس مصرعہ میں چوگان اور سعدی [illegible] لفظ مختصر ہے اس لئے داخل تقطیع نہ ہوں گے صرف حرکات ماقبل کافی ہیں

اب یہاں ایک نقشہ بحرون مروجہ کا بترتیب حروف تہجی درج کیا جاتا ہے جس سے مشہور بحرون کا نام اور مثال اور وزن معلوم ہوتا ہے۔

Marfat.com

بھی درست نہین چھٹے نفاذ حرف وصل کی حرکت کا نام ہی اور یہ بھی یکساں ہی رہتی ہی

## عیوب قافیہ

اب معلوم کرنا چاہیے کہ قافیہ مین چار عیوب ہوتے ہین اوّل اقوا۔ وہ یہ ہی کہ رَوی یا قید کے ماقبل کی حرکت مختلف ہوجاوے مثلاً درا و ردُر کا قافیہ ہوجائے یا مست اور سُست کا قافیہ آجائے دوّم اکفا وہ یہ ہی کہ حرف روی ایسے حروف سے بدل جاوے جو اُسکا قریب المخرج ہو مثلاً کاف تازی اور کاف فارسی کا روی مین واقع ہونا مثلاً رگ کا قافیہ شک کے ساتھ ہوجاوے۔ تیسرا اسناد وہ یہ ہی کہ رِدف کو مختلف لائین جیسے زمین کا قافیہ زمان لائین۔ چوتھا ایطا یعنی ایک ہی قافیہ کو دوبار لاوین اُس کی دو قسمین ہین ایک **جلی** یعنے ظاہر وہ یہ ہی کہ رَوِی کسی ایسے حرف کو کرین جس مین لیاقت اصل ہونے کی نہو بلکہ وہ حرف قابل وصل ہونیکے ہو جیسے علامت مصدر یا مضارع کو مثلاً روی ٹھیراوین اور داشتن کو باختن کے ساتھ ہم قافیہ کرین یا کند اور دہد کو قافیہ کرین تو اس طرح کا قافیہ درست نہین اور **خفی** یعنے پوشیدہ ایطا یہ ہی کہ تکرار قافیہ کی ظاہر نہو۔ مثلاً آب اور گلاب کو اگر ہم قافیہ کرین تو اگرچہ گلاب مین بھی آب موجود ہی مگر وہ گُل کے ساتھ ایسا متحد ہوگیا ہی کہ گویا ایک لفظ جداگانہ معلوم ہوتا ہے پس اس طرح کا مکرر ہونا درست ہے۔

## اقسام قافیہ

قافیہ کی دو قسمین ہین ایک اصلی اور ایک بنایا ہوا۔ اصلی وہ ہی جو لفظ مین خود قابلیت قافیہ ہونے کی ہووے جیسے اکثر اشعار کے قافیہ ہوتے ہین اور بنایا ہوا وہ ہی وہ ہی کہ کسی کلمہ کو دوسرے لفظ کے ساتھ ترکیب دیکر لیاقت قافیہ کرنے کی لیجاوے جیسے اس شعر مین ؎ کے کوزین میاں گویا نباشد ؎ زلطف فارسی بیگانہ باشد

Marfat.com

| نام بحر | مصرعہ مثال | وزن بحر | تقطیع |
|---|---|---|---|
| خفیف مسدس مخبون محذوف | وزن بحر خفیف کو یم بات<br>راز دل یا سبب درش گو یم | فاعلاتن مفاعلن فعلات<br>فاعلاتن مفاعلن فعلن | رکن دوم مستفعلن تقابض سے<br>اور رکن آخر مخبون اور مقصور یا محذوف<br>دونو ہو اور یہ بحر مسدس میں ہی آتی ہے |
| ۲- رجز مثمن سالم<br>رجز مثمن مذال<br>رجز مثمن مطوی مجنون | برخیز اے صاحب سخن بحر رجز را یاد کن<br>ثابت غم تنہائی و باطل خیال غمان<br>سطرب خوشنوا بگو تازہ بتازہ نو بنو | مستفعلن مستفعلن مستفعلن مستفعلن<br>مستفعلن مستفعلن مستفعلان<br>مفتعلن مفاعلن مفتعلن مفاعلن | اس میں صرف آخر کا رکن مذال ہوتا ہے<br>اسمیں اول رکن مطوی ہے اور دوسرا مجنون |
| ۳ رمل مثمن مقصور<br>رمل مثمن محذوف<br>رمل مثمن مشکول | شعر در بحر رمل باشد بہ از آب حیات<br>اے متاع در فرو در بازار جان انداختہ<br>بغلامی تو ما را خبر از جان بر آمد | فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلات<br>فاعلاتن فاعلاتن فاعلن<br>فعلات فاعلاتن فعلات فاعلاتن | صرف آخر کا رکن مقصور یا<br>محذوف آتا ہے<br>اول رکن مشکول اور دوسرا سالم اسطرح بنتا ہے |

احسن القواعد

Marfat.com

کہ قافیہ بیگانہ کا لفظ گویا نہین ہوسکتا۔ مگر جب اُس کو مرکب کیا لفظ نہ کے ساتھ اُسمین قابلیت قافیہ ہونے کی بیگانہ کیساتھ ہوگئی اب قافیہ باعتبار حرکات وسکون کے چار قسم پر ہی اوّل یہ ہی کہ قافیہ مین دو ساکن متصل ہون اُسکو **مترادف** کہتے ہین جیسے اس شعر مین ؎ دریغا کہ از نسلِ اسفندیار ٭ ہمین بود یک ملک را یادگار کہ لفظ یار اور گار جو قافیہ کے اجزا ہین دونون مین دو دو ساکن ہین۔ دوم یہ کہ آخر مین ایک ساکن ہو اور اُس کے پہلے ایک متحرک ہو اور اُس متحرک کے پہلے بھی ایک ساکن اور ایک متحرک ہو ایسے قافیہ کو **متواتر** کہتے ہین جیسے اس شعر مین ؎ بارِ ناموس خلق برگردن ٭ وہ چہ زیباست کار حق کردن ٭ لفظ گردن اور کردن جو کلمات قافیہ کے ہین دونون مین متحرک و ساکن بترتیب دو بار آئے ہین۔ تیسرے یہ کہ ساکن آخرین یعنی روی سے پہلے دو متحرک ہون ایسے قافیہ کو **متدارک** کہتے ہین جیسے اس شعر مین ؎ تکبر مکن زینہار ای پسر ٭ کہ روزے زدستش درآئی بسر کہ روی سے پہلے دو متحرک ہین۔ چوتھے یہ کہ روی سے پہلے تین متحرک ہون اُسکو **متراکب** کہتے ہین جیسے اس شعر مین ؎ عارضش نوبہار باغ ارم ٭ داغ پروانگی چراغ حرم ٭ کہ حرف روی سے پہلے دونون مصرعون مین تین تین متحرک ہین۔

**فائدہ**۔ حرف روی اگر ساکن ہو جیساکہ اشعار گذشتہ مین ہی تو ایسی روی کو **مقید** کہتے ہین اور اگر ہو تو اُس کو **مطلق** کہتے ہین جیسے اس شعر مین ؎ بشکند آسمان والیوانش ٭ نشکند طاق عہد و پیمانش ٭ یہان حرف ن جو روی ہی اور حرکت فتحہ کی رکھتا ہے روی مطلق ہے

تمت

کاپی رائٹ محفوظ ہے

ادارۂ اشاعت کتب ملی کا پتہ: سید عبد العلیم مالک مطبع علیمی محلہ چوڑیوالان (بمبئی) دہلی۔

Marfat.com

| نام بحر | مصرعہ مثال | وزن بحر | کیفیت |
|---|---|---|---|
| رمل مثمن مجنون مقصور | میکنم ہر نفس از دست فراقت فریاد | فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلات | صدر سالم ہے باقی مجنون اور ضرب مقصور بھی |
| " " " محذوف | دل من واند و من دانم و واند و دلِ من | فعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلن | سب ارکان مجنون ہیں اور ضرب محذوف بھی |
| رمل مسدس مقصور | بادشاہا جرم ما را درگذار | فاعلاتن فاعلاتن فاعلات | صرف آخر کا رکن مقصور یا محذوف ہے |
| " " " محذوف | لبشوازنے چوں حکایت میکند | فاعلاتن فاعلاتن فاعلن | |
| رمل مسدس مجنون مقصور | عاقلان را نبود پیشہ بغض | فاعلاتن فعلاتن فعلات | رکن اول سالم اور دوسرا مجنون اور آخر کا مقصور یا محذوف بھی۔ |
| " " " محذوف | مشک آنست کہ بوید از خود | فاعلاتن فعلاتن فعلن | |
| ۴۔ سریع مسدس مطوی موقوف | بحر سریع آمد اے نیک ذات | مفتعلن مفتعلن فاعلات | اول و دوم رکن مستفعلن تھا اب مفتعلن ہو گیا اور آخر کا رکن مفعولات ہے جو طی اور وقف سے فاعلات ہو گیا |
| سریع مسدس مطوی موقوف مکشوف | شیر خدا شاہ ولایت علی | مفتعلن مفتعلن فاعلن | ہو۔ اول و دوم مطوی اور آخر مطوی موقوف مکشوف بھی |



Marfat.com

Marfat.com

| نام بحر | مصرعہ مثال | وزن بحر | کیفیت |
|---|---|---|---|
| ۵۔ کامل مثمن مذال<br>کامل مثمن سالم | تو بحر کامل اگر ری پے وزن آن کنم بیان<br>ز دلم نکرد یکے گذر رفقا مآن مگر بے سا | متفاعلن متفاعلن متفاعلن متفاعلان<br>متفاعلن متفاعلن متفاعلن متفاعلن | صرف آخر کا رکن مذال ہے<br>" |
| ۶۔ متدارک مثمن مقطوع | بحر متدارک از بر مے کن | فعلن فعلن فعلن فعلن | سب ارکان مقصوع ہیں اصل میں فاعلن تھا |
| " " مجنون | چو رخت نبود گل باغ ارم | فعلن فعلن فعلن فعلن | سب ارکان مجنون ہیں۔ |
| متدارک مجنون یا مقطوع مضاعف | شدت نبود کس در دنیا در حلم و سخا کی بیہتا | فعلن فعلن فعلن فعلن فعلن فعلن فعلن فعلن | دوسرا اور چھٹا رکن مجنون ہے باقی مقطوع اور کبھی آخر کا رکن احذ بروزن فع بھی ہوتا ہے اور مضاعف یہ غرض ہے کہ بحر کے ارکان آٹھ کی جگہ سولہ کر لیے گئے ہیں اسی ہندوالے مضاعف کو بحر طویل کہتے ہیں۔ |
| ۷۔ متقارب مثمن مقصور<br>" " محذوف | سخن را بدور تقارب قبول<br>کریما بہ بخشائے بر حال ما | فعولن فعولن فعولن فعول<br>فعولن فعولن فعولن فعل | صرف رکن آخر مقصور یا محذوف ہے۔ |

احسن القواعد

Marfat.com

| نام بحر | مصرعہ مثال | ارکان بحر | کیفیت |
|---|---|---|---|
| متقارب مثمن اثلم | نتوان گذاشتن آسان ازان کو | فعلن فعولن فعلن فعولن | اول رکن اثلم دوسرا سالم اسیطرح بترتیب آخر تک |
| متقارب مثمن مقبوض اثلم | نہ درد ہجرت چہ چارہ سازم | فعول فعلن فعول فعلن | اول رکن مقبوض دوم اثلم بہ ترتیب آخر تک |
| " " " مضاعف | لطف تو سازی برمن عاجز | فعل فعولن فعل فعولن | اول رکن مقبوض اور اثلم دونو اور دوسرا سالم بترتیب |
| " " " | زہے جمال تو قبلہ جان حریم کوئے تو کعبہ دل | فعول فعلن فعول فعلن فعول فعلن فعول فعلن | اول مقبوض دوم اثلم بترتیب |
| " " " | زلف دل آرامہ ست تیرہ شب ست و آتش موسیٰ | فعل فعولن فعل فعولن فعل فعولن فعل فعولن | اول مقبوض و اثلم دوم سالم بترتیب |
| " " " سالم | زمین گرد از نعل اسپان معزبل | فعولن فعولن فعولن فعولن | اسکا آخر رکن کبھی مبسغ بھی آتا ہی خواہ ثالم ہو یا اثلم |
| مجتث مثمن مخبون محذوف | بہ بحر مجتث اگر دم زنی در رنگ مکن | مفاعلن فعلاتن مفاعلن فعلن | رکن اول و سوم مستفعلن تفاعلن سے مفاعلن ہو گیا اور دوم مخبون اور آخر مخبون محذوف |
| " مقصور | سپیدہ دم چو زدم آستین بشمع شور | مفاعلن فعلاتن مفاعلن فعلات | بشرح صدر مقصور |

Marfat.com

| نام بحر | مصرعہ مثال | وزن بحر | کیفیت |
|---|---|---|---|
| ۹۔ مضارع مثمن اخرب مکفوف محذوف<br>" " " مقصور<br>مضارع مثمن اخرب | بحر صناع ست دران گوہر سخن<br>یا رب نصیب ہیچ مسلمان مگر مباد<br>از تو وفا نیاید دانی کہ نیک دانم | مفعول فاعلات مفاعیل فاعلن<br>مفعول فاعلات مفاعیل فاعلاتن<br>مفعول فاعلاتن مفعول فاعلاتن | اول اخرب دوم اور سوم مکفوف آخر محذوف<br>" " " مقصور<br>ایک جزا اخرب اور دوسرا سالم بترتیب آئے ہیں |
| ۱۰۔ منسرح مثمن مطوی مکشوف<br>منسرح مثمن مطوی موقوف<br>" " " مجدوع | یا دہنا منسرح پند مرا بگوش کن<br>نوش لب لعل یار قیمت شکر شکست<br>ہمچو عرق بر عذار شاہد غضبان | مفتعلن فاعلن مفتعلن فاعلن<br>مفتعلن فاعلات مفتعلن فاعلات<br>مفتعلن فاعلات مفتعلن فاع | رکن اول مستفعلن تھا جو طے کے سبب مفتعلن ہو گیا اور دوم مفعولات تھا جو طے اور کشف کے سبب فاعلن ہو گیا۔<br>رکن اول مطوی ہے اور دوسرا مطوی موقوف بترتیب۔<br>اول و سوم مطوی ہے اور دوم مطوی محذوف آخر مجدوع |
| ۱۱۔ ہزج مثمن سالم<br>ہزج مثمن مسبغ | مدہ بحر ہزج از دست بہ دل میزند ناخن<br>با اہل حرف باید گفت اہل حرف بسیار ست | مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن<br>مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلان | صرف رکن آخر مسبغ ہے باقی سالم |

احسن القواعد

Marfat.com

| نام بحر | مصرعہ مثال | وزن بحر | کیفیت |
|---|---|---|---|
| ہزج مثمن اخرب مکفوف محذوف | اقبال کرم میکند ارباب ہمم را | مفعول مفاعیل مفاعیل فعولن | رکن اول اخرب ہے اور دوم وسوم مکفوف اور آخر محذوف |
| " " " " مقصور | المنۃ للہ کہ نیازم بہ نسب نیست | مفعول مفاعیل مفاعیل مفاعیل | " " " " " " " " " آخر مقصور |
| ہزج مثمن اخرب | اے بادشہ خوبان داد از غم تنہائی | مفعول مفاعیلن مفعول مفاعیلن | ایک جزا خرب ہے اور ایک سالم بہ ترتیب |
| " " مقبوض | دلم بردن شد از غمت غمت نزدل برفتن شد | مفاعلن مفاعلن مفاعلن مفاعلن | سب ارکان مقبوض ہین ۔ |
| " " اشتر | وقت را غنیمت دان ہر قدر کہ بتوانی | فاعلن مفاعیلن فاعلن مفاعیلن | اول اشتر ہے دوم سالم بترتیب ۔ |
| ہزج مثمن اخرب مقبوض مکفوف اہتم | سر مدغم عشق بوالہوس راند ہند | مفعول مفاعلن مفاعیل فعول ۔ | رکن اول اخرب دوم مقبوض سوم مکفوف آخر اہتم ۔ |
| ہزج مثمن اخرب اشتر مکفوف محبوب | از وحدت شد فروغ خورشید فلک ۔ | مفعول فاعلن مفاعیل فعل ۔ | اول اخرب ہے دوم اشتر سوم مکفوف آخر مجبوب |

**فائدہ** ۔ یہ دونوں وزن رباعی کے ہیں صورت اول میں اول مفعول رہتا ہے ۔ اور دوم وسوم مفاعلن یا مفاعیلن یا مفاعیل یا مفعولن ہوتا ہے ۔ اور آخر کا رکن مفعول یا فعل یا فع یا فاع ہوتا ہے ۔ اور دوسری صورت میں اول ہمیشہ مفعول رہتا ہے ۔ اور دوم سوم فاعلن یا مفاعیل یا مفعول یا مفاعیلن ہوتا ہے ۔



Marfat.com

| نام بحر | مصرعہ مثال | وزن بحر | کیفیت |
|---|---|---|---|

اور آخر کار کن مثل صورت اوّل کے چار طرح آتا ہے غرضکہ دونوں صورتوں کے سب اوزان بارہ بارہ ہوتے ہیں پس رباعی کے کل وزن ۲۴ ہوئے
اور جائز ہے کہ ایک ہی رباعی کا ایک مصرعہ ایک صورت کے کسی وزن پر ہو اور دوسرا اُسی صورت کے یا دوسری صورت کے کسی وزن پر ہو۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ہزج مسدس مقصور | بنام شاہد نازک خیالاں | مفاعیلن مفاعیلن مفاعیل | | آخر کار کن مقصور |
| " " محذوف | آ الٰہی غنچۂ امید بکشا | مفاعیلن مفاعیلن فعولن | | یا محذوف ہے |
| ہزج مسدس اخرب مقبوض محذوف | اے برزدہ دامن بلا را | مفعول مفاعلن | فعولن | اوّل اخرب دوم مقبوض سوم محذوف |
| " " " مقصور | چوں در رہ مردمی نہی پائے | مفعول مفاعلن | مفاعیل | " " " " " مقصور |
| ہزج مسدس اخرم اہتم | بامن باشی بسم اللہ | مفعولن مفعولن | فاع | اول و دوم اخرب ہیں اور آخر اہتم |

**فائدہ** - اگر شعر کے ایک مصرعہ میں کوئی رکن مقصور آوے اور دوسرے مصرعہ میں وہی رکن محذوف ہو تو کچھ مضائقہ نہیں اسی طرح رکن آخر کا ایک مصرعہ میں مسبغ اور دوسرے میں سالم ہونا ایک میں سالم اور دوسرے میں مطوی و مکشوف ہونا یا رکن اوّل کا ایک مصرعہ میں سالم اور دوسرے میں مجنون ہونا کچھ مضائقہ نہیں



Marfat.com

# فصل دوم قافیہ کا بیان

جو حرکات اور حروف الفاظ مختلف کے ایک بیت کے یا کئی شعروں کے مصرعوں کے آخر میں مکرر ہوں۔ ان کو قافیہ کہتے ہیں۔ مثلاً بیدل اور حاصل کہ الفاظ مختلف ہیں۔ اگر مصرعوں کے آخر میں آویں تو لام اور اس کے ماقبل کا کسرہ مکرر ہوگا۔ اور قافیہ کہلائیگا۔ غرضیکہ قافیہ کے لیے دو شرطیں ہیں۔ ایک[1] تو یہ کہ الفاظ مختلف ہوں خواہ لفظاً و معنیً دونوں طرح گذرا یا فقط معنی مختلف ہوں جیسے بینی کہ دونوں مصرعوں کے آخر میں بجائے قافیہ آوے۔ اور ایک بمعنی عضو معین اور دوسری جگہ بمعنی فعل ہو یا اختلاف صرف لفظاً ہو جیسے سرد اور برد کا قافیہ کریں۔ دوسری[2] شرط یہ ہے۔ کہ مکرر ہونے والے حروف کلمات مستقل نہوں۔ پس اگر یہ دونوں شرطیں نہوں گی یعنی کلمات مکرر لفظ و معنی میں متحد ہوں اور مستقل بھی ہوں تو ایسے کلمات کو قافیہ نہ کہیں گے۔ بلکہ ردیف بولیں گے۔ جیسے اس شعر میں عرفی کے ؎ اے متاعِ درد دور با نثار جان انداختہ ٭ گوہر ہر سود در جیب زیاں انداختہ ٭ کہ انداختہ متحد اللفظ والمعنے بھی ہے۔ اور مستقل بھی اس لیے ردیف ہے اور ردیف صرف شعرائے عجم کے اشعار میں ہوتی ہے۔

# حروف قافیہ

اب معلوم کرنا چاہیئے کہ حروف قافیہ کے نو[9] ہیں۔ مگر جو مستعمل روزمرہ حال ہیں۔ وہ سات ہیں ایک[1] تو انمیں سے ہر ایک قافیہ میں ہوتا ہے اور باقی چھ میں سے کبھی ایک کبھی دو کبھی زیادہ اسکے ساتھ آتے ہیں

**روی** جو حرف ہمیشہ ایک قافیہ میں آتا ہے۔ اسکو روی کہتے ہیں جیسے اس شعر میں ؎ ندیم غیر از تو فریادرس ٭ تو ئی عاصیاں را خطا بخش و بس ٭ حرف س لفظ رس اور بس میں روی ہے بدون روی کے

**ردف** قافیہ نہیں ہو سکتا یہ حرف اصل قافیہ کی ہے دوسرا حرف قافیہ کا ردف بکسر را ہے اور ردف حرف مد و

Marfat.com

روف علت اگر روی سے پہلے بدون واسطہ کسی حرف متحرک کے واقع ہوں
جس کی حرکت اس کے موافق ہو جیسے کار اور یار کا الف اور پیش اور پیش
اور شور کی واو اس طرح کی روف کو جو متصل ردی کے آوے اصلی
کہتے ہیں جیسے اس شعر میں سہ شوکتش گر در آمدے بمکان ؛ شق شدے چنبر زمین
و زمان و مکان اور زمان میں ن ردی اور الف روف اصلی ہے اور اگر ردی اور حرف
مابینی روف اصلی میں فاصلہ کسی حرف ساکن کا ہو۔ تو اس ساکن کو روف زائد کہیں
گے اور حرف مذکور روف اصلی جیسے اس شعر میں سہ در سخن پرکشید مغز نہ پوست ؛
لفظ و معنی غریب دارد دوست بہ ت ردی ہے اور س روف زائد اور واو روف اصلی اور
روف خواہ زائد ہو خواہ اصلی اس کا قافیہ میں مکرر لانا ضرور ہے مثلاً لفظ دوست کا
قافیہ اگر راست کہیں کہ جس میں روف اصلی مختلف ہے تو جائز نہ ہوگا۔ اسی طرح اگر
دوست کا قافیہ کوفت لاویں جس میں روف زائد مختلف ہے تو یہ بھی درست نہیں بلکہ
نحاۃ کے نزدیک اگر ایک جگہ واو یا یاء معروف روف ہو اور دوسری جگہ بھی دونوں حرف
مجہول ہوں مثلاً قافیہ نور کا لفظ گور کے ساتھ یا قافیہ تیر کا لفظ دیر کے ساتھ کیا جاوے
تو جائز نہیں اگرچہ متاخرین اس کو کبھی استعمال کرتے ہیں۔ تیسرا حرف قافیہ کا **قید** ہے
یعنے وہ ساکن جو سوائے روف کے پہلے ردی کے واقع ہو اور وہ یا توحرف
صحیح ہوگا یا حرف علت جس کے ماقبل کی حرکت اس کے مطابق نہ ہو جیسے غور
اور طور اور تیر اور خیر یا صبر اور ابر میں واو اور ی اور ب حرف قید ہیں اور مختلف
ہونا ان کا قافیہ میں ناجائز ہے۔ مثلاً تخت کا قافیہ طشت نہیں کر سکتے۔ چوتھا
حرف قافیہ کا **تاسیس** ہے یعنے وہ الف کہ اس میں اور ردی میں ایک حرف
متحرک واسطہ ہو جیسے الف حاصل اور کامل کا اور اس حرف متحرک کو **دخیل**
کہتے ہیں اور یہ حرف قافیہ کا ہے اور ان کا موافق ہونا قافیہ میں ضرور

قید

تاسیس

دخیل

Marfat.com

نہیں مثلاً بیدل کا قافیہ حاصل کے ساتھ درست ہے حالانکہ بیدل میں بالکل تاسیس نہیں ہے اسیطرح حاصل اور کامل کا قافیہ جائز ہے حالانکہ دخیل ایک میں ہے اور دوسری میں نہیں

وصل چھٹا حرف قافیہ کا وصل ہے یہ وہ حرف غیر مستقل ہے جو بعد ردی کے لاحق ہوتا ہے مثل ہائے یائے مصدری یا علامت اضافت یا جمع وغیرہ جیسے اس شعر میں ؎ اے خالق ہر بلند و پستی۔ شش چیز عطا بکن ز ہستی ؛ اس میں تا ہستی اور پستی کی ردی ہے اور می علامت مصدری

خروج کلمہ غیر مستقل وصل ہے۔ ساتواں حرف قافیہ کا خروج ہے یعنی وہ حرف غیر مستقل جو بعد وصل کے آئے جیسے ؎ ورستایش زار جمندیہا ؛ میکند کوتہی بلندیہا ؛ اس شعر میں وری ہے اور ی علامت مصدر و وصل ہے اور ہا علامت جمع خروج ہے اور مکرر آنا وصل و خروج کا قافیہ ضرور ہے جیسے کہ مثالوں سے معلوم ہوا ؛

# حرکات قافیہ

رس اب حرکات قافیہ کو معلوم کرنا چاہیئے۔ کہ چھ حرکتیں متعلق قافیہ کے ہوتی ہیں۔ اوّل رس بفتح راء مہملہ و سین مہملہ کو فتح ماقبل الف تاسیس کو کہتے ہیں دوم اشباع بکسر الف و شین معجمہ حرف

اشباع دخیل کی حرکت کو کہتے ہیں۔ سوم حذو بفتحہ حا حطی و ذال معجمہ و واو حرکت ماقبل روف خواہ قید کا

حذو نام ہے اس کا اختلاف درست نہیں مثلاً لفظ ہنر کو چند کے ساتھ قافیہ نہیں کر سکتے چوتھی توجیہ

توجیہ ردی ساکن ماقبل کی حرکت کا نام ہے اور یہ بھی یکساں ہونی چاہیئے۔ اس کا اختلاف بھی درست نہیں مثلاً دلبر کو صابر کے ساتھ قافیہ کریں ؛

فائدہ۔ اگر حرف ردی کے ساتھ حرف وصل بھی ہو تو اختلاف حرکت ماقبل ردی یا قید کا بعضوں کے نزدیک درست ہے۔ جیسے آہستہ کا قافیہ دستہ کریں مثلاً۔ کہ اس صورت میں ت ردی ہے اور ہ وصل۔ اسی لئے اختلاف حرکت ماقبل

مجری قید کا درست ہوا۔ پانچویں مجری حرف ردی کی حرکت کا نام ہے۔ اس کا اختلاف

Marfat.com

نفاذ

درست نہیں چھٹے **نفاذ** حرف وصل کی حرکت کا نام ہے اور یہ بھی یکساں ہی رہتی ہے

## عیوب قافیہ

اقوا

اب معلوم کرنا چاہیئے کہ قافیہ میں چار عیوب ہوتے ہیں۔ اوّل **اقوا**۔ وہ یہ ہے کہ ردی یا قید کے ماقبل کی حرکت مختلف ہو جاوے مثلاً دَر اور دُر کا قافیہ ہو جائے یا مست

اکفا

اور سُست کا قافیہ آجائے دوم **اکفا** وہ یہ ہے۔ کہ حرف ردی ایسے حروف سے بدل جاوے جو اُس کا قریب المخرج ہو مثلاً کاف تازی اور کاف فارسی کا ردی میں واقع ہونا مثلاً رگ کا قافیہ شک کے ساتھ ہو جاوے۔ تیسرا

اسناد

**اسناد** وہ ہے کہ ردف کو مختلف لائیں جیسے زمین کا قافیہ زمان لائیں۔ چوتھا

ایطا

**ایطا** یعنی ایک ہی قافیہ کو دو بار لاوین۔ اس کی دو قسمیں ہیں ایک جلی یعنے ظاہر۔ وہ یہ ہے کہ ردی کسی ایسے حرف کو کریں جس میں لیاقت اصل ہونے کی نہ ہو۔ بلکہ وہ حرف قابل وصل ہونے کے ہو جیسے علامت مصدر یا مضارع کو مثلاً ردی ٹھیرادیں اور داشتن کو باختن کے ساتھ ہم قافیہ کریں یا کند اور دہد کو قافیہ کریں تو اس طرح کا قافیہ درست نہیں اور خفی یعنے پوشیدہ ایطا۔ ہے کہ تکرار قافیہ کی ظاہر نہو۔ مثلاً آب اور گلاب کو اگر ہم قافیہ کریں۔ تو اگرچہ گلاب میں بھی آب موجود ہے مگر وہ گل کے ساتھ ایسا متحد ہو گیا ہے۔ کہ گویا ایک لفظ جدا گانہ معلوم ہوتا ہے۔ پس اس طرح کا مکرر ہونا درست ہے۔

## اقسام قافیہ

قافیہ کی دو قسمیں ہیں ایک اصلی اور ایک بنایا ہوا۔ اصلی وہ ہے۔ جو لفظ مین خود قابلیت قافیہ ہونے کی ہووے جیسے اکثر اشعار کے قافیہ ہوتے ہیں اور بنایا ہوا وہ ہے کہ کسی کلمہ کو دوسرے لفظ کے ساتھ ترکیب دیکر لیاقت قافیہ کرنے کی کیجاوے جیسے اس شعر

Marfat.com

ہیں سہ کسے کو زین میاں گویا نباشد ؛ زلطف فارسی بیگانہ باشد ؛
کہ قافیہ بیگانہ کا لفظ گویا نہیں ہو سکتا ۔ مگر جب اس کو مرکب کیا لفظ نہ کے ساتھ
قابلیت قافیہ ہونے کی بیگانہ کے ساتھ ہو گئی اب قافیہ باعتبار حرکات و سکون کے
قسم پر ہے اوّل یہ ہے کہ قافیہ میں دو ساکن متصل ہوں ۔ اس کو **مترادف** کہتے ہیں مترادف
جیسے اس شعر میں سہ دریغا کہ از نسل اسفندیار ؛ ہمیں بود یک ملک را یادگار ؛ کہ لفظ یادگار جو قافیہ کے اجزا ہیں دونوں میں دو دو ساکن ہیں ۔ دوم یہ کہ آخر میں ایک ساکن ہو اور اسکے پہلے ایک متحرک ہو اور اُس متحرک کے پہلے بھی ایک ساکن اور ایک متحرک ہو ۔ ایسے قافیہ کو **متواتر** کہتے ہیں ۔ جیسے اس شعر میں سہ بار ناموس خلق بر گردن ؛ دہ چہ زیبا ست متواتر
کار حق کردن ؛ لفظ گردن اور کردن جو کلمات قافیہ کے ہیں ۔ دونوں متحرک و ساکن پے در پے دو بار آئے ہیں ۔ تیسرے یہ کہ ساکن آخرین یعنی ردی سے پہلے دو متحرک ہوں ایسے قافیہ کو **متدارک** کہتے ہیں ۔ جیسے اس شعر میں سہ تکبر مکن زینہار اے پسر ؛ کہ روزی زدستش درآئی بسر ؛ کہ ردی سے پہلے دو متحرک ہیں ۔ چوتھے یہ کہ ردی سے پہلے تین متحرک ہوں متدارک
اُن کو **متراکب** کہتے ہیں جیسے اس شعر میں سہ عارضش نو بہار باغ ارم ؛ داغ پروانگی متراکب
چراغ حرم ؛ کہ حرف ردی سے پہلے دونوں مصرعوں میں تین تین متحرک ہیں ؛

**فائدہ** ۔ حرف ردی اگر ساکن ہو تو اُس کو **مطلق** کہتے ہیں جیسے اس شعر میں سہ
بشکند آسمان و ایوانش ؛ نشکند طاق عہد و پیمانش ؛ یہاں حرف نون جو ردی ہے اور حرکت فتحہ کی رکھتا ہے ردی مطلق ہے ؛

تمّت

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com